اور لفظ مانس معنی آدمی کے سخن گوار ونکے یا بعض ہندوون کے جو زبان کی خوبی سے آگاہ نہین ہین او کوئی نہین تلفظ کرتا حالانکہ بجا مانس فصیح او غیر فصیح سبکی زبان پر جاری ہوتا ہے۔ اور یہ بھی معلوم کیا چاہیے کہ زبان ہر زمانہ مین متغیر اور متبدل ہوتی رہتی ہے اس وضع سے کہ جو محاورہ اور الفاظ کہ متقدمین اوسکو استعمال کرتے تھے متاخرین بنا بر زیادتی امتیاز کے یا کسی اور وجہ سے اوسکو کر و جانکر متروک کر دیتے ہین چنانچہ اسکا حال متقدمین کے اشعار سے بخوبی ظاہر ہوتا ہے کہ جو الفاظ آبرو اور ولی کے اشعار مین مستعمل ہوے ہین سوداکے اشعار مین نہین پائے جاتے بعضے اون الفاظ اور محاورون مین سے ایسے ہین کہ اونکو ہم سمجھتے ہین مگر بسبب کراہت کے اپنے استعمال مین نہین لاتے اور بعضے ایسے ہین کہ اب وہ الفاظ متروک ہوگئے ہین ہمکو اونکے معنی پر ہرگز اطلاع نہین اور یہ بعینہ اون الفاظ فارسی کی مانند ہین کہ خاقانی او عسجدی اور عنصری اور فردوسی وغیرہم کے کلام مین مستعمل ہین اور ہم جبتک فرہنگون کو مطالعہ نہین کرتے اونکے معنی نہین معلوم ہوتے۔ محاورہ اور الفاظ پہلی قسم کے جیسے جگ نین اور بر منین نون کی زیادتی سے میم اور یاے تحتانی کے بیچ مین یعنی دنیا مین اور بغل مین اور بھیتر بمعنی اندر اور بجای سی کے سون اور بچن بمعنی قول کے اور انکھیان بجاے آنکھون کے اور اپس بغیر مد کے بمعنی اپنے اور دہن ہای ساکن سے بمعنی منہ کے اور اسی قسم سے بہت سے الفاظ کہ تعداد انکی محال ہے ان دو چار کی مثال ولی کے اشعار سے ظاہر ہے ابیات

خمار ہجر نے جسکے دیا ہے درد سر سبکون	رکھون نشہ نمن انکھیان مین گرد مست نازوی
عجب نہین کہ گلان ہو رہین پکڑ کر صورت تری	اداسون جب چمن مین بھیتر من سرو سر فراز آوے
احشر ہستے لوہی گلاب اوسکی عرق ستے نکو	جس ہر منین یکبار وہ گل پیرہن آوے

سایہ ہوا ہے سر اسبز رنگ پر طوطے
کھینچین اپنی انکھیان مین جون کحل جواہر
ہرگز سخن سخت کو لاوی نہ زبان پر +

گر خواب مین وہ نوخط شیرین بجن آوی
عشاق کے گر یا تھو وہ خاک چمن آوی
جس دہن مین یکبار وہ نازک بدن آوی

اور یہان احتمال یہ بھی ہو سکتا ہی کہ بجاے دہن دہن ذال منقوطہ سے ہو لیکن موافق تصحیح اہل طبع کے دال مہملہ سے ہی پس معشوق کے دہن مین آنے سی مراد یہ ہے کہ دہن سی اوسکا ذکر کیا جاوی اور الفاظ دوسری قسم کی جیسے ودستا + اس شعر مین ولی کے بیت

یہ تل تجہ مکہ کے کعبہ مین مجھی اسود حجر دستا — زنخدان مین تیرے مجھ چاہ زمزم کا اثر دستا

اور اوسکو دیوان مین تین غزلین اسی ردیف کی پیاپے لکھی ہوئی ہین اور اسکے معنی مجھپر منکشف نہین ہوے جو شخص زبان ہندی کا خوب ماہر ہو وہ جانتا ہوگا اور سودا کے کلام مین بھی بسبب قرب کے زمانہ سابق سی بعض الفاظ قسم اول سے مستعمل ہین جیسے سجن اور ڈبراول شگفتہ بندی

بیت — سے دیدۂ تر جا بھر گئے سجم + — ڈبرے تھے جو خشک بھر گئے ہسم

اور اُس زمانہ کی نسبت اس زمانہ کی زبان نے ایسی تراش پائی ہی کہ مافوق اس سے متصور نہین اور اُس کلام سے جسکو ادای مطلب کے واسطے اسمین فصحا استعمال کرتے ہین شعر کی زبان بمراتب افصح ہوتی ہی چنانچہ یہ معنی عقلا پر واضح ہی- اور یہ بھی ہوتا ہی کہ شعرا فصاحت کے پایہ مین ایک دوسرے سے ممتاز ہوتے ہین چنانچہ غزل گوئی مین میر تقی علیہ الرحمہ بہ نسبت سودا کے فصاحت زیادہ رکھتا ہی گو سودا بھی شاعری مین مسلم الثبوت ہی جب یہ مقدمہ تحقیق ہو چکا اب جاننا چاہیے کہ جو اہل زبان ہین انکو اس امر مین ہدایت کی حاجت نہین لیکن متتبع کو ضرور ہی کہ یہ لحاظ رکھے کہ جو لفظ اہل زبان کے کلام مین جسطرح مستعمل ہوا ہے اوسیطرح استعمال کرے اور قیاس کو دخل ندے وگرنہ استعمال اسکا غلط ہو جائیگا مثلاً

اردو مین حقہ پینا بولتے ہین اور فارسی مین قلیان کشیدن اگر بلحاظ فارسی کے حقہ کھینچنا کہین یا بلحاظ اردو کے قلیان نوشیدن اہل فہم اسپر ہنسین گے اور کلام اسکا خالی خبط سے نہوگا اور اسیطرح سے الفاظ مرکب کی اجزا کو ترکیب کے قیاس پر علیحدہ استعمال کرنا جبتک کہ مفرد براسہ مستعمل نہوا ہو اگر غلط نہوگا فصاحت کے واسطے ضرور مضر ہوگا مثلا دسی لفظ بجلے مالس کے اجزا کو خصوصا لفظ مالس کا گوارون کی زبان کے سوا اور کوئی نہین بولتا اور چاہیے کہ استعمال مین بھی اس زبان پر اعتماد کرے جسکو فصحا نے زیادہ استعمال کیا ہو اور وہ زبان ہندوستان مین حضرت شاہجہان آباد وصانہا اللہ عن الآفات والفساد کی ہے اور زبان اردو دربار کی اسی کی فصیح ہے چنانچہ یہ مشہور ہے کہ از بس انقلاب دہر سے لوگون پر تنگی معاش نے ہجوم کیا یہان کے رہنے والے علی الخصوص شعراے بلیغ مثل میر تقی اور سودا کہ انکی اصل یہی خاک پاک ہے اطراف کو نکل گئے اور انکی بود و باش کے طفیل سے وہان کی زبان نے ایک تراش نو پیدا کی اور وہان کے لوگون نے انھین عصر ان بیابون کے کلام کو تتبع سے ایک پایہ فصاحت کا حاصل کیا مگر اسلیکہ اہل زبان اور متتبع مین باوجود سعی وافر کے فرق اور تفاوت رہتا ہے اب تک بھی اس سواد کی زبان باوجود اسطرح کی تراش اور اصلاح کی بہ نسبت شاہجہان آباد کی زبان کے تکلف سے خالی نہین معلوم ہوتی پس اگر ایک محاورہ کسی اور شہر کے شعرا کے کلام مین ہو اور اسپر روزمرہ اہل شاہجہان آباد کا مساعدت نکرے اسکے استعمال مین منع ہے کلام ہے باعتبار فصاحت کے نہ باعتبار غلط وصحت کے جب یہ مقدمہ تمام ہوا اب مقصود سے پہلے ایک مقدمہ اور تمہید کیا جاتا ہے کہ اس سے عبارت کا پڑھنا بسہولت وآسانی حاصل ہوتا ہے معلوم کیا چاہیے کہ عبارت پڑھنے مین بعضے مقام پر اسطرح سے آواز

متغیر ہو جاتی ہے کہ اوس سے معلوم ہوتا ہے کہ فلان مقام توقف کا ہے اور مراتب توقف
کی بھی متفاوت ہوتی ہین یعنی جگہہ کم اور بعضی جگہہ زیادہ مثلاً مین نے سنا تھا کہ کل آپ میرے گھر
تشریف لائے تھے ازبسکہ مجھسے ملاقات نہوئی بے تامل چلے گئے آج تشریف لانے مین کمال
بندہ نوازی ہے سنا تھا پر کچھ توقف کیا گیا ہے۔ اور لائے تھے پر اوس سے زیادہ اور اسطرح
نہوئی پر بھی گو نہ توقف ہوا ہے اور چلے گئے پر اوس سے زیادہ اور بعضے مقام مین زمانہ کو
کچھ دخل نہین بلکہ تغیر آواز اسواسطے ہوتی ہے کہ اس سے امتیاز مضمون کی ہو جاوے مثلاً
یہ عبارت وہ آویگا محتمل دو وجہ کو ہے اخبار یا استفہام بوقت اخبار کی تغیر آواز کی
اور طرح ہے اور بوقت استفہام کے اور طرح چنانچہ روزمرہ دان پر یہ بات ظاہر ہے پس
بعضے عقلا نے یہ چاہا کہ بعضی علامتین ایسی مقرر کرنا چاہیئن کہ لکھی ہوئی عبارت میں سے
بھی امتیاز ان امور کی ہو سکے اور جاننا چاہیئے کہ موافق تقسیم سابق کے علامتین منقسم ہوئیں
دو قسم پر ایک وہ کہ اونسے تغیر آواز مع کمیت ازمنہ کے دریافت ہوتی ہے۔ اور دوسرے
یہ کہ فقط تغیر آواز پر دلالت کرتے ہین مع امتیاز مضمون کے اور ان علامتون مین سے اگرچہ
بعض مین کمیت ازمنہ کو بھی دخل ہے جیسے پرن تھی سس یعنی حشو کہ اسکا حال آیندہ
معلوم ہو جاویگا لیکن چونکہ صفت امتیاز مضمون مین علامات اولی سے ممتاز ہے اسواسطے
اسکو اس قسم مین داخل کیا علامات قسم اول کی تین ہین یعنی ایک تھوڑی توقف کیواسطے
حرف واو اور اوس سے دو چند توقف کیواسطے دو نقطہ بالائے یکدیگر۔ اور اس سے دو چند کیواسطے
ایک خط عرضی اول کا نام واو دوسرے کا تدریج تیسرے کا مد رکھا گیا چنانچہ

اسامی	علامت
واو	،
تدریج	:

اسامی انکی مع نشانون کے یہ ہین علامت
قسم دوم کی بھی تین ہین یعنی اگر استفہام کا

مضمون ہوا اوسکی واسطے نوکی ہندسکی صورت اور اوسکے نیچے ایک نقطہ اور اگر تعجب
یا تہدید یا تحسین یا اظہار رنج طبیعت یا استعجاب کرنا کسی امر پر ہوا اوسکی واسطے ایک خط
طولانی اور اوسکے نیچے ایک نقطہ اور جملہ معترضہ کے واسطے دو خط منحنی ایک اول جملہ
مذکورہ کی اور دوسرا ابتدا اوسکے اول کا نام استفہام اور دوسرے کا فاصلہ تیسرے کا
حشو انکی اسامی مع نشانون کے یہ ہین۔

اسامی	علامت
استفہام	؟ :
فاصلہ	!
حشو	( )

تفصیل علامت قسم اول کی واو کا بیان
جاننا چاہیے کہ فقرہ مفرد یا مرکب مفرد وہ ہے
کہ اول سے آخر تک کہین توقف واقع نہو مثلاً کل اپنے دوستون سے ملاقات کرونگا۔
اور مرکب وہ ہے کہ کئی فقرون مفردسے ملکر ایک فقرہ حاصل ہوا ہو پس جتنے اجزا
اسکے ہون ان سب پر واو لکھے جاوے تاکہ وہ اجزا ایک دوسرے سے ممتاز ہو جاوین
اور وہ فقرے مفرد جو فقرہ مرکب کے اجزا ہوتے ہین خواہ جملہ بالفعل ہون خواہ بالقوہ
مثال جملہ بالفعل کی ایک شخص جو کل راہ مین ملاقی ہوا تھا، یعنی بھائی زید کا، آج میرے گھر
آیا تھا۔ یہ تمام ایک فقرہ مرکب ہے اور اوسکے اجزا یعنی جو کل راہ مین ملاقی ہوا تھا اور
یعنی بھائی زید کا اور آج میرے گھر آیا تھا تب علیحدہ علیحدہ جملہ بالفعل ہین۔ اور چونکہ
ہر جگہ ایک توقف واقع ہوا ہے اسواسطے علامت واو کی لکھی گئی۔ مثال جملہ بالقوہ
کی میری بھلائی، برائی، رنج، راحت سب تمپر واضح ہین۔ یہ واقع مین اسطرح سے ہے کہ
کہ میری بھلائی سب تمپر واضح ہے میری برائی سب تمپر واضح ہے میرا رنج سب تمپر واضح ہے
میری راحت سب تمپر واضح ہے انکی ابتدا کے واسطے بھی واو علامت کی رقم ہوئی اور
جب کہ حرف عطف بیچ مین آجاوے تو اوسکو اس قاعدے سے مستثنا کیا جاتا ہے اور

جہان سے واو علامت کی ترک کیجاتی ہی مثلاً علم اور عمل ایک جگہ جمع نہین ہوتی یا کوئی شخص کمال علم کو نہین پہونچتا بغیر محنت اور مشقت کی۔ زوج کا بیان جبکہ ایک عبارت کئی حصص مین منقسم ہو اور ہر حصہ بھی کئی حصونمین تقسیم کیا جاوے تو پہلے حصونمین اتیاز کیواسطے زوج لکھا جاتا ہی مثلاً جب تم میرے گھر نہ آؤگے تاکہ کتابین ہر علم کی جو ایک مدت سی بند ہین علیحدہ کردو تو البتہ مین بھی جہان تک ہوسکیگا ایک لمحہ کاروبار ضروری سے فارغ ہوکر اس کام مین مصروف رہونگا۔ اگر ایک حصہ سے تمام مضمون مفہوم ہوجاوے اور انتظار لاحق کا باقی نرہے اگرچہ وہ حصہ مفرد ہو لیکن نشان زوج کا وہان بھی لکھ سکتے ہین مثال یہ بحث دوم پر مشتمل ہی قسم اول قواعد علم صرف قسم دوم قواعد علم نحو۔ بیان مد کا جبکہ ایک فقرہ اسطرح سے تمام ہوجاوے کہ دوسرے فقرہ سے اوسکو تعلق نہو تو اوسکے اخیر مین مد کا نشان کرتے ہین مثلاً آج اس مدرسہ مین دو تین طالب علم تحصیل علم کے واسطے وارد ہوے ہین۔ مین نے آپکی خدمت مین چند بار عرض کیا کہ اگر آپ مہربانی کرین تو میرا مطلب بسہولت و آسانی حاصل ہوجاوے لیکن آپ نے اس التماس کو قبول نکیا۔ اور بعض مطلب ایسا جدا اور علیحدہ مطلب اول سے ہوتا ہی کہ اول سے ثانی کو کچھ علاقہ نہین ہوتا بلکہ وہ ایک مطلب دوسرا شروع ہوتا ہی فقط مد کی نشان پر کفایت نہین کیجاتی بلکہ سفیدی بہت چھوڑی جاتی ہی تاکہ بسبب اسکے توقف بہت کیا جاوے۔

تفصیل علامت قسم ثانی کی (۱) علامت استفہام کی ہی اس سے یہ معلوم ہوتا ہی کہ اس جملہ مین کسی امر سے استفہام کیا گیا ہی اور معلوم کیا چاہیے کہ استفہام تین طرح پر ہے استخباری اقراری اور انکاری استفہام استخباری وہ ہی کہ اوس سے فقط پوچھنا اور سمجھنا ایک امر کا مطلوب ہو جیسے کہان جاتی ہو جبکہ مخاطب کی جانے کے مقام سے سوال کیا جائے۔ اور

اقراری وہ ہی کہ اوس سے اثبات ایک امر کا مطلوب ہو شلاً تم وہان نہین گئے تھے
یعنی مقرر گئے تھے اور انکاری وہ ہی کہ اوس سے نفی ایک امر کی مطلوب ہو شلاً تم وہان
جاسکتے ہو یعنی جا سکتے یا وہان کون جا سکتا ہی یعنی کوئی نہین جا سکتا پس اس صورت مین اگر اوس
علامت کے ساتھ کوئی اور علامت زیادہ کیجاتی تو امتیاز ہر قسم استفہام کی بخوبی ہو جاتی
علی الخصوص جسوقت کسی ایک عبارت مین استخباری اور اقراری یا استخباری اور انکاری دونوں کا
احتمال ہو سکتا ہو شلاً تم کہان جاؤگے یا تم وہان نہین گئے تھے اول مین استخباری اور اقراری اور دوسرے
مین استخباری اور انکاری دونون کا احتمال ہی پس علامت خاص سے مطلب خاص بخوبی
سمجھ مین آجاتا لیکن چونکہ ہر قسم استفہام کے واسطے انگریزی مین وہی ایک علامت ہی لہذا
مطابقت کے واسطے یہان بھی اوسی علامت کو برقرار رکھ کر ہر قسم استفہام کی امتیاز کیواسطے
قرینہ مقام پر کفایت کی شلاً جسوقت کہا جاوے تم کہان جاؤگے ؟ پس اگر مقام مقتضی استخبار
کا ہی یہ استفہام استخباری ہی اور اگر مقتضی نفی کا ہی انکاری ہی اور اسی قیاس سے امتیاز استخباری
اور اقراری کی۔ ! یہ علامت الکس کل میش یعنی فاصلہ کی ہی اس سے تعجب یا تہدید یا
تحقیر یا اظہار رنج طبیعت یا استعدکرنا کسی امر پر معلوم ہوتا ہی شلاً وہ کیا خوبصورت ہی۔
! کیا کرتا ہی ! یا خبردار ! ۔ شرم کی بات ہی ! ۔ حیف ہی ! دلیر ہوا ۔ ( )
یہ علامت پیرن تھی سس یعنی حشو کی ہی اس سے جملہ معترضہ معلوم ہو جاتا ہی اس طرح سے کہ
یہ جملہ ان دونو خطون کی درمیان مین واقع ہوتا ہی شلاً اگر علم بہتر ہی (اور یہ امر واقعی
ہی کہ کسی ذی عقل کے نزدیک محل شک نہین) تو تم اس دولت کی تحصیل سے کیون محروم
رہتے ہو۔ اس فقرہ مین عبارت اور یہ امر واقعی ہی کہ کسی ذی عقل کے نزدیک محل شک نہین
جملہ معترضہ ہی جبکہ یہ عبارت دونون خط منحنی کے درمیان واقع ہوئی تو معلوم ہوا کہ یہ

جملہ معترضہ ہوے ۔ علاوہ قواعد مذکورۃ الصدر کے معلوم کیا چاہیے کہ کبھی کسی عبارت مین
عبارت مذکورہ بالا کو بطور نقل کے تکرار کرتے ہین تو اوسکے امتیاز کے واسطے یہ مقرر ہوا کہ دو
معکوس واو اوس عبارت سے پہلے اور دو معکوس واو اوس سے پیچھے لکھے جاوین تاکہ
معلوم ہو کہ جو عبارت انکی بیچ مین واقع ہوئی ہے بطور نقل کے ہے مثلاً مثال سابق مین
یہ فقرہ ''اور یہ امر واقعی ہے کہ کسی ذی عقل کے نزدیک محل شک نہین'' جملہ معترضہ ہے
معلوم کیا چاہیے کہ اگر کسی جاے مین افادہ حصر یا تاکید کا مطلوب ہو تو اوس لفظ کے نیچے جسسے
وہ فائدہ حاصل ہوتا ہے ایک خط عرضی کھینچتے ہین مثلاً وہ آدمی خوب ہے یعنی وہی آدمی خوب
ہے ۔ یا آدمی سب آگے تھے نشان خط عرضی کا دال ہے اسپر کہ وہ کلمہ تاکید کا ہے واسطے لفظ
آدمی کی اور اگر کوئی لفظ مشترک ہو شخص اور کسی شی کے نام مین تو علم شخص کے امتیاز کے واسطے
اوس لفظ کے اوپر ایک خط عرضی کھینچین مثلاً ادہم معنی گھوڑے کے ہے اور علم شخص کا بھی ہے پس
جب علم شخص کا ہو وہ خط عرضی اوسپر کھینچین جیسے مین نے ادہم کو بازار مین دیکھا تھا اور جب
یہی گھوڑے کے ہو اوس خط کو ترک کرین جیسے مین نے ادہم کو طویلہ مین دیکھا جب یہ مقدمہ
تمام ہوا اب اصل مقصود کی راہ سلوک ہوتی ہے

باب پہلا علم صرف مین

مقدمہ ۔ اسمین چار فصل ہین ۔

پہلی فصل ۔ معلوم کیا چاہیے کہ صرف اصل واحد کی پھیرنے کا نام ہے طرف امثلہ مختلفہ کی
تاکہ اون امثلہ سے معانی متفاوتہ حاصل ہو جاوین اور مراد اصل واحد سے مصدر ہے اور امثلہ
سے صیغے اور صیغے عبارت ہین اون کلمات سے کہ اونہین بسبب عارض ہونے حرکات و سکون

اور تقدیم اور تاخیر حروف کی ایک ہیئت اور حاصل ہو جاوے مثلاً کھانا مصدر ہے اور
کھایا ماضی اور کھاویگا استقبال اور کھاتا ہے حال اور کھا امر اور مت کھا نہی اور
کھانیوالا اسم فاعل اور کھایا گیا اسم مفعول یہ سب چیزیں مصدر سے مشتق ہوئی ہین
لیکن اسمین ایک شبہہ واقع ہوتا ہے کہ ہم دیکھتے ہین کہ الفاظ بعضے صیغون کے مصدر کی
لفظ کی غیر ہوتی ہین جیسے جانا مصدر ہے اور گیا ماضی اسکی پس اسکا مصدر سے نکلنا کیونکر
متحقق ہو ہم کہتے ہین کہ اسمین دو احتمال ہین ایک یہ کہ شاید ماضی مین بجاے کاف کے
اصل لغت مین جیم ہو اور بعد مرور زمنہ اور تغیر السنہ کے جیم کو کاف سے بدل لیا اور
جیم اور کاف کا ابدال پایا جاتا ہے جیسے کھال کاف تازی سے بمعنی پوست کے اور
چھال جیم فارسی سے بھی بمعنی پوست کے نہایت یہ ہے کہ روزمرہ حال مین کھال عام ہے
اور چھال فقط پوست درخت کو کہتے ہین اور ترادف اسکا مرگ چھالا کی لفظ سے
معلوم ہوتا ہے کیونکہ مرگ ہرن کو کہتے ہین اور مرگ چھالا ہرن کی کھال کو کہ اسکو فقرا
بچھا کر بیٹھتے ہین ظاہرا اسی قبیل سے ہے چھالا بمعنی آبلہ کے واسطے کہ چھالا پوست ہے کہ
بسبب جمع ہونے مائیت کے بلند ہو جاتا ہے اور جیم تازی اور جیم فارسی اور کاف تازی و فارسی متحد
بالذات ہین اور تفرقہ فقط صفاتی ہے اس ماضی مین بدلنا جیم تازی کا کاف فارسی سے
اسی قبیل سے سمجھا چاہیے اور دوسرا یہ کہ اس مصدر کے ماضی اور ہوا اور اس ماضی کا
مصدر اور لیکن استعمال مین اس مصدر کے ماضی اور اوس ماضی کا مصدر متروک
ہو گیا پس وہ ماضی بسبب اتحاد معنی کے اس مصدر کے ساتھ لگا دی گئی ہے اور اگر کوئی
کہے کہ جو اوس ماضی کے واسطے مصدر اور ہوتا پس چاہیے تھا کہ سوا اس ماضی کے کوئی صیغہ
اس سے اور بھی مستعمل ہوتا ہم کہتے ہین یہ کچھ ضرور نہین کیونکہ بعضے مصادر ایسے ہوتے ہین

کہ اونسے بجز چند صیغون کے اور صیغے مستعمل نہین ہوتے اور اسکے نظائر زبان فارسی مین اکثر
پائے جاتے ہین جیسے خفتن سے خفت کے سوا اور کوئی صیغہ مستعمل نہین اور خوا مدا و
مخواب وغیرہا خوابیدن سے مشتق ہین اور خوابیدن مصدر جعلی ہے کہ خواب کے لفظ
تصرف کرکے بنا لیا ہے اور باشد اور باش دو لفظ ہین اول مضارع اور دوسرا امر
مصدر مستعمل نہین یہان تک کہ کوئی اسپر مطلع نہین اور سوا ان دو لفظ کے کسی او
صیغہ کا استعمال نہین کیا جاتا اور دیدن سے مضارع اور امر مستعمل نہین اور بیند اور بین
کا مصدر مستعمل نہین لیکن چونکہ انمین اتحاد معنی کا ہے اسواسطے کہتے ہین کہ دیدن کا مضا
اور امر بیند اور بین ہے پس معلوم ہوا کہ سب صیغون کا اشتقاق مصدر سے ہوتا ہے۔
اور مصدر کی تعریف یہ ہے کہ مصدر ایک اسم ہے کہ اوس سے افعال اور اسما نکلتے ہین اسکی
علامت ہندی مین نون اور الف ہے بشرطیکہ اسکے دور کرنے کے بعد صیغہ امر کا باقی رہجاو
جیسے آنا جانا کھانا کھلانا بیٹھنا وغیرہا کہ بدون نا کے آ اور جا وغیرہا صیغے امر کے باقی
رہتے ہین اور اگر امر باقی نرہے تو وہ اسم جامد ہے مصدر نہین جیسے گنا بمعنی نیشکر کے
اور بنیا وہ آب کہ جسمین تمر ہندی ترکی ہو کہ نا کی دور کرنے سے گن اور بن لفظ بیمعنی باقی
رہتا ہے نہ امر دوسری فصل جاننا چاہیے کہ مصدر دلالت کرتا ہے فعل کے صادر ہونے پر فاعل
سے یا اوسکے قائم ہونے پر فاعل کے ساتھ جیسے کھانا یا کھلانا اس بات پر دال ہے کہ یہ فعل
زید سے مثلاً صادر ہوا اور مرنا اور جینا دال ہے اس امر پر کہ موت اور حیات مردہ یا زندہ
کے ساتھ قیام رکھتی ہی اور ایک کیفیت نفس الامری اس سے مفہوم ہوتی ہے جو اسم
اسپر دلالت کرے اوسکو حاصل بالمصدر کہتے ہین اور اسکی بنا مین لاتعداد ویلاتحصے
ہین اور سب سماعی ہین بعد تتبع اور استقرا کے معلوم ہوا کہ علامت مصدر کی گرا کے

باقی رہتاہی کبھی وہ بھی حاصل بالمصدر رہتاہی جیسے پکارنے سے پکارا اور مارنے سے مار اور
بیٹھنے سے بیٹھ اور لوٹنے سے لوٹ اور کاٹنے سے کاٹ اور اوتارنے سے اوتار اور بگاڑنے سے
بگاڑ اور اسیطرح سوار اور سہار اور سمیٹ اور لپیٹ اور جیت اور ہار اور کبھی اوسکی اخیر
مین واو فقط زیادہ کرتے ہین جیسے لگانے سے لگاو اور چڑھانے سے چڑھاو اور دبانے سے دباو
اور بچانے سے بچاو اور کبھی الف مع الواو جیسے سمٹنے یا سمٹنے سے سمٹاو اور پھیلنے سے پھیلاو
اور بہنے سے بہاو اور اولجھنے سے اولجھاو اور الف اور باے فارسی زیادہ کرنے سے جیسے
ملنے سے ملاپ مگر زیادتی ان دو حرف کے سوا اس لفظ کی اور جاے نہین دیکھی گئی اور بعضے
اسما رباعی کی اخیر مین الف اور باے فارسی مع الالف بھی لاتی ہین مثلاً بہناپا یعنی بہن بنانا ایک
عورت کا دوسرے عورت کو لیکن اس لفظ مین ایک احتمال اور بھی ہی اور وہ یہ ہی کہ کیا عجب
ہی کہ بہناپا مرکب ہو بہن اور آپا سے اور یہ دونون لفظ بمعنی خواہر کے ہین چنانچہ شاہجہان آباد
کے شرفا کے گھر مین عورتین اپنی بڑی بہن کو آپا ہی کہتی ہین پس بہناپے کے یہ معنی ہوے
کہ لفظ بہن آپا کا زبان پر دونون کے آیا اسنے اسکو بہن کہا اور اسنے اوسکو آپا
اور بعد مرور زمنہ کے ایک لفظ سمجھکر انحاے مشتقی سے محاورہ مین استعمال
کرنے لگے مثلاً بہناپا کرنا اور بہناپا جوڑنا اور بہناپے کا ٹوٹنا یعنی آپس سے اوس عہد کا
زائل ہونا پس اسصورت مین یہ لفظ ما نحن فیہ نہوا اور اسی قبیل سے ہی بڑھاپا یعنی پیرانہ سری
اور ترناپا یعنی جوانی لیکن یہ مجاز ہی اور اصل مین بمعنی تنی کے ہی چونکہ حالت جوانی مین تنا اور
اکڑنا بہت ہوتا ہی اسواسطے بمعنی جوانی کے استعمال کرلیا ہی اور ظاہرا پوجاپا اس قبیل سے نہین
کسواسطے کہ پوجاپا اوس طعام کو کہتے ہین کہ پوجا کے وقت سامنے رکھ لیتے ہین پس جائز ہی
کہ آپا اس لفظ مین کلمہ نسبت ہو اور جائز ہی کہ بڑھاپا اور ترناپا مین بھی اسی قبیل سے یعنی ایسی

حالت کہ منسوب بوڑھے کے ساتھ اور ایسی حالت کہ منسوب تن کے ساتھ ہوا ور وہ پیری اور
جوانی ہے لیکن ان دو لفظون مین احتمال اول اقوی ہے اور بچاپا کے لفظ مین یہ پہلی احتمال ہر گز
اصل مین حاصل بالمصدر ہوا و بمعنی طعام مذکور کے مجاز واللہ اعلم بالصواب اور کبھی یای تحتانی
زیادہ کرتے ہین جیسے ہنسنی سے ہنسی اور کبھی با وجود یائے تحتانی کی رے مہملہ زائد ہو جاتی ہے
جیسے بکنی سی جو بمعنی بیک کے ہے بکری اور کبھی تحتانی کی ساتھ تاے فوقانی جیسی بڑھنے سے جو
باے موحدہ اور راے مثقلہ کے ساتھ معنی زیادہ ہونے کے ہے بڑھتی اور بھرنے سے جو باے موحدہ
مخلوط ہا اور راے مہملہ مخففہ کی ساتھ بمعنی پر کرنے کی ہے بھرتی اور لفظ بھرتی کا کبھی بمعنی اوس
چیز کے بھی مستعمل ہوتا ہے جسکو کسی چیز مین بھرین مثلاً چوکھٹ کی پوشش کے واسطے جو لکڑیان ڈالتے
ہین اونکو بھرتی کہتے ہین اور کبھی اسم جامد کے اخیر مین تحتانی زیادہ کرتے ہین جیسے تھر اور تھرآلی
اور بمعنی جاروب کی مجاز ہے اور کبھی اسم جامد ہے معنی حاصل بالمصدر کے حاصل ہوئے ہین
جیسے جھمیل اور ریل اور جب اونکی اخیر مین الف زیادہ ہوتا ہے اوس سے معنی نسبت کے
حاصل ہوتے ہین جیسے جھمیلا اور ریلا یعنی ایسا امر جو جھمیل اور ریل سے منسوب ہے اور لفظ
ریل کا بدون الف کے اکثر پیل کے لفظ کے ساتھ مستعمل ہوتا ہے اور تنہا کم جیسے ریل پیل جہان
کسی چیز کی کثرت ہوتی ہے وہان یہ لفظ بولتے ہین اور پیل شاید قسم اول یعنی مارا و بیٹھ
وغیرہ کے قبیل سے ہو کسواسطے کہ پیلنا مصدر ہے اور اوسکے معنی یہ ہے کہ کسی چیز کو صدمہ
سے آگے بڑھانا اور ریلا الف کے ساتھ تنہا ہی مستعمل ہوتا ہے ہمراہ پیل کے نہین دیکھا گیا
اور یہ امر استعمال کے خصایص سے ہے اسمین قیاس کو کچھ دخل نہین اور کبھی اسم جامد مین
کچھ تصرف کرکے اوسکے اخیر مین الف اور سین مہملہ زیادہ کرتے ہین جیسے میٹھی سے مٹھاس اور
کھٹی سے کھٹاس اور کبھی بعد گرانے علامت مصدر کے واو اور الف اور سین بھی زیادہ کرکے

ہین جیسے بکنی جو بات مو حادہ کے ساتھ بمعنی کلام بیہودہ اور بہت کلام کرنے کی ہی بکواس
اور ظاہر ا پیاس اسی قبیل سے نہین بلکہ مرکب ہی پی سے کہ بمعنی پینے کے ہے اور آس سے
کہ بمعنی امید کی ہی پس پیاس پینے کی امید ہوئی چونکہ تشنگی مین طلب آب کی ہوتی ہی پیاس
بمعنی تشنگی کے مستعمل ہو گیا اور کبھی اسم جامد کے اخیر مین تاے فوقانی زیادہ کرتے ہین جیسے
رنگ سے رنگت اور سنگ سے جو بمعنی ہمراہ کے ہے سنگت اور کبھی اوٹ یعنی الف اور واو
مع تاے فوقانی مثقلہ کے اور آہٹ یعنی الف اور ہاے ہوز مع تاے فوقانی کے زیادہ کرتے
ہین جیسے رکنے سے رکاوٹ اور چمکنے سے چمکاہٹ اور کبھی فقط ہٹ یعنی ہاے ہوز مع تاے
مثقلہ جیسے بلبلانے سے بلبلاہٹ اور یہان سے معلوم ہوا کہ آہٹ حاصل بالمصدر ہے
آنی سے اور بمعنی آواز پا کے مجازاً مستعمل ہو گیا ہی یہ چند الفاظ مثال کے واسطے کافی ہین
اور شکل ماضی کے بھی ہوتا ہی وہ ماضی لازم سے ہو یا متعدی سے جب او سپر گیا کا لفظ جو صیغہ
ماضی کا ہی جانے سے زیادہ کردین جیسے آیا گیا اور اوٹھایا گیا مثلاً اور گیا اس صورت مین
ترجمہ شد کا ہی جو فارسی مین افعال ناقصہ سے ہے اور کبھی نامہ بھی ہوتا ہی پس گیا بھی
نامہ ہی اسواسطے کہ اگر کہا جاوے مثلاً کہ مجھسے فلانی شے اوٹھائی گئی تو مراد اوس سے
یہ ہوگی کہ اٹھانا اوسکا مجھسے وقوع مین آیا اور کبھی اوسکو ہو سکنے کے معنی مین بھی استعمال
کرتے ہین مثلاً کہین کہ اگر مجھسے اوٹھایا گیا تو اوٹھاونگا کیونکہ پہلی معنی کی صورت مین تحصیل
حاصل لازم آتی ہی یعنی اوسکے معنی یہ ہو جاتے ہین کہ اگر مجھسے اوٹھنا وقوع مین آئیگا تو
اٹھونگا پس بعد وقوع اوٹھنے کے پھر اوٹھنا کیونکر صورت پکڑی اور اگر یون کہین کہ اگر
مجھسے اوٹھایا گیا تو اوٹھاونگا تو اب البتہ بمعنی واقع ہونی ہی کی ہی اور کبھی صیغہ استقبال کا
جانے بھی لگا دیتے ہین جیسے اگر مجھسے اوٹھایا جائیگا مثلاً تیسری فصل معلوم کیا چاہیے کہ

مصدر دو قسم ہوتا ہے ایک لازم دوسرا متعدی لازم وہ ہے کہ جسکے معنی اوسکے فاعل پر تمام
ہو جاویں اور مفعول تک نہ پہونچا ہیں جیسے آنا جانا ہنسنا اٹھنا بیٹھنا اور متعدی وہ ہے
کہ اسکے معنی فاعل سے تجاوز ہو کر مفعول تک پہنچے اور متعدی تین قسم ہے اول
متعدی بیک مفعول جیسے کھانا طعام کا اور پینا پانی کا دوسرا متعدی بدو مفعول جیسے
دینا دینار کا زید کو تیسرا متعدی بسہ مفعول جیسے دلوانا دینار کو زید کو عمرو سے یا تبلانا زید
کو عمر کا فاضل ہونا چوتھی فصل متعدی دو قسم ہے ایک یہ کہ اصل میں اسی معنی کیواسطے
موضوع ہو دوسرے یہ کہ حروف تعدیہ کی اوسپر داخل کرکے بنایا ہو قسم اول جیسے کھانا
اور پینا متعدی بیک مفعول اور دینا متعدی بدو مفعول اور تبلانا متعدی بسہ مفعول اور
انکا بیان گذر گیا اور قسم دوسری چار طرح پر ہے ایک یہ کہ حروف تعدیہ علامت مصدر سے
پہلے آویں اور حروف تعدیہ بعض جا ہیں واو کہ اوسکے پہلے لام ہو اور کہیں فقط
وا اور کہیں لام اور الف اور بعض کلمہ ان سب حالتوں پر ہوتا ہے مگر فصحا ان میں
سے بعض حالت اختیار کرتے ہیں اور بعض کو متروک اور بعض مقام میں فقط الف آتا ہے
اور جو حروف کہ علامت مصدر کے ماقبل ہیں اونمیں بھی حروف تعدیہ کے داخل ہونے کے
بعد کچھ تغیر واقع ہوتی ہے اوسکا ضبط قاعدہ سے مشکل ہے وہ فقط سماعت پر موقوف ہے
اور تفصیل اسکی یہ ہے کہ فعل لازم کا تعدیہ بیک مفعول ہوتا ہے اور متعدی بیک مفعول کا
بدو مفعول اور متعدی بدو مفعول کا بسہ مفعول پس اگر لازم کو متعدی بیک مفعول
بناویں الف یا لام مع الالف یا وا علامت سے آویں جیسے بیٹھنے سے بٹھانا یا بٹھلانا
اور رونے سے رلانا یا رووانا یہ دونوں مستعمل ہیں مگر اول فصیح ہے اور اگر متعدی بیک
مفعول کو متعدی بدو مفعول کریں لام مع الالف یا وا فقط لے آویں جیسے کھانے

کھانا یا کھوانا مگر کھوانا زبان گنوارون کی ہے اور فصحا کی زبان پر کھلانا جاری ہے اور
اگر متعدی بدو مفعول کو متعدی بسہ مفعول کرین کبھی واسطے لام متقدم اور کبھی فقط
وا اور کبھی لام الف بڑھا دین جیسے کھلانے سے کھلوانا اور دکھلانے سے جو بکسر اول
ہے دکھلوانا اور پلانے سے جو بمعنی خورانیدن آب کی ہے پلوانا اور دینے سے دلوانا
اور دیوانا اور دلانا مگر دیوانا فقط وا کے ساتھ فصحا کی زبان پر جاری نہین ہے طرح
دوسری یہ کہ مصدر کے اول مین لے کا لفظ لا دین وہ مصدر لازم ہو یا متعدی بیک مفعول کم
اوس مفعول سے جو مقصود ہے مثلاً آنا جانا دونون لازم ہین جب اونکے اول مین لفظ لی
کا رکھا گیا یعنی لے آنا اور لیجانا متعدی بیک مفعول حاصل ہوا اور اسی قبیل سے لے پہونچنا
اور لے چلنا اور لے دوڑنا اور لے بھاگنا اور لے اوڑنا اور لے نکالنا اور طرح تیسری یہ ہے
کہ فعل کے فا کلمہ کے بعد حرف علت زیادہ کرین الف جیسے مرنے سے مارنا اور تنے سے تانا
اور دبنے سے دابنا اور کٹنے سے کاٹنا اور بندھنے سے باندھنا اور واو جیسے کھلنے سے کہ کاف
فارسی مضموم سے ہے کھولنا اور رکنے سے روکنا اور کھونٹنے کو ان الفاظ کے قبیل سے قرار
دینا یعنی اونمین سے جنمین فا کلمہ کے بعد واو ہوا اسواسطے ہے کہ فا کلمہ مع ہاے مخلوطہ کے بمنزلہ
ایک حرف کے شمار مین آتا ہے اور اسی سبب سے عروضی اوسکو تقطیع مین گرا دینگے مثلاً
کھولا فعلن کے وزن پر ہے جیسے بولا اسی وزن پر اور یاے تحتانی جیسے پسنے سے پیسنا اور
طرح چوتھی یہ ہے کہ کوئی حرف صحیح دوسری بدل جاوے مثلاً بکنے سے بیچنا اور چھوٹنے سے چھوڑنا
اور ٹوٹنے سے توڑنا مقدمہ تمام ہوا یہان سے شروع ہے بیان مقاصد کا * پہلی جنس اشتقاق
کے بیان مین معلوم کیا چاہیے جو چیزین کہ مصدر سے مشتق ہوتے ہین یہ ہین فعل ماضی فعل
مضارع امر نہی اسم فاعل اسم مفعول اسم آلہ اور اسم تفضیل اور صفت مشبہ اور ظرف معہ

سے مشتق نہیں ہوتی۔ لیکن سب کو اس کے بعد اس [illegible]

نوع پہلی فعل ماضی کے بیان میں اشتقاق اور فعل کی گردانیں جو کہ [illegible]
مشتق ہوتا ہو فعل ماضی کے بارہ صیغہ میں اصطلاح میں کہ فعل واحد مذکر غائب کو فعل
مذکر غائب کو فعلوا واحد مونث حاضر کو فعلت جمع مذکر حاضر کو فعلتم واحد مونث غائب کو فعلت
مونث غائب کو فعلن واحد مونث حاضر کو فعلت جمع مونث حاضر کو فعلتن واحد متکلم مذکر کو
فعل جمع متکلم مذکر کو فعلنا واحد متکلم مونث کو فعلت جمع متکلم مونث کو اگرچہ تیرہ صیغے مشتق ہوتا
ہے کہ ان میں فاعل یا مذکر ہے یا مونث اور ہر واحد یا غائب ہے یا حاضر یا متکلم اور ہر ایک
انہیں ایک ہے یا دو یا زیادہ دو سے پس یہ سب اٹھارہ صیغے ہوتے لیکن از بسکہ دونا
اہل عرب میں مافوق واحد کے حکم جمع میں ہے چھ صیغے تثنیہ کی بالکل ساقط ہو گئے معلوم
کیا چاہیے کہ ماضی کی چار قسمیں ہیں مطلق قریب بعید استمراری اور ہر واحد معروف
ہے یا مجہول اور ہر واحد معروف اور مجہول سے مثبت ہے یا منفی پس سولہ قسمیں ہوئیں
ماضی مطلق مثبت معروف ماضی مطلق منفی معروف ماضی مطلق مثبت مجہول ماضی مطلق
منفی مجہول اور اسی قیاس پر اقسام باقیہ اور ہم اختصار کے واسطے ان سب کو یہ مصنف نے
بیان کرتے ہیں سمت پہلی ماضی مطلق کے بیان میں ماضی مطلق سے مراد یہ ہے کہ جس میں
قید قریب یا بعید یا استمرار کی کچھ نہ ہو اور معروف اوسے کہتے ہیں کہ جسکا فاعل معلوم ہو
اور مجہول اوسے کہتے ہیں کہ جسکے فاعل معلوم نہ ہو اور مثبت وہ ہے جس میں حرف نفی نہ آیا ہو
اور منفی وہ جس میں حرف نفی کا آیا ہو جب یہ معلوم ہو گیا اب جاننا چاہیے کہ اشتقاق صیغہ ماضی
مطلق معروف مثبت کا مصدر سے یہ ہے کہ بعد کرنے علامت مصدر کے یعنی نا کے [illegible]
واحد مذکر غائب کی یعنی الف اور [illegible] آخر میں لاحق کرنے سے فعل ماضی واحد مذکر غائب

حاصل ہوتا ہے بشرطیکہ ماضی کے اخیر میں حروف مدہ یعنی الف اور واو ساکن ماقبل مضموم
اور یاے ساکن ماقبل مکسور نہو جیسے پیٹنے سے پیٹا اور اوٹھنے سے اوٹھا اور جاگنے سے جاگا
اور رہنے سے رہا اور کرنے سے جو کاف تازی مفتوح سے ترجمہ ہے کردن کا اگرچہ کرا فصیح ہے
لیکن فصحا بسبب کراہت کے اوسکو متروک کر کے اسکی جگہہ کیا استعمال کرتے ہین یہان سے
معلوم ہوا کہ یاے تحتانی را سے بدلی ہوئی ہو نہ اوس قبیل سے جو حروف مدہ کے بعد
زیادہ کیجاتی ہے چنانچہ آگے مذکور ہوتا ہے اور اگر آخر مین یا جو چیز کہ حکم اخیر مین ہو حروف
مدہ ہون یا مین علامت فاعل اور حروف مدہ کی یاے تحتانی احتمال فتحہ کے واسطے زیادہ کرین
اسواسطے کہ ماقبل الف کے فتحہ چاہیے اور حروف مدہ بسبب سکون کے فتحہ اوٹھا نہین سکتے
مثال اوسکی جسکے اخیر مین حروف مدہ ہون جیسے ملانے سے ملایا اور کھانے سے کھایا
اور بلانے سے بلایا اور جانے سے گیا لیکن یہان جیم کاف فارسی سے بدل گیا اور الف
جو جیم کے بعد تھا کثرت استعمال سے حذف ہوگیا اور شاید یہ لفظ اور مصدر سے مشتق ہو یہ
دونون احتمال مصدر کی تعریف مین مذکور ہو گئے ہین اور جیسے کھونے سے کھویا اور سونے سے
سویا اور جینے سے جیا اور دینے سے دیا اور پینے سے پیا اور موافق اس قاعدے کے حکم
کیا جاتا ہے کہ جن لفظون کے اخیر مین یاے تحتانی اصلی ہو دوسری کی زیادہ کرنیکے بعد
وہ تحتانی گر پڑتی ہے کیونکہ اجتماع دو یا کا مکروہ ہے والا جیا اور پیا اصل اسکے مین چاہیے تھا
کہ دو یاے تحتانی ہوتین ایک اصل کلمہ کے اور دوسرے وہ کہ احتمال فتحہ کی ضرورت
سے زیادہ ہوئی ہے پھر جاننا چاہیے کہ مصدر اگر متعدی ہو پس وہان دو حال ہین اور وہ
یہ ہے کہ ضمیر منفصل مفعول کی یعنے اوسی اور اوسکو یا اسم اشارہ یعنی وہ اور یہ یا اسم ظاہر
ہمراہ فعل ماضی کے مذکور کرین یا نکرین اگر مذکور کرین تو اسمین تفصیل ہے اگر ضمیر منفصل مفعول کی

مذکور کرین یعنی مفعول اور فعل کا خواہ مذکر ہو خواہ مونث واحد ہو یا جمع فعل کے اخیر مین
الف زیادہ کرینگے جیسے اوسنے یا اونہونکو کہا یا یعنی روٹی یا سالن کو اور اوسکو ستایا یعنی
کلام یا بات کو اور اوسکو بلایا یعنی مرد یا عورت کو اور اسی قیاس پر جمع اور اگر اسم
اشارہ یا اسم ظاہر بدون علامت مفعول کے مذکور کرین فعل مین مفعول کے تذکیر یا تانیث
کی علامت لاحق کر دینگے واحد ہو مفعول یا مجموع یعنی واحد مذکر کو واسطے الف اور مونث
کے واسطے یاے تحتانی اور مجموع مین مذکر کے واسطے یاے مجہول اور مونث
کے واسطے ین بیاے معروف جیسے وہ کھایا یعنی سالن اور وہ کھائی یعنی روٹی اور وہ کھائی یعنی کئی
سالن اور وہ کھائین یعنی کئی روٹیان اور اگر اسم اشارہ کے ساتھہ مشار الیہ بھی بدون علامت
مفعول کے ذکر کرین جب بھی یہی حال ہے جیسے وہ روٹی کھائی اور وہ سالن کھایا +
قس علی ہذا + اور اگر اسم اسم ظاہر مع علامت مفعول کے یا اسم اشارہ اور اسم ظاہر
اور علامت مفعول الحسنی مذکور ہون تو فعل کے اخیر مین ہمیشہ الف رہیگا خواہ مفعول
واحد ہو خواہ مجموع مثلاً سالن کو یا سالنون کو یا روٹی کو یا روٹیونکو یا اس روٹی کو
یا اون روٹیون کو کھایا اور تفصیل علامت جمع کی معلوم ہو جاویگی اور جاننا چاہیے کہ
علامت مفعول مجموع کے لگنے سے فعل جمع کا نہین ہو جاتا با وصف کہ فاعل مجموع نہو لیس
روٹیان کھائین اوسنے مثلاً اس عبارت مین کھائین فعل واحد کا ہے اور کھائین ہنے اہمین
فعل جمع کا اور اگر مذکور نکرین تو اختیار اگر مذکر سے مقصود ہو علامت تذکیر کی اور اگر
مونث سے علامت تانیث کی اوسکے اخیر مین لاحق کرینگے مثلاً اگر روٹی کے کھانے سے خبر دینی
مقصود ہے تو کہینگے کھائی اور اگر سالن کے کھانے سے تو کہینگے کھایا اور یہہ بھی جاننا چاہیے کہ جیسے
فعل متعدی کے اخیر مین یہی علامت لاحق ہوتی ہے حسب مفعول کے تذکیر اور تانیث اور وحدت

اور جمع پر دال ہو ایسی ہی اوس جگہہ اور ایسے لفظ کا ذکر کرنا بہی درست ہی کہ اوسکی تعداد
اور جمع پر دلالت کرے مثلاً ایک سیب کہایا کئی سیب کہائے یا ایک بہی کہائی اور
کئی بہی کہائین اور اگر فعل ماضی واحد مونث کا بناوین لازم مین یاے تحتانی معروف
لگادین کہ یہ علامت فاعل مونث کی ہی جیسے بیٹہنو سے بیٹہی اور اوٹہنو سے اوٹہی اور سونے
سے سوئی اور فعل متعدی مین مذکر اور مونث کی علامت کا حال مثل صیغہ واحد
مذکر کے ہی جیسا مذکور ہوا مثلاً اوسکو کہلایا یعنے روٹی کو یا وہ روٹی کہلائی اوس مرد نے
یا عورت نے اور اگر صیغہ جمع مذکر غائب کا بناوین پس فعل اگر لازم ہو تو جس فعل مین
یاے تحتانی احتمال حرکت کے واسطے زیادہ کی جاتی ہی یاے تحتانی کے بعد اور جس مین
زیادہ نہین کیجاتی اوسی لفظ باقی کے بعد جو علامت مصدر کی گرانے سے رہا ہی یاے تحتانی
مجہولہ مذکر کے واسطے اور یاے معروفہ مع النون مونث کیواسطے زیادہ کردین جیسے آئے چند مرد
اور آئین چند عورتین اور اگر متعدی ہو فعل جمع کا مثل فعل واحد کے ہوتا ہی مگر بسبب فاعل کے
امتیاز حاصل ہو جاتی ہی جیسے سیب کہایا یا بہی کہائی لوگون نے یا اونہون نے اور یہ ضمیر
منفصل فاعل کی مشترک ہی مذکر اور مونث مین اور اگر فعل واحد مذکر مخاطب یا مونث
مخاطب یا جمع مذکر مخاطب یا مونث مخاطب یا متکلم واحد یا مع الغیر کا بناوین اوسکی تفصیل
یہ ہی کہ لازم مین جو فعل غائب مذکر یا مونث کا تہا اوسکے بعد مذکر واحد یا مونث واحد کیواسطے
ضمیر متصل مخاطب یا متکلم کے لگاوین جیسے آیا تو یا آئی تو اور آیا مین یا آئی مین اور یہ ضمیرین
مذکر اور مونث مین مشترک ہین اور متعدی مین بعد ضمیرون کے لفظ نے کا بہی زیادہ کیا جاتا
لغات فصیحہ مین جیسے کہا تو نے مرد ہو یا عورت یا کہا مین نے علی ہذا القیاس اور ترک کرنا
لفظ نے کا ضمیر مخاطب یعنی تو کے آخیر سے موافق روزمرہ حال کے غلط محض ہی البتہ زبان عوام مین

کی بجھتین بولی تھی اور اوسکے اخیر سے لفظ نے کا ترک بھی کرتے تھے جیسے کھاتین اور لی اور فقط مین ہو یا تینے لفظ نے کے ساتھ استعمال اونکا ہو جب نسدہ او شعرا کیا ہے اور بعض بعید متکلم واحد کو ترک کرنا نے کا اگرچہ مکروہ ہے مگر چندان مخل فصاحت کا بھی نہین جیسے کھاتین کی جگہ کھاتین اور فعل جمع مذکر مخاطب اور متکلم مین اگر لازم ہو بعد اسقاط علامت مصدر باقی رہی اوسکے اخیر مین یاے تحتانی مجہولہ اور ضمیر منفصل مخاطب یا متکلم کی یعنی تم اور ہم لگا دین جیسے آئی تم اور آئی ہم اور اگر متعدی ہو صیغہ واحد مذکر ماضی کے بعد ضمیر جمع مخاطب یا متکلم مع الخیر کے مع نے کے لگا دین جیسے کہا تم نے اور کہا ہم نے اور فعل جمع مؤنث مخاطب یا متکلم مین اگر لازم ہو بجاے یاے مجہولہ کے یاے معروفہ مع النون اور اوسکے بعد ضمیر لگا دین جیسے آئین تم اور آئین ہم اور متعدی مین بعینہ وہی صیغہ جمع مخاطب یا متکلم کے واسطے گذر العنی کہا تم نے اور کہا ہم نے اور لفظ نے کے ترک کا حال مثل سابق کے ہے اور نفی مستقبل سے اور اس ماضی پر جب نون یا لفظ نہین کا لگا دین ماضی معروف منفی ہو جاوے جیسے آیا اور اور نہین آیا مگر ان دونون مین فرق مقصد ہے کہ فقط نون مین محض آنے کی نفی ہے اور نہین کی لفظ مین اوسکی نفی ہے زبان متکلم تک یعنی آنا زید کا مثلاً ابتک واقع نہین ہوا اور جب ماضی معروف سے چاہین کہ مجہول بنا دین اور یہ بھی معلوم ہے کہ چونکہ اسناد فعل مجہول کے مفعول کیطرف ہوتی ہے اور حاصل مفعول این فعل متعدی ہوتا ہے نہ لازم اسواسطے یا ہیے کہ مجہول بھی فعل متعدی سے حاصل کیا جاوے پس فعل متعدی کے اخیر مین گیا کا لفظ کہ ماضی ہے جانے کا جو بمعنی کے ہے جو جانے سے مشتق ہے بڑھا دین جیسے بیٹھایا گیا اور اٹھایا گیا اور بلایا گیا اور رکھا گیا اور ستایا گیا اور علیٰ ہذا القیاس اور یہ جو ہمنے گیا کے لفظ کو کہا ہے کہ وہ بصورت فعل ماضی ہے نہ فعل ماضی کا اسواسطے کہ اوٹھایا گیا مثلاً ایک فعل معروف تھا اور گیا دوسرا فعل ہوا اور

دونون چونکہ فعل معروف ہین ان دونون کی نسبت فاعل کی طرف ہوتی ہی نہ مفعول
کی طرف پس فعل مجہول متحقق نہوتا اور قطع نظر اس سے ترکیب دو فعل کی بدون تقدیم
واو کے مہمل ہی پس اسصورت مین معنی یہ ہوتے کہ اوٹھایا اوسکو اور گیا وہ اور یہ خلاف
ارادہ کے ہی اور ایک اور قباحت یہ ہی کہ فعل مفرد ہوتا ہی اور یہ مرکب ہی پس گیا اصل
مین موضوع ہی علامت مجہول کے واسطے اور وہ ماضی بعد تبدیل جیم کے کاف سی اسکے
ساتھ ملتبس ہوگئی ہی اور گیا کا لفظ جو فعل لازم پیا آتا ہی جیسے آیا گیا اور بیٹھا گیا مثل صیغہ مجہول
کی تکمیل کے واسطے نہین ہی بلکہ اس ترکیب مین آیا اور بیٹھا مثلاً حاصل بالمصدر ہی اور گیا ماضی
جانے سے اور اسکا حال حاصل بالمصدر کے بحث مین بتفصیل گذرا صنف دوسری ماضی قریب کے بیان مین
اور اسکا حصول اسطرح پر ہی کہ ماضی مطلق کے صیغہ کے اخیر مین ہی ہای مفتوح سی اور اخوات اوسکے
زیادہ کردین جیسے آیا ہی اور گیا ہی مثلاً اور یہ دلالت کرتا ہی کہ آنا اور جانا کہ فاعل سی زمانہ ماضی مین
سرزد ہوا زمانہ تکلم سی قرب رکھتا ہی اور اسکی تفصیل یہ ہی کہ واحد کیواسطے ہی مذکر خواہ مونث غائب
ہو یا حاضر جیسے آیا ہی اور آئی ہی اور آیا ہی تو اور آئی ہی تو اور جمع کے واسطے مذکر ہو یا مونث ہین یا ہین بغیر
غنہ سی جیسے آئی ہین اور آئین ہین اور جمع مخاطب کے واسطے مذکر ہو یا مونث لفظ ہو جیسے
آئی ہو تم یای مجہولہ سے مذکر اور آئی ہو تم یای معروفہ سے مونث کے واسطے اور فعل مونث
کا اصل مین نون غنہ کے ساتھ تھا لیکن روزمرہ مین استعمال نون کا کثرت و رواج بسبب کراہت
کے متروک ہی اور فعل متکلم واحد کے واسطے خواہ مذکر ہو خواہ مونث ہون ماضی ہو پس ضمہ
او روا و معروفہ سے اور اوسکے اخیر مین نون غنہ جیسے مین آیا ہون اور مین آئی ہون اور
جمع متکلم کے واسطے خواہ مذکر ہو خواہ مونث ہین جیسے ہم آئے ہین مذکر اور ہم آئی ہین مونث
اور یہ فعل مونث کا نون غنہ کے ساتھ مستعمل ہے صنف تیسری ماضی بعید کے بیان مین

اور یہ اسطرح ہو کہ لفظ تھا آخر مین زیادہ کردین جیسے آیا تھا اور گیا تھا لفظ تھا دال ہے
اس بات پر کہ زمانہ ماضی مین سرزد ہونا اس فعل کا فاعل سے زمانہ تکلم سے بہت بعد
رکھتا ہو اور معلوم کیا چاہیے کہ علامتین تذکیر اور تانیث کی فعل اور علامت دونوں مین
لاحق کرتی مین جیسے آیا تھا ایک مرد آئی تھی ایک عورت آئی تھی گئی مرد یا مجہول سے
آئی تھین گئی عورتین یاے معروفہ سے مع نون غنہ کے آیا تھا تو ایک مرد آئی تھی تو ایک
عورت یاے معروفہ سے آئی تھی تم کئی مرد یاے مجہول سے آئین تھین تم کئی عورتین یاے
معروفہ سے مع نون غنہ کے آیا تھا مین ایک مرد آئی تھی مین ایک عورت یاے معروفہ سے
آئے تھے ہم کئی مرد یاے مجہول سے آئین تھین ہم کئی عورتین یاے معروفہ سے مع نون غنہ کے
صنعت چوتھی ماضی استمراری کے بیان مین اور یہ وہ ہو کہ زمانہ گذشتہ مین فعل فاعل
کے استمرار اور ہمیشگی پر دلالت کرے اور اشتقاق اسکا مصدر سے اسطرح پر ہو کہ بعد اٹھا
علامت مصدر کے جو کچھ باقی رہتا ہو اسکے اخیر مین تاے فوقانی مع الالف کو ہمراہ لفظ تھا کے
زیادہ کردین اور علامت تذکیر یا تانیث واحد یا جمع کی تا اور تھا دونون کے اخیر مین لاحق
کرین اسکی تفصیل یہ ہے کہ واحد مذکر غائب کا صیغہ مثلاً آتا تھا اور جاتا تھا الف کے ساتھ
اور مونث غائب واحد کا فعل مثلاً آتی تھی اور جاتی تھی یاے معروفہ سے اور مذکر جمع
غائب کا فعل مثلاً آتے تھے یاے مجہول سے اور مونث مجموع کا فعل آتین تھین یاے معروفہ
سے مع نون غنہ کی اور ضمایر منفصلہ کے اخیر مین لگانے سے متکلم اور مخاطب واحد اور جمع کا فعل
حاصل ہو جاتا ہے واحد کے ساتھ ضمیر واحد کی جمع کے ساتھ جمع کے مذکر کے ساتھ مذکر کی
مونث کے ساتھ مونث کی جیسے آتا تھا تو آتی تھی تو آتے تھے تم آتین تھین تم آتا تھا مین
آتی تھی مین آتے تھے ہم آتین تھین ہم اور استمراری کو جب حالت شرط مین استعمال کرتے ہین

لفظ تھا کا محذوف کر دیتے ہین اور الحاق علامتون کا فقط تا کے اخیر مین ہوتا ہے مثلاً
اگر وہ آتا یا اگر وہ آتی اور علی ہذا القیاس اور ضمائر خواہ شرطیہ یا غیر شرطیہ مین فعل کی اول بھی مذکور ہو سکتے
ہین جیسے کہتا تھا مین یا اگر کہتا مین اور بالعکس جیسے مین کہتا تھا اور مین اگر کہتا یا اگر مین کہتا
حرف شرط اور فعل کے بیچ مین اور نفی ان سب کی بھی اسیطرح سے ہے جیسے ماضی مطلق کی بحث
مین مذکور ہوئی اور ماضی استمراری اسطرح سے بھی حاصل ہوتی ہے کہ لفظ کرتا تھا اخیر مین
ماضی مطلق کے کسی مصدر سے ہو زیادہ کر دین جیسے وہ آیا کرتا تھا اور جایا کرتا تھا اور اٹھا کرتا تھا
اور بیٹھا کرتا تھا اور کبھی جاتا تھا کا لفظ زیادہ کرتے ہین مگر اتنا فرق ہے کہ جب لفظ کرتا تھا کا
زیادہ کرتے ہین صیغہ ماضی مذکور ہمیشہ الف کے ساتھ رہتا ہے اور علامتین وحدت اور جمع اور
مذکر اور مونث کی کرتا اور تھا دونون کے اخیر مین لاحق ہوتے ہین جیسے آیا کرتا تھا وہ مرد
اور آیا کرتی تھی وہ عورت اور جب جاتا تھا زیادہ کرتے ہین وہ ماضی کا صیغہ ہمیشہ یای مجہولہ
کے ساتھ رہتا ہے اور علامتین بدستور جاتا اور تھا دونون کے اخیر مین لاحق ہوتے ہین مثلاً
آئی جاتا تھا اور آئی جاتی تھی اور کبھی قسم اول ماضی استمراری کے اخیر مین لفظ رہتا تھا زیادہ کرتے
ہین اور سب علامتین ماضی استمراری اور رہتا اور تھا تینون کے اخیر مین لاحق ہوتی ہین
جیسے آتا رہتا تھا وہ ایک مرد آتی رہتی تھی وہ ایک عورت آتی رہتی تھی وہ کئی مرد آتین
رہتین تھین وہ کئی عورتین اور علی ہذا القیاس اور جمع مونث کا نون لفظ اول سے گر بھی
پڑتا ہے یعنی آتی رہتین تھین وہ کئی عورتین بھی مستعمل ہے اور پہلی صورت کی نسبت ان
صورتون مین معنی استمرار کے زیادہ تر واضح ہین مگر بعد تامل کے معلوم ہوا کہ ان صیغون
سے کرتا تھا اور جاتا تھا فقط ماضی استمراری ہے اسی واسطے علامتین تذکیر اور تانیث
فاعل کی انہین مین لاحق ہوتی ہین اور وہ الفاظ جو بصورت ماضی مطلق کے اونکے اول

آئی ہین وہ حاصل بالمصدر ہین صیغہ ماضی کی صورت مین سے واسطے وہ ایک صورت پر
رہتے ہین جیسے جایا کرتا تھا وہ ایک مرد اور جایا کرتی تھی وہ ایک عورت اور آرہے جاتا تھا
وہ ایک مرد اور آلگی جاتی تھی وہ ایک عورت انکا حال خواہد آمد اور خواہد رفت کا سا ہی
مثلاً فارسی ہین جو بالفعل نا واقفون کے نزدیک صیغہ استقبال کا مشہور ہے کہ اصل مین
مضارع کا خواہد ہے اور اوسکے اخیر مین آمد یا رفت یا اور کچھ سوا اوسکے حاصل بالمصدر ہوتا
کہ ترکیب نحوی مین اوسکا مفعول واقع ہوا ہے پس ترجمہ خواہد رفت کا اردو مین یہ ہے
چاہتا ہے جانی کو اس صورت مین حاصل ان دونون صورتون کا یہ ہوا کہ رہتے مثلاً آتا
یا جاتا ہمیشہ وقوع مین آتا تھا زمانہ گذشتہ مین جب ماضی کے چارون قسمون سے مشتق
کا حال بہ تفصیل معلوم ہوچکا تو اب زیادتی توضیح اور آسانی فہم کیواسطے مناسب معلوم ہوا
ایک کی گردان بیان لکھہ دینی چاہیے اسواسطے لکھی جاتی ہے + گردان ماضی مطلق کی فعل
لازم سے + آیا وہ ایک مرد + آئے وہ کئی مرد + آئی وہ ایک عورت + آئین وہ کئی عورتین
آیا تو ایک مرد + آئے تم کئی مرد + آئی تو ایک عورت + آئین تم کئی عورتین + آیا مین ایک مرد
آئے ہم کئی مرد + آئی مین ایک عورت + آئین ہم کئی عورتین + گردان فعل ماضی مطلق
کی فعل متعدی سے موافق تفصیل سابق کہ مفعول کی ضمیر منفصل کے ساتھہ اسطرح اوسکو کہا یا
اور اُنکو کہا یا + اور یا دیکھو سنا یا + الخ مفعول مظہر کی ساتھہ مع علامت مفعول کے +
روٹی یا سالن کو کہا یا + کلام یا بات کو سنا یا + معلوم کرنا چاہیے کہ افعال ہندی مین
ضمائر متصلہ ہمیشہ مستتر ہوتی ہین اور ضمائر منفصلہ جو بعد بعضی افعال مثل فعل مخاطب
یا متکلم کے واقع ہوتی ہین اُنکی تاکید کیواسطے ہین کیونکہ اگر الف یا یاے تحتانی مثلاً جو مذکیر
یا تانیث فاعل کی علامت کے واسطے اخیر مین زیادہ کی جاتی ہین ضمیرین ہوتین پس

چاہیے تھا کہ افعال کے فاعل ہوتین اور باوجود انکے فاعل مظہر کا مذکور کرنا درست نہوتا
جیسے آیا زید، اور گیا عمرو الا لازم آتا ہے کہ ایک فعل کے واسطے دو فاعل ہون اور یہ
بات او نپر جو صرف و نحو سے واقف ہین مخفی نہین ہے مگر یہ کہ اضمار قبل الذکر کے
قائل ہون۔ نوع ۲ دوسری مضارع کی بحث مین مضارع ست وہ صیغہ مراد ہے جو
صیغہ استقبال اور صیغہ حال دونو کے معنی مین مشترک ہو اور اسکا اشتقاق مصدر سے
اسطرح ہوتا ہے کہ علامت مصدر کی گرانے کے بعد جو کچھ باقی رہے اگر اوسکا حرف اخیر
حرف مدہ ہو تو ی یعنی یای ساکن اور ئی یعنی ہمزہ مکسور مع یا ساکن کے اور وے یعنی
واو مکسور مع یائے مجہولہ علامت واحد غائب یا مخاطب کی مذکر ہو یا مونث اور ین
یعنی یاے تحتانی ساکن مع نون غنہ کے اور ئین ہمزہ اور وین واو اور یاے مجہولہ سے
علامت جمع غائب یا جمع متکلم مع الغیر کی مذکر ہو یا مونث اور و یعنی واو ساکن
اور ؤ ہمزہ مضمومہ مع واو ساکن کے علامت جمع مخاطب کے مذکر ہو یا مونث
اور ون واو ساکن مع نون غنہ کے اور ؤن ہمزہ مضمومہ مع واو کے علامت
واحد متکلم کے مذکر ہو یا مونث لاحق کردین اور مضارع کے بھی بارہ ۱۲ صیغہ ہوتے
ہین اس تفصیل سے۔ آے آئی آوے فعل واحد غائب یا غائبہ کا۔ آین آئین
آوین فعل جمع غائب یا غائبہ کا+ آے تو آئی تو اوے تو+ واحد مخاطب یا مخاطبہ
آو تم آؤ تم + + جمع مخاطب یا مخاطبہ + + آون مین آؤن مین + + واحد متکلم
مذکر یا مونث + آئین ہم آئین ہم آوین ہم + + متکلم مع الغیر مذکر یا مونث اور اگر
حرف صحیح ہو مفرد غائب یا مخاطب کے واسطے مذکر ہو یا مونث یاے مجہولہ فقط جیسے
بیٹھے وہ یا تو اور جمع غائب یا متکلم مع الغیر کے واسطے مع النون جیسے بیٹھین وہ یا ہم

مذکر یا مونث اور جمع مخاطب کی واسطے واو جیسے تھیو تم مذکر یا مونث اور متکلم جمع
کے واسطے واو ماقبل مضموم اور نون غنہ بعد واو کے جیسے تھیون مذکر یا مونث لیکن
استقراء سے یہ کہ بعضے ان الفاظ کا استعمال یعنی حال یا استقبال کے متروک ہو گیا ہے اور جب
انکے ساتھہ علامت استقبال یا حال کے جو ان دونون زبانون سے ایک کو خاص کر دے
نہ لگاوینگے استعمال نہین کرینگے علامت استقبال کی گا اور حال کی ہے اور علامتین
تذکیر اور تانیث کی انہین بھی لاحق ہوتی ہین صیغہ استقبال کا + آے آئی گا آویگا
تینون صورتون کے ساتھہ فعل واحد غائب مذکر کا + آے گی آئی گی آویگی فعل واحد
مونث غائب کا۔ آوین گے آئین گے آوینگے + کاف فارسی سے مع یاے مجہول کے جمع
مذکر غائب کی + اور گی کے یاے معروفہ ہووے تو یہ جمع مونث غائبہ کی ہے + اور انہین
صیغون کے بعد اگر ہم کا لفظ لگاوین متکلم مع الغیر ہو جاوے + ہر چند یہ سب صورتین
فصیح اور غیر فصیح سب کی کلام مین مستعمل ہین لیکن بعضے فعلون مین کوئی صورت
زیادہ تر فصیح ہے اور کوئی کم مثلاً ہوگا + اور ہووے گا زیادہ تر فصاحت رکھتا ہے اور
ہووے گا + کم اگرچہ شعر مین شیخ ابراہیم ذوق سلمہ اللہ تعالی کے جو راقم کے استاد ہین

شفیق ہین ہے ہی بندھا ہوا ہے۔ ؎		ہو یگا کشتی طوفان زدہ تابوت اپنا
آگیا اپنے اگر مرنے پہ رونا ہمکو		اور یہی صورت بعضے کلمون کو فصاحت

سے نہین گراتی جیسے کھووے گا کھونے سے + اور روئیگا + رونے سے + اور سمجھنا اس امر کا
وجدان صحیح اور ذوق سلیم پر موقوف ہے اسکے واسطے کوئی قاعدہ نہین اور معلوم کیا
چاہیے کہ بعض کلمون مین سے جنکے اخیر مین یاے تحتانی مجہولہ اصلی ہو دو یا تحتانی
ساکن جو علامت واحد غائب کی ہے حذف کر دیتے ہین جیسے دیگا اور لیگا اسواسطے

کہ اجتماع دو یای کا ثقیل ہے اور یای اول اصلی ہی اور دوسری زائد ہیں باوجود زاید کے اصلی کا گرانا مناسب نہین اور بعد فعل کے لفظ گا کا علامت دوسری بھی موجود ہی اور دلیل اس حذف پر وجود نون غنہ کا ہی جمع مین جو یاے تحتانی کے ساتھ ہوتا ہی جیسے دینگے اور لینگے اور اگر اس قاعدہ پر نظر کرین کہ علامت نہین محذوف ہوتی تو یہ کہین گے کہ حرف اصلی کو گرایا ہے مگر اول بہتر ہی کسواسطے کہ دوسری علامت کی ہونے مین اس امر کا کچھ اندیشہ نہین اور اگر بعد اون کلمون کے یای تحتانی معروفہ ہو اوس اصلی یے کو کسرہ کی حرکت دیتی ہین جیسے پئے گا اور جئے گا اور سئے گا اور صیغہ حال کا اسطرح کہ انھیں الفاظ مذکورہ کے بعد خواہ صیغہ مفرد ہو خواہ صیغہ جمع مفرد کے بعد ہے اور جمع کے بعد ہین لگا دین مگر جمع مذکر یا مونث مخاطب ہین بجاے ہین کے لفظ ہو اور متکلم واحد مین ہون زیادہ کیا جایگا تصریف اون صیغون کے جنکی اخیر مین الف ہی آے ہے آئی ہی آوی ہی مفرد مذکر یا مونث غائب + + + آین ہین آئین ہین اوین ہین جمع مذکر یا مونث غائب آئی ہے تو آئی ہی تو آوے ہی تو مونث یا مذکر مفرد مخاطب + آؤ ہو تم + جمع مذکر مخاطب یا مونث مخاطب + آوہون مین + اؤن ہون مین متکلم واحد مذکر یا مونث + آین ہین ہم آئین ہین ہم آوین ہین ہم متکلم مع الغیر مذکر یا مونث معلوم کیا چاہیے کہ اگرچہ عوام شاہجہان آباد کی ان الفاظ کو اکثر محاورے مین بھی استعمال کرتی ہین لیکن فصحا ہیانکے کم بولتی ہین اور اگر اونکے کلام مین پایا جاتا ہے تو برسبیل شاذ جیسی اس شعر مین شیخ ابراہیم ذوق سلمہ اللہ تعالی کے

بیت واہ ری شور محبت خوب ہی چھڑکا نمک + استخوان میری ہمان کس کس مزے سی کہاگئے

اور صیغہ حال کا جو کثیر الاستعمال اور مختار فصحا کا ہے اسطرح ہے کہ بعد اسقاط علامت

مصدر کی جو کچھہ باقی رہی اوسکے اخیر مین تاء مثناۃ فوقانی زیادہ کردین ہے اور حروف
کے مثلاً واحد غائب یا مخاطب مذکر کے واسطے الف اور واحد مونث کے واسطے غائب ہویا
مخاطب یا یائے مثناۃ تحتانی معروفہ اور جمع مذکر غائب یا متکلم مع الغیر کیواسطے جو مذکر
ہو یائے مجہولہ بے نون یا مع نون غنہ کے مگر متکلم ضمیر منفصل سے ممتاز ہو جائیگا اور جمع
مونث غائب یا متکلم مع الغیر کے واسطے یائے معروفہ مع نون غنہ کے اور امتیاز
ان دونون کے بھی بواسطہ ضمیر منفصل کے حاصل ہوتی ہے اور واحد مذکر یا مونث مخاطب
کے واسطے وہی صیغہ غائب کا ہو اور امتیاز کے واسطے ضمیر مخاطب اوسکے اخیر مین کی
ہین اور جمع مذکر مخاطب کے واسطے یائے مجہولہ بعد تے کے اور بعد تحتانی کے لفظ ہو
بجائے ہین کے اور جمع مونث کے واسطے یائے معروفہ مع کلمہ ہو کے اور واحد متکلم
کے واسطے الف مع لفظ ہون کے اور واحد متکلم مونث کے واسطے بجائے الف کے
یائے معروفہ اور اوسکے اخیر مین ہون تصریف آتا ہے مذکر غائب یا مخاطب آتی ہے مونث
مخاطب یا غائب آتی ہین بے نون غنہ یا آتین ہین مع نون غنہ کے جمع مذکر غائب
آتین ہین جمع مونث غائب کے لیئے ہو تم جمع مذکر مخاطب آتی ہو تم جمع مونث مخاطب
آتا ہون مین متکلم واحد مذکر آتی ہون مین متکلم واحد مونث آتی ہین ہم یا آتین ہین ہم
متکلم مع الغیر پہلا مذکر اور دوسرا مونث کا ان الفاظ مین جمع مذکر غائب اور متکلم مذکر
مع الغیر اور جمع مونث غائب اور متکلم مونث مع الغیر کے امتیاز کے واسطے اخیر مین ضمائر
منفصلہ یعنی وہ اور ہم کا لانا واجب ہے جیسے آتی ہین وہ اور آتے ہین ہم آتین ہین وہ
آتین ہین ہم اور باقی صیغون مین چاہین لائین چاہین نہ لائین اور ضمائر مین یہ بھی
اختیار ہے چاہین صیغہ کے اول لادین چاہین اخیر مین جیسے آتی ہین وہ یا وہ آتی ہو

علی ہذا القیاس تصریف ان صیغون کی جنکے اخیر مین واو ہے پہلی صورت روئی ہے روئی ہے
رووی ہے وہ شخص یا تو مذکر یا مونث روین ہین بے ہمزہ یا واو روویں ہین مع الواو
جمع غائب او متکلم مع الغیر مذکر یا مونث روو ہو تم مذکر یا مونث روون ہون بے ہمزہ یا رووں ہون
مع الہمزہ مفرد متکلم مذکر یا مونث صورت دوسری روتا ہے وہ یا تو مذکر یا مونث غائب یا
مخاطب روتی ہے تو مونث مخاطب۔ روتے ہین وہ سب مرد یا ہم سب مرد بیای مجہول جمع
مذکر غائب یا متکلم مع الغیر مذکر روتی ہین وہ سب عورتین یا ہم سب عورتین بیای معروف مع
نون غنہ جمع مونث غائب یا متکلم مع الغیر روتا ہوں مفرد متکلم مذکر روتی ہوں بیای معروفہ
سے مفرد متکلم مونث تصریف اون صیغون کی جنکو اخیر مین یای تحتانی ہے صورت پہلی دے ہے دیوے
وہ ایک یا تو مذکر یا مونث دین ہین دیوین ہین وہ کئی یا ہم جمع مذکر یا مونث غائب یا متکلم مع الغیر
دو ہو تم جمع مذکر یا مونث مخاطب دون ہون مین مفرد متکلم مذکر یا مونث صورت دوسری دیتا ہے
تو ایک مرد دیتی ہے تو ایک عورت دیتے ہین وہ کئی مرد یا ہم کئی مرد یائے مجہولہ سے
دیتین ہین وہ کئی عورتین یا ہم کئی عورتین یائے معروفہ سے دیتے ہو تم کئی مرد یائے
مجہولہ سے دیتی ہو تم کئی عورتین یائے معروفہ سے دیتا ہوں مین ایک مرد دیتی ہوں مین
ایک عورت یای معروفہ تصریف اون صیغونکی جنکے اخیر مین حرف صحیح ہو صورت پہلی بیٹھے ہے
دو یا تو ایک مرد یا عورت بیٹھین ہین وہ کئی مرد یا عورت یا ہم کئی مرد یا عورت سب
صیغہ یائے مجہولہ سے بیٹھو ہو تم کئی مرد یا عورتین بیٹھون ہون مین ایک مرد یا عورت صورت
دوسری بیٹھتا ہے وہ ایک مرد یا تو ایک مرد بیٹھتی ہے وہ ایک عورت یا تو ایک عورت
بیٹھتین ہین وہ کئی مرد یا ہم کئی مرد یائے مجہولہ سے بیٹھتین ہین وہ یا ہم یائے معروفہ سے
بیٹھتے ہو تم یائے مجہولہ سے بیٹھتی ہو تم یای معروفہ سے بیٹھتا ہوں مین بیٹھتی ہوں مین یای معروفہ

ہے تیسری نوع امر کی بحث مین ہرچند مصدر سے بلا واسطہ اشتقاق صیغہ امر کا ممکن
ہے لیکن چونکہ فارسی اور عربی مین اشتقاق اسکا بواسطہ مضارع کے ہوتا ہے اور اردو کو
اکثر امور مین تتبع فارسی اور عربی کے ہین لہذا مناسب معلوم ہوا کہ صیغہ امر کا اردو زبان
کے مصدر سے بھی بواسطہ مضارع کے حاصل کیا جاوے جاننا چاہیے کہ صیغہ استقبال سے
جمیع زوایدکے دور کرنے سے صیغہ امر حاضر واحد کا باقی رہتا ہے اور لواحق سے فقط علامت
استقبال یعنی گا شا کرانی ہے جو باقی رہا ہے صیغہ جمع امر حاضر اور واحد اور جمع امر غائب
کا حاصل ہوتا ہے مثال آ تو کھو تو دے تو بیٹھ تو واحد امر حاضر مذکر یا مونث آئی اور
کھولی اور دیئی اور بیٹھئے سے بواسطہ آئیگا یا آئیگا یا آویگا اور کھوے گا یا کھودے گا
اور دیگا اور بیٹھیگا جو صیغہ مضارع کے ہین آو تم بلا ہمزہ آؤ تم مع الہمزہ کھو تم
مع واو علامت کے بعد واو اصلی کے دو تم بیٹھو تم جمع امر حاضر کے مذکر یا مونث اور
دو کی اصل دیو ہے یعنی واو ہے بعد یاے تحتانی اصلی مکسورہ کی پس تحتانی کو بسبب کراہت
کے ساقط کر دیا اور دال کو واو کی موافقت سے ضمہ دیدیا اور صیغہ امر غائب کا فقط تا
استقبال کے گرانے سے مثلاً آدے کھودے یا کھووے دیوے بیٹھے صیغہ واحد امر غائب کا
مذکر یا مونث آویگا وغیرہ کی واسطے سے آوین کھودین دیوین بیٹھین اور جمع امر غائب کے
مذکر آوینگے وغیرہ کیواسطے ہے جنکی علامت استقبال کی یاے مجہول کے ساتھ ہے اور مونث
آوینگی وغیرہ کے واسطے ہے جنکی علامت مین یاے معروفہ ہے چوتھی نوع نہی کی بحث
مین امر حاضر ہو یا غائب اسکے اول مین لفظ مت یا نون کے لگانے سے نہی حاصل ہوتی ہے لیکن اتنا
ہے کہ نون مشترک ہے حاضر اور غائب دونون مین اور مت مختص ہے نہی حاضر کے ساتھ مثلاً مت آ
نہ آ مت کھو نہ کھو وغیرہ یہ نہی واحد حاضر مت آؤ نہ آؤ مت کھو نہ کھو واو علامت کے ساتھ بعد واو اصلی

جمع نہی حاضر کی نہ آو ت نہ کہو نہی واحد غائب کی مذکر یا مونث نہ آوین نہ کہو ین
جمع نہی غائب کے مذکر یا مونث اور اسی پر قیاس کرنا چاہیے باقی صیغون کے مثال کو
پانچوین نوع اسم فاعل کی بحث مین یعنی نام اوسکا جس سے فعل صادر ہوتا ہی مثلاً جسسے
آنیکا فعل صادر ہوا اسکو آنیوالا کہتے ہین اور جس سے کھانیکا فعل صادر ہوا اوسکو کھانیوالا
اور علی ہذا القیاس اسکا اشتقاق مصدر سے اسطرح پر ہی کہ علامت مصدر کی الف کو یای مجہولہ سے بدلکر
اسکے اخیر مین لفظ والا کا واحد کیواسطے اور والی یای معروفہ سی مونث کیواسطے اور والے یای مجہولہ سے
جمع مذکر اور والین یای معروفہ مع نون سی جمع مونث کے واسطے لگا دیتے ہین مثلاً آنیوالا
واحد مذکر آنے والی واحد مونث آنے والے جمع مذکر آنے والین جمع مونث اور والیان
لفظ یان کے ساتھ بیشتر مستعمل ہے اور کبھی فعل لازم کی اخیر مین لفظ ہوا مع علامتون
مذکر اور مونث کی بدستور مذکور کے لاکر اسم فاعل بناتے ہین جیسے آیا ہوا مذکر واحد
آئی ہوئی مونث واحد آئے ہوئے جمع مذکر آئین ہوئین جمع مونث چھٹی نوع اسم مفعول
کی بحث مین اسم مفعول اوسکو کہتے ہین کہ دلالت کرے اوس شخص پر جسپر فعل واقع ہوا
اور جاننا چاہیے کہ اسم مفعول مشتق ہوتا ہی مصدر متعدی سی کیونکہ فعل متعدی مفعول تک
پہونچتا ہی نہ فعل لازم اور اسکا اشتقاق اسطرح پر ہی کہ بعد گرانے علامت مصدر کے جو کچھ
باقی ہے اوسکے بعد لفظ گیا مذکر واحد کی گئی دونون یای معروفہ کے ساتھ مونث واحد
اور گئے دونون یاے مجہولہ کے ساتھ جمع مذکر اور گئین دونون یای معروفہ کے ساتھ
مع نون غنہ کی جمع مونث کے واسطے لے آوین جیسے بٹھایا گیا واحد مذکر بٹھائی گئی واحد مونث
بٹھائے گئے جمع مذکر بٹھائین گئین جمع مونث اور اصل ان الفاظ کی یہ ہے کہ واحد مذکر
کے واسطے الف اور واحد مونث کے واسطے یاے تحتانی معروفہ اور جمع مذکر کے واسطے

یاے مجہولہ فقط اور جمع مونث کے واسطے یاے معروفہ مع النون بعد فعل متعدی کے لاتے ہین اور
چونکہ اخیر مین فعل متعدی کے غالباً الف ہوتا ہے لہذا بابین الف اور علامت کے ایک
تحتانی اور لے آتے ہین تاکہ اجتماع ساکنین لازم نہ آوے اور اسکے بعد لفظ گیا کو کاف
فارسی سے بعینہ انھین علامتون کے ساتھ جو فعل متعدی مین لاحق کی گئی تھین لے آتے ہین
اور کبھی بجاے گیا کے ہوا لایا کرتے انھین علامتونکو ساتھ جیسے بچھایا ہوا مذکر واحد بچھائی ہوئی مونث واحد
بچھائی ہوئی جمع مذکر بچھائین ہوئین جمع مونث اور یہ بجز صیغہ حالیہ کے اور کہین کم مستعمل ہوتا ہے
اسم فاعل کی بحث مین بھی ہوا حالیہ مین مستعمل ہے ساتوین نوع اسم آلہ کی بحث مین یعنی نام ہر
چیز کا جو فعل کا واسطہ ہو زبان اردو مین یہ اسما اکثر جامد ہوتے ہین جیسے موسل انسوا انگی شا
علی ہذا القیاس اور بعضے جا مصدر کے لفظ سے بھی کسیطرح کی تغیر وغیرہ سے حاصل ہوتا ہے اور اوس تغیر کیواسطے کوئی
قاعدہ مقرر نہین ہے مگر اغلب یہ ہے کہ یاے تحتانی مونث کیواسطے اور الف مذکر کیواسطے مصدر کے اخیر مین
لگاتے ہین جیسے بیلنا وہ چیز جس سے کوئی شے بیلین اور کترنی قینچی جو واسطہ ہے کترنے کا اور کریدنی وہ چیز
جس سے کچھ کریدین اور کرنی جس سے معمار گارا پھیلاتے ہین مشتق کرنے سے اور کبھی نہین بدون
الف کے بھی آتا ہے اور اسی قبیل سے معلوم ہوتا ہے چھپانا یا چھاننے ظاہرا اسکی اصل چھاننا اور
چھاننی ہے دونون سے کیونکہ وہ واسطہ ہے چھاننے کا اور پہلا نون روزمرہ مین الم سے بدل گیا
واللہ اعلم بالصواب اور اشتقاق آلہ کا قیاسی نہین ہے بلکہ سماعی ہے اور با این ہمہ اسکی
صیغہ بہت قلیل ہین شاید باوجود تلاش کے بجز الفاظ متعدد کے زیادہ نہ نکلین ÷
آٹھوین نوع اسم تفضیل ہین یعنی وہ اسم جو دلالت کرے اس بات پر کہ اوسکے مدلول
کو اپنے غیر پر زیادتی ہے اور اوسکے واسطے کوئی لفظ خاص موضوع نہین مگر جس جاے مین
معنی زیادتی کے مقصود ہوتے ہین لفظ سے یا مین اوسکا قرینہ ہوتا ہے مثلاً وہ اس سے

اچھا ہے یا اچھی ہے یا بھلا ہے یا بھلی ہے یا دہ اونمین اچھا ہے علی ہذا القیاس اور جن الفاظ کو فارسی مین تفضیل کے وقت تر کی لفظ سے استعمال کرتے ہین اردو مین اسی معنی مین بدون ترکے استعمال کرتے ہین مثلاً زید عمر سے نیک یا قابل ہے یعنی نیک تر یا قابل تر مگر ایسی جگہہ کہ وہان لفظ ترکا بسبب کثرت استعمال کے کا لجزو ہو گیا ہو جیسے وہ اوس سے بہتر ہے اور اکثر اسم تفضیل عربی کی بعینہ اردو مین مستعمل ہین جیسے وہ افضل ہے یا احسن ہے نوین نوع صفت مشبہ مین اور صفت مشبہ وہ اسم ہے کہ دلالت کرے اوسپر کہ فعل اوسکے ساتھ قایم ہے بمعنی ثبوت کے اور یہ اسم زبان فارسی اور اردو مین مصدر سے حاصل نہین ہوتا بلکہ اسمای جامد ہی اس معنی پر دلالت کرتی ہین جیسے فارسی مین ست اور نیک اور بد اور خوب اور زشت علی ہذا القیاس اور ہندی مین بھلا اور برا اور اچھا اور علی ہذا القیاس یعنی برا وہ ہی کہ جسمین برائی ہو اور بھلا وہ جسمین بھلائی ہو بطریق دوام کے نہ یہ کہ اوسمین برائی یا بھلائی بالفعل حادث ہو گئی ہو خلاف اسم فاعل کے جیسے کھانے والا مثلاً اوسے کہینگے جبسے فعل کھانیکا حادث ہوا ہو یا بطریق نقل کے بعضے الفاظ زبان عرب کی مستعمل ہین جیسی حسین اور زہین اور فہیم وغیرہ دسوین نوع ظرف کے بیان مین ظرف اردو زبان مین اکثر لفظ دان کے لگانے سے حاصل ہوتا ہے اور یہ لفظ اغلب الفاظ فارسی و عربی سے لاحق ہوتا ہی مثل قلمدان اور شمعدان اور عطردان اور بعضے جا الفاظ ہندی مین بھی لگا لیتے ہین جیسے اگالدان جسمین پان کا اگال ڈالین اور پیکدان مترادف اوسکا اور گھونسدان جسمین گھونس یا موش کلان گرفتار کرین اور چوہےدان مترادف اوسکا اور چونہ دانی بازیادتی یاے تحتانی جسمین چونہ رکھتے ہین اور چونکہ برگ پان مخصوص ہند کے ساتھ ہے یا ہدان بھی اسی قبیل سے ہے دوسری جنس مصدر کی اقسام کے بیان مین

ہنا یہین مصدر دو قسم ہی ایک وضعی یعنی واضع نے اوسکو وضع کیا ہو اور اوسکو مصدر اصلی بھی کہہ سکتے ہین جیسے آنا جانا کھانا پینا اور علی ہذا القیاس اور دوسری غیر وضعی یعنی واضع نے اوسکو معنی مصدری کیواسطے وضع نہین کیا بلکہ وہ لفظ یا غیر زبان مین موضوع ہو خواہ معنی مصدری کے واسطے خواہ غیر معنی مصدری کے اپنی زبان کے موافق حرف نا آخر مین لگا کر اوس سے مصدر بنا لیں لازم مین فقط نا اور متعدی مین کبھی الف اور کبھی واو مع الالف اول نا کے زیادہ کرتے مین جیسے عربی مین قبول خود مصدر ہی اور ہندی مین اسکو قبولنا لازم اور قبولوانا متعدی بنایا اور بدل سے بدلنا یا بدلوانا اور بخش فارسی مین امر یا حاصل بالمصدر ہی اور ہندی مین بخشنا یا بخشوانا اور خرید سے خریدنا یا خریدوانا اور اسی قبیل سے یہ اسما مثلاً شرم اور گرم اور داغ جیسے شرمانا اور گرمانا اور داغنا اور داغوانا شرم سے مصدر لازم اور متعدی دونون طرح سے آتا ہی جیسے وہ شرما گیا یا اوسکو شرما دیا اور گرم سے مصدر لازم مستعمل نہین ہی اور یا اپنے زبان کی لفظ کو جو اصل مین مصدر نہو اوسکی آخر مین نا لگا کر مصدر کر لین مثلاً ٹکی سے ٹکیانا اور مٹھی سی مٹھیانا اور جھگڑے سے جھگڑنا اور اچھی کو اچھوانا ٹکیانا دو جاے مین مستعمل ہے اول کسی شخص کو ٹکی سے مارنا دوسری آٹی کو گوندھنے کیوقت ٹکی لگانی اور مٹھیانا بھی دو جاے مین مستعمل ہے اول پانو دبانا اور دوسرے کسی دراز اور مدور شی کو جو بمقدار مٹھی مین آنیکی ہو اوسکو مٹھی بھر کر پکڑنا اور حقیقت مین ماخذ دونون معنی کا ایک ہی یعنی پانو دبانے مین بھی اکثر پنڈلیا مٹھی مین پکڑتے ہین اور وہ بھی دراز اور مدور ہین اور جو شی دراز اور مدور نہو اوسکے ہاتھ مین لینی کو مٹھی مین پکڑنا بولتے ہین اور مٹھیانا نہین بولتے ایسے امور کی تحقیق زبان اردو مین بہت تتبع پر موقوف ہی اور اچھوانا بہت سی چیزون سے جو اچھی طرح آپس مین ملی ہوئی ہون نا اچھی

چیز کے جدا کرنے کو کہتے ہین اور یہ لفظ شاہجہان آباد کی نواح
ہین سے بھی قوم کمہار کی جو انٹین ڈھوتی ہین چنانچہ جو اچھی انٹین کہ
اچھوالی کہتے ہین اور اس قوم کے سوا جو کوئی اور بھی عوام ہین سے استعمال
چیز کی معنی مین استعمال کرتا ہے کہ اوسکو کسی کا ہاتھ نہ لگا ہو جسکو اچھوتا کہتے ہین
مین تین احتمال ہین ایک یہ کہ واقع مین اچھی کی لفظ سے مشتق ہو پس اون
مین جو اورونکی نسبت اچھی ہون حقیقت ہوا اور اچھوتے کے معنی مین مجاز کسواسطے کہ عوام
مستعمل چیز کو اپنے گمان مین برا سمجھتے ہین آور دوسرا یہ کہ اچھوتے سے مشتق ہو پس اس
معنی مین حقیقت ہوا اور اول معنی مین مجاز کسواسطے کہ اکثر اوس چیز کو جو سب سے اچھی
ہوتی ہے کسی اور وقت کے واسطے علیحدہ اوٹھا رکھتے ہین اور ہر کس و ناکس اوسکو ہاتھ نہین
لگاتا اور تیسرا یہ کہ اول معنی کے واسطے اچھے سے اور دوسرے معنی کے واسطے اچھوتے سے
مشتق ہو پس اصل مین دو لغت ہوے اور دونون معنی مین حقیقت اور اسمین مجاز کو کچھ
دخل نہوا اور حقیقت اچھی اور اچھوتی کے لفظ کی یہ ہے کہ یہ دونون مرکب ہین اچھا اور چھوت
اور الف سے جو ہندی مین نفی کا فائدہ دیتا ہے اور جیم جیم فارسی مکسور مخلوط بہا سے بری چیز کو کہتے
ہین پس اچھی وہ چیز جو بری نہو اور جو بری نہو گی وہ خوب ہو گی اور اس تحقیق سے معلوم ہوا
کہ اچھی اصل مین بغیر تشدید کے ہے اور تشدید فقط ثمرہ استعمال کا ہے آور چھوت کسی چیز کی بات
لگ جانے کو کہتے ہین پس اچھوت ہاتھ نہ لگا یا وہ چیز جسکو ہاتھ نہ لگا ہو پس اچھوتا مین الف
اور اچھوتی مین یاے معروفہ اول صورت مین فائدہ نسبت کا دیتی ہین اور چونکہ اکثر اوس لفظ
کو جسکی اخیر مین الف ہو مذکر اور اوس لفظ کو جسکے اخیر مین ی ہو مونث استعمال کرتے ہین
اوسکو بھی اسی قیاس پر مذکر اور مونث استعمال کرتے ہین آور دوسری صورت مین فقط

علامت تذکیر اور تانیث کی ہین جیسے اچھی اور اچھا مین اور الف اور یای تحتانی نیز ہین
بھی نسبت کے واسطے مستعمل ہین چنانچہ وہ الف جسکو آلہ کے صیغو مین بعد مصدر کے لگاتے ہین
فی الحقیقت حرف نسبت کا ہی جیسے بیلنا اور گھوٹنا بیلین اور گھوٹتی کی چیز اوسکی امثلہ سابق
مذکور ہو گئین اور یاے تحتانی جیسے دھنی بمعنی مالدار کے اور کنچنی بمعنی مطرب خصوصًا عورتین
جو گا او ناچ کر معاش پیدا کرتی ہین اور دھن مال کو اور کنچن زر کو کہتے ہین چونکہ یہ طرف عقل
طایفہ خاص زر کی سمت طالب ہوتے ہین اسواسطے اس نام سے مسمی ہو گئی ہین ظاہرا اسی
قبیل سے ہے بھوسی باعتبار مشابہت بھس کے اس بیان سے معلوم ہوا کہ بھس اپنی اصل مین جاو
کے ساتھ ہی اور واو بسبب کثرت استعمال کے محذوف ہو گئی ہے اور بعضے مین الف نفی کی مثال ہی
اچھی یعنی وہ جسکو خوف نہو کسواسطے کہ چھ باے موحدہ مفتوحہ مخلوطہ الہا اور یای تحتانی
ساکن سے خوف کو کہتے ہین اور اجیت جسپر کسیکو جیت نہو سکے بہر کیف اچھوالی کے لفظ سے
استدلال جب ہوتا ہی کہ اچھی یا چھوت سے حاصل ہوا ہوا اور جائز ہے کہ اچھی یا چھوت
سے مشتق نہو بلکہ اچھوتا مشتق چھوانی کا ہو جو متعدی ہی چھوتی کا اپنے گمان مین یہ نہایت
تحقیق کا ہی واللہ اعلم بالصواب اور اسی قبیل سے ہو تین ہین وہ مصادر بھی جو دو یا تین
جزو سے مرکب ہون صنف پہلی یعنی وہ مصادر جو دو جزو سے مرکب ہون تین طرح پر ہے
طرح اول یہ کہ جزو اول صیغہ امر کی صورت ہو اور اسکی دو طرز ہین طرز اول یہ کہ پہلا جزو
دوسری جزو کا غیر ہو اور یہ بھی دو قسم پر ہے قسم پہلی یہ کہ پہلے جزو کا مفہوم مقصود بالذات
ہو عام ہے کہ معنی حقیقی مین مستعمل ہو یا غیر حقیقی مین اور دوسری جزو کا مفہوم مقصود بالذات
نہو بلکہ کسی فایدہ زایدہ کے واسطے آئے ہون اور غالبًا معنی مجازی رکھتا ہو اور ان ہی یا
کا ضبط کرنا احاطہ قدرت سے باہر ہے اسکا سمجھنا روزمرہ دان پر موقوف ہی اور ایسے مقام مین

اکثر جانا چلنا اور ڈالنا اور لینا اور دینا اور رہنا اور چکنا مستعمل ہوتے ہین جیسے
کھا جانا اور گھبرا جانا اور کہہ جانا اور بھول جانا اور چلنے کا لفظ جو مصدر ہی جزو ترکیب
پایا نہین گیا بجز فعل ماضی کے مثلاً گھبرا چلا اور رو پڑا لنا اور مار ڈالنا اور کاٹ ڈالنا
اور لوٹ لینا اور پھیر لینا اور پڑھ لینا اور بڑھ لینا اور جا لینا اور دیکھ لینا اور سن لینا اور
کہہ دینا اور بو دینا اور پھینک دینا اور سو رہنا اور جا چکنا اور دے چکنا بیٹھ چکنا اور
علی ہذا القیاس مثلاً زید بیٹھا بیٹھا سب کھانا کھا گیا اور بات کرنے مین گھبرا گیا اور باتون
باتون مین یہ بھی کہہ گیا اور مین یہ بات بھول گیا اور وہ اب گھبرا چلا اور بہک چلا اور
تھک چلا اور وہ چیز اوسی دے ڈالی اور اوسے مار ڈالا اور درخت کاٹ ڈالا اور
اوسے لوٹ لیا اور وہ خوب پھیر لیا یا قاصد کبھی کا پھیر گیا اور آگے بڑھ گیا اور سبق پڑھ لیا
اور جب وہ جا لیا تب تم آئے اور اُسی دیکھ لیا اور یہ بات سن لی اومین نے کہہ دیا اور درخت
بو دیا اور پتھر ہاتھ سے پھینک دیا اور وہ سو رہا اور وہ کبھو کا جا چکا اور کبھی کا بیٹھ چکا
اور وہ مجکو یہ کتاب پہلے سے دے چکا ہے حاصل یہ ہے کہ اِن مصادر مین جزو اوّل یعنی
کھا جانے مین کھانیکا اور گھبرا جانے مین گھبرانے کا مفہوم مثلاً مقصود بالذات ہی اور جانا
نہ مقصود بالذات ہی اور نہ اپنے معنی حقیقی مین مستعمل ہوا ہی کسواسطے کہ اگر کہا جاوے مثلاً کہ
زید بیٹھے بیٹھے اس کھانیکو کھا گیا تو قائل کا مقصود یہی کھانا ہے اور لفظ جانیکا مجازی نہ یہ کہ اوس
مکان سے چلا گیا کیونکہ بمعنی بالکل فارغ ہونے کی ہے اور علاقہ معنی حقیقی اور مجازی مین یہ
کہ ایک کام کو کر کر چلے جانا دال ہی اوس سے فارغ ہونے پر اور قسم دوسری یہ کہ مفہوم دونون
جزو کا مقصود بالذات ہو جیسے جا رہنا اور جا بیٹھنا اور کہہ جانا اور اُٹھ بیٹھنا اور جا لینا اور
کھا جانا اور ہو سکنا مثلاً اگر کہا جاوے کہ زید اوس مکان مین جا رہا پس مراد اوس سے یہ ہی کہ

اوس مکان مین گیا اور وہان بود باش کی اور کہا جانے سے مراد یہ ہے کہ کہانا کہا کر چلا گیا نہ وہ کہ قسم اول مین مذکور ہوا اور الفاظ باقی ظاہر ہین۔ طرز دوسری یہ کہ لفظ دونون جزو کی متحد ہون جیسے دیدینا اور لے لینا اور اسی طرز مین ان دو لفظون کے سوا کہا نہ طرح دوسری یہ کہ پہلا جزو صیغہ ماضی کی صورت پر ہو مثلاً چلا جانا اور مارا جانا اور ناچا کرنا اور پہچا کرنا طرح تیسری یہ ہے کہ جزو اول صیغہ حالیہ ہو مثلاً بولتے جانا اور کہتی جانا اور کہتی رہنا اور سنتی رہنا اور جاگتی رہنا صنف دوسری ایسے مصادر کہ تین جزو سے مرکب ہون اور جا دو جزو اول صیغہ امر کی صورت پر اور یہی دونون مقصود بالذات ہوتی ہین اور جزو ثالث کسی فائدہ کے واسطے زیادہ کر دیا جاتا ہے مثلاً کہہ سن لینا بول تبلا لینا دے لی لینا دے دلا لینا سو اوٹھا لینا کسواسطے کہ جب کہین مین نے کہہ سن لیا مثلاً تو مرا د اوس سے یہ ہے کہ اپنی بات کہہ لی اور مخاطب کی بات سن لی اور لیا کا لفظ حصول فراغ کی فائدہ کے واسطے زیادہ کیا گیا ہے فائدہ ہندی مین بعضے افعال ایسے ہین کہ تصریف مین اپنی اصل پر رہتے ہین باعتبار حروف اور حرکات سوای تبدیل علامات کے مثلاً مارنے سے مارا ماری مارےگا مارےگی مار مارد اور بعضے ایسی ہین کہ تصریف مین متغیر اور متبدل ہو جاتے ہین بعضے باعتبار حرفون کے جیسے جانے سے گیا اور اسکا حال پہلے مفصل معلوم ہو گیا اور مرنے سے موا اور ہونے سے ہوا والا موافق قاعدہ کے ہونا چاہیے اور بعضے باعتبار حرکات کے جیسے دینے اور لینے سے کہ دونون کے حرف اول کا کسرہ مجہول ہے دیا اور لیا کسرہ معروف سے پڑھتے ہین —

والله اعلم بالصواب، تمام ہوا باب صرف کا

باب دوسرا علم نحو کے بیان مین

معلوم کیا چاہیے کہ اردو کی نحو ایک علم ہے جس سے معلوم ہوتا ہے احوال ترکیب کلمات کا

یعنی الفاظ مرکب مین ایک کو دوسرے سے کیا تعلق ہے آ اور چونکہ مرکب کی اجزا مفرد ہوتے
ہین تو لازم آیا کہ پہلے مفرد کا بیان کیا جائے جاننا چاہیے کہ علم نحو کی اصطلاح مین ایسی لفظ
کو کہتے ہین کہ اسکو معنی مفرد کے لیے وضع کیا ہو اب جاننا چاہیے کہ لفظ لغت مین پھینکنے کو
کہتے ہین اور نحو کی اصطلاح مین ایسی صورت کو کہتے ہین کہ جو حرف بواسطہ مخارج کے نکلے
خواہ ایک حرف ہو خواہ زیادہ بےمعنی ہو یا بامعنی اور وضع لغت مین رکھنے کو کہتے ہین
اور اصطلاح مین کسی چیز کا رکھنا کسی اور چیز کے مقابل مین اسطرح سے کہ اول سے دوسری
چیز سمجھ لیجاوے مثلاً اگر شیر کہا جاوے تو جانور درندہ مخصوص سمجھ مین آجاوے گا اور
اردو مین وضع کی جگہ بنانا بولتے ہین جیسے کہین کہ شیر کا لفظ جانور درندہ مخصوص کیواسطے
اور مشارکوس پر دلالت کرنے کے واسطے بنایا گیا پس جس چیز سے کوئی اور چیز سمجھی جاوے
اوس چیز کو دال کہین گے یعنی دلالت کرنے والا اور جو چیز سمجھ مین آوے اسکو مدلول یعنی بتایا
کیا گیا اور جو چیزین کہ باعتبار وضع کے معنی پر دلالت کرتی ہین وہ پانچ ہین الفاظ خط
اشارہ عقود نصب سواے الفاظ کے چار باقی کو دوال اربع کہتے ہین یعنی چار چیزین
دلالت کرنیوالی اور معنی اوس صورت ذہنی کو کہتے ہین جو کسی چیز سے قصد کیجاوے اور معنی مفرد وہ
ہے کہ اوسکے جزو پر جزو لفظکی دلالت قصد کیجاوے جب یہ امور معلوم ہوچکے تو اب جاننا چاہیے کہ
لفظ تین طرح کے ہوتے ہین اول وہ الفاظ جو بےمعنی ہین دوسرے وہ الفاظ جو معنی رکھتے ہین اور مفرد ہین
تیسرے وہ الفاظ جو معنی رکھتے ہین اور مرکب ہین جب کلمہ کی تعریف مین لفظ کہا گیا اسمین یہ تینون چیزین
داخل تھین وضع کی قید لگانے سے الفاظ بےمعنی نکل گیے اور مفرد کی قید سے مرکب نکل گئی باقی رہے وہ الفاظ
جو بامعنی اور مفرد ہین اسیکو کلمہ کہتے ہین اب جاننا چاہیے کہ کلمہ کی تین قسم ہین اسم اور
فعل اور حرف کسواسطے کہ کلمہ بنایا جاتا ہے معنی مفرد کے واسطے پس ضرور اوس معنی پر

دلالت کریگا اور وہ معنی دو حال سے خالی نہین یا کلمہ بذات خود اوسپر دلالت کرتا ہے یا
دلالت کرتا نہین اوسپر ایک اور کلمہ کا محتاج ہو تا کہ اوس سے ملکر معنی پر دلالت کرے اور
قسم اول بھی دو حال سے خالی نہین یا تین زمانون مین سے کوئی ایک زمانہ اوسکے ساتھ
سمجھا جاتا ہے یا نہین اگر زمانہ نہین ہے اسکو اسم کہتے ہین اور اگر ہے اوسکو فعل اور قسم دوسری
جو دوسرے لفظ سے ملکر معنی پر دلالت کرتی ہے اوسکو حرف کہتے ہین مثال اسم کی گھوڑا
ہاتھی دیوار قلم دوات وغیرہ جب یہ الفاظ بولے جاوین سننے والا انہین الفاظ
سے انکی معنی سمجھ لیگا اور کوئی زمانہ بھی ان سے مفہوم نہین ہوتا اور مثال فعل کی آیا آویگا
آتا ہے پہلے فعل سے زمانہ ماضی کا اور دوسرے سے استقبال کا اور تیسرے سے زمانہ حال کا سمجھا جاتا ہے
اور مثال حرف کی سے ابتدا کی واسطے اور تک انتہا کی ان لفظونکو جب علحدہ علحدہ بولین
مثلاً انتہا سے یا تک ان سے کچھ حاصل نہوگا مگر جب یون کہو تو مین گھر سے نکلکر بازار تک گیا
اب یہ معنی حاصل ہوگئی کہ قایل کے جانے کی ابتدا گھر اور انتہا بازار ہے معلوم کیا چاہیے کہ علامت
اسم کی زبان اردو مین یہ ہے کہ کوئی حرف حروف معانی یعنی اون حرفونمین سے جو معنی کا فائدہ بخشتی ہین
اوسکے اول یا آخر مین ہو مثلاً اوپر کوٹھی کے یا کوٹھی پیچ گھر کے یا گھر مین یا کسی فعل کا فاعل
ہو جیسے کہا زید نے یا مبتدا ہو جیسے گھر آباد ہے گھر مبتدا ہے اور آباد ہے خبر یا خبر ہو جیسے لفظ
آباد دیکھا اسی مثال مین یا کسی کے طرف اوسکی اضافت ہو خواہ مظہر کی طرف جیسے گھر زید کا خواہ
ضمیر کی طرف جیسے گھر اوسکا گھر تیرا گھر میرا یا اوسکی طرف کسیکی اضافت ہو جیسے مثال اول
پہلی مثال کا یا اوسکی تصغیر کرین یعنی کوئی کلمہ اوسمین ایسا لگا دین کہ اس سے معنی چھوٹے
کے حاصل ہو جاوین جیسے باغچہ اور خوانچہ یعنی چھوٹا باغ اور چھوٹا خوان اور لفظ چہ بھی
الفاظ فارسی کا اور لفظ سے نہین لگتا اور فارسی مین تصغیر کے واسطے اگرچہ کاف بھی آتا ہے

شل وختک وشپرک لیکن ایسے الفاظ اردو مین کم مستعمل ہین بلکہ نہین بخلاف چرکی ہوا کہ
اوسکی مثال کہی گئی اور عوام باغچہ کو باغیچہ یای تحتانی غین معجمہ کے بعد زیادہ کر کر کہتے ہین
یہ لفظ باعتبار اصل فارسی کے غلط ہی اور اہل ہندسی خواص بھی بدون تحتانی کی استعمال
کرتے ہین اور ہندی مین تصغیر کیواسطے کوئی قاعدہ قیاسی نہین کبھی الف جسکا ماقبل یای
تحتانی ہو زیادہ کرتے ہین مثلاً بٹیا پہلی بای موحدہ اور بعد اوسکی تای مثقلہ ہندی چھوٹی راہ
کو کہتے ہین جو بطور ایک لکیر کے جنگل مین معلوم ہوتی ہی اور یہ تصغیر ہی باٹ کی جو ہندی مین بمعنی
مطلق راہ کی ہی اور کھٹیا چھوٹی چارپائی اور چونکہ تصغیر تحقیر کی محل مین بھی مستعمل ہوتی ہی
جو چارپائی کہ پرانی اور ٹوٹی ہوئی ہو اکثر اسپر اطلاق کرتے ہین اور کبھی ولہ یعنی واو ساکن
اور بعد اوسکے لام اور ہای ہوز جیسے کھٹولہ تصغیر کھاٹ یعنی چارپائی کی اور اس لفظ مین
تحقیر کے معنی کو دخل نہین بلکہ مطلق چھوٹی چارپائی کو کہتے ہین اور کبھی الف زیادہ کرتی
ہین جیسے ٹٹوا تصغیر ٹٹو کی اور کبھی وندہ یعنی واو اور نون اور دال اور ہای ہوز مختفی جیسے
گھروندہ تصغیر گھر کی یا اوسکے اخیر مین حرف نسبت کا لگا دیا ہو جیسے دلکوئی اگھنوی اور یہ
بطور فارسی کے ہی اور کبھی الفاظ ہندیہ مین بھی جیسے کنچنی مرکب کنچن بمعنے زر اور یائی نسبت
سے چونکہ مطرب خصوصاً زنان مطربہ طالب زر بہت ہین اسواسطے انکو کنچنی کہتے ہین اور
اطلاق اس لفظ کا باعتبار اصل کے مرد اور عورت دونون پر درست ہی لیکن عرف
حال مین فقط عورت کو کہتے ہین اور وہ مرد کہ اوس سے قرابت یا علاقہ بہت قریب رکھتا ہو
اسکو کنچن بدون یا کے کہتے ہین اور ہندی الفاظ مین اکثر والہ کا لفظ اخیر مین بھی آتے
ہین جیسے دلی والہ اور لکھنؤ والہ اور علامت فعل کی یہ ہی کہ معنی ماضی کے رکھتا ہو
اور اوسکے اخیر مین فقط الف یا لفظ یا کا یلے تحتانی سے یا تا کا تای مثناة فوقانی سے

تھایا ہو کے لفظ کے ساتھ یا بدون اوسکے ہوتا ہو مثلاً کہا اور سنا اور کھایا اور بلایا اور لکھتا اور سنتا اور رکھتا اور بلاتا کہتا تھا اور سنتا تھا اور کہاہو اور سناہو اور علی ہذا القیاس یا معنی استقبال کے رکھتا ہو اور اوسکے بعد لفظ گا ہوتا ہو کاف فارسی سے اور وہ لفظ ماضی کے لفظ سے بعد کسی تصرف کے حاصل ہوتا ہو مثلاً آویگا اور جاویگا اور سنیگا اور بلاویگا اور علی ہذا القیاس یا معنے حال کے رکھتا ہو اور اوسکے بعد لفظ تا باے فوقانی سے یا ئی اور وہی مع لفظ ہی کے ہوتا ہو جیسے آتا ہے اور جاتا ہو اور رکھتا ہو اور سنتا ہو یا آئی ہو اور آوے ہو اور جاوے ہو اور جاوی ہو اور باقی اسی قیاس پر اور لانا علامات تذکیر اور تانیث کا ان الفاظ کے اخیر مین پہلے صرف کی باب مین مذکور ہو چکا اور جاننا چاہیے کہ تی اور دی اور تا تای فوقانی سے ممیز ہین ماضی اور حال کے صیغہ مین والا ہو دونون مین مشترک ہے کسواسطے کہ آئی ہو اور آوے ہو اور آتا ہے تاے فوقانی سے حال ہے اور سنایا ہو یا سنا ہو یا کہا ہو یا لکھوایا ہو ماضی ہو یا امر ہو مثلاً کہہ اور سن یا نہی ہو مثلاً مت کہہ اور مت سن اور علامت حرف کی یہ ہو کہ اسم اور فعل کی علامتون مین سے کچھ نرکھتا ہو جب علامتون کے بیان سے فراغت حاصل ہوئی اب بیان اسم اور فعل اور حروف کا جدا جدا تین باب مین کیا جاتا ہے

باب پہلا اسم کی بحث مین

اسمین کئی فصل ہین فصل پہلی اسم کئی قسم پر ہو قسم اول علم اور علم وہ اسم ہو کہ نام کسی شخص یا کسی شی معین کا ہو جیسے زید اور عمر کہ نام ہین دو آدمیون معین کے اور شاہجہان آباد اور آگرہ مثلاً کہ نام ہین دو شہر معین کے اور سوا انکے اور کسی شخص یا شی کا

دلالت نہین کرتی اور لقب اور خطاب اگرچہ مشتمل ایک وصف پر ہوتے ہین لیکن چونکہ
وہ بھی دلالت ایک شخص معین پر کرتے ہین علم ہی مین داخل ہین مثلاً خان بہادر و فتح جنگ
و صمصام الدولہ و شیر افگن اور اِن الفاظ پر لقب اور خطاب کا اطلاق تب کیا جاتا ہی
جب امرا یا سلاطین کی طرف سے اِن نامون کے ساتھ سرفراز ہون والا اگر والدین اطفال
کے وہ اسما جو اوصاف پر مشتمل ہین بدون لحاظ وصف کے اپنی لڑکون کا نام رکھ دین
وہ صرف علم ہین مثلاً امین الدین اور شیر خان اور رن مست خان وغیرہا قسم دوسری
ضمیر اور جاننا چاہیے کہ ضمیر کی دو قسم ہین متصل اور منفصل متصل وہ ہی کہ لفظ سے کبھی علیحدہ مستعمل
نہو سکے اور منفصل وہ ہی کہ تنہا بھی مستعمل ہو سکتی ہو اور یہ صرف کے باب مین مذکور کر دیا گیا
ہے کہ زبان ہندی کی افعال مین ضمیر متصل ہمیشہ مستتر ہوتی ہی اور کبھی بارز نہین ہوتی اور حرف
الف یا واو یا یاے تحتانی جو افعال کے اخیر مین لاحق ہوتی ہین مثلاً آیا اور گیا یا
آؤ اور جاؤ یا آئی اور گئی یہ فقط علامتین تذکیر اور تانیث کی ہین اب جاننا چاہیے
کہ ضمیر تین قسم ہے غائب اور مخاطب اور متکلم بیان ضمیر غائب کا وہ واحد اور جمع
کے واسطے یہ زبان شاہجہان آباد کی ہی اور شہر و نمین جنکی زبان پایۂ فصاحت سے گری ہوئی
ہی ضمیر جمع غائب مین وی واو مفتوحہ مع یای تحتانی ساکن کے استعمال کرتے ہین یعنی
یہان کے لوگ جمع مین بھی بولتے ہین وہ آئین گی اور باہر کی لوگ بولتے ہین وی آئین گی
اُس اور اِس فقط واحد کے واسطے اور اُن اور اون مشترک ہی واحد اور جمع مین مثلاً
واحد مین اِن نے کہا اور اون نے کہا اور جمع مین اِنکو اور اونکو اور شاید کہ اِن نے
کہا اور اُن نے کہا مین نون مبدل ہوا ہے اُسنے اور اوسنے کی سین مہملہ سے اور اُنکو اور اونکو
مین لفظ علیحدہ ہو واللہ اعلم بالصواب اور اونھون اور اِنھین فقط جمع کے واسطے

بیان ضمیر خطاب کا تو واحد کے واسطے اور باہر کے لوگون کی زبان مین تین مستعمل ہے
تم جمع کے واسطے تیرا یا تیری یا تحتانی معروفہ سے اور تیری یاے تحتانی مجہولہ سے جمع
کے واسطے تمہارا تمہاری یاے مجہولہ اور تمہاری یاے معروفہ تینون صورت سے جمع
کے واسطے تجھ اور تجھے یاے مجہولہ سے واحد کے واسطے تم جمع کیواسطے میرا میری میرے
بھی تینون صورت سے واحد کیواسطے ہمین ہمارا ہماری ہمارے بھی جمع کے واسطے اور
ضمیرون مین تانیث اور تذکیر یکسان ہے لیکن علامتین تانیث اور تذکیر کی جو فعل
مین لاحق ہوتی ہین اون سے یا کسی اور قرینہ سے فرق درمیان مذکر اور مونث کے
معلوم ہوجاتا ہے مثلاً مین کہتا ہون یا تو کہتا ہے اور مین کہتی ہون اور تو کہتی ہے اور
میرا گھوڑا اور میری پالکی مین اور تو مین تمیز تذکیر اور تانیث کی بسبب علامات افعال
کے حاصل ہوئی اور مجکو اور میرا اور میری کسی قرینہ سے معلوم ہوجاویگا کہ متکلم مذکر ہے
یا مونث اور الف اور یاے تحتانی جو میرا اور میری مین ہے علامت تذکیر اور تانیث
مضاف الیہ کی ہے نہ متکلم کی اور تفصیل اسکی اپنے موقع مین مذکور ہوگی جب یہ معلوم
ہوچکا اب سمجھنا چاہیے کہ ضمائر یا راجع ہوتی ہین فاعل کی طرف یا مفعول کے یا مضاف الیہ
واقع ہوتی ہین قسم اول کو ضمیر مرفوع کہتے ہین قسم دوسری کو منصوب اور قسم تیسری
کو مجرور ہم ان تینون قسمون کو تین جزو مین بیان کرتے ہین جزو اول ضمیر مرفوع
یعنی فاعل کی ضمیر کے بیان مین معلوم کیا چاہیے کہ ضمیرین فعل سے پہلے اور فعل کے بعد
دونون جاے واقع ہوسکتی ہین مثلاً وہ گیا یا گیا وہ پس فعل اگر لازم ہو تو ضمیر وان
غائب یا خطاب یا تکلم سے وہ تو مین واحد کے واسطے اور وہ تم ہم تثنیہ اور جمع
کے واسطے استعمال کیے جاتے ہین مثلاً وہ آیا تو آیا مین آیا مفرد مذکر کے لیے وہ آئی

تو آئی مین آئی تینون یاے معروفہ سے مفرد مونث کے لیے وہ آئے تم آئے ہم آئے
تینون یاے مجہولہ سے جمع اور تثنیہ مذکر کے لیے وہ آئین تم آئین ہم آئین تینون یاے
معروفہ سے نون غنہ کے ساتھ جمع اور تثنیہ مونث کے لیے اور اگر متعدی ہو تو اسمین
تفصیل ہے یعنی اگر ماضی قریب ہو یا بعید تو اوس اور اون اور تو اور مین مع لفظ
نے کے واحد کے واسطے اور انھون اور تم اور ہم مع لفظ نے کے جمع کے واسطے مثلاً اوسنے کہا
یا اون سنے کہا تو نے کہا مین نے کہا واحد مذکر یا مونث اونھون نے کہا تم نے کہا ہم نے
کہا جمع اور تثنیہ مذکر یا مونث اور ماضی بعید اسی قیاس پر اور اگر ماضی استمراری ہو یا
مضارع وغیرہ پس وہ اور تو اور مین واحد اور وہ تم ہم جمع کے واسطے بدون لفظ نے کے
مستعمل ہوتے ہین استمراری مین مثلاً وہ کہتا تھا تو کہتا تھا مین کہتا تھا واحد مذکر
وہ کہتی تھی تو کہتی تھی مین کہتی تھی واحد مونث وہ کہتے تھے تم کہتے تھے ہم کہتے تھے تثنیہ
اور جمع مذکر وہ کہتین تھین تم کہتین تھین ہم کہتین تھین تثنیہ اور جمع مونث اور مضارع
مین وہ کہے گا تو کہے گا مین کہونگا واحد مذکر وہ کہے گی تو کہے گی مین کہون گی واحد مونث
وہ کہین گے تم کہوگے ہم کہین گے یاے مجہولہ سے تثنیہ اور جمع مذکر وہ کہین گی تم کہو گی ہم کہین گی
یاے معروفہ سے جمع اور تثنیہ مونث اور ماضی قریب متعدی مین لفظ نے کا فصحاے عوام
شاہجہان آباد کے بھی واجب التلفظ جانتے ہین اور باہر کے لوگ اکثر محذوف کرتے ہین
مثلاً مین نے کہا کی جگہہ مین کہا بولتے ہین جزو دوسرا ضمیر منصوب یعنی مفعول کی ضمیر
کے بیان مین اور مفعول کی ضمیرین یہ ہین اسکو اوسکو تیئین اوسے واحد غائب مذکر
یا مونث انکو اونکو تیئین اونہین جمع مذکر یا مونث تجکو تیری تیئین تجھے واحد مخاطب
مذکر یا مونث تمکو تمہاری تیئین تمہین جمع مخاطب مذکر یا مونث ہمکو ہمارے تیئین ہمین

تھا اوسکی مارا اوسکے تئین مارا اوسی مارا اونکو مارا اونکے تئین مارا اونھین مارا
تیری تئین مارا تجھے مارا تمکو مارا تمہارے تئین مارا تمھین مارا ہمکو مارا ہمارے تئین مارا ہمین مارا

جز و تیسرا ضمیر مجرور یعنی اون ضمیرون کے بیان مین جو مضاف الیہ واقع ہوتے ہین اور وہ ضمیرین یہ ہین اوسکا واحد مذکر یا مونث غائب اور مضاف اسکا واحد مذکر ہوتا ہے اوسکے یای مجہولہ سے واحد مذکر یا مونث غائب اور مضاف اسکا واحد یا جمع مذکر اوسکی یای معروفہ سے واحد مذکر یا مونث اور مضاف اسکا واحد یا جمع مونث اونکا جمع مذکر یا مونث غائب اور مضاف اسکا واحد مذکر اونکے یای مجہولہ سے جمع مذکر یا مونث غائب اور مضاف اسکا واحد یا جمع مذکر اونکی یای معروفہ سے جمع مذکر یا مونث غائب اور مضاف اسکا واحد یا جمع مونث تیرا واحد مذکر یا مونث مخاطب اور مضاف اسکا واحد مذکر تیرے یای مجہولہ سے واحد مذکر یا مونث مخاطب اور مضاف اسکا واحد یا جمع مذکر تیری یای معروفہ سے واحد مذکر یا مونث مخاطب اور مضاف اسکا واحد یا جمع مونث تمہارا جمع مذکر یا مونث مخاطب اور مضاف اسکا واحد مذکر تمہارے یاے مجہولہ سے جمع مذکر یا مونث مخاطب اور مضاف اسکا واحد یا جمع مذکر تمہاری یاے معروفہ سے جمع مذکر یا مونث مخاطب اور مضاف اسکا واحد یا جمع مونث میرا واحد مذکر یا مونث متکلم اور مضاف اسکا واحد مذکر میرے یاے مجہولہ سے واحد مذکر یا مونث متکلم اور مضاف اسکا واحد یا جمع مذکر میری یای معروفہ سے واحد مذکر یا مونث متکلم اور مضاف اسکا واحد یا جمع مونث ہمارا متکلم مع الغیر مذکر یا مونث اور مضاف اسکا واحد مذکر ہمارے یای مجہولہ سے متکلم مع الغیر مذکر یا مونث اور مضاف اسکا واحد یا جمع مذکر ہماری یاے معروفہ سے متکلم مع الغیر مذکر یا مونث اور مضاف اسکا واحد یا جمع مونث
مثلاً اوسکا غلام آیا اوسکی ایک غلام نے مارا اوسکے ایک غلام کو مارا یا اوسکے غلاموں نے

یا غلامون کو مارا اونکی لونڈی نے یا لونڈی کو یا لونڈیون نے یا لونڈیون کو مارا انکا غلام
آیا اونکے ایک غلام نے یا ایک غلام کو یا غلامون نے یا غلامون کو مارا اونکی لونڈی نے
یا ایک لونڈی کو یا لونڈیون نے یا لونڈیون کو مارا تیرا غلام آیا تیرے غلام نے یا غلام کو
یا غلامون نے یا غلامونکو مارا تیری لونڈی آئی اور تیری لونڈیان آئین اور تیری لونڈی
نے یا لونڈی کو یا لونڈیون نے یا لونڈیون کو مارا اور اسی قیاس پر باقی مثالونکو سمجھ لینا چاہیے
قسم تیسری اسم اشارہ ہین اور یہ دو قسم ہے ایک وہ جسکا مشار الیہ قریب ہو دوسرا وہ جسکا
بعید ہو قریب کی اشارہ کے واسطے یہ اور بعید کے واسطے وہ اور ان دونون مین واحد اور
جمع یکسان ہین مگر بعضی فرق یہ کرتے ہین کہ واحد کے واسطے یہ اور وہ ہاے ہوز کے ساتھ ہے
اور جمع کے واسطے یے یای تحتانی سے اور وو وو وادی اور باہر کے لوگ اسکی جاے مین
وی واو مفتوحہ مع الیا سے بولتے ہین اور جب ضمیر غائب کے بعد اسم ظاہر واقع ہو تو اسجاے
اسم اشارہ کی استعمال کیجائیگی جیسے اوس مرد کا مکان یا اون مردون کا مکان دیکھا تھا قسم چوتھی
اسماء موصولہ مین جاننا چاہیے کہ اسماء موصولہ وہ اسم ہین کہ جب تک اونکے ساتھ کوئی ایسا جملہ
جسمین ایک ضمیر انھین اسمون کی طرف رجع ہو نہ لگا دین وہ اسم کسی جملہ کی جز و تام نہین
ہوسکتی یعنی نہ خود مبتدا ہوسکتے ہین نہ خبر نہ کسیکی فعل کی فاعل مگر بعد لگانے اوس جملہ کے جسمین ایک
ضمیر ہے جو راجع ہو اون اسمون کی طرف اور اس جملہ کو صلہ کہتے ہین اور اسماء موصولہ
یہ ہین جو جس تس جن جنھون انھون مثلاً جو آدمی آیا تھا وہ مجھسے ملا آیا تھا کے اندر ضمیر مستتر ہے
اور راجع ہے جو کی طرف اور جب تک آیا تھا اوسکے ساتھ نہ لگی جو مبتدا نہین ہوسکتا اور
اسیطرح سے جسکو مین دیکھا تھا وہ آیا تھا یا جسکو تمنے دیکھا تھا وہ آئی تھی یا جنھون کو کہوگے
وہ آوینگے یا ایسا شخص کہ اوس سے کسی امر مین مصلحت کیجئے نہین ملتا اور کبھی اسماء اشارہ کو

بھی اسمار موصولہ ہین استعمال کرتے ہین جیسے وہ شخص کہ کل وہی تمنے دیکھا تھا یہ آیا قسم پانچوین اسمار اصوات اور یہ وہ اسم ہین کہ جنکے ساتھ حیوانات کو آواز دین یا ساتھ حیوانات کی بولی کو نقل کرین اول جیسے دہت دہت اور بربا برہی دوسری کاین کاین کوے کی آواز کو اور چین چین اور چون چون دونون طرح سے گنجشک کی آواز اور غٹرغو کبوتر کی آواز اور ککڑون کون مرغ کی آواز اسکو عوام اذان دنیا مرغ کا کہتے ہین اور ہیچو گدہے کی آواز فائدہ ہندوستان مین بعضے حیوانات کی بولی کو کبھی عبارت کے ساتھ بھی تعبیر کرتے ہین مثلاً فاختہ کی بولی کو ان لفظون کے ساتھ کو کو تون تہی بیسون تہی حکایت کرنیکے وقت کوکون کی دو واو اور بیسون کی واو کو ما قبل کے ضمہ کو کھینچکر پڑہتے ہین اور لال کی بولی کو قرآن کی اس آیت کے ساتھ صم بکم عمی فہم لا یرجعون اور بلبل کی بولی کو اس آیت کے ساتھ کطی السجل للکتب اور تیتر کی بولی کو اس عبارت کے ساتھ سبحان تیری قدرت اور بعضے کی بولی کو اسامی حروف کے ساتھ تعبیر کرتے ہین جیسے گنجشک کی بولی کو جیم کے ساتھ اور کوے کی بولی کو کاف کے ساتھ قسم چھٹی اسماء ظروف ہین اور ظرف دو قسم ہے ظرف زمان اور ظرف مکان مثال ظرف زمان کی اب جب تب کب مثلاً اب جاتا ہون یعنی اسوقت اور جب جاؤنگا یا تب جاؤنگا یعنی اسوقت معہود ہین وہ کب آیا تھا یعنی کسوقت اور لفظ کب اکثر استفہام کی محل مین مستعمل اور کبھی خبر ہین بھی مثلاً کسی کی آنے کی خبر دینے کے وقت کہین کہ وہ کب کا آچکا اور بعضے وقت مین ہے کا لفظ بھی زیادہ کر دیتی ہین مثلاً وہ کبھی کا آگیا ہو اور لفظ کبھی کا معنی بعضے وقت کی آتا ہے مثلاً وہ کبھی یون کہتی ہین اور کبھی یون اور یہ لفظ یاے تحتانی کے ساتھ محاورہ فصحا مین مستعمل ہے اور جنکو فصاحت کا لحاظ کم ہے گو کہ اسی شہر کے رہنے والے ہون لفظ کبھو واو کے ساتھ بھی بولتے ہین اور پہلی زبانون مین یہ ہی فصیح تھا اسی واسطے میرا اور سودا نے

اشعار مین بہت ہی چنانچہ ناظرین پر ظاہر ہے جو ہین یعنی جسوقت اور وہین یعنی اوسوقت
جرأت کا شعر * جو ہین جان نکلی وہین آن نکلا * بھلا مرد مرتے تو ارمان نکلا * یعنی جوقت
جان نکلی اوسیوقت معشوق آن نکلا ان دونون لفظون سے معنی حصر کے بھی حاصل ہوتے ہین چنانچہ
مثال بالا سے واضح ہی مثال ظرف مکان کی ہان مطلق مکان و ہان یہان یہ دونون لفظ ہائی ملفوظ
کے ساتھ ہین اور کبھی ہائی مخلوط کے ساتھ بھی مستعمل ہوتی ہین جیسے اس شعر مین ناسخ کی شعر
سخت ہوا ہون ناتوان لگتی ہی زندگی گران * تن سو بلائی جان ہی یہان سر سو وبال دوش ہے
اور اس شعر مین حضرت خواجہ میر درد علیہ الرحمۃ کی ۔ بخت سیہ برنگ شب نت ہی گلیم پوش ہے
شمع بھی آئی یہان اگر تو وہ سدا خموش ہی * بہرکیف پہلا لفظ بعید کے واسطے اور دوسرا قریب
کے واسطے استعمال کیا جاتا ہی اور جہان اور تہان یہ لفظ اکثر جہان کے ساتھ مستعمل ہوتا ہی جیسے
کہین کہ جہان تہان یہ ہی حال ہی یعنے ہر جگہہ یہان اور یہین اور کہان اور کہین کہان کا لفظ
استفہام کے واسطے موضوع ہی کبھی استفہام استخباری مین استعمال کیا جاتا ہی مثلا جب زید
کسی جگہہ چلا گیا ہو اور پوچھین کہ زید کہان گیا یہان فقط یہی پوچھنا مقصود ہی کہ وہ کون سے
مکان پر گیا اور کبھی استفہام انکاری مین جیسے کسیکو زید کی جانیکا ظن ہو اور یہ شخص اوسکے دفع ظن
کے واسطے کہے کہ وہ کہان گیا ہی یعنی نہین گیا اور موجود ہی اور کہین کا لفظ بھی اکثر استفہام
مین مستعمل ہی کبھی استفہام استخباری مین جیسے زید کہین گیا جب فقط اوسکی جانیکا معلوم کرنا منظور
ہو اور کبھی استفہام انکاری مین مثلا کسیکو زید کے جانیکا ظن ہو اور یہ اوسکا ظن مٹانیکے واسطے
کہے زید کہین گیا ہی یعنی کہین نہین گیا اور موجود ہی اور کبھی استفہام اقراری مین جیسے کسیکو زید
کے کسی جگہ مین جانیکا انکار ہو اور یہ شخص کہے کہ وہ کہین نہین گیا تھا مراد یہ ہے کہ کہین گیا تھا اور کبھی
خبر مین بھی استعمال کیا جاتا ہی مثلا کہین کہ ہم آج کہین جاوینگے اور گنوار کہون بولتے ہین ادھر

یعنی اسطرف اور اودھر یعنی اوسطرف کدھر یعنی کونسی طرف جدھر یعنی جسطرف تدھر اور یہ
لفظ اکثر جدھر کے ساتھ مستعمل ہوتا ہے جیسے کہین کہ وہان لوگ جدھر تدھر کو شجیہ گئی یعنی جہان
جگہہ پائی وہان تجیہ گئو • فائدہ۔ بعد تامل کے یہ بات معلوم ہوئی کہ ظروف مکان تثنیہ مذکور ہوئے
ان سبکی اصل و منشا یہین ہان اور دھر ہان تنہا بھی اہل شاہجہان آباد کی زبان مین بہت مستعمل
ہے جیسے ہم تمہارے ہان گئے تھے یا وہ ہمارے ہان آئے تھے اور دھر اب مستعمل نہین ہے شاید پہلی زبان
مین مستعمل ہوگا اور اسمای اشارہ اور موصولہ اور بعض حروف استفہام سے مرکب ہو کر مختلف معنی
پیدا کی ہین وہ اسما اور حروف یہ بارہ کلمہ ہین یہ وہ جس تس کس اس اوس کی کون کونسی
جون جو اس امر کی تفصیل یہ ہے ہان کے لفظ سے جب یہ اور وہ لگا یا ہاے ہوز اونکی
آخر سے محذوف یہان اور وہان کا لفظ حاصل ہوگیا اسیواسطے یہان مکان قریب اور
وہان مکان بعید مین مستعمل ہوتا ہے اور یای تحتانی اور واو کا یہان اور وہان مین مفتوح
ہو جانا یا بسبب استعمال کے ہے یا یہ اور وہ خود اصل مین مفتوح ہونگے اور یہانکو استعمال مین
مکسور اور مضموم مستعمل ہوئی اور یہی بات قوی معلوم ہوتی ہے کسواسطے کہ اکثر دیہاتیونکی زبان پر
یہ اور وہ یای تحتانی مفتوحہ اور واو مفتوحہ کے ساتھ جاری ہے بلکہ یہ کہ لفظ کو بیشتر یاہ کہتے
ہین اور وہ کو وہ اور اونکی زبان مین غالباً جو لفظ کہ اصل لغت مین ہوتا ہے بدون تصرف
اور تغیر کے استعمال پاتا ہے اور شہری اکثر تصرف کرکر صورت اوسکی بدل دیتے ہین اور یہین اور
وہین کے اصل یہان ہے اور وہان ہی ہے اور لفظ ہی کا حصر کا فائدہ دیتا ہے بعد کسی تصرف کے
یہین اور وہین ہوگیا اسی واسطے یہ دونون لفظ مکان مین حصر کا فائدہ دیتے ہین جیسے یہین
آونگا یا وہین جاونگا مراد یہ ہوتی ہے کہ اس جاے اور اوس جاے کے سوا کہین اور آنے جانیکا
نہین اور جس یا تس یا کس سے بسبب کثرت استعمال کے سین محذوف ہو کر جہان تہان کہان

حاصل ہوا اور ازبسکہ تس کا لفظ بغیر جب کے کم مستعمل ہوتا ہی مثلاً جس تس کو دیا اور فقط تس کو دیا نہین بولتے تہان کا لفظ بہی بغیر جہان کے استعمال کم پاتا ہی اور کہان کی الف کو یائی تحتانی سے بدل کر کہین کر دیا مگر ان دونون مین جو فرق ہی بسبب کثرت استعمال کے ہی اور فرق یہ ہی کہ کہان بمعنی کس جگہ کی ہی اور کہین بمعنی کسی جگہ کی اور بہتر یہ ہی کہ یون کہین کہان کی اصل فقط کس ہان اور کہین کی اصل کس ہی ہان ہی یعنی لفظ ہی جو حصر کا فائدہ دیتا ہی کس اور ہان کے بیچ مین ہی اور لفظ کسی بہی اصل مین کس ہی ہی یعنی یہ جو بولتے ہین کسی جگہ تو اوسکی اصل کس ہی جگہ ہی پس ہای ہوز محذوف ہو کر کسی حاصل ہوا اور اسیطرح کہین ہین سین کس اور ہای ہوز ہان کی محذوف ہو کر کہین حاصل ہوا یہ حاصل ہان کا تہا اور دہر کی لفظ کے ساتہ جب اِس ہمزہ مکسورہ سے اور اوس ہمزہ مضموم سے اور کس اور جس اور تس لاحق کی تو سین محذوف ہو کر اِدہر ہمزہ مکسور اور اُودہر ہمزہ مضموم ہی اور کدہر اور جدہر اور تدہر حاصل ہوئی اور جب انہین اشباع کیا یعنی کسرہ اور ضمہ کو کہینچ کر پڑہا ایدہر اور اودہر کیدہر اور جیدہر اور تیدہر ہو گئی لیکن اسطرح اہل شاہجہان آباد نہین بولتے باہر کے لوگ استعمال کرتے ہین بعضے شعر مین بہی کیدہر اشباع کی ساتہہ دیکہا گیا ہی سو وہ شعر یا کسی قدیم شاعر کا ہی یا متاخرین مین سے کسینے بدون لحاظ فصاحت کی استعمال کر لیا ہی اوسکا ایک مصرع بالفعل یاد ہی سو لکہا جاتا ہی ؎ طیور وحش سب بولا کئے اب جائین ہم کیدہر + اور ازبسکہ جدہر اور تدہر کی ترکیب جس اور تس سے ہی اسواسطے تدہر بہی بغیر جدہر کے کم مستعمل ہوتا ہی مثل جس تس کی چنانچہ مذکور ہو چکا اور شاید لفظ کدہر کی یا کون یا کوئی سے اور جدہر جون یا جو سے ترکیب پاکر حاصل ہوئی ہون اور بعضون نے تدہر کی ترکیب تون سے اپنے رسالون مین لکہی ہے شاید یہ لفظ بہی مثل لفظ اسکے جون کی متابع ہو اور جون کلمہ استفہام کا ہی لیکن اتباع کی دلیل سے وہ ہی قول اقوی ہی جو پہلے مذکور ہوا واللہ اعلم

بالصواب قسم ساتوین اسمار کنایہ ہین کی کاف مفتوحہ اور یاے تحتانی ساکن سے کنایہ ہی
عدد سے اور یہ کبھی استفہامیہ ہوتا ہی اور کبھی خبریہ لیکن استفہامیہ کی فقط کاف مفتوح اور یاے
ساکن سے استعمال کیا جاتا ہی اور خبریہ کئی کاف اور یای تحتانی کے بیچ مین ہمزہ مکسورہ اور اصل
مین کی سی تھا یعنی بعد کے کے لفظ ہی کا جو فائدہ حصر کا دیتا ہی اور بعد تصرف اور تغیر کے کئی
ہمزہ کے ساتھ ہوگیا مثال استفہامیہ کی وہان کئی آدمی تھے مثال خبریہ کی ہنسے اوس جا مین دیکھا
کئی آدمی بیٹھے تھے کتنی اور کتنے استفہام مین جیسے وہان کتنے آدمی تھے اور خبریہ مین جیسے مین
ہنسے وہان دیکھا کتنے آدمی تھے اور کبھی بعد اوسکے لفظ ہی کا بھی لاتے ہین جیسے کتنی ہی آدمی تھے
یون یائے تحتانی مضموم اور واو ساکن اور نون غنہ کی ساتھ کنایہ ہی حدیث سی اوسکو کبھی ایک بار
اور کبھی مکرر استعمال کرتے ہین مثلاً زید یون کہہ گیا یا یون یون کہہ گیا فصل دوسری اسم
کبھی یون تقسیم کیا جاتا ہی کہ یا وہ نکرہ ہی یا معرفہ نکرہ وہ اسم ہی کہ شی غیر معین پر دلالت کرے
جیسے ہاتھی گھوڑا پھول کانٹا آدمی مرد وغیرہ اور معرفہ وہ اسم ہی کہ شی معین پر دلالت
کرے مثلاً زید کہ ایک مسمی معین پر دلالت کرتا ہی اور اسکی چھ قسمین ہین علم اور ضمیر اور اسمار
اور اسمار موصولہ جو پہلی تفصیل انکی مذکور ہو چکین اسمار اشارہ اور اسمار موصولہ کو مبہمات
بھی کہتے ہین اور قسم پانچوین وہ اسم ہی جسکو ان معرفون مذکورہ مین سے کیسی طرف مضاف
کرین مثلاً غلام زید کا یا غلام اوسکا یا غلام اوس مرد کا یا اون مردون کا آیا یا کام ایسی آدمی
کا کہ اوس سے عالم کو فائدہ پہونچتا ہو بند نہین رہتا پس غلام بسبب اضافت کی طرف علم اور
ضمیر اور اسم اشارہ کی اور کام بسبب اضافت کی طرف اسم موصول کے معرفہ ہوگیا اور
امثلہ اسکے بطریق لف و نشر مرتب کے واقع ہوے ہین قسم چھٹی وہ اسم جسپر ندا کا حرف داخل
ہوا ہو مثلاً اے شخص یہان آ شخص نکرہ تھا جب آئی اوسپر آیا تو ازبسکہ منادا ایک شخص

خاص ہوتا ہے وہ معرفہ ہوگیا اور اگر نابینا نہ اکرے اور کہے ای شخص میرا ہاتھ پکڑ لے نکرہ ہی ہوگا کسواسطے کہ نابینا بسبب نہ دیکھنے کے کسیکی تعین نہین کرتا **فصل** اسم یا مذکر ہوتا ہے یا مونث مذکر وہ اسم ہے جسمین علامت تانیث کی نہو اور مونث وہ جسمین علامت تانیث کی ہو اگرچہ علامت تانیث کا بیان ہو چکا مونث یا حقیقی ہے یا لفظی حقیقی وہ ہے جسکی مقابل مذکر حیوان ہو جیسے عورت اور اونٹنی اور گھوڑی کہ انکی مقابل مرد اور اونٹ اور گھوڑا ہے اور مونث لفظی وہ ہے جسکی مقابل مذکر حیوان نہو جیسے روٹی اور لکڑی اور آگ اور امثال انکی اور یہ سماعیات ہین اور یہ بھی معلوم رہے کہ زبان اردو مین اسامی مونث بنانیکے واسطے کوئی قاعدہ کلیہ نہین اسکا اسواسطے ضبط کرنا صعوبت سے خالی نہین پس اسکو چھوڑ کر مذکر اور مونث کی معرفت کا قاعدہ لکھدیتا ہون تاکہ متتبع کو اس امر کی واسطے مفید ہو کہ جب اوس قاعدہ کے موافق نظر کرے مذکر اور مونث مین تمیز کرلے جب یہ معلوم ہو چکا اب سنا چاہیے کہ اسامی دو قسم ہین معرفہ اور نکرہ معرفہ کی تذکیر اور تانیث اوسکی معنے پر موقوف ہے مثلاً الٰہی بخش آیا اور خدایار گیا اور زینب آئی اور خدیجہ گئی اور اسیطرح تو موتی آیا تھا اگر نام مرد کا ہو اور آئی تھی اگر نام عورت کا ہو نکرہ چار قسم ہے ایک وہ جسکی واسطے مونث نہین دوسری وہ جسکی مذکر نہین تیسری وہ جسکی واسطے مونث ہے لیکن اوسکے لفظ سے نہین چوتھا یہ کہ مونث اوسکے لفظ سے ہے قسم اول جیسے کپڑا اور کتہا اور سہرا اور موتی یعنی گوہر اور پانی یعنی جل اور گھی اور دہی اور دودہ اور مکہن اور بازار اور پتھر اور چھجا قسم دوسری مثلاً کھریا کاف تازی مخلوط الہاء سے یعنی سفید مٹی کہ جس سے اکثر گھر کو اوکا زمین کو بطور قلعی کے سفید کرتے ہین اور پگڑی یعنی دستار اور چولی اور مٹی اور دیوار اور اینٹ یہ دو قسمین بھی سماعی ہین انکی تذکیر اور تانیث مین قیاس کو دخل نہین مگر جس صورت مین کہ اوسکے اخیر مین نون مع الیاء یا لفظ آئی ہو اوسکی تانیث قیاسی ہے مثلاً سناونی اور کہانی

جیسے مرد اور عورت اور بیتا اور بیٹا یا خاوند اور جورو اور شوہر اور زن انکی تذکیر و تانیث
انکی مدلول پر موقوف ہے مثلاً مرد آیا تھا اور عورت گئی تھی اور علی ہذا القیاس قسم دوسری
وہ شق ہیں ایک شاذ اور دوسری مطرد شاذ یہ کہ ایک لفظ کے اخیر میں الف یا یای تحتانی
یا نون کچھ نہو اور ایک میں الف ہو یا ہای ہوز کا اور دومین اوسکو بشرط الف کے بیٹھے جیسے بیا
الف والا کلمہ مونث ہے اور دوسرا مذکر جیسے نایک مرد اور نائکا عورت کالو مرد اور خالہ عورت اور
اس شق میں سوا ان دونوں کلمون کے اور نہیں دیکھا گیا مطرد کی چار قسمیں ہیں اول یہ کہ ایک لفظ
کے اخیر میں الف یا ہای ہوز ہو اور دوسرے کے اخیر میں یای تحتانی فقط یا نون فقط یا نون [illegible]
پس یہ دوسرا مونث ہے اور اول مذکر جیسے بکرا اور بکری شاہزادہ اور شاہزادی اور بیا اور بیا
بیٹا اور بیٹی بندہ اور بندی اور بیرا اور بیری دولہا اور دولہن کوالیا اور کوالن اور [illegible]
اور کونجڑن اور بنیا اور بنینی ملا اور ملانے دوسری یہ کہ ایک کی اخیر میں یاے تحتانی ماقبل مکسور
ہو اور دوسرے کی نون فقط یا نون مع الیا یا تحتانی مع النون یا لفظ آن کا پس یہ دوسرا مونث
ہے اور اول مذکر مثلاً بھائی اور بہن اور نائی اور نائن اور دھوبی اور دھوبن اور ہاتھی اور ہتھنی
اور کھتری اور کھترانی اور چودھری اور چودھرائن تیسری یہ کہ ایک کے اخیر میں الف یا یای تحتانی
ماقبل مکسور نہو بلکہ حروف تہجی میں سے کوئی حرف سوا ان دونون کے ہو یا یای تحتانی ساکن لیکن
ماقبل اسکا مکسور نہو اور دوسرے میں یای تحتانی ماقبل مکسور یا نون فقط یا نون مع الیا
یا تحتانی مع النون یا لفظ آنے کا ہو پس دوسرا مونث ہے اور اول مذکر جیسے سنار اور سناری
کمہار اور کمہاری پہاڑ اور پہاڑی چمار اور چماری برہمن اور برہمنی پٹھان اور پٹھانی مرغ
اور مرغی اور بعضے مرغا اور مرغی کہتے ہیں پس یہ اوس قسم میں سے ہو گیا جسکے پہلے لفظ میں
الف ہوتا ہے اور دوسرے میں تحتانی اور سنار اور سنارن لہار اور لہارن چمار اور چمارن اور

اور اونٹنی اور پنڈت اور پنڈتاین لیکن یہ لفظ اہل شاہجہان آباد کی زبان میں مستعمل
نہیں بلکہ اسکی جگہہ پنڈتانی کہتے ہین اور مہتر اور مہترانی سید اور سیدانی شیخ اور شیخانی
پیر اور پیرانی ماموں اور ممانی اور رای اور رانی اور یہ لفظ راجا کا مونث نہین ہے چوتھی یہ کہ
ایک کا اول مین خواہ الف ہو خواہ یای تحتانی خواہ کوئی اور حرف لیکن دوسرے کی اخیر
لفظ یا ہو بشرطیکہ تصغیر کے واسطے لائی ہوں پس یہ دوسرا بلا شک مونث ہے اور تذکیر اور
تانیث اول کی موقوف سماعت پر ہے مثلاً گھڑا اور گھڑیا اور کھاٹ اور کھٹیا اور گڑہا اور
گڑہیا انبہ اور انبیا معلوم کیا چاہیے کہ مونث کے اخیر مین نون فقط یا نون مع الیا رایای
تحتانی مع النون یا آنی کے ہونے سے مراد یہ ہے کہ انکا نون زاید ہو علامت تانیث کیواسطے
ذ ھلی پس بہ تہمن اور برہمنی اور پٹھان اور پٹھانی کے لفظ مین علامت تانیث کی فقط یای
تحتانی ہوئی نہ نے اور آنی اور یہ جو بعضون نے لکھا ہے کہ رے اور خان کی مونث چاہیے تھا
کہ رانی اور خانن ہوتی لیکن خلاف قیاس رانی اور خانم کہتے ہین سمجھا چاہیے کہ رانی کا لفظ
محذوف الیا مستعمل ہے اور اصل مین بموجب قاعدہ کے رانی ہے یای تحتانی کی ساتھ نون تانیث کی قبل
اور خانم بطور فارسی کے ہے نہ بطور ہندی کی کسواسطے کہ فارسی مین کبھی میم بھی تانیث کیواسطے زیادہ
کر دیتے ہین جیسے بگم تانیث بیگ کی ہندی مین اسکو بلحاظ اسکے مفہوم کے مونث پڑھتے ہین
فصل چوتھی یہ جو کچھ مذکور ہوا بیان تھا تانیث اسما کا اب سنا چاہیے کہ حروف تہجی مین
الیس حرف مونث مستعمل ہین اور وہ یہ ہین ب پ ت ث چ ح خ د ذ ر ز ژ ط ظ
ع غ ف م و ہ ی اور باقی مذکر مثلاً جیم سین شین صاد ضاد قاف کاف لام نون
اور وہ حرف مرکب جسکو لام الف کے ساتھ تعبیر کرتے ہین وہ بھی مذکر مستعمل ہے اور
اکثر یہ ہے کہ جو الفاظ تفعیل کے وزن پر ہین انکا استعمال بطور مونث کی ہے مثلاً تقدیر

تدبیر تحصیل تکمیل تقریر تحریر توقیر تبرید تنبیہ تشبیہ تحریص تکلیف مگر ایک لفظ تعوید
کہ وہ مذکر ہے اور لفظ تاثیر کا زمانہ حال کے روزمرہ مین موافق قاعدہ ہی کے مستعمل ہے
الا اس شعر مین سودا کی مذکر بندھا ہے ۔ سالہا جنے صنم نالہ شبگیر کیا + آہ ایک ویسے
ولیکن نہ تاثیر کیا + شاید سابقین کی زبان مین مستعمل ہو اور اگر کہا جاوے کہ ضرورت
شعری سی ہے یہ بات نہایت مہمل ہے کسواسطے کہ یہ امر دال ہے کمال عجز پر اور عاجز کا کلام
قابل استناد کی نہین ہوتا اور اگر کہا جاوے کہ یہان لفظ کو متعدی ہے یعنی ایک روز نہ تاثیر
کو کیا تو اس صورت مین لفظ کیا کا لانا درست ہو جاوےگا جیسے روٹی کہ بسبب تانیث کی کھائی
کہتے ہین اور اگر لفظ کو زیادہ کردین اور کہین روٹی کو کھایا تو لفظ کھایا کہ علامت
تذکیر کی رکھتا ہے لانا درست ہوگا پس اسکا جواب یہ ہے کہ روٹی کھائی اور روٹی کو کھایا محاورہ
مین دونون مستعمل ہین اور تاثیر کو کیا محاورہ کی روسے درست نہین اسواسطے کہ خواص سے
عوام تک تاثیر کی بولتے ہین اور تاثیر کو کیا نہین بولتے اگرچہ قاعدہ کی روسے درست ہوجاوے
اور حاصل بالمصدر جنکی اخیر مین شین معجمہ ہو وہ سب مونث ہین مثلاً سوزش اور شورش
اور طپش اور کشش اور دانش اور بینش اور خواہش اور کوشش اور ورزش اور اسیطرح
جنکے اخیر مین تای ساکن ہو جیسے قدرت اور مروت اور خلقت اور نصرت اور کثرت اور حسرت
اور عسرت اور عشرت اور شاید اسی قیاس پر لفظ سنگت اور بھگت اور سکت وغیرہ مونث
مستعمل ہین مگر لفظ خلعت مثلاً یون کہینگے کہ زید نے خلعت پہنا اور کہینگے کہ پہنی

فصل

پانچوین اسم کی تقسیم مین باعتبار دلالت کی معنی اسمی اور صفتی پر معلوم کیا چاہیے کہ اسم
اگر دلالت کرے کسی شی پر بغیر سمجھنے معنی وصفیہ کے اوسکو اسم کہتے ہین جیسے زید عمر بکر رجل
ابل فرس فیل رخت گل باغ اور اگر ذات پر دلالت کرے بواسطہ معنی وصفیہ کی اسکو صفت

کہتے ہین مثلاً بھلا اور بُرا نیک اور بد اور عاقل اور جاہل اور دانش آموز اور کارزما
اور صاحب ہمت اور مالک الملک فصل جیسی واحد اور مثنی اور جمع کی بحث مین معلوم کیا ہی
کہ اردو مین تثنیہ اور جمع کے واسطے علامت خاص جدا مقرر نہین ہوئی ایک ہی علامت
دونون کے واسطے ہے لیکن اتنا ہی کہ جب مثنی مراد ہوتا ہے لفظ دو کا بھی اوپر سے آتے ہین مثلاً
دو آدمیون نے دیکھا پھر کہین جمع مذکر یا مونث کے واسطے بشرطیکہ فاعل فعل متعدی
یا مفعول واقع ہوا اور فاعل کی علامت یعنی نے اور مفعول کی یعنی کو اوسکے ساتھ مذکور
کرین واو اور نون ملاتے ہین جیسے آدمیون اور مردون اور عورتون نے کھایا یا آدمیون
اور مردون اور عورتون کو بلایا اور جب یہ علامتین مذکور نکرین مذکر کے واسطے
واو اور نون نہین لاتے بلکہ فعل جمع کا اوسکی جمع ہونے پر دلالت کرتا ہے جیسے مرد
اور آدمی کھاتے تھے اور مونث کیواسطے یا اور نون لاتے ہین جیسے عورتین کھاتین تھین
اور اگر فاعل فعل لازم کا ہو پس حال اوسکا مثل فاعل فعل متعدی اور مفعول کی بے علامت
ہونے کے وقت جیسے مذکور ہوا مثلاً مرد اور آدمی آئے اور عورتین آئین اور جسوقت
علامت فاعل یا مفعول کے ساتھ اسم عدد بھی مذکور کرین علامت جمع کا لانا واجب نہین
مثلاً چار مرد اور چار عورت نے کھایا یا چار مرد اور چار عورت کو کھلایا بھی درست ہی
اور واو اور نون جمع کے کبھی فائدہ حصر کا بھی دیتے ہین مثلاً دونون اور تینون اور
چارون کو کہا اور جمع فارسی یا عربی سے بھی وہ الفاظ جو بسبب کثرت استعمال کے زبان پر
بہت چڑھے ہین اردو مین استعمال کرتے ہین مثلاً ہزارہا اور سالہا سال اور مقدمات
اور معاملات اور فضلا اور شرفا اور امرا اور بعضے وقت جمع عربی مین علامت جمع ہندی
کی بھی لے آتے ہین جیسے احکامون اور مقدماتون اور اشرافون کو دیکھا کبھی جمع مین تثنیہ

دو لفظ کہ مفرد ہونے کی حالت میں کسی وجہ سے ممتاز ہوں ایکدوسرے سے مشتبہ ہو جاتے
ہیں مثلاً قبا و قبہ وغیرہ کی اور بندہ بمعنی غلام کے جب ان دونوں کی جمع بنانی ہو تو کہینگے
قباؤں اور بندوں کو دیکھا اور اپنے بندوں کو ذلیل نکرنا چاہیئے اور اسکی وجہ یہ ہے کہ
جمع بندوں کی اصل میں بندہوں تھی لیکن ہمزہ ماقبل واو کی جو بجائے ہ بندہ میں پیدا ہوئی
ہے زبان پر مکروہ معلوم ہوتی ہے اسواسطے اسکو محذوف کردیا ہے اور زبان قدیم میں
الف اور نون سے بھی جمع کرتے تھے مثلاً انکھیان لیکن یہ جمع زمانہ حال میں متروک ہے
اور جب یہ معلوم ہو چکا اب جاننا چاہیے کہ جن لفظوں میں علامت جمع کی نہو وہ مفرد
ہیں مثلاً لب اور بندہ اور مرد اور عورت اور آئینہ اور برس اور مہینہ وغیرہ

باب دوسرا

فعل کی بحث میں اسمیں کئی فصل ہیں

فصل پہلی - جاننا چاہیے کہ فعل کی دو قسم ہیں لازم اور متعدی متعدی اوسے کہتے ہیں
کہ اوسکا سمجھنا کسی متعلق پر موقوف ہو اور متعلق لام کے فتحہ سے وہ شے ہے کہ فاعل کا فعل
اوسپر واقع ہو یا بمنزلہ واقع ہونے کے ہو اور واقع ہونا فعل کا یا بمنزلہ واقع ہونے کے
ہونا مفعول پر ہوتا ہے مثلاً کہیں کہ اوسنے زید کو مارا یا زید کو نہ مارا اول میں فعل
مثبت اور دوسرے میں فعل منفی زید پر واقع ہوا ہے یہان سے معلوم ہوا کہ فاعل کو
متعلق فعل کا نہیں کہینگے اور اسیواسطے فاعل کے حق میں کہتے ہیں کہ فعل اوس سے
سرزد ہوا یا اوس سے قائم ہے یا اوسکی طرف مسند ہے اور یوں نکہینگے کہ اوس سے
متعلق ہے اور یہ امر بنا بر اصطلاح کے ہے نہ بنا بر لغت کے اور یہ کہنا ہمارا کہ بمنزلہ واقع
ہونے کے ہوا اسواسطے ہے کہ زید کو مارا یا زید کو نہ مارا یا میں نے ایک بات کہی تینون

چیزین تعریف مین داخل رہین پہلی مثال مین وقوع فعل کا زید پر ظاہر ہو اور دوسری مثال مین فعل مارنے کا خود واقع نہین ہوا اسواسطے کہ اوسکی نفی کی گئی ہو بلکہ قائم مقام واقع ہونے کے ہو اس سبب سے کہ اگر فعل ثبت ہوتا تو یون کہتے ہین کہ فعل اوسپر واقع ہوا اور جسوقت حرف نفی کا فعل پر لائے تو وہ فعل منفی ہوگیا اور باعتبار تاویل کے یون کہا گیا کہ فعل منفی اوسپر واقع ہوا اور تیسری مثال مین نکالنا بات کا ہو نہ نکالنے کا واقع کرنا بات پر لیکن اسکو بھی از روی تاویل کے وقوع سے تعبیر کرتے ہین جب یہ معلوم ہو چکا اب جاننا چاہیے کہ جسوقت فعل فاعل کا مفعول پر واقع ہوا تو وہ فعل اوس تک پہونچا اور اگر نہ واقع ہوا تو اوس تک نہ پہونچا اسیواسطے متعدی کی تعریف مین کہتے ہین کہ متعدی وہ فعل ہے کہ فاعل سے متجاوز ہوکر مفعول بہ تک پہونچے جب تعریف متعدی کی معلوم ہوچکی پس جو فعل کہ اس صفت کے ساتھ نہو یعنی اوسکا سمجھنا مفعول بہ پر موقوف نہو لازم ہو کسواسطے کہ جب اوسکا سمجھنا متعلق پر موقوف نہوا تو وہ فعل اپنے فاعل سے متجاوز نہوا اور حال متعدی کا علم صرف مین بتفصیل مذکور ہو چکا ہو فصل دوسری فعل دو قسم پر ہے معروف اور مجہول معروف اوسے کہتے ہین جسکا فاعل معلوم ہو جیسے کھایا زید نے اور لکھا عمر نے پس زید اور عمر ان دونون فعلون کے فاعل ہین اور مجہول اوسے کہتے ہین جسکا فاعل معلوم نہو جیسے کھانا کھایا گیا یا کھلایا گیا کسواسطے کہ کھانا مفعول ہی فعل کا نہ فاعل اور کھانیوالا معلوم نہین فصل تیسری ہر فعل کو فاعل سے ناگزیر ہے کیونکہ پیدا ہونا کسی امر کا بدون پیدا کرنے والے کے محال ہی مگر اتنا ہی فرق ہی کہ فاعل فعل معروف کا معلوم ہوتا ہی اور فعل مجہول کا نامعلوم اور عادت نحویون کی اس امر پر جاری ہوئی ہی کہ مفعول جو بعد فعل مجہول کے مذکور ہو اوس کو قائم مقام فاعل کے جانتے ہین فعل مجہول کو فعل مالم یسم

فاعلہ اور اوس مفعول کو مفعول مالم یسم فاعلہ کہتے ہین فاعل کی طرف محتاج ہونے مین
فعل لازم اور متعدی دونون شریک ہین لیکن فعل متعدی کے واسطے سوا فاعل کے مفعول
بھی ضرور ہے اور فرق متعلقون مین اسقدر ہے کہ بعض متعلق بے سمجھنا اوس فعل کا موقوف
ہوتا ہے اور بعض پر موقوف نہین ہوتا ان متعلقات مین سے پانچ متعلق پر اطلاق مفعول
کا کرتے ہین اور اونکو مفاعیل خمسہ کہتے ہین اور باقی کے واسطے نام علیحدہ ہین چاہیے کہ
فاعل اور مفعول مالم یسم فاعلہ اور اور متعلقات کو جدا جدا سات شعبہ مین بیان کرین شعبہ پہلا
فاعل کے بیان مین فاعل اوس اسم کو کہتے ہین کہ فعل معروف یا اسم فاعل کی اسناد اوسکی
طرف ہوا فصحائے ہند بعد فاعل فعل متعدی کی لفظ نے کا بھی زیادہ کرتے ہین جیسے زید نے کہا
اور اوسکے سوا خواہ فعل لازم ہو خواہ متعدی بغیر لفظ نے کے مذکور ہوتا ہے جیسے زید آیا اور آتا ہے
اور آتا تھا اور آویگا یا زید کہتا تھا اور کہتا ہے اور کہاویگا اور فاعل کبھی فعل سے پہلے مذکور
ہوتا ہے جیسے زید آیا اور زید نے کہا اور کبھی بعد فعل سے جیسے آیا زید اور کہا زید نے لیکن فاعل
کا پہلے فعل سے مذکور کرنا فصیح ہے بہ نسبت بعد مذکور کرنے کے اور یہ فصاحت اور عدم فصاحت
باعتبار آپسمین بولنے کے ہے لیکن شعر مین قسم دوسری بھی غیر فصیح نہین معلوم ہوتی مثال قسم
اول کی شعر مرزا اسد اللہ خان غالب تخلص کا ؎ دوست غمخواری مین میری سعی فرماوینگے کیا
زخم کے بھرنے تلک ناخن نہ بڑھ جاوینگے کیا + یعنی فرماینگا فاعل دوست اور بڑھ جانے کا
فاعل ناخن ہے کہ فعل پر مقدم ہے اور یہ شعر میر کا ؎ ابر اوٹھا جو کعبہ سے جھوم پڑا میخانہ پر
بادہ کشون کی جمگھٹ ہے اب شیشہ اور پیمانہ پر + ابر فاعل ہے اوٹھا کا اور فعل پر مقدم ہے اور
مثال قسم دوسری کی شعر سودا کا ؎ کہتا ہے واعظ کہ نہ سینے تو یہ منع ہے + کہنے کی بات
ہے اسکو نہ کیجیے + واعظ فاعل ہے اور فعل یعنے کہتا ہے سے مؤخر ہے اور جیسے اس شعر ازردہ کا

ہوتا ہے درد سینہ میں اوٹھتی ہے ہوک سی ✕ آزردہ جان ہے دل پُر حزین تیرے واسطے
درد فاعل ہے ہوتا ہے کا اور ہوک فاعل ہے اوٹھتی ہے کا کہ اپنے افعال سے موخر مین پایا جاتا ہے
کہ فاعل کبھی مظہر ہوتا ہے یعنی اسناد فعل کی کبھی اسم ظاہر کی طرف ہوتی ہے جیسے اوپر کی مثالوں مین
ظاہر ہوا اور کبھی مضمر یعنی اوسکی اسناد ضمیر کی طرف ہوتی ہے خواہ متصل ہو اور یہ پہلے معلوم
ہوچکا ہے کہ ضمیر متصل افعال ہندی مین بارز نہین ہوتی پس مستتر ہوگی اور اسصورت مین اسم
مظہر اگر پہلے فعل سے مذکور حقیقۃً ہو اوسپر بھی فاعل ہونیکا احتمال ہے مثلاً زید کہتا ہے آمین
جائز ہے کہ کہتا ہے مین ضمیر فاعل فعل ہو اور زید مبتدا اور کہتا ہے خبر پس جملہ اسمیہ ہوا اور
جائز ہے کہ زید فاعل ہو مقدم فعل پر پس جملہ فعلیہ ہوا اور نہایت یہ ہے کہ جسوقت لفظ نے کے
ساتھ ہمراہ ہو اسم مظہر فاعل ہی ہوتا ہے نہ مبتدا اسواسطے کہ نے علامت فاعل کی ہے نہ مبتدا کی
مثلاً زید نے کھایا پس جملہ فعلیہ ہی ہوا اور اگر مذکور ہوچکا ہو تو البتہ یہان وہ احتمال مرتفع ہے
جیسے قطعہ احسان کا ؎ پڑھتے آپ شعر تو کہتے ہین بار بار + حضرت ابھی بھی سنئے کہ بسیار گرم ہے
اور ہم پڑھین تو پیچنے لگتے ہین کجریان + کیا اندنون مین جھوٹ کا بازار گرم ہے + مقصود
بالتمثیل پڑھتے ہین اور کہتے ہین اور پیچنے لگتے ہین خواہ منفصل اور یہ بھی التقدیم اور تاخیر
اور لفظ نے کے ساتھ ہونے مین حکم مظہر کا رکھتی ہے مثال تقدیم ضمیر متکلم کی بغیر لفظ نے کے
یہ مصرعہ مثلاً ؎ کچھ خوف تمہارا ہے کہ مین کچھ نہین کہتا اور مثال لفظ نے کے ساتھ ہونیکی
یہ شعر میر کا ؎ مین نے کہا تنگ ہون مار مرون کیا کرون + کہنے لگا وہ بھی ہان کچھ تو کیا
اسے + مثال تقدیم ضمیر غائب کی بغیر لفظ نے کی یہہ شعر رنگین کا ؎ وہ نہ آیا تو ہوئی
ہا رنگین + اسمین کیا تیری شان جاتی ہے + اور مع لفظ نے کے ایضاً ؎ اوسنے آکر
ادیا ورنہ + درد فرقت نے کچھ نہ چھوڑا تھا + مثال تقدیم ضمیر مخاطب کی بغیر نے کی

جیسے رنگین کے شعر میں ہے تو تی بل گئی زمانہ اور نے کی ساتھ آبرو کا شعر ہے اس وقت میں
بہ تجھ بن سے جو چھپن ہو رو رہا ہے ترقیمہ بعد میرے تو نے کیا تو تعبیر کیا۔ مثال ذات تعبیر
کی بغیر شعر کے ولی کا شعر ہے برجاب نرگس میں ہمیں کو دو دیتا ہے بلکہ نرگس کو اپنی آنکھ کو دیا ہے
کر رکھوں مداومت کے ساتھ جیسے سودا کا شعر کیا اوسنے بعد مرے ایک آن نقل انتر
پہ سپہر کا خیال۔ اور اشعار باقی کو اسی قیاس پہ سمجھنا چاہیے شعبہ دوسرا مفعول مالم
فاعلہ کے بیان میں۔ وہ یہ ہے کہ اسناد فعل مجہول یا اسم مفعول کی اوسکی طرف کیجاوے اور فاعلہ
کبھی مظہر ہوتا ہے خواہ مقدم ہو جیسے کہیں کہ اوسکی بات سمجھی گئی الف سمجھی گئی کہ فعل
مجہول ہے اور بات مفعول مالم یسم فاعلہ جو فعل سے مقدم ہے خواہ موخر جیسی اوس کے نہین
سمجھائے تھے سب آدمی سمجھائی گئی فعل مجہول ہے اور آدمی مفعول مالم یسم فاعلہ جو فعل سے
موخر ہے یا بلایا گیا زید اور کھلایا گیا کھانا اور کبھی مظہر خواہ مقدم ہو جیسے وہ بلایا گیا
اور خواہ موخر جیسے بلایا گیا وہ اور علی ہذا القیاس اور بعضے مقام میں الفاظ بصورت فعل
مجہول کے واقع ہوتے ہیں اور اس سے اشتباہ ہوتا ہے کہ وہ اسم جو اوس سے پہلے یا پیچھے قائم
ہوتا ہے مفعول مالم یسم فاعلہ ہے اور حال یہ ہے کہ وہ الفاظ فعل مجہول ہوتے ہیں اور نہ وہ
اسم مفعول مالم یسم فاعلہ جیسے کھانا کھایا گیا تو کھایا نہ گیا۔ کھایا گیا بصورت فعل مجہول
کے ہے اور حال یہ ہے کہ کھایا اشتکل ماضی کے ماضی مطلق ہے اور گیا کے معنی ہیں ہو سکا یعنی اگر
مجھے طعام کا کھانا ہو سکا تو کھاؤں گا اور بلفظ کھانے کا فاعل واقع ہوا ہے یا مبتدا ہے اور
ضمیر ہو سکا یا گیا میں فاعل ہے اور راجع ہے طرف کھانے کے اور دلیل قوی اسکے واسطے اور یہ ہے کہ
فعل مجہول متعدی سے مشتق ہوتا ہے نہ لازم سے پس اگر سب اسطرح کی صورتیں فعل مجہول ہوتیں
تو مجھے آیا گیا اور رہا گیا اور سمجھا گیا اور بولا گیا وغیرہ میں لازم آتا کہ فعل مجہول فعل لازم

ہے بھی مشتق ہوتا ہو کیونکہ یہ سب فعل لازم ہین اور دانشمند جانتے ہین کہ اس عبارت مین
کھانا جو وہان رکھا تھا سب کھایا گیا اور اس عبارت مین مجھسے آج کھانا کھایا گیا یعنی
مین آج اسکو کھا سکا بہت فرق ہو اسی قبیل سے ہو میر کے شعر مین سے لب پہ جو آہ آئی تو مین
اوٹھ کھڑا ہوا + بیٹھا گیا نہ مجھسے ایسی ہوا کے بیچ + یعنی بیٹھنا مجھسے ہو نہ سکا اور تفصیل اسکی علم
صرف مین حاصل بالمصدر کی بحث مین مذکور ہو چکی ہے شعبہ تیسرا مفعول بہ کے بیان مین
وہ یہ ہو کہ فعل فاعل کا اوسپر واقع ہوا ہو یا قائم مقام واقع ہونے کے ہوا ہے مثال اول
کی جیسے مارا زید نے عمر کو کہ فعل مارنے کا عمر پر واقع ہوا ہو شعر سودا کا ۔ مجکو مارا بھلا کیا
تونے ۔ پر وفا کا برا کیا تونے + اور مثال دوسرے کی نہ مارا عمر کو کہ فعل نفی عمر پر واقع
ہونے کے قائم مقام ہے شعر سودا کا ۔ سودا کبھی نہ مانیو واعظ کی گفتگو + آواز دہل ہو
خوش آیندہ دور کا + فعل نہ ماننے کا کہ منفی ہو گفتگو پر واقع ہونیکے قائم مقام ہے اور واقع
ہونے اور قائم مقام واقع ہونے مین جو فرق ہو متعدی کی بحث مین تفصیل مذکور ہو چکا ہو
اور مفعول بہ کبھی مضمون جملہ بھی واقع ہوتا ہو اور مضمون جملہ کا وہ مصدر ہو کہ فاعل کیطرف
مضاف ہوا سوقت اکثر جملہ کے اول مین کاف ہوتا ہو مثلاً اوسنے ظاہر کیا کہ زید کل میرے گھر
آیا تھا زید کا میرے گھر آنا جملہ کا مضمون ہو کہ ظاہر کرنے کا مفعول بہ واقع ہوا ہو اور کبھی کاف
نہین ہوتا مثلاً مین نے کہا مار عمر کو مارنا عمر کا مضمون جملہ کا ہو کہ مفعول بہ ہو کہنے کا اور کبھی
مفعول بہ کو حذف بھی کر دیتے ہین اگر قرینہ قائم ہوا اور وہ قرینہ خواہ مقالی ہو اسطرح سے
کہ بعد فعل کے ایک جملہ مفسرہ واقع ہو جیسے مین نے اوسکو ہر چند کہا لیکن اوسنے عمر کو نہ مارا
عمر کو نہ مارا قرینہ اس بات کا ہو کہ عمر کو مار یہان ایک جملہ محذوف ہو کہ اوسکا مضمون مفعول بہ ہے
کہنے کا اور خواہ حالیہ ہو جیسے مین نے سن لیا یعنی کہین ایسے شخص کے سامنے کہ وہ ایک امر کو دو بارہ

مذکور کیا جاتا ہو مراد یہ ہے کہ مین نے سن لیا تیری باتکو اور شاید مضمون جملہ بھی اور دوسری
مثال مین بیان مفعول بہ محذوف کا ہو اور تقدیر کلام کی یون ہو کہ اوسنے ظاہر کیا یا امر
کہ زید کل میرے گھر آیا تھا اور مین نے اوسکو ہر چند کہا یہ امر کہ عمر کو مار لیکن اوسنے نہ مارا واللہ
اعلم بالصواب شعبہ چوتھا مفعول مطلق کے بیان مین مفعول مطلق اوس مصدر کو کہتے ہین
کہ فعل مذکور کے معنی مین ہو خواہ بعد فعل کے ذکر کیا جاوے خواہ پہلے لیکن بہ نسبت اور مفاعیل
کے یہ روز مرہ اردو مین بہت کم مستعمل ہوتا ہے اور لفظ راہ یا طور یا حق کا بھی اوسکے ساتھ
مذکور ہوتا ہے جیسے کہ مین کہ مین نے اسکو سمجھایا سمجھانیکا حق یا سمجھانے کے طور یا سمجھانیکی راہ
یا سمجھانیکے طور اوسکو سمجھایا شعبہ پانچوان مفعول فیہ کے بیان مین مفعول فیہ اوسکو کہتے
ہین جسمین فعل فاعل کا واقع ہوا ہو اور اوسکو ظرف بھی کہتے ہین اور ظرف دو طرح پر ہے
زمانی اور مکانی ظرف زمان کے ساتھ لفظ مین اور کو لاتے ہین شاید لفظ کو حرف ظرف
بھی ہو مانند لفظ مین کے جیسے دن مین جاگنا چاہیے اور رات کو سونا اور یہ ضرور نہین کہ
جس جگہ لفظ مین لایا جاوے وہان کو بھی لا سکتے ہون مثلا ایک مہینے مین آیا کہین گے
اور ایک مہینے کو آیا نہ کہین گے مگر جبکہ معنی واسطے کے منظور ہو یعنی ایک مہینے کے واسطے
اور محل استعمال کا روز مرہ دان پر ظاہر ہے اور لکھنا اوس محل کے بطریق ضابطہ کے مشکل
ہے اور ظرف مکان کے ساتھ مین اور پر لاتے ہین جیسے گھر مین گیا اور کوٹھے پر گیا شعبہ
چھٹا مفعول معہ کے بیان مین مفعول معہ وہ ہے کہ اوسکے ہمراہ لفظ ساتھ کا ہو مثلا مین زید
کے ساتھ گیا یا زید میرے ساتھ آیا لیکن معلوم کیا چاہیے کہ ان دونون عبارت مین
زید کی مفعولیت خوب ثابت نہین دو وجہ سے وجہ اول یہ ہے کہ حال لفظ ساتھ کا مانند
مثل لفظ مع کے ہے عربی مین اس عبارت کے اندر جاء البرد والجبات یعنی آیا جاڑا

ساتھ جلباب کی باوجود لفظ مع کے کوئی جلباب کو مفعول مع نہین کہنے کا اور مفعول
مع جب کہینگے کہ والجلباب واو کی ساتھ ہو بلکہ علامت مفعولیت کی بھی ایسی حالت مین
ظاہر ہوتی ہے کسواسطے کہ جلباب کو نصب ہے اور لفظ مع کے ساتھ مجرور ہوتا ہے اسیطرح مثال
اول مین زید مجرور ہی کہ علامت جری کی ساتھ اوسکی لاحق ہوئی ہے اور وجہ دوسری یہ کہ زید سبب
مثلا مین زید کے ساتھ گیا یا زید میرے ساتھ آیا دو جگہہ بولتے ہین ایک یہ کہ زید متکلم کو یا متکلم زید کو
اپنے ساتھ لیجائے اور یہ اپنے یا اوسکے جانے سے خبر دی اور کہی کہ مین زید کے ساتھ گیا تھا
یعنی وہ مجھی لیگیا تھا یا زید میرے ساتھ آیا تھا یعنی مین اوسکو اپنے ساتھ لے آیا تھا اس صورت
مین چاہیے کہ پہلی عبارت مین متکلم اور دوسری عبارت مین زید کو مفعول مع کہین اور
حال یہ ہے کہ وہ فعل گیا اور آیا کے فاعل ہین دوسری یہ کہ انکے لیجانے کو کچھ دخل نہو جیسے
رستی مین ہم زید کے ساتھ باتین کرتے چلے آئے یا چلے گئے یا وہ میری ساتھ باتین کرتا چلا آیا
یا چلا گیا پس ان دونو صورت مین غالب کہ لفظ ساتھ کا حال ہو یعنے مین گیا یا زید گیا
جس حال مین کہ مجکو زید کی یا زید گیا جس حال مین کہ زید کو میری معیت تھی البتہ شبہہ
مفعول مع کا اس عبارت مین ہوسکتا ہے مثلا مین زید کو اپنے ساتھ لیگیا اگرچہ جائز ہے کہ یہان
بھی لفظ ساتھ کا حال ہو اور زید مفعول بہ پس زبان اردو مین راقم کے زعم کے موافق مفعول
مع متحقق نہوا شعبہ ساتوان مفعول لہ کی بیان مین مفعول لہ وہ ہے جسکے لئے فعل کیا جاوے
یعنی فعل مذکور کا سبب ہو اور اکثر لفظ لئے یا واسطے کا اسکے ساتھ مذکور کرتے ہین جیسے
کہین کہ اوستاد شاگرد کو ادب کے لیے یا ادب کے واسطے مارتا ہے پس ادب مفعول لہ ہے کیونکہ
ادب دینا سبب واقع ہوا ہے مارنے کا شعبہ آٹھوان حال کے بیان مین اور حال یا وسی کہتے ہین
جو فاعل اور مفعول کے ہیأت پر دلالت کرے جیسے بیٹے اوسکو کھڑے ہوئے دیکھا یعنی اس حال مین

لڑکپن اتھا مین یا وہ جرات کا شعر سالہا گذری کہ تم تکو نہ یار آئے نظر جو آئے تو باؤ کی گھوڑی پہ سوار آئی نظر یعنی ایسی حال مین نظر آئے کہ گویا باؤ کی گھوڑی پہ سوار تھے پہلی مثال مین حال فاعل اور مفعول دونون سے متصور ہے اور دوسری مثال مین فقط مفعول سے ہے **فصل چوتھی** فعل متعدی چار قسم ہے اول متعدی بیک مفعول جیسے مارا زید نے عمر کو دوسری قسم متعدی بدو مفعول اسطرح پر کہ اقتصار ایک مفعول پر جائز ہو جیسے دیا زید نے مال عمر کو مال اور عمر دونون مفعول ہین دیا کے اور کہہ سکتی ہین مثلا دیا زید نے مال یا دیا زید نے عمر کو کیونکہ قرینہ مقام سے معلوم ہوتا ہے کہ اوسکو مال دیا تیسرا اوس طرح پر کہ اقتصار ایک مفعول پہ جائز نہو اور یہ امر افعال قلوب مین ہوتا ہے جیسے جانا مینے زید کو فاضل کہ جانا مینے زید کو یا جانا مینے فاضل ایک مفعول کے حذف کے ساتھ درست نہین چوتھا متعدی بسہ مفعول جیسے تبلایا مینے اوسکو کہ زید عالم ہے اوسکو اور زید اور عالم تینون مفعول ہین جب یہ معلوم ہو چکا تو اب جاننا چاہیے کہ مفعول لہ اور مفعول معہ کو اور تیسری قسم مین سے مفعول دوم اور چوتھی قسم مین سے مفعول سوم کو مفعول مالم یسم فاعلہ نہین کر سکتے اور باقیون کو کر سکتے ہین اور قسم دوم مین پہلا مفعول اس امر کے واسطے لائق تر ہے چنانچہ یہ امر ہوشیار طبعون پر واضح ہے **فصل پانچوین** افعال قلوب مین افعال قلوب وہ ہین کہ جنمین جوارح کو دخل نہو اور تعلق قوی باطنی سے رکھتے ہون مثلا معلوم کرنا اور جاننا اور دیکھنا بمعنے معلوم کرنیکے اور معلوم کروا دینا اور جتوانا کہ متعدی ہے جاننے کا لیکن یہ فصحا کی زبان مین متروک ہے اور پانا بمعنی معلوم کرنیکے اور ٹھکنا یہ افعال دو مفعول کو چاہتے ہین اور ایک پر اقتصار جائز نہین اور جملہ اسمیہ پر آتی ہین مثال معلوم کیا مین نے زید کو فاضل اور جانا مینے زید کو عالم اور دیکھا مینے یہ امر مناسب اور پایا مینے زید کو کاہل اور ٹھکا مین نے قلعہ کو پناہ جملہ اسمیہ تھا زید

فاعل ہے جب لفظ جانا اوسپر داخل ہوا زید اور فاعل دونون اوسکی مفعول ہو گئے اور
ایک مفعول پر اقتصار کا جائز نہونا اسواسطے ہے کہ یہ دونون مفعول بمنزلہ ایک مفعول کے ہوتے ہین
اسلیے کہ مصدر مفعول ثانی کا جو مضاف ہو مفعول اول کیطرف واقع مین وہ مفعول ہے پس ایک کو
ترک کرنے اور دوسرے کے ذکر کرنے مین مفعول تمام نہین ہوتا فصل چھٹی افعال ناقصہ کے بیان مین
افعال ناقصہ وہ افعال ہین جو موضوع ہین اس امر کیواسطے کہ اپنے فاعل کو ایک صفت مخصوصہ پر مقرر
کردین اور وہ صفت غیر اوس صفت کے ہے جو انکی مصدر سے مشتق ہو خلاف اور افعال کے کہ اونکا
فاعل ایسی صفت مخصوصہ پر مقرر نہین ہوتا اور اونکو افعال ناقصہ اسواسطے کہتے ہین کہ یہ افعال
اپنے فاعل پر تمام نہین ہوتے اور خبر کے محتاج رہتے ہین خلاف سب افعال کے سواسطے سوا افعال
ناقصہ کے اور افعال کو تامہ کہتے ہین اور وہ یعنی افعال ناقصہ یہ ہین ہے تھا ہین ہے ہی نہین تھا ہوا
ہوگیا یہ مبتدا اور خبر پر داخل ہوتے ہین انکی داخل ہونیکے بعد مبتدا انکا اسم اور مبتدا کی خبر انکے
خبر کہلاتی ہے لیکن معلوم کیا چاہیے کہ ہین اور ہے اور نہین مشترک ہین افعال ناقصہ اور حروف
رابطہ مین پس جملہ اسمیہ مین یہ ہون وہ محتمل دونون امر کو ہے مثلاً ہے زید فاضل یا زید فاضل ہے
اور نہین زید جاہل یا زید جاہل نہین اور تھا وہ دوست یا وہ دوست تھا اور وہ دوست
ہوا یا ہوگیا سودا کا شعر ہے خدا کا یہ ایک شمہ نور ؎ جس سے روشن ہے آسمان کا تنور
لفظ یہ اسم اور ایک شمہ نور خبر ہے لفظ ہے کی ممنون کا شعر آج آفت تھہر ہے یون خشمگین تو
کب نہ تھا ؎ آستین مالیدہ و چین بر جبین تو کب نہ تھا ؎ تو دونون مصرع مین اسم اور
خشمگین اور آستین مالیدہ اور چین بر جبین خبر ہے لفظ تھا کی مومن کا شعر مومن ہی نے
نے کی بت پرستی اختیار ؎ ایک شیخ وقت تھا وہ بھی برہمن ہوگیا ؎ ہوگیا فعل ناقص اور
وہ اسم اور برہمن خبر ہے اور کبھی یہ افعال تامہ بھی ہوتے ہین اسد اللہ خان عرف مرزا نوشہ

غالب تخلص کا شعر ہے تو دوست کسو کا بھی ستمگر نہوا تھا + اوروں پر ہے وہ ظلم جو تجھپر نہوا تھا
مصرعہ اول میں نہوا تھا ناقصہ ہے اور اس کا اسم تو اور خبر دوست اور مصرعہ ثانی میں لفظ
تامہ او ظلم اوسکا فاعل اور نہوا تھا تامہ اور خبر او میں فاعل مومن خان کا مصرع تیسرا کہتا ہے
مجھے ناصح کو سودا ہوگیا + لفظ ہوگیا تامہ ہے اور سودا اسکا فاعل ہے شکیب کی جیب تک تجھ بن
نباہ کا جیب تک تھا یارا + تجین ہزاروں جفائیں ہجراں نہ مونہہ سے موڑا نہ دم ہی مارا +
کلمہ تھی اور تھا دونوں تامہ ہیں کہ طاقت اور یارا ہے جو انکے فاعل ہیں تمام ہوگئی

باب تیسرا حرف کی بحث میں

حرف کی دو قسم ہیں حروف مبانی اور حروف معانی حروف مبانی وہ ہیں جو موضوع ہیں
واسطے ترکیب الفاظ کی اور اونسے سواے وضع الفاظ کی اور غرض نہیں جیسے اجزا جسم کلمات
کی اور حروف معانی وہ ہیں جو فائدہ کسی معنی کا دیتے ہیں اونکا بیان فصول معدودہ میں کیا جاتا
ہو تا ہے فصل پہلی وہ حروف جو ترجمہ ہیں حروف جارہ کا اور حروف جارہ وہ ہیں جو
پہنچادیں فعل یا معنی فعل کو اسم تک اور ان حرفوں کو حروف جر اسواسطے کہتے ہیں کہ یہ
کھینچتے ہیں معنی افعال کو معنی اسم تک اور انکو حروف اضافت بھی کہتے ہیں اسواسطے کہ اضافت
بمعنی نسبت کی ہے اور بواسطہ انکی فعل یا معنی فعل کے منسوب ہوتی ہیں اسم کی ساتھ اور معنی فعل سے
مراد وہ شی ہے جس سے فعل کے معنی استنباط کئی جاویں جیسے اسم فاعل اور اسم مفعول وغیرہ اور
یہ حروف الفاظ ہندی میں باعتبار لفظ کے کچھ عمل نہیں کرتے لیکن معنی میں جیسا حروف جارہ
عربی کام کرتے ہیں مثلاً ربط دینا کلمات کا اور سوا اسکے یہ بھی کرتے ہیں بہر کیف وہ یہ ہیں ۔
سے ای تک لگ تیئں تو ری پر او پر بیچ میں سی ابتدا کے واسطے ہے زمانی ہو خواہ مکانی

مثلاً صبح سے منتظر ہون اور گھر سے یہان تک آنا دشوار ہے اور کبھی بیان کے واسطے آتا ہے جیسے
اونکو خدا نے سب طرحکی فراغت دی ہے روپیہ سے پیسہ سے اور کبھی بمعنی بعض کے جیسے یہ شخص
مسلمانون یا انگریزون سے ہے یعنی بعض اونمین سے ہے اور کبھی بمعنی سبب کے جیسے تمہاری باتون سے
جی تنگ آگیا یا وہان کے شور و غل سے طبیعت گھبرا گئی اور کبھی اعراض کے واسطے کسی شی سے
مثلاً آپ ہمسے اونکی طرف ملتفت ہوئے یعنی ہمسے اعراض کرکے اونکی طرف التفات کرنے لگے یا
جیسے کسی شخص نے کسی شی کے دینے کے واسطے آج کا وعدہ کیا ہوا اور پھر اوس وعدہ سے پھر کر کہے کہ
کل دونگا تو وہ شخص جس سے وعدہ کیا تھا کہے کہ آج سے کل ہوئی یعنی آج سے اعراض کرکر
کل کا وعدہ کرنے لگا اور کبھی تجاوز کے واسطے جیسے کہین وہ شی ہاتھ سے پھینک دی اور
کبھی استعانت کیواسطے جیسے قلم سے لکھا اور ہاتھ سے اوس چیز کو پکڑا اور کبھی ساتھ کے معنی میں
ہوتا ہے جیسے روٹی سالن سے کھا لی گئی یہ بھی ابتدا کے واسطے ہے خواہ زمانی ہو خواہ مکانی لیکن
اسکا استعمال بدون لفظ سے کے کم دیکھا گیا ہے اور حرف انتہا یعنی تک یا تلک اسکو لازم ہے
اور کبھی اوسسے منفک نہین ہوتا مثلاً صبح سے لے شام تک یہ ہی حال تھا اور گھر سے لیبازار تک
وہی ہجوم تھا اور اردو گو بجاے تک یا تلک کے لفظ تا بھی اسکے ساتھ استعمال کرتے ہین مثلاً
صبح سے لے تا شام مجکو انتظار رہا اور بغیر لفظ سے کے شاذ و نادر ہے جیسے اس شعر مین سودا کے
کر رہتا ہے یون برس کم بخت ؎ کوہ تک ڈوب جائین ہیکے درخت ہا اور بعضے نسخون میں
بجاے تک کے لفظ سے کا دیکھا گیا ہے ہر چند اس صورت مین استعمال لے کا یہان بھی ہمراہ سے کے
ثابت ہوا لیکن عمدہ دو خرابیان اور واقع ہوئین ایک یہ کہ استعمال اسکا بغیر تک کے لازم
آیا اور ایسا کبھی نہین دیکھا گیا اور دوسرے یہ کہ مصرع اول مین تعقید ہو گئی بسبب فاصلہ کے
جو درمیان سے اور لے کے ہے اور یہ نہایت مکروہ ہے تک اور تلک اور تا یہ تینون لفظ انتہا کیواسطے

اندوہ اسپاہی جس طرح کہ ہم ‌ ‌ ‌ وہی تو لی نہین اور تیرے معنی لیکن کے مشابہ ہین

یہ زید نہ آیا پہلے کلام سے یہ توہم ہوا تھا کہ شاید زید بھی آیا ہوگا اس حرف کو لاکر اوس توہم کو رفع کر دیا سودا کا شعر ہے جون شمع تن ہوا شب ہجران مین صرف اشک پر جسکا مدار مین چاہا تھا او تنا نرو سکا ❊ فصل تیسری حروف ندا اجی او ہوت یا ارے ابے اجی الف مکتوبی ان سب لفظون مین باعتبار مدعون اور داعی کے فرق ہے اول کو خواص اور عوام سب استعمال کرتے ہین اور جسکو پکارتے ہین وہ شریف ہو یا کمینہ اور دوسرا لفظ اکثر عوام استعمال کرتے ہین اور چاہیے کہ اس صورت مین مدعو بھی جو مخاطب عوام کا ہے عوام ہی مین سے ہو اور اگر خواص مین سے بھی کوئی استعمال کرتا ہے تو اوس صورت مین کہ منادا عوام مین سے ہو اور تیسری لفظ کو خواص کبھی نہین استعمال کرتے اور داعی اور مدعو دونون عوام سے ہوتے ہین جاننا چاہیے کہ منادا اجی اور او کے بعد ذکر کرتے ہین جیسے اجی زید یہان آ اور او بچے یہان آ اور او بے رحم یا او بیوفا کیا کرتا ہے اور ہوت کے پہلے ذکر کرتے ہین جیسے زید ہوت اور کبھی حرف ندا کو محذوف کرکے اسم ظاہر ہی پر کفایت کرتے ہین مثلاً نبی بخش یہان آ کرم علی وہان جا اور روزمرہ اردو مین جب کوئی اپنے نفس کو منادا کرے یہ عبارت بہت مستعمل ہے منتا ہے جی یا امر تیرے حال کے مناسب نہین حذف حرف ندا سے اور بعضے الفاظ بدون حرف ندا کے فصیح ہین مثلاً قبلہ یہان تشریف لایئے اور جناب آپکو کل تشریف لانا ضرور ہے اور حرف ندا کے ساتھ فصیح نہین معلوم کیا چاہیے کہ لفظ اجی روزمرہ گفتگو اور شعر دونون مین کثیر الاستعمال ہے اور لفظ او گفتگو مین بہت اور شعر مین کم اور لفظ ہوت شعر مین ایک نخت متروک ہے اور حذف حرف ندا کا دونون صورت مین جائز ہے مثال اجی کی میر کا شعر ہے ایکی ہمت صرف کرتا اوس سے جی اوچٹو میرا + پھر دعا ای میرے کیجو اگر ایسا کرون + رضا کا شعر ہے دوست اپنا تو او دوست بنا

دو تمھارا ای رہنا کس کا ہی دوست + مثال آو کی یہ شعر مصحفی کا ہے او دامن اوٹھا کے
جانیوالے + ٹک خاک سے ہمکو بھی اوٹھالی + کسی اور کا شعر ہے او خیال یار جاتا ہی کہان
دو گھڑی جی تجھسے بہلاتی ہین ہم + مثال حذف کی میر کا شعر ہے آنکھین جو ہین یون تو کبھا بر
بہار ہے + میری طرف بھی دیدہ خونبار دیکھنا + یعنی اے دیدہ خونبار ہے کس طرح سے کرتا ہے
یاران کہ یہ عاشق نہین + رنگ اوڑا جاتا ہی ٹک چہرہ تو دیکھو میر کا + یعنی ای یاران خدا
کا شعر ہے دوستو اوس سے توقع مت رکھو + جیسے یون وہ پھر گیا کسکا ہی دوست + یعنی ای
دوستو اور مثال حذف حرف ندا کی نثر مین پہلے مذکور ہو چکی یا یہ حرف اردو مین بجز چند الفاظ
عربی یا فارسی کے جنکی ساتھ بہت مستعمل ہو گیا ہی اور جگہ مین نہین آتا مثلاً یا قسمت یا نصیب
یا مولیٰ یا معبود یا حضرت یا خدا یا آلہی جیسے کہین یا آلہی وہ کونسی ساعت ہوگی کہ میرا
دوست آویگا اور علی ہذا القیاس اَرے ہر چند اسکا استعمال کراہت سے خالی نہین لیکن
اہل شاہجہان آباد کی زبان مین بھی کبھی کبھی مستعمل ہوتا ہی اور استعمال اوسکا دو جگہ مین پایا گیا
ہے ایک ایسے شخص کے حق مین جو خوار اور کم رتبہ ہو مثلاً ارے بیوقوف اور ارے نادان
دوسرے یاران بے تکلف مین جیسے ارے میان اور ارے یار پہلی صورت مین استعمال ایسے
لفظ کا دلالت کرتا ہی فرط ذلت منادا پر اور دوسری صورت مین ظرافت پر اور یہ استعمال
ایسی صورتون مین درست ہی جیسے بعض وقت مین بجائے مشفق کے جو کسرہ فا سے ہی مشفق
فتحہ فا سے بطور ظرافت کہدیتی ہین مثلاً کہین آ کے مشفق فتحہ فا سے چنانچہ روزمرہ اون
پر مخفی نہین ہی اسی قبیل سے ہی جب اپنا نفس منادا ہو جیسے اس شعر مین ہے دکھیہ جو آئینہ
کہتا ہی کہ اللہ رے مین + اوسکا مین چاہنے والا ہون لیتا واہ رے مین + اور چونکہ یہ
استعمال موافق اقتضاے مقام کے ہے بلاغت سے خالی نہین پس اعتراض بعض اہل جوا ب

اور اطراف کا لفظ ارے کے استعمال مین اہل شاہجہان آباد پر علی الاطلاق بیجا ہے
باوجودیکہ ہم دیکھتے ہین اکثر اوس جوانب اور اطراف کے رہنے والی جو زبان نہین تکلف
نہین کرتے ارے صاحب بولتے ہین یہان سے معلوم ہوا کہ وہان کی باشندے ہاتھ پانون
پیٹ کر اپنی زبان اصلی کو تکلف چھوڑ کر چاہتے ہین کہ الفاظ عربی اور فارسی محل اور بیمحل
اپنی زبان مین ملا کر فصحا کو چڑا وین اور جو اہل زبان ہین اور استعمال الفاظ پر قادر ہین
اونکے نکات اور محل تصرف پر مطلع نہو کر خواہی نخواہی متعرض ہون آپ ایسے کے حق ہین
کہین گے جو خوار اور ذلیل ہو جیسے ابے پاجی کیا کرتا ہے اجی ایسی کے حق مین کہتے ہین جو بزرگ
اور معظم ہو جیسے اجی حضرت یہان تشریف لائیے الف اس حرف کو فارسیون کے اتباع سے
الفاظ فارسی ہی مین استعمال کرتے ہین جیسے پروردگارا اور خدایا اور دلا جیسے اس شعر مین
ولا پروردگارا دے بانگ اوس شک مسیحا کی ✤ مجھے یا کوٹ دے ہیرا کھرل مین سنگ موسیٰ کے

فصل چوتھی حروف عطف مین اور پر لیکن بھی نون نفی پھر حروف عطف مین مثلاً مین
اور تم دونون ساتھ چلین گے یا سب گئے پر مین نہین یا بجاے پر کے یون کہین لیکن مین نہین
یعنی مین نہین گیا جاتا بعد نہین کے بسبب عطف کے سمجھا گیا یا اگر زید آویگا مین بھی یعنی مین بھی
آون گا یا اون نے کہا تھا نہ مین نے یعنی مین نے نہین کہا یا پہلے وہ آیگا پھر مین یعنی پھر مین
آون گا اور حروف عطف کبھی تعداد کی وقت محذوف بھی ہو جاتا ہے جیسے اس شعر مین انشاء اللہ خان کے

ایک دو تین چار پانچ چھہ سات ✤ آٹھہ نو دس ہوے بس انشا بس ✤

فصل پانچوین حروف تردید مین یا خواہ چاہو نہین تو مثلاً تم رہوگے یا مین اور
تمکو جانے ندونگا برا مانو خواہ بھلا اور مین نہین کہتا رہو چاہو جاو اور جلد آو نہین
تو مین جاتا ہون لفظ خواہ اور چاہو کو مکرر بھی استعمال کرتے ہین مثلاً خواہ برا مانو خواہ بھلا

اور چاہو رہو چاہو جاؤ اور کاف بھی کبھی واسطے تردید کے آتا ہی مثلا وہان تم جاؤگے کہ مین
یا وہان جاؤگے کہ نہین اسی قبیل سے ہی اس شعر مشہور مین ؎ کیون ولا ہم ہوئی یا نہ غم یار
کہ تو + اب اذیت مین بھلا ہم ہین گرفتار کہ تو + **فصل چھٹی** حروف شرط مین اگر جو اور
لفظ تو تا ہے مثناۃ فوقانی مفتوحہ یا مضمومہ سے حرف جزا ہی مثلا اگر آپ کہین تو مین جاؤن
یا تم جو اجازت دو تو مین جاؤن **فصل ساتوین** حروف استثنا مین مگر ورا ماورا سوا
مثلا سب آئے مگر زید نہین آیا اور سب آئے ورا زید کے یا ماورا زید کے یا سوا زید کے اور
لفظ سوا کے پہلے یا بعد علامت جو یعنی کے بھی لاتے ہین مثلاً زید کے سوا یا سوا زید کے کسو واسطے
کہ سوا مضاف ہوتا ہی اور علامت اضافت کی لفظ کے ہے اور کبھی حذف بھی کر دیتے ہین جیسے
اس شعر مین ؎ درد کے ملنے سے اے یار برا کیون مانا + اوسکو کچھہ درد سوا اور تو منظور
نہ تھا + لیکن یہ استعمال زمانہ حال مین متروک ہی **فصل آٹھوین** متفرقات مین ہان ایک
حرف ہی کہ فائدہ ایجاب کا دیتا ہی مثلا کہین کہ تم فلانی جا سے گئے تھے تو اوسکے جواب مین
کہا جاوے کہ ہان اور کبھی واسطے تنبیہ کے بھی آتا ہی مثلا کسی شخص کو کہا جاوے کہ ہان صاحب
آپکو بھی چلنا ہوگا یا کہین کہ ہان یہ بات تو مین بھول گیا تھا ہین بھی واسطے تنبیہ کے آتا ہی مثلاً
ہین تو وہان نہ گیا اور کبھی محل استفہام مین مستعمل ہوتا ہی مثلا کوئی زید سے کچھہ بات کہے اور
یہ اوسکے سننے کے واسطے متوجہ ہو کر کہے کہ ہین صاحب مراد اس سے یہ ہوتی ہے کہ کیا کہتے ہو اور
ظاہر ہی کہ یہان بھی بمعنی تنبیہ کے ہی تو تا ہے فوقانی مضمومہ سے حروف زوایدمین سے
ہی مثلا ہمسے تو کہو وہان جاؤگے یا نہین ہی ہاے مکسورہ سے فائدہ حصر کا دیتا ہی جیسے کہین کہ
یہان مین ہی ہون یعنی سیرے سوا کوئی نہین ہون ہاے مضموم اور نون غنہ کی ساتھہ اور بعد نون
کے ہمزہ ساکن حرف ردع ہی جیسا عربی مین کلا جیسے ہون کیا کرتا ہی اور بغیر ہمزہ کے ایجاب

کے واسطے آتا ہے مثلاً اگر کہین کل آوگے تو جواب مین تو کہی ہون گا اورگی یای مجہولہ سے
اورکی یای معروفہ سے یہ تینون حرف کاف عربی سے جب بعد مصدر کے آتے ہین تو اونکو
بمعنی استقبال کے کردیتی ہین اول واحد مذکر اور دوسرا جمع مذکر اور تیسرا مفرد مونث
کیواسطے ہے اور کہین جمع مونث کیواسطے اور اونکے خواص سے ہین دو امر ایک یہ کہ کلام
منفی مین آتے ہین اور دوسرا یہ کہ الف مصدر کا انکے آنے کے بعد یای مجہولہ سے بدل
جاتا ہے جیسے مین نہین آئیگا اور نہین بیٹھیگا اور نہین اٹھیگا اور تم نہین آئیگے اور ہم نہین
آئینگے الخ اور مین نہین آئینگی اور تم یا ہم نہین آئینگین لیکن روزمرہ حال مین نون لفظ کین
کا حذف کرتے ہین اور کبھی مصدر اون حرفون کے بیچ مین لفظ ہی جو فائدہ حصر کا دیتا ہے
فاصل بھی ہوجاتا ہے جیسے مین آنے ہی کا نہین اور ہم آنے ہی کی نہین اور علی ہذا القیاس اور
کبھی ہی کو بعد ان حرفون کے بھی لاتے ہین مثلاً مین آنے کا ہی نہین الخ بھی فائدہ اشتراک
بین الامرین کا دیتا ہے یعنی اوسکے لانے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ دو چیزین کسی شے مین باہم
شریک ہین جیسے زید آیا ہے اور عمر بھی یعنی آنے مین دونون شریک ہین کر کاف تازی اور
کے کاف تازی بیاے مجہولہ ان دونون حرف کو جب فعل ماضی کے بعد لاتے ہین تو
فعل سابق کے اولیت اور فعل لاحق کے بعدیت کا فائدہ دیتے ہین یعنی پہلے وہ فعل کیا جو
اونسے اول مذکور ہے اور بعد اوسکے وہ فعل جو اونسے پیچھے اور صیغہ ماضی کا بعد حذف الف
کے بشکل امر کے رہجاتا ہے مثال وہ اوٹھکر چلا گیا یا اوٹھ کے چلا گیا اور کھڑا ہوکر بھاگ گیا
یا کھڑا ہوکے بھاگ گیا اور ہاتھ پھیلاکر یا ہاتھ پھیلا کے مانگنے لگا یعنے اول اوٹھا اور بعد
اوسکے چلا گیا اور اسی قیاس پر باقی مثالین ان دو حرفون کا حال ہای ہوز کا سا ہے فارسی
کے افعال مین مثلاً سلام کردہ نشست و برخاستہ رفت یعنی سلام کرکے بیٹھ گیا اوٹھکر

چلا گیا آور کبھی کر اور کے محذوف بھی کر دیتے ہین جیسے کہہ گیا اور راو بھہ گیا اور مار گیا اور
چوری کر گیا یعنی کہہ کر گیا اور مار کر گیا اور چوری کر کر گیا اور میر کے ان دونون شعر مین

اگر ہماری لاش پہ کیا یار کر چلے ٭	خواب عدم سے فتنہ کو بیدار کر چلے ٭
خواہی پیالہ خواہ سبو کر ہمین کلال	ہم اپنی خاک پر تجھے مختار کر چلے ٭

لفظ کر فعل ماضی ہے کرنے سے اور وہ لفظ کر جو با نحن فیہ ہے محذوف ہے یعنی کیا کر کر چلے اور بیدار کر کر
چلے اور مختار کر کر چلے آور کبھی فاعلیت کا بھی فائدہ دیتا ہے جیسے دنکر یعنی آفتاب کیونکہ وہ دن کر نیوالا ہے
تو اور نا اور جو اور جیو امر حاضر کے بعد جب انہین سے کوئی حرف لاتے ہین تکلیف صدور
فعل کی زمانہ آیندہ مین مقصود ہوتی ہے مثلاً آئیو یعنی جب ہم بلاوین زمانہ آیندہ مین اوسوقت
آنا اور اس کام کو کیجو اور کیجیو یا لیجو یا لیجیو اور دیجو اور دیجیو یعنی زمانہ آیندہ مین اور جو اور
جیو سوا ان الفاظ چند کے اور کہین نہین پائے گئے آور بھیجیو مین یو ہے نہ جیو کسواسطے
کہ میم اوسکا اصلی ہے اور وہ مشتق ہے بھیجنے سے اور کبھی ایسے محل مین لاتے ہین کہ مخاطب کو
فعل کے تکلیف دینے سے کسی شی کی تحقیق اور تفتیش منظور ہو خواہ وہ تحقیق اور تفتیش مخاطب
سے متعلق ہو خواہ اپنے نفس سے مثلاً کوئی شخص دور کھڑا ہوا اور اوسکا چہرہ یا کوئی اور شی
جو اوسکے پاس ہو اچھی طرح معلوم نہ ہوتی ہو تو اوسے کہین یہان آئیو یا یہان آنا اس سے غرض
یہ ہے کہ یہ شخص یہان آوے تو اوس شے کا حال خوب معلوم ہو جاوے اور تم جائیو یا تم جانا
یہ عبارت دو محل مین مستعمل ہوتی ہے اول یہ کہ تفتیش مخاطب کے حال کی قائل کو منظور ہو
مثلاً جب یہ معلوم کرنا منظور ہو کہ اوسے جانے کی طاقت ہے یا نہین تو وہان کہین کہ جائیو
یا جانا اگر وہ چلا گیا تو معلوم ہو گیا کہ جا سکتا ہے اور اگر نجا یا گیا تو معلوم ہو گیا کہ نہین
جا سکتا دوسرا یہ کہ جو شی قائل کے حضور مین نہین ہے وہ جا کر اوسکا حال معلوم کر یا وے

اور کبھی دعا کے محل مین بھی استعمال کرتے ہین مثلاً تم سلامت رہو یا جیو اور ایسی ہی قسم
مین نا کم دیکھا گیا ہی اغلب کہ نہین آتا کو اکثر علامت مفعول کی ہی مثلاً زید کو مارا اور
حرف ظرف یعنی مین کے محل مین بھی مستعمل ہوتا ہی جیسے بازار کو یا گھر کو یا دربار کو گیا تھا اور
کبھی معنی عوض کے بھی آتا ہی مثلاً کہین کہ یہ جنس کتنے کو دو گے یعنی کتنے روپیہ کی عوض دینا اکثر
علامت مفعول کی ہی مثلاً اوسکو تین مارا اسے الف تنہا اور ان ہمزہ مفتوحہ اور نراو
نون اور کاف مضموم نفی کے واسطے آتے ہین مثلاً ابھجے وہ شخص جو کسی سے نہ ڈرے کیونکہ
بھو بائے موحدہ مفتوحہ مخلوط الہا اور یائے ساکن سے بمعنی ڈر کے ہی ابھیت وہ شخص کہ اوس
کو کوئی خطر یا ب نہو اور الگ جیسے کوئی شئے لگی نہو یعنی علیحدہ ہو اور اچھوتا جو کسی نے نہ چھوا ہو اور
اٹل جو ٹلنے والا نہو اور امٹ جو مٹ نہ سکے اور امرت جو نہ مرے اور اٹت جو ہمیشہ نہ ہو اور
ادھر جو کسی شئے کے سہارے نہ دھرا ہو بلکہ معلق ہو اور آن رت راے مہملہ مضموم سے بصورت
یعنی موسم کی چیز نہو اور ان پڑھ جو پڑھا اور خواندہ نہو اور ان میل جو چیز کسی کے میل کی
اور نرجل جو پانی نہ پئے اور اسیواسطے جس برت مین ہندو پانی نہین پیتے اوسکو نرجلا کہتے ہین
اور نڈر جو کسی سے نہ ڈرے اور کراد کاف مضموم سے جو جانب کہ اوسکو راد قرار نہ دیا ہو اور
کپڑھ جو پڑھا ہوا نہو اور کڈھب جو چیز کہ ڈھب کی نہو یعنی بطور اور بروضع ہو اور کڈول
اور کچال جو شخص اچھے اطوار پر نہو اور حرف بے جو فارسی مین نفی کے واسطے آتا ہی الفاظ ہندی
پر بھی اہل ہند نے بسبب اختلاط اہل فرس کو داخل کر لیا ہی جیسے بے ڈھب اور بیڈول اور بے ڈھنگ
اور بے ڈھنگ اور بے جوڑ جو چیز کسی شئے کے ملنے کی نہو اور بے چلن جسکا چلن اور سلوک بد ہو اور
عوام الناس لادوس بھی بولتے ہین یعنی وہ شخص جسکو دوس نہ دیا جاوے آگے نسبت کا
ہی جیسے گنوار جو گانون مین رہے اور سنار جو سونے کا کام کرے اور لوہار جو لوہے کا کام

اصل ان تینون لفظکی گانو آرا اور سون آرا اور لوہ آر ہے اول سے الف اور باقیون سے
داو بسبب کثرت استعمال کی محذوف ہوگئی واڑہ واوا اور رائے مشتقلہ ہندیسی یہبی کانسبت
کا ہی جیسے جنوا ترہ اور نائی واڑہ جہان جاٹ اور نائی بہت رہتے ہون آڑہ رای مشتقلہ ہندی
سے بدون واو کی ظاہرا یہ حرف تصغیر کا ہی جیسے نواڑہ چھوئی ناو بحث دوسری مرکب
کے بیان مین مرکب وہ ہی کہ دو یا زیادہ سی حاصل ہوا سطرحسی کہ جزو لفظ کا معنی کی جزو
پر دلالت کری جیسے زید آیا تھا اور زید کا گھوڑا دونون عبارت مین زید دلالت کرتا ہی اپنے
مسمّے پر اور اول مین آیا تھا اپنی معنی پر معہ زمانہ ماضی کے اور دوسرے مین گھوڑا بمعنی فرس
پر اور چونکہ مرکب دو قسم ہی مفید اور غیر مفید اسواسطے اسکو دو باب مین بیان کیا جاتا ہے

باب پہلا مرکب مفید کے بیان مین

اسمین تین فصل اور ایک خاتمہ ہے

جاننا چاہیے کہ مرکب مفید وہ ہی کہ سکوت اوسپر صحیح ہوا اور سننے والے کو اوس سے خبر یا طلب
حاصل ہو جاوے اور اسیکو جملہ اور کلام بھی کہتے ہین اور کلام مین وہ نسبت جو درمیان
دو کلمون کے اسطرح پر ہوتی ہی کہ بسبب اوسکی سکوت صحیح ہوتا ہی اوسکو اسناد کہتے ہین پس
وہ کلمہ کہ اوسکے اسناد کسی کی طرف کرین اوسکو مسند کہتے ہین اور جسکی طرف اسناد کرین
اوسکو مسند الیہ کہتے ہین اور مسند اور مسند الیہ کا کلام مین واقع ہونا دو حال سے
خالی نہین ہی یا دونون اسم ہون اس کلام کو جملہ اسمیہ اور مسند الیہ کو مبتدا اور مسند کو
خبر کہتے ہین پھر وہ دونون اسم خواہ جامد ہون جیسے وہ زید ہے وہ مبتدا اور زید خبر
اور ہی حرف ربط خواہ ایک جامد اور دوسرا مشتق ہو جیسے زید جانیوالا ہی خواہ دونون

مشتق ہون جیسے کام کرنے والا ہے جانے والا ہے یا ایک اسم اور دوسرا فعل ہو اور یہ
اسم اور فعل باعتبار واقع ہونیکے کلام مین دو طرح پر ہین ایک یہ کہ فعل پہلے اور اسم
پیچھے واقع ہوا ہو اسکو جملہ فعلیہ اور مسند کو فعل اور مسند الیہ کو فاعل کہتے ہین جیسے گیا زید
اور بیٹھا عمرو گیا اور بیٹھا فعل اور زید اور عمرو فاعل ہے دوسرا یہ کہ اسم پہلے اور فعل
پیچھے ہو جیسے زید آیا اور عمرو گیا اسمین اسمیہ اور فعلیہ دونون کا احتمال ہے پس اگر زید اور
عمرو کو مبتدا قرار دین اور آیا اور گیا فعل اور ضمیر غائب جو انمین مستتر ہے اور راجع ہے
بطرف مبتدا کی اوسکو فاعل اور فعل اور فاعل سے جملہ فعلیہ بنا کر مبتدا کی خبر دین جملہ
اسمیہ ہو جاویگا اور اگر زید اور عمرو کو فاعل اور آیا اور گیا کو فعل مسند بطرف زید اور عمرو
کے ٹھہراوین جملہ فعلیہ ہو جاوے گا اور یہ اسواسطے ہے کہ اردو مین فاعل فعل پر مقدم
بھی ہوتا ہے لیکن معلوم کیا چاہیے کہ چونکہ اردو مین جملہ اسمیہ بدون حرف ربط کے نہین آتا
اور جو الفاظ کہ اونکو حروف رابطہ کہتے ہین وہ مشترک ہین حروف ربط اور افعال ناقصہ
مین اسواسطے اوسمین بھی اسمیہ ہونے پر جزم نہین کیا جاتا پس وہ زید ہے جملہ اسمیہ اور
فعلیہ دونون کا احتمال رکھتا ہے مانند تیسری شق کی اور جملہ فعلیہ پر کبھی حرف شرط جسکا
بیان حروف کی بحث مین ہو چکا داخل ہوتا ہے پس اس جملہ کو شرط کہتے ہین اور ایک
جملہ اور جو اسکے بعد ہوتا ہے اوسکو جزاے شرط اور اکثر جزا پر حرف تو بھی لاتے ہین مثلاً

خوشی ہوتی ہمیشہ سے تمہاری اگر ایسی		تو کاہے کو بنتی میری ای فتنہ گر ایسی +

جملہ اوّل شرط اور جملہ ثانی جزا ہے اور جملہ پھر دو قسم پر ہے خبریہ اور انشائیہ خبریہ
اوسے کہتے ہین کہ اوسکے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا کہہ سکین مثلاً کوئی کہے کہ بادشاہ جبکو سوار
ہوا تھا اسمین احتمال ہے کہ سوار ہونے کی خبر جھوٹ دی ہو اور احتمال ہے کہ سچ دی ہو اور انشائیہ

وہ ہو کہ اوسکے کہنے والے کو جھوٹا یا سچا نہ کہہ سکین اور یہ کئی قسم پر ہے ایک امر جیسے جا اور بیٹھ اس مین ضمیر مخاطب جو مستتر ہے اسکے فاعل ہی اور نہی جیسے مت جا اور مت بیٹھ اور استفہام جیسے یہان آؤگے یا وہان جاؤگی اور تمنے جیسے کاش یہ کام درست ہو جاوے اور ترجی جیسے شاید ہمارا دوست آجاوے اور عقود جیسے مین نے یہ کپڑا خریدا اور روپیہ دیا اور ندا جیسے او لونڈی اور او غلام اور قسم جیسے واللہ مین کچھ کہہ بیٹھونگا اور تعجب جیسے واہ کیا چیز ہے۔

باب دوسرا مرکب غیر مفید کی بیان مین

اور اوسکو مرکب غیر تام بھی کہتے ہین اور یہ وہ ہے کہ جب قائل کہہ کر خاموش ہو جاوے تو سننے والے کو اوس سے خبر یا طلب حاصل نہو وے اور یہ تین طرح پر ہے طرح اول مرکب اضافی یعنی اوس مرکب کی بیان مین جسکا ایک جزو دوسری جزو کی طرف اضافت رکھتا ہو اور اضافت نسبت ہے ایک اسم کی دوسرے اسم کیطرف اور جس اسم کو نسبت دین اوسکو مضاف کہتے ہین اور جسکی طرف نسبت کرین اوسکو مضاف الیہ اور فائدہ اضافت کا یہ ہے کہ اگر اسم مضاف ہو معرفہ کی طرف تو معرفہ ہو جاوے اور اگر مضاف ہو نکرہ کیطرف تو مخصصہ ہو جاوے اور شرط اضافت کی یہ ہے کہ مضاف خود معرفہ نہووے ورنہ اضافت بیفائدہ ہوگی اب جاننا چاہیے کہ اضافت تین طرح پر ہوتی ہے اول لامی یعنی لام کی یعنی ہرائی کی معنی اوس سے حاصل ہو اور یہ اضافت کئی جای مین آتی ہے ایک یہ کہ مضاف اور مضاف الیہ دونون ایکدوسرے سے مباین ہون یعنی نہ مضاف مضاف الیہ پر صادق آوے اور نہ مضاف الیہ مضاف پر لیکن مضاف الیہ مضاف کیواسطے ظرف نہو جیسے گھوڑا زید کا اور ریال عمرو کا اور مکان خالد کا اور زین گھوڑی کا کہ گھوڑا اور ریال اور مکان اور زین زید اور عمرو اور خالد اور گھوڑی

صادق نہین آتا اور نہ بالکل الگ مضاف الیہ ظرف بھی مضاف کا نہین تو پہلی صورت
معنی لام کے ہے اور اس سے تملیک یا تخصیص کے معنی حاصل ہوتے ہین جیسے ظاہر ہوا اور دوسری
یہ کہ مضاف اور مضاف الیہ مین عموم اور خصوص مطلق کی نسبت ہو اور یہ نسبت وہ ہے
کہ ایک جانب سے عموم ہو یعنی پہلا دوسری کی جمیع افراد پر صادق آتا ہو اور دوسری کی جانب
سے خصوص یعنی یہ دوسرا پہلے کی بعض افراد پر صادق آتا ہو جیسے حیوان اور انسان کہ انمین
نسبت عموم اور خصوص مطلق کی ہے اسواسطے کہ حیوان انسان کی جمیع افراد مثل زید اور عمرو
اور بکر اور خالد اور سوا انکے جسقدر ہون سب پر صادق آتا ہے اور انسان حیوان کی ایک فرد
یعنی حیوان ناطق پر فقط صادق آتا ہے پس جب مضاف اعم مطلق ہو اور مضاف الیہ اخص
مطلق تو یہ بھی اضافت لامی ہے جیسے درخت انار کا اور علم فقہ کا یا علم منطق کا اور بعض کے
زبان سے سنا گیا ہے گلستان اور بوستان کی کتاب ہر چند یہ لفظ محاورہ خواص مین کم زبان زد
ہے لیکن یہ اضافت علم فقہ اور درخت انار وغیرہ کی قبیل سے ہے اور چونکہ فارسی مین کتاب
گلستان اور کتاب بوستان آیا ہے اون لوگون نے اسکی ترجمہ کی طور پر کہہ دیا بعض مرتبہ
اسطرح روزمرہ مین اتفاق پڑجاتا ہے اور چونکہ ایسی صورتون مین مراد مضاف ہی بعینہ مضاف الیہ
ہوتا ہے فارسی خوان درخت انار وغیرہ مین اس اضافت کو اضافت بیانی نام رکھ دیتے ہین
اگرچہ واقع مین اضافت لامی ہے لیکن لا مناقشۃ فی الاصطلاح اسی طرح اگر الفاظ اردو
مین بھی فارسی کی تتبع سے اسکو اضافت بیانی کہین تو ہوسکتا ہے اور اضافت بیانی جو
مصطلح نحویون کی ہے اوسکا بیان آگے آویگا تیسری یہ کہ مضاف اور مضاف الیہ مین
عموم وخصوص من وجہ کی نسبت ہو اور مضاف الیہ اصل مضاف کی نہو اور یہ وہ نسبت ہے
کہ پہلا دوسرے کی بعض افراد پر صادق آوے اور دوسرا پہلے کے بعض افراد پر اور اسمین

دو مادون مین افتراق ہوتا ہے اور ایک مادہ مین اجتماع جیسے سفید اور حیوان ان
دونون مین بھی نسبت ہے کسواسطے کہ بعض حیوان پر سفید صادق آویگا نہ جمیع حیوان پر
اور بعض سفید پر حیوان صادق آویگا نہ جمیع سفید پر کیونکہ زاغ حیوان ہے اور سفید نہین
اسیطرح سفید ہے اور حیوان نہین پس یہ دو مادہ افتراق کے ہین اور بط حیوان ہے اور
سفید بھی ہے اور یہ مادہ اجتماع کا ہے جب یہ معلوم ہوچکا تو اب سناچاہیے کہ جہان ایسی نسبت
ہو اور مضاف الیہ مضاف کی اصل نہو وہان بھی اضافت لامی ہے جیسے اضافت سونیکی
کڑی یا پتلی کی طرف مثلاً سونا کڑے کا یا پتلی کا کسواسطے کہ کڑا یا پتلی مادہ سونیکا نہین ہے
دوم بمعنی فی کی یعنی جمعنی حرف ظرف کی ہو اور یہ وہان ہوتی ہے کہ مضاف مباین مضاف الیہ کے
ہو اور مضاف الیہ ظرف ہو واسطے مضاف کے جیسے سوار گھوڑے کا اور سوار کشتی کا اور روزہ
رمضان کا اور پانی کوئے کا سوم بمعنی من کی یعنی بمعنی حرف من کے ہو جو بیان کیواسطے آتا ہے
اور یہ وہان ہوتی ہے کہ مضاف اور مضاف الیہ مین نسبت عموم اور خصوص من وجہ کی ہو اور
مضاف الیہ اصل ہو مضاف کیواسطے جیسے انگوٹھی سونے یا چاندی کی کہ سونا یا چاندی اصل
انگوٹھی کی ہے یعنی وہ اس سے بنی ہوئی ہین اور سناچاہیے کہ اضافت لامی کی بعض قسم مین
اگر مضاف مشبہ بہ او مضاف الیہ مشبہ ہوتا ہے تو اوسکو اضافت تشبیہی کہتے ہین جیسے چشم نرگس
اور زبانِ سوسن وگلِ رخسار اور اگر مضاف بیٹا ہو مضاف الیہ کا تو اوسکو اضافت بنی نام
رکھدیتے ہین اور یہ استعمال فارسی مین بہت ہے اردو گو بھی فارسی کی تتبع سے اپنی کلام مین
استعمال کرلیتے ہین اضافت تشبیہی کو کبھی بعینہ ترکیب فارسی کے طور پر اور کبھی علامت اضافت
یعنی کا لگاکر جو مختص ہے زبان ہندی کے ساتھ اول جیسے اس شعر مین ولی کے ؎ عالم مین
جو ہوا ہے طالب تیری ہو دنکا + اوسکے نگین دل پر نقش ہلال ہوگا + دوسرا جیسے اس شعر

مین وزیر کے سہ افسوس کہ اس دل کا کنول کھلنے نہ پایا + کوئی دیکھو جیتے جلتے ہین شمع
کے تلے ہم + نگین دل اور دل کا کنول مقصود بالتمثیل ہے اور اضافت بنی کو فارسی ہی کی طرح
برلاتے ہین جیسے عباس علی یعنی عباس بیٹا علی کا اور باقی اضافتون کا حال بھی یہی ہے
یعنی کبھی کسرہ کے ساتھ جیسے ان اشعار مین ولی کے سہ مدہوش ہون مین نرگس مست
سے تیرے + ساقی نہ مجکو کچھ قدح مل نے غش کیا + ہوس سہ تمام عمر جو تھا جوش شور
وحشت عشق + سو ہوئی یہ ولولہ اپنے مزار مین بھی تھا + اوٹھا جو خاک ر قیس سے بگولا سا +
ایک اضطرار سا پیدا غبار مین بھی تھا + فقط نہ سنگ ہی کچھ آبلون سے سرخ ہوئی +
لہو بھرا میرا ہر نوک خار مین بھی تھا + اگرچہ آج ہے بالین سنگ و بستر خاک + کبھی تو سر
میرا آغوش یار مین بھی تھا + دوسرے جیسے ان اشعار مین ولی کے سہ نے رشک چمن
نہ عنبر سارا کی تھی شمیم + مجکو کسی کی نکہت کاکل نے غش کیا + آیا چمن مین کونسا گل
یک بیک نسیم + ہر گل کی جیب چاک ہے بلبل نے غش کیا + یک قطرہ خون نہین جگر دلبر
یہان میری + مجکو تو اشک خون کی تسلسل نے غش کیا + ہوس سہ اگرچہ ہجر کا ڈر وصل
یار مین بھی تھا + یہ کچھ قرار دل بیقرار مین بھی تھا + گذشتگان کے زمانہ کا تم نہ وصف کرو +
یہی غم و الم اوس روزگار مین بھی تھا + ہوس کا دل تیرے جانے سے اب ہے منزل غم +
کبھی خوشی کا گذر اس دیار مین بھی تھا + جب ان سب امور سے فراغت حاصل ہوئی تب
جاننا چاہیے کہ علامت اضافت کی ہندی مین تین لفظ ہین اول کا اور یہ باعتبار وحدت
اور جمع اور تانیث اور تذکیر مضاف کے مختلف ہوتا ہے یعنی اگر مضاف واحد مذکر ہو تو کا
الف کے ساتھ اور اگر جمع مذکر ہو تو کے یاے مجہول سے آتا ہے مثلاً زید کا گھوڑا یا گھوڑا زید
کا اور زید کی گھوڑی یا گھوڑی زید کی اور اگر مضاف واحد مونث یا جمع مونث ہو تو

ے یای معروفہ سے مثلاً لونڈی عمرو کی یا لونڈیان عمر کی مثال کا اور کی استعمال گذشتہ
مین کئی مذکور ہوئین دوم نا آور اوسکا حال بھی مثل کا ہے مثلاً اپنا گھوڑا یا اپنی گھوڑی
یا اپنے سپاہی خود جمع کے ساتھ یا اپنی لونڈی یا اپنی لونڈیان اور یہ کلمہ سوائے لفظ آپ کے
کسیکے ساتھ لاحق نہین ہوتا غالب یہ ہے کہ اوس جگہ نا یا پی سا کا کلمہ نہین بلکہ فقط الف یا یای تحتانی
ہے اور نون جزو ہے اپن کا کسواسطے کہ ہندی الاصل اپن بمعنی خود کے ہے چنانچہ باہر شمل
دکھن وغیرہ کے رہنے والون سے اکثر بجائے آپ کے اپن سنا گیا ہے پس زمانہ حال مین تخفیف
سے آپ رہگیا ہے اور تصرف کرکے ہمزہ کو ممدودہ کر لیا ہے اور نون کے ساتھ استعمال کرنا حالت
اضافت مین اقتضا محاورہ اور روزمرہ کا ہے اور یہ امر سماعی ہے اسمین قیاس کو دخل نہین
تیسرا را اور اوسکا حال بھی کا اور نا کا سا ہے تبدیل حرف آخر کے باب مین اور یہ لفظ بغیر
ضمیر متکلم اور مخاطب کے خواہ مفرد کی ہو خواہ جمع کی اور جگہ کہین نہین دیکھا گیا مثلاً میرا گھوڑا
یا ہمارا گھوڑا اور میری گھوڑی یا ہماری گھوڑی یعنی اسپ ہای من مفرد یا اسپہائی ما جمع
کے ساتھ اور تیرا گھوڑا یا تیری گھوڑی اور تیری لونڈی یا تیری لونڈیان اور تمہاری
لونڈی اور تمہاری لونڈیان اور جب مضاف مذکر واحد یا جمع مفعول واقع ہو یا مضاف الیہ
کسی اور مضاف کا ہو وہان یہ تینون علامتین یاے مجہول کے ساتھ آتی ہین مثلاً اوسکے
غلام یا اوسکے غلامون کو مارا یا اوسکے غلام کا گھوڑا دوسری مثال مین غلام مضاف ہے
ضمیر غائب کا اور مضاف الیہ ہے گھوڑی کا باقی مثالین اسی قیاس پر سمجھ لینا چاہیے سودا کا شعر
دامن صبا نہ چھو سکے جس شہسوار کا ٭ پہونچے کب اوسکو ہاتھ ہمارے غبار کا
غبار مضاف ہے ضمیر جمع متکلم کا اور مضاف الیہ ہے ہاتھ کا معلوم کیا چاہیے کہ مضاف کو مضاف الیہ
سے خواہ مقدم کرین خواہ موخر اردو مین دونون طرح سے جائز ہے مثلاً گھوڑا زید کا یا زید کا گھوڑا

جیسی پہلی مثالون سے واضح ہو گیا اور مضاف اور مضاف الیہ مین فصل بھی جائز ہے سودا [illegible]

زخم دل یا دے میرے سوز محبت الیام ◆ چاک مثالت زبان شمع سے گلگیر کا
جو کہ ظالم ہو سو ہرگز پھولتا پھلتا نہین ◆ سبز ہوتے کھیت دیکھا ہے کبھو شمشیر کا
توڑ کر بتخانہ کو مسجد بنائی تو نے شیخ ◆ برہمن کی دل کی بھی کچھہ فکر ہے تعمیر کا

شعر اول مین چاک اور گلگیر اور دوسرے شعر مین کھیت اور شمشیر اور تیسرے مین دل اور تعمیر مضاف اور مضاف الیہ ہین جو الفاظ انکے بیچ مین واقع ہین وہ فصل ہین ان [illegible]

فصل دوسری اس مرکب کے بیان مین جسنے دو اسم سے ترکیب پائی ہو اور وہ اسم معنی حرف کو متضمن ہو یہ امر اسمائے اعداد مین پایا جاتا ہے اور صورت لفظ سب اسمائے اعداد کی متقضی اس بات کی ہے کہ ان سب مین ترکیب ہو کسواسطے کہ مثلاً تیرہ اور چودہ اور پندرہ اور سترہ اور اٹھارہ اور تیئیس اور چوبیس اور اسی قیاس پر باقی اعداد ننانوے تک انکے اول مین معلوم ہوتا ہے کہ اعداد احاد مثل تین اور چار اور پانچ اور سات اور آٹھ ہین اور بسبب تغیر زمانہ اور تصرف السنہ کے کچھہ تبدل اون مین آ گیا ہے لیکن چونکہ بعض کے جزو ثانی کی حقیقت مثل گیارہ اور بارہ اور انیس اور انتیس وغیرہ [illegible] کو معلوم نہین اسواسطے نہین کہہ سکتا کہ یہ اسما کس کس لفظ سے مرکب ہین بہر کیف جنکی حقیقت ترکیب کی قریب فہم کے ہے انکو مثال مین لکھتا ہے تیئیس اور چوبیس اور پچیس اور چھبیس اور ستائیس اور اٹھائیس مرکب ہین عدد احاد اور بیس سے انکی اصل تھی تین اور بیس اور چار اور بیس وغیرہ کہ بسبب تصرف کے بعض حروف جزو اول اور جزو ثانی کے گر گئے اور کوئی حرف مثل الف ستائیس کے زیادہ ہو گیا لیکن حرف او اور جو عطف کے واسطے ہے حذف کیا اور ان دونون اسمون کو باہم امتزاج دیکر بمنزلہ ایک اسم کے کر دیا فصل تیسری

اوس مرکب کے بیان مین جو دو اسم سے ترکیب پاکر بمنزلہ اسم واحد کے ہوگیا ہو لیکن
اسم دوسرا معنی حرف کو متضمن نہو اسماء الرجال بیشتر اسی قبیل سے ہوتی ہین اہل اسلام
کے نام مثلاً محمد حسین اور احمد حسین اور علی نقی اور اسد علی اور علی حسین اور حیدر علی اور
حیدر حسن اور کرار حسین اور ہندی مین جیسے شنکر سنگہ اور مہر چند اور مہتاب سنگہ اور
شیر سنگہ اور ناہر سنگہ **خاتمہ بعض ضروریات کے بیان مین** اوس اوسمین دو فصلے
ہین فصل پہلی تمیز مین اور تمیز وہ اسم ہے کہ کسی شی سے ابہام کو رفع کرے اور یہ کئی طرح پر ہوتی ہے
یہ ہے کہ عدد سے رفع جیسے میرے پاس دس آدمی ہین دس عدد مبہم تھا اوس سے معلوم نہوتا تھا کہ دس
کیا چیز ہے جب کہا آدمی وہ ابہام جاتا رہا دوسرے وزن سے جیسے دو سیر تیل جلا تیسرے پیمانہ سے مثلاً
ایک کٹھری کپڑون کی اور چار گونین اناج کی اور ایک مٹکا پانی کا اور دو کپے گھی کے اوسکے گھر مین
ہین چوتھی مساحت سے جیسے دو کوس زمین لڑکی اور بالشت بھر کپڑا پھاٹا اور کبھی تمیز رفع ابہام کرتی ہے
نسبت سے جو درمیان جملہ کے ہے مثلاً وہ شخص اپنی ذات سے خوب ہے نسبت خوب ہونیکی جو شخص
کی طرف ہے مبہم تھی یعنی معلوم نہ تھا کہ اوسکا خوب ہونا اوسکے اپنے نفس کی جہت سے ہے یا غیر کی
جب کہا اپنی ذات سے معلوم ہوگیا کہ اوسکا خوب ہونا اوسکے نفس کی جہت سے ہے یا وہ شخص
ہمسے بڑا ہے باعتبار ناتے کے یا باعتبار سن یا علم و فضل کی بڑائی مبہم تھی کسواسطے کہ بڑا ہونا
کئی وجہ سے ہوتا ہے اور یہ معلوم نہ تھا کہ وہ شخص عمر یا کسی اور اعتبار سے بڑا ہے جب کہا باعتبار
ناتے یا سن یا علم و فضل کے وہ ابہام اوٹھ گیا **فصل دوسری** استثنا کے بیان مین
اور استثنا الگ کرنا ایک چیز کے حکم کا ہے بہت چیزون کے حکم سے پس جسکو نکالین اوسکو
مستثنی اور جس سے نکالین اوسکو مستثنی منہ کہتے ہین اور یہ الگ کرنا بواسطہ چند حرفون کے
ہوتا ہے جنکا بیان حروف کی بحث مین گذرا اور مستثنی دو قسم پر ہے متصل اور منقطع متصل آ

کہتے ہین کہ نکالا جاوے ایسی کئی چیزون سے کہ وہ ان چیزون مین داخل ہو مثلا اس گھر کے
سب آئے سوا زید کے مراد یہ ہی کہ اون گھر کے لوگون مین ایک زید بھی تھا حرف استثنا
کے ساتھہ اوسکو ان سب سے خارج کر دیا تا کہ اوسکا آنا نہ سمجھا جاوے اور وہ کئی چیزین جنمین
سے مستثنے کو خارج کرتے ہین جائز ہی کہ لفظا مذکور ہون جیسے پہلی مثال مین گذرا اور جائز
ہے کہ مقدر ہو مثلا یہان آج نہین آیا مگر زید یعنی کوئی نہین آیا مگر زید مستثنی منہ یعنی لفظ
کوئی مقدر ہی اور منقطع اوسی کہتے ہین کہ جن کئی چیزون سے الگ کرین وہ پہلے سے اونمین
داخل نہو مثلا کہین کہ یہان سب شاہزادے آئے تھے الا سپاہی ظاہر ہی کہ سپاہی جو مستثنے
ہے مستثنی منہ یعنی شاہزادون مین داخل نہین ہی یا اوس قوم کے سب لوگ آئے سوای چارپایون
کے اور ظاہر ہی کہ چارپایہ قوم مین داخل نہین **فصل تیسری** منادا کے بیان مین اور منادا
وہ ہی کہ پکارا جاوے بواسطہ حرف ندا کے اور حروف ندا کا ذکر حرف کی بحث مین گذرا
اور وہ حروف قائم مقام لفظ ادعو کے ہوتے ہین یعنی بلاتا ہون مین جیسے ای شخص یہان
آ شخص منادی ہی کہ پکارا گیا ہی بواسطہ لفظ ای کے اور مراد اس سے یہ ہی کہ بلاتا ہون مین
شخص معین کو اور منادا کبھی غیر معین بھی ہوتا ہی مثلا ایک نابینا کہے کہ ای بندہ خدا کے
مجھے کچھہ دے لیس ظاہر ہی کہ نابینا بسبب نظر نہ آنے کے کسی کی تعین نہین کرتا بلکہ چاہتا ہی کہ کوئی
شخص میری آواز سنکر مجھے کچھہ دیوے **فصل چوتھی** مندوب کے بیان مین اور مندوب وہ ہی
کہ اوسکے واسطے دردمند ہون اوسکے نہونے کے سبب سے یا اوسکے ہونے کے سبب سے جسوقت
وہ مندوب مفقود ہو جسکے نہونے کے سبب سے دردمند ہوتے ہین مندوب قسم اول کا
جیسے کہین ہاے باوا اور ہای بیٹا جب کسی کا باپ یا بیٹا مرگیا ہو اور ظاہر ہے کہ باپ
اور بیٹے کے نہونے سے تو دردمند ہوکر یہ کلمہ کہا ہی اور مندوب قسم ثانی کا جیسے کہین کہ

ہاے مصیبت یا ہائے افسوس یا وا ویلا جب کسی کا کوئی عزیز مر گیا ہو یا کچھ مال تلف ہو گیا ہو
مثلاً او ظاہر ہے کہ عزیز یا مال نہ ہونے سے جو مصیبت اور افسوس موجود ہوا وس افسوس
وغیرہ کے ہونے پس تعجب کیا گیا ہے **فصل پانچوین** صفت اور موصوف کے بیان مین معلوم
کیا چاہیے کہ صفت وہ چیز ہے کہ دلالت کرے اوس معنی پر جو اوسکے موصوف مین ہو اور اسکا
استعمال دو نوع پر ہے نوع اول بطور فارسی کے اور یہ دو قسم ہے ایک یہ کہ وہ کلمہ جو موصوف
ہے مکسور الآخر ہو اور اوسکے بعد صفت واقع ہو جیسے اسپ خوش رفتار اور مرد جاہل اور
بادشاہ عادل اور دست کوتاہ اور مرد نیک اور دوسرے یہ کہ موصوف الآخر ہو اور صفت
اس سے پہلے واقع ہو جیسے نیکمرد اور ان دونون قسم مین دونون کلمہ فارسی ہی ہوتے ہین
نوع دوم بطور ہندی کے اور اس نوع مین صفت اکثر بطور قسم دوم نوع اول کی پہلے
موصوف سے واقع ہوتی ہے اور یہ بھی دو طرح پر ہے ایک یہ کہ صفت اور موصوف دونون
ہندی ہون جیسے بھلا مانس اور اچھی رت اور برا چلن اور بڑا بھائی اور چھوٹا بیٹا
دوسرے یہ کہ صفت ہندی اور موصوف فارسی جیسے بھلا آدمی اور بڑا آدمی اور بڑا صاحب
اور چھوٹا صاحب اور اچھی طرح اور کبھی صفت مؤخر بھی موصوف سے واقع ہوتی ہے
جیسے آدمی اچھی کی کیا بات ہے جاننا چاہیے کہ صفت اگر لفظ فارسی ہو تو از بس الفاظ فارسی
مین تفرقہ تذکیر اور تانیث کا نہین ہے تو واسطے موصوف عام ہے کہ مذکر ہو یا مونث اور یہ
بھی ہو سکتا ہے کہ موصوف واحد ہو خواہ جمع مثلاً ایک نیکمرد یون کہتا تھا اور نیکمردون
نے یون کہا اور ایک زن بیٹھی تھی یا نیک زنین یا نیک عورتین ایسا کام نہین کرتین
اور اگر صفت لفظ ہندی ہو تو وہان تانیث اور تذکیر واجب ہے مثلاً اچھا مرد اور اچھی
عورت اور وحدت اور جمع مین تفصیل ہے یعنی اگر صفت کے آخر الف ہو تو موصوف بھی

آتے ہیں کہ جیسے اونکو حتی کی خبروں سے کہ دو ہاتھ خبروں میں داخل ہے مثلاً اس کے کہ
سب تمہ سوتر ہیں کہ مراد یہ ہو کہ دون تھے کے لوگون میں ایک رہ بھی مگر حرف استثنا
کے ساتھ اوسکو اس سے خارج کر دیا کہ وہ کی آنے تم نے باوجود اور وہ کی خبر میں ہم
سے سمجھے کو خارج کرتے ہیں جو لا نہ ہو کہ لفظ مذکور ہو ان جیسے پہلی مثال میں گنتا اور جو ہم
نے کہ مقصد ہو مثلاً یہان آج نہیں آیا مگر زید یعنی کوئی نہیں آیا مگر زید مستثنی منہ یعنی جسمے
کوئی مقصد ہو اور مشتق اوس کو کہتے ہیں جس کی خبروں سے الگ کریں جو پہلے اونمین
داخل ہو تو منفصل کہیں کہ یہان سب شاگرد آئے مگر زید الا اسپاہی مثل سے جیسا ہی جو سے
ہے مستثنی لیکن شاگردوں میں داخل نہیں ہو اور اس قوم کے سب لوگ آئے مگر سوائے
کے اور جو اس کے کہ بیان کیا ہو تو میں داخل نہیں فصل تیسری منادی کے بیان میں منادی
وہ ہے کہ جسکو بلایا ہو واسطے حرف ندا کے اور حروف ندا کا ذکر حرف کی بحث میں گذرا
اور وہ حروف یا اے ہم الف اور حرف ہوتے ہیں یعنی یا اے یا جیسے بلانا ہون میں جیسے اے شخص یعنی
اے شخص منادی ہو کر کہے کہ آگیا ہو واسطے لفظ آئے کے اور مراد اس سے یہ ہو کہ یا کہ بابت
شخص جیسے کو اے منادی کبھی خبر نہیں بھی ہوتا ہو مثلاً ایک نابینا کہے کہ اے شخص خدا کے
مجھے کچھ دو لیکن ظاہر ہو کہ نابینا بسبب اندھاپن کے کسی کی تعین نہیں کرتا بلکہ چاہتا ہو کہ کوئی
شخص میری آواز سنکر مجھے کچھ دیوے فصل چوتھی مندوب کے بیان میں اور مندوب وہ ہے
کہ اوسکے واسطے ندبہ کیا ہو ان اوسکے مرنے کے سبب سے یا اوسکی جدائی کے سبب سے جیسے
وہ مندوب مفقود ہو جسکے نہ ہونے کے سبب سے درد مند ہوتے ہیں مندوب قسم اول کی
جیسے کہیں ہائے باپ اور ہائے بیٹا جب کسی کا باپ یا بیٹا مر گیا ہو اور ظاہر ہے کہ باپ
اور بیٹے کے نہ ہونے سے درد مند ہو کر یہ کلمہ کہنا ہو اور مندوب قسم ثانی کا جیسے کہیں کہ

اسے مصیبت یا ہای افسوس یا وا ویلا جب کسی کا کوئی عزیز مر گیا ہو یا کچھ مال تلف ہو گیا ہو
شلا اور ظاہر ہی کہ عزیز یا مال نہونے سے جو مصیبت اور افسوس موجود ہوا وس افسوس
وغیرہ کے ہونے پر تفجع کیا گیا ہی **فصل پانچوین صفت اور موصوف کے بیان مین** معلوم
کیا چاہیے کہ صفت وہ چیز ہی کہ دلالت کرے اوس معنی پر جو اوسکے موصوف مین ہوا ور اسکا
استعمال دو نوع پر ہے نوع اوّل بطور فارسی کے اور یہ دو قسم ہے ایک یہ کہ وہ کلمہ جو موصوف
ہے مکسور الآخر ہوا ور اوسکے بعد صفت واقع ہو جیسے اسپ خوش رفتار اور مرد جاہل اور
بادشاہ عادل اور دست کوتاہ اور مرد نیک اور دوسرے یہ کہ موصوف ساکن الآخر ہوا ور صفت
اس سے پہلے واقع ہو جیسے نیکمرد اور ان دونون قسم مین دونون کلمہ فارسی ہی ہوتے ہین
نوع دوم بطور ہندی کے اور اس نوع مین صفت اکثر بطور قسم دوم نوع اول کے پہلے
موصوف سے واقع ہوتی ہی اور یہ بھی دو طرح پر ہے ایک یہ کہ صفت اور موصوف دونون
ہندی ہون جیسے بھلا مانس اور اچھی رُت اور برا چلن اور بڑا بھائی اور چھوٹا بیٹا
دوسرے یہ کہ صفت ہندی اور موصوف فارسی جیسے بھلا آدمی اور برا آدمی اور بڑا صاحب
اور چھوٹا صاحب اور اچھی طرح اور کبھی صفت موخر بھی موصوف سے واقع ہوتی ہی
جیسے آدمی اچھی کی کیا بات ہے جاننا چاہیے کہ صفت اگر لفظ فارسی ہو تو از بس الفاظ فارسی
مین تفرقہ تذکیر اور تانیث کا نہین ہی تو واسطے موصوف عام ہی کہ مذکر ہو یا مونث اور یہ
بھی ہو سکتا ہی کہ موصوف واحد ہو خواہ جمع مثلاً ایک نیکمرد یون کہتا تھا اور نیکمردون
نے یون کہا اور ایک زن نیک تھی یا نیک زنین یا نیک عورتین ایسا کام نہین کرتین
اور اگر صفت لفظ ہندی ہو تو وہان تانیث اور تذکیر واجب ہی مثلاً اچھا مرد اور اچھی
عورت اور وحدت اور جمع مین تفصیل ہے یعنی اگر صفت کے آخر الف ہو تو موصوف بھی

چاہیے کہ واحد ہو مثلاً اچھا مرد اور اگر صفت کے اخیر مین یاے مجہولہ ہو تو موصوف چاہیے
کہ جمع ہو مثلاً اچھے مردون کو اور اچھے آدمیون کو ایسا ہی چاہیے اور اس عبارت مین
مثلاً اچھے مرد اور اچھے آدمی ایسی ہی ہوتے ہین باوجود یاے مجہولہ کے مرد اور آدمی
کا باعتبار لفظ کے مفرد ہونا اسواسطے کہ الفاظ فارسی حالت فاعلیت مین جب علامت
فاعل یعنی لفظ نے اور علامت مفعول یعنی کو انکے ساتھ مذکور نہو زبان اردو مین
باعتبار لفظ کے مفرد ہوتے ہین گو مقصود جمع ہو جیسے کئی مرد اور کئی آدمی آئے تھے اور
کئی مرد اور کئی آدمی کھانا کھا گئے اور ہمنے کئی مرد یا کئی آدمی دیکھے تھے اور اگر صفت کے
آخر یاے معروفہ ہو تو موصوف کا واحد اور جمع ہونا دونو درست ہی مثلاً اچھی عورت
اور اچھی عورتین **فصل چھٹی** تاکید کے بیان مین اور تاکید وہ شی ہے کہ کسی خبر کو نسبت
یا شمول مین مقرر کر دے تاکہ سننے والے کو شک نرہے اور تاکید دو طرح پر ہو لفظی اور
معنوی لفظی وہ ہی کہ ایک لفظ کو مکرر ذکر کرین خواہ فعل کو اور فعل امر ہو مثلاً بیٹھہ بیٹھہ
اور جا جا اور کہہ کہہ اور ٹھہر ٹھہر یا ماضی ہو مثلاً جب کوئی پوچھے کہ زید گیا یا پوچھے کہ آیا تو
کہین کہ گیا گیا یا آیا آیا یا مضارع ہو مثلاً جب کوئی پوچھے کہ زید وہان جاوے گا یا دہان سے
آویگا تو کہین کہ جاویگا جاویگا یا آویگا آویگا خواہ فاعل کو مکرر ذکر کرین مثلاً جب کوئی پوچھے
کہ تمھین نے کہا تھا تو کہا جاوے کہ مین نے مین نے یا پوچھے کہ کیون حضرت وہان مین ہی جاؤن
تو کہا جاہی کہ ہان صاحب تم تم اور فعل یہان سے بسبب قرینہ کے محذوف ہو گیا ہی یا سوا
ان کلمات کے کسی اور کلمہ مثل کلمہ تنبیہ اور نفی اور نہی کو مکرر ذکر کرین مثلاً ہان ہان
وہان جایا نہین نہین مین نے نہین کہا یا کسیکو کسی کام سے منع کرنے کے وقت کہین مت مت
یعنی اس کام کو مت کر اور الفاظ مکرر مین کبھی فصل بھی واقع ہوتی ہے مثلاً ہان ری ہان

یا ہان صاحب ہان یا ہان میان ہان یا کیا تھا صاحب کیا تھا یا آوے گا مقرر آویگا
علی ہذا القیاس آور کبھی تمام جملہ کو مکرر کہتے ہین مثلاً زید گیا تھا زید گیا تھا اس تاکید مین تقرر ہے
نسبت کا اور تاکید معنوی وہ ہے کہ معنی کسی لفظ کی تقریر پر دلالت کرے اور وہ یہ الفاظ ہین
آپ خود سب دونون اور اخوات اسکے مثلاً کہین مین آپ گیا تھا یا مین خود موجود
تھا اور وہان سب لوگ بیٹھے تھے اور دونون یہان آئے تھے اسمین تقرر ہے شمول مین فصل
ساتوین بدل کے بیان مین بدل وہ اسم ہے کہ بعد ایک اسم کے واقع ہوا ور نسبت کے ساتھ
وہی مقصود ہو اسم اول بمنزلہ توطیہ اور تمہید کے ہوتا ہے اور اول مبدل منہ کہتے ہین آور
بدل چار قسم ہے آول بدل الکل من الکل یعنے سارے کو سارے سی بدل کرین اور یہ وہ اسم ہے کہ
اسکا مدلول بعینہ مدلول مبدل منہ کا ہو مثلاً زید تمہارا بھائی آیا تھا یا علی بخش آپکا بیٹا گیا
بھائی بدل ہے زید کا اور بیٹا بدل ہے علی بخش کا اور آنے اور جانے کی نسبت ساتھ وہی مقصود
ہین اور زید اور علی بخش ان دونون کے واسطے بمنزلہ تمہید کے ہین کیونکہ اگر انکو نکہتے بھائی
اور بیٹا ہونا اسکی نسبت سمجھا جاتا دوسرے بدل البعض من الکل یعنی سارے کا ایک جزو اوس
سارے کا بدل ہو اور یہ وہ اسم ہے کہ اسکا مدلول مبدل منہ کی مدلول کا جزو ہو جیسے کہین کہ ہمنے روٹی
کھائی ایک ٹکڑا اور پیالا کھایا ایک نوالہ یا اسکو باپ کا مال میراث مین پہنچا اوسکا آدھا
تیسری بدل الاشتمال اور یہ وہ ہے کہ اسکا مدلول مبدل منہ سے متعلق ہو اسکی شان تکلف لکھی جاتی
ہے مثلاً کہین زید لٹ گیا مال اوسکا زید کے لٹ جانے سے اوسکے مال کا لٹنا مراد ہے لیکن بدل
عربی مین کثیر الوقوع ہے اور فارسی مین بھی کم واقع ہوتا ہے چہ جائے اردو اور اسکا استعمال
اردو مین کہین پایا نہین گیا بدل الغلط وہ اسم ہے کہ غلط کے پیچھے ایک اور لفظ سے یاد کرین
اور اردو مین لفظ نہین کا بھی اس بدل کے اول مذکور کرتے ہین تاکہ معلوم ہو کہ پہلا اسم

مقصد تھا اور یہ بھیا زبان سے سرزد ہوگیا تھا اور مقصود دوسرا ہے مثلاً کل آپ کو بھائی
آیا تھا نہیں بتایا یعنی اول بھول سے بھائی زبان سے نکل گیا اور بابا ویسکے اوسکا تدارک
کیا فصل آٹھوین ادس عطف کے بیان مین جو بواسطہ حروف عاطفہ کے ہو اور جسپر عطف
کرین اوسکو معطوف علیہ کہتے ہین اور معطوف وہ اسم ہے کہ حرف عطف کے بعد معطوف علیہ کی
نسبت کے ساتھ مقصود ہو جیسے کہین پلاؤ اور سالن کھایا یعنی سالن بھی کھایا اور پلاؤ بھی کھایا
معلوم ہوا چاہیے کہ فعل تانیث اور تذکیر مین معطوف کی تانیث اور تذکیر کے تابع ہے یعنی اگر
معطوف علیہ مذکر ہو اور معطوف مونث تو فعل مین علامت مونث کی لاحق کرینگے مثلاً سالن او
روٹی کھائی اور اگر معطوف علیہ مونث اور معطوف مذکر ہو تو فعل مین علامت تذکیر کے لاحق
کرینگے جیسے روٹی اور سالن کھایا اور عطف بالحروف کو عطف نسق بھی کہتے ہین فصل نوین عطف بیان
الحیایک اسم ہے جو متبوع کے سوا کہ ایک اور شے کو ظاہر کردیتا ہے پس عطف بیان وہ اسم واقع ہوگا
جو زیادہ مشہور ہو مثلاً مصلح الدین سعدی جمال الدین عرفی افضل الدین خاقانی اوحد الدین انوری
یا کہین میر نظام الدین ممنون شیخ ابراہیم ذوق یا کہین مرزا مغل بادشاہ کے چھوٹے بیٹے کی سواری آرہی تھی

باب تفسیر اللغت مین

فصل الالف آ امر ہے مشتق آنے سے آب الف ممدودہ کے ساتھ پانی اور موتی کی
صفائی اور جب مضاف ہوتا ہے تلوار اور چھری وغیرہ کی طرف بمعنی تیزی اور برش کے آتا ہے
آبدار وہ شخص جسکو آبدار خانہ کی خدمت سلاطین یا امرائے جلیل القدر کے مکان پر سے
متعلق ہو اور وہ شمشیر جسمین برش خوب ہو اور وہ موتی جسمین صفائی بہت ہو اور
مربے کا شیرہ جسوقت خوب صاف اور بخوبی تیار ہو تو اسکو بھی کہتے ہین کہ خوب آبدار
پکا ہے آبداری خدمت آبدار خانہ کی اور صفائی آبدار خانہ وہ مکان جو پانی کے ظروف

رکھنے کے واسطے مختص ہوا آبدیدہ وہ شخص کہ اوسکی آنکھ مین آنسو بھرے ہوئے ہوں اور مستعد گریہ کا ہو آبدست استنجا اور اس لفظ کو کرنے اور لینے کے ساتھ استعمال کرتے ہین جیسے کہین کہ اوسنے آبدست کی یا آبدست لی آبرو عزت اور اعتبار آبشار پانی کی چادر آبکاری شراب کا کام مثل کشیدا وربیع آب وتاب صفائی اور چمک آباد ضد ویران اور اوسکا استعمال مکان اور مکین دونون کے جائز ہے جیسے وہ گھر آباد ہے یا وہ شخص اس گھر مین آباد ہوا اور جو شخص فارغ البال اور فراخ معیشت ہوا اوسے بھی آباد کہتے ہین اور یہ مجاز ہے مثلا کہین اب وہ شخص روٹی سے آباد ہوا آبادی مقابل ویرانی آبلہ پھپھولا اور دانہ چیچک اور بمعنی اول کے پھوٹنے کے ساتھ استعمال کرتے ہین آبلہ دلکا وہ سوزش جو کیسا رشک اور حسد سے دلمین ہو اور نسبت آبلہ کی طرف دل کے اس خیال سے ہے کہ بسبب کمال سوزش کے دلمین فی الواقع آبلہ پڑگئے ہین آبی نیلگون اور ایک قسم روٹی کی ہے مقابل روغنی کے کہ تنور مین پکتی ہے چونکہ روغنی کے خمیر مین روغن اور دودھ داخل کرتے ہین اور اوسکے خمیر مین پانی اسواسطے آبی کہتے ہین آب الف مقصورہ کے ساتھ یعنی اسوقت آبتر اصل مین بمعنی دم بریدہ کے ہے اور مستعمل بمعنی پراگندہ کے جیسے سب کاغذ دفتر کے ابتر پڑے ہین اور بمعنی بد وضع اور بد اطوار کے بھی استعمال کیا جاتا ہے جیسے کہین کہ اوسکا بیٹا بڑا ابتر ہے ابجد عبارت مشہور کہ اوس سے اعداد حروف تہجی کے معلوم ہوتے ہین ابجد خوان نو آموز ابدال الف کے فتحہ سے ایک فرقہ ہے مردان غیب سے ابر مشہور ہے چونکہ ابر نشان رحمت الہی کا ہے ابر کو ابر رحمت بھی کہتے ہین اور کبھی بطور تشبیہ کے رحمت الہی کو بھی ابر رحمت بولتے ہین اور وہ دستش جو کاغذ ابری پر ہوتی ہین اکثر بھی ابر کہتی ہین ابر عالمگیر وہ ابر ہے کہ دور دور تک برسے ابر قبلہ وہ ابر جو قبلہ سے اوٹھے اور یہ ابر اغلب کہ خوب برستا ہے ہر چند قبلہ اور کعبہ ایک ہے لیکن فارسی بیت اس ابر کو ابر قبلہ

کہتے ہین نہ ابر کعبہ مگر میر تقی نے ابر کو کعبہ کی طرف بھی ایک شعر مین منسوب کیا ہے اور حق یہ ہے
کہ اوس شعر مین لفظ کعبہ کا بنسبت قبلہ کے خوب کرم واقع ہوا ہے سے ابر اوٹھا ہو کعبہ
سو جھوم ہے میخانہ ہے + بادہ کشونکے جمگھٹ ہین اب شیشہ اور پیمانہ ہے + اور شعر ہو کہ
آگینہ میرے پوچھا تھا کہ ابر قبلہ معروف ہو نہ ابر کعبہ اور شعر میں جواب دیا کہ کعبہ یہان گرم تھا
اسلئے ابھی کہا گیا ابر مردہ ایک چیز ہوتی ہو پوٹلی او سوراخ دار اور بہت ہلکی کہ پانی کو بنیت
کرتی ہو عوام کو اعتقاد ہو کہ وہ مرا ہوا ابر ہوتا ہو اسکو عربی مین اسفنج کہتے ہین ابر بھی ایک قسم
کاغذ منقش کی ہو اور اوسکے منقش کرنے کا قاعدہ یہ ہو کہ تخم میتھی کے لعاب پر گلی نارنج شنگرف
اور زرد اور سبز وغیرہ ڈالکر کاغذ اوسپر رکھکر اوٹھا لیتے ہین کاغذ اون رنگون کو لے لیتا ہو اون
نقوش کو ابر اور اوس کاغذ کو کاغذ ابری کہتے ہین ابرہ دو ذو ہرد یا سلائی دار دیا ہین وہ
کپڑا جو اوپر کیجانب ہو مقابل استر کی ابسا طعام کا متعفن ہوجانا بسبب اثر گرمی کے ابسا ہوا
طعام جو بسبب گرمی کے متعفن ہوگیا ہو اُبلنا الف مضموم سے پانی یا اور شے کا بسبب
جوش کے ظرف سے باہر نکل پڑنا ابال حاصل بالمصدر ہو ابلنے سے یعنی اوس جوش کو کہتے ہین
جسکے سبب مائعات اپنے ظرف مین سے باہر نکل پڑتے ہین اُبنا الف مضموم سے نباتات کا زمین
سے باہر نکلنا اور بجائے اوسکے اُگنا کاف فارسی سے مقام مین بابے ہو محاورہ کی بہت مستعمل
ہے اُبوانا اسی سے متعدی ہو یعنی کسیکو بونے کے واسطے حکم کرنا ابھی الف مضموم سے یعنی
یعنی اسیوقت یہ مرکب ہو اب اور ہی سے جو فائدہ حصر کا دیتا ہو آپ الف ممدودہ سے بمعنی
فارسی کے یعنی خود آیا ہو ہمارا بھی آپس یعنی ہم دیگر اپنایت یعنی قرابت اپن الف مفتوحہ
سے یعنی خود لیکن شاہجہان آباد کی زبان مین مستعمل نہین اہل دکن وغیرہ کا محاورہ ہو اپنا
جو اپنے ملک سے ہو مگر اطلاق اسکا اوسپر کرتے ہین جو باعتبار لفظ کے مذکر ہو مثلاً اسباب

اپنا اور مال اپنا اور مکان اپنا آئی یاے معروف سے جو اپنے ملک سے ہو لیکن اسکا اطلاق اوس پر کرتے ہین جو باعتبار لفظ کے مؤنث مثلاً اپنی حویلی اور اپنی زمین اور اپنی چیز اچھی تا اکثر خفیف ہونے کے محل مین استعمال کرتے ہین اور کبھی ایسے محل مین بھی بولتے ہین کہ کوئی فرد بہت نشاط یا ہیجان مین ازخود رفتہ ہو کر کسیکے ساتھ التفات نکرے جیسے کہین وہ شخص مدے زیادہ ابھرا جاتا ہے آتش آگ آتشک مرض مشہور آتشی اسکا اطلاق اکثر جن اور پری پر کرتے ہین جیسے خاکی انسان پر آتشدان انگیٹھی آتشی شیشہ ایک قسم شیشہ کی ہے کہ اگر مقابل آفتاب کے کیا جاوے اسطرح سے کہ آفتاب کی چمک اوسمین سے کپڑے پر گرے تو وہ کپڑا جل جاتا ہے اتو بالفتح مضموم سے معہ تاے فوقانی کے مشدد خواہ مخفف اصل مین ایک آلہ کا نام ہے جس سے کپڑے پر نقش کرتے ہین اور باعتبار مجاز کے اون نقوش کو بھی کہتے ہین اور بنانا چاہیے کہ اوس آلہ کو آگ پر گرم کر کر کپڑے پر رکھتے ہین اوسکے دبانے سے بعض اجزا کپڑے کے اوبھر آتے ہین اور اوس اوبھرنے سے بیل اور بوٹے کپڑے پر معلوم ہوتے ہین آڑ الف ممدودہ اور راے ثقیلہ ہندی سے پناہ کسی شے کی مثلاً وہ دیوار کی آڑ مین کھڑا ہو رہا ایک قسم خوشبو کی ہے آگ کا لگنا آگ کا کسی سے مین اثر کرنا اور اکثر اوس مقام مین مستعمل ہوتا ہے کہ کسیکا گھر جل جاوے اور بمعنی غضبناک ہونے کے بھی آتا ہے مثلاً مجکو اوس بات پر آگ لگ گئی اور کبھی یون کہتے ہین میرے تن بدن مین آگ لگ گئی اور معنی حقیقی سے ماخوذ ہے آگ لگی یاے تحتانی مجہول سے دیباے پر ہے اکڑنا مردی سے اعضا کا افسردہ اور سخت ہونا اور کبھی تکبر اور غرور مین بھی مستعمل ہوتا ہے اور یہ ایک حالت ہے جسے ٹھگولنا کہتے ہین یعنی چھاتی نکال کر چلنا اکھڑ الف مقصورہ اور کاف تازی مشدد مخلوط الہا اور راے ثقیلہ ہندی سے وہ شخص ہے جو بات بھلائی کی مطلق نہ سمجھے آکال الف

مضموم اور کاف فارسی مع الالف سے تھوک پان کا جب چباکر منہ سے ڈالدین اگالدان
وہ ظرف ہے جسمین تھوک پان کا منھ سے ڈالتے ہین ترکیب اس لفظ کی لفظ ہندی اور
فارسی سے بسبب اختلاط اہل ہند اور اہل فارس کے ہے اٹکنا الف مقصورہ اور تاے ثقیلہ
ہندی اور کاف تازی ساکن سے کسی کا چلتے چلتے ٹھہر جانا اور کبھی عورت کا کسی مرد سے
دل بستہ ہونے کے محل مین بھی مستعمل ہے مثلاً وہ عورت اوس شخص سے اٹک رہی ہے اور
اٹکنا دل کا دل کے لفظ کی زیادتی کے ساتھ مرد اور عورت دونون کے حق مین بولتے
ہین اور یہ فرق بطریق روزمرہ کے ہے نہ باعتبار معنی حقیقی کے اور عبارت کے پڑھنے
مین بھول جانے کو بھی اٹکنا کہتے ہین اتون الف ممدودہ اور تاے فوقانی مضموم سے
وہ عورت جو لڑکیون کو علم تعلیم کرے اوڑا الف مقصورہ اور دال ثقیلہ ہندی مشدد
مع الالف سے عبد الواسع نے رسالہ لغات ہندی مین لکھا ہے کہ دو لکڑیان زمین کے
گاڑ کر ایک لکڑی اور اوپر باندھتے ہین تاکہ کبوتر یا اور جانور اوپر بیٹھین انتھے اور
اون چار لکڑیون کو بھی کہتے ہین کہ بطور مربع کے باہم جوڑ کر عورتین اوپر جالی اور
کشیدہ کاڑھتی ہین اوتترا اور اوتر حذف الف سے ایک قسم کپڑے باریک کی ہے اور سی
الف مقصورہ اور راے مہملہ اور واو مکسورہ سے ترکاری معروف اردا واوہ آٹا جو پانی
مین گوندھ کر گھوڑے یا گاؤ کو کھلا دین اور اصل اس لفظ کی آرد آبہ ہے یعنی فارسی
الاصل ہے لیکن بعد تصرف کے الف کو مقصورہ اور باے موحدہ کو واو کر لیا ہے اٹنی
ہمارے ہند کا اٹکھیلی الف مفتوحہ اور تاے ثقیلہ ہندی ساکن اور کاف تازی مکسور
مخلوط الہا مع التحتانی سے ظاہر الاصل مین اٹک کھیلی ہے دو کاف تازی سے یعنی کھیلنے
مین اٹک جانا پھر بسبب کثرت استعمال کے ایک کاف محذوف ہو گیا اب روزمرہ عام مین

ایسے محل مین مستعمل ہر کہ کوئی کسی کام کو ترک کر کرے لیکن پھر بھی اسکا اطلاق ثقات
کے حق مین نہین کرتے اٹیرن ایک لکڑی ہوتی ہر کہ اوسکی دونون سرون پر دو لکڑیان
اور لگا دیتے ہین اوسپر عورتین سوت اٹیرتی ہین آٹھون یعنی ہر دوا حد آٹھ چیزون مین
سے آٹھون کا میلہ نام ہر ایک میلہ کا شہر لکھنؤ مین انشاء اللہ خان کے مستزاد کا مصرعہ
چل آٹھون کے میلے کی ذرا دید کرین ہم ہی سیر کی جا گہہ + اجیرن الف مفتوح اور جیم تازی
مکسور مع التحتانی اور راے مہملہ مفتوحہ مع النون اُس کام کو کہتے ہین جس سے طبیعت
بسبب طول زمانہ کی تنگ آجاوے اچنبھا التعجب اکیلا کاف تازی مکسور اور یاے تحتانی
مجہولہ سے یعنی تنہا اگاڑا الف مفتوحہ اور کاف فارسی ساکن سی جو سب سے آگے ہو اعم
اس سے کہ ذوی العقول ہو یا غیر اسکے اکٹھا مجتمع یہ لفظ شاہجہان آباد مین بالفعل اکثر
کی زبان پہ الف مکسور اور کاف تازی مخلوط الہا مفتوح اور تاے شتقانہ مشدد مع الالف
سے مستعمل ہے اور بعض الف مکسور او رکاف ساکن اور تاے شتقانہ مخلوط الہا مع الف سے
بولتے ہین شاید زمانہ سابق مین بہت مستعمل تھا انشاء اللہ خان کا قطعہ ہر ایک اوسے
شوخ ہر کیا خوب بات ہو + لگ جاوین میرے ہاتھ جو یکبار چار پانچ + تو اوکی چاہ چھوڑ
رہے وا چھڑی جو خوش :. الکٹی ہے میرے واسطے والدار چار پانچ :. الف حرف مشہور
الف ہونا دو پانون پر کھڑا ہو جانا گھوڑی کا الفی ایک قسم کا پہنا وا فقیران بے نوا کا
ہر کہ اُسکو گلی مین ڈالتے ہین الف اللہ کا خط وہ خط سیاہ جو بشکل الف کے فقرا آزاد
پیشانی پر کھینچتے مین انشاء اللہ خان کا شعر ہت ہاتھی پہ مرے خط الف اللہ کا کھینچو +
سونپو مجھے بستر + تم لو نہ گرو پیر ہو اور بندہ ہو چیلا + جیسی کرے خدمت + الگنی
رورسی کہ اوسکے دونون سرے دو طرف سے باندھ کر کپڑے وغیرہ اُسپر لگا وین

الی ہندی ایک درخت سدا بہار کو ترش مزہ اور سکو عربی مین تمر ہندی کہتے ہین املتاس کے انتساب کو کہیں جانا اور بعضے انبنا الف منتوح اور نون غنہ اور جیم موحدہ مفتوح ہو پوشیدہ مین اندھا ہونا اور وہ کہ اچہا تاریک ہو اور سکا نشان معلوم نہو اور سکو بہی اندھا کہتے ہین اور بعضی چیز جو اچہی طرح آنکہ سے دکھائی نہ دے جیسے حروف کتاب کے جو خوب پڑھے نجاتے ہوں اور سکو بہی اندھے حرف کہتے ہین اندھیرا اصل مین معنی تاریکی ہے لیکن معنی اصلی سے مجبور ہوکر بمعنی جبر اور ظلم کے مستعمل ہے اور بمعنی تاریکی کے اس جائے مین استعمال کرتے ہین کہ بسبب گرد و غبار کے تاریکی ہوجاوے مثلاً ایسی آندہی آئی کہ ایک اندھیر ہوگیا اندھیرا بمعنی تاریکی کے خواہ تاریکی شب ہو خواہ کسی صدمہ سے آنکھون کے سامنے آجاوے خواہ گرد و غبار سے ہو اور غالب یہ ہے کہ اندھیرا اور اندھیر اور وزن لفظ مرکب مین اندھا اور رائے مہملہ نسبت سے چونکہ تاریکی مین کوئی شے اور ظلم مین حق نہین معلوم ہوتا اسکو نسبت کرکر اندھیرا اور اندھیر اکہا ہے اندرسے غناۃ نون اس ملک مین جو مشہور ہے وہ یہ ہے کہ لڑکی چاشنی مین اور بکر و الکر قوام طیار کرتے ہین اور بعد تیار ہونے کے مختلف صورتون کے سانچے کبہی بشکل شکر پارہ کی اور کبہی اور شکل سے تراش لیتے ہین اور رسالہ لغات ہندی مین جو لکھا ہے اسکا ترجمہ یہ ہے ذلیبا ست حلوائی طرح طرح کی رنگ کی پکاتی ہین اور بعضے جلیبی کو بہی کہتے ہین انتہیٰ ہم کہتے ہین کہ یہ امر ظاہر اور واضح ہے کہ جو ذلیبا کہ آگ سے طیار ہو وہ بجز جلیبی کے نہین ہے اور اندرسا بمعنی جلیبی کے معلوم نہین کہ زبان کس ملک کی ہے آنسو الف ممدودہ سے اشک آنسو بہانا رونا آنسو بہے جانا آنکہ سے آنسو کا باہر نکلنے دینا آنسو پوچہنا فی الحقیقہ تشفی کرنی آتہ الف منتوح اور نون مشدد مع الالف سے وہ عورت جو لڑکون کی تربیت کے واسطے ملازم ہو آن

املج اور حرف نفی کا بھی ہے جیسے انت اور اس کا حال حرف کی بحث مین علم نحو کی
باب مین گذرا آنکھ چشم آنکھڑی چشم لیکن یہ زبان سلف کی ہے آنکھ ملانا یعنے آنکھ سامنے
کرنا آنکھ چرانا اغماض کرنا میر کا شعر آنکھین چرائیو نہ تک ابر بہار سے ہ میری طرف
بھی دیدۂ خونبار دیکھنا + انگیا سینہ بند زنان انگور میوہ معروف اور زخم کا کھرنڈ سودا کا شعر
سے استعدر نبت العنب سے دل ہے سودا کا برا + زخم نے دل کے نہ دیکھا موتہ کبھی انگور کا +
انگڑائی خمیازہ کو کہتے ہین اوجھل جو شئی کہ آنکھون کے سامنے آڑ ہو جاوے تا کہ کسی شئے کو
دیکھائی دینے سے مانع آوے اوٹ الف مضموم اور واو مجہولہ سے بمعنی اوجھل کے جو گذرا اوکھلی
ایک چیز ہے اندر سے خالی کہ اوسمین غلہ وغیرہ کوٹتی ہین چوبی ہو یا سنگین اوپرتلے کی یاے
مجہولہ سے دو بھائی یا ایک بھائی ایک بہن اور اوپرتلی کی یاے معروفہ سے وہ بہن کہ
آگے پیچھے اور بچہ متولد ہوا ہو بیان کرتے ہین کہ اونمین اکثر دشمنی اور عناد ہوا کرتا ہے
اوپلا الف مضموم اور واو غیر ملفوظہ سے گوبر سوکھا ہوا جو جلانیکے کام آوے اور وہ ایک
ہیات خاص پر ہوتا ہے کہین مدور اور کہین مثلث اوستانی وہ عورت کہ لڑکیون یا لڑکون کو
تعلیم کرے خواہ علم خواہ کشیدہ بنانا اوگلنا الف مضموم اور واو غیر ملفوظہ سے واژگون یا
اور کرنا اولٹی دم بھرنا سانس کا اندر سینہ کی جانا اسطرح پر کہ اسکا باہر آنا محسوس کم ہو اور یہ
حالت اکثر موت کے وقت ہوتی ہے اولٹی پھیرا اور اولٹے پاؤن پھر جانا یہ جب بولتی ہین کہ کوئی شخص
آئے ہی بی توقف پھر کر چلا جاوے اولٹی پھیر چلنا اور اولٹی پاؤن چلنا بمعنی پچھلے پاؤن چلنے کے ہے اولٹی چلا جانا
آنکہ بے توقف چلا جانا اولٹ جانا دل کا مضطرب ہونا خوف سے یا کسی کے غم والم کے سننے سے اولٹا دینا یعنی
کہ آتی ہی تیسی پھیر دینا اولٹ دینا واژگون کر دینا کسی چیز کا جیسے پیالہ اولٹ دینا یا نقاب اور پردہ
اولٹ دینا اور حریف کو مار کر گرا دینے کو بھی کہتے ہین اولٹی چال روش بد اولٹی ملک کا ہے یعنی سیدھی بات کو

بھی اولٹا سمجھتا ہے انشاء اللہ خان کا شعر ؎ عجب اولٹی ملک کے ہین اجی آپ بھی کہ تم سے
کبھی بات کی جو سیدھی تو ملا جواب اولٹا + اولٹا جواب جیسے اب بیجا جیسے انشاء اللہ خان کے شعر
مین گذرا اوجاڑ واو غیر ملفوظہ سے ویرانہ اجڑ گیا یعنی خانہ خراب یہ روزمرہ عورتونکا اودھیڑنا
واو غیر ملفوظہ سے ہوئی کپڑی کے ٹانکو کھولنا اور انشاء اللہ خان کی شعر سے یہ معلوم ہوتا ہے
کہ قبر کے پتھر اوکھاڑنے پر بھی اطلاق اسکا درست ہے وہ ہو ہذا ؎ سینہ صد چاک نظر آیا تری عاشق
اوسکی تربت کی جو مین جا کے اودھیڑی پتھر - لیکن فقط قبر اودھیڑنا البتہ یہان بھی سنا گیا
ہے اوچاٹ ہونا دل کا دفعۃً دل کا کسی کام سے بے التفات ہوجانا اولینٹنا برتن کو اولٹ کر
پانی یا اور مائعات کو اوس مین سے ڈالدینا آہا الف ممدودہ سے کلمہ تعجب ہے انشاء اللہ خان کا شعر
کیا میٹھی ہے اجی نام خدا دا چھری آہا + ہونٹون پہ تمہارے + ایک بوسہ کے صدمہ سے
دھوان دھار نلاہٹ + مسی کی اداہٹ + آہٹ الف ممدودہ اور تاے مثقلہ ہندی کے
ساتھ آواز پا اور اسکو بھر چال بھی کہتے ہین انیٹھنا لینے کے حال مین چپ و رست مستانہ حرکت کرنا

فصل بای موحدہ کی + بات سخن بات ماننا سخن قبول کرنا انشاء اللہ خان
کا شعر ؎ جو تار چنگ چھیڑ نہ انشا کو بات مان + تیرا سنا ہوا ہے یہ سب راگ ای بسنت بات
کو کسیکی منھ سے لیجانا جو بات کہ کوئی شخص کہتے کو ہو دوسرا آدمی اوسی بات کو اوس سے پہلے
کہدے بالا طفل خورد اور حلقہ سیمین یا زرین یا اور کسی چیز کا شکل برنج یا مس کے عورتین کانمین
پہنتی ہین بالی حلقہ مذکور لیکن بہ نسبت اوسکے خورد باس بمعنی بوی خوش ہو یا بدبا لنس خفا کر
نون سے بمعنی ہٹنے کے پانونکالنا باے فارسی سے اپنی حد سے بڑھکر قصد کرنا یا نون پھیلانا
کسی امر مین بہت ابرام کرنا مثلاً جب کوئی شخص کسی سے بہت چیزین طلب کرے اور تھوڑی
چیزون پر قانع نہو تو کہین کہ اوسنے بڑے پاؤن پھیلائے اور بمعنی دراز کرنے پاؤن کے بھی جیسا

بسبب استغنا کی کسیکی طرف کیچہ جا دین جیسی اس شعر مین گویا کی سے بے نیازی نے کیا ہی سر فرا
ہاتہ کھینچا پاؤن پہیلاتے ہین ہم + پاؤن پہیلا کر سونا فراغت سے سونا پایل وہ لرکا جو
شکم مادر سے پاؤن کے بل متولد ہوا ہو پارس بای فارسی سے ایک پتھر ہے جسکی لگانے سے لوہا سونا
ہوجاتا ہی پاس بمعنی نزدیک پاس نہ پھٹکنا یہ لفظ بیشتر منفی ہی مستعمل ہے یعنی قریب نہ آنا کسی کے
پال ایک قسم خیمہ کی ہی پاپت برگ پالو بای تازی سے بمعنی ریت کی اور بیشتر ریگ گلنی پر اطلاق
کرتے ہین بالو بسا بل بابا کا ہی بمعنی باپ کے کہ الف واو سے بدل گیا ہی لیکن یہ لفظ اکثر بہ
محل تعظیم مین ہر شخص پر اطلاق کرتے ہین جیسے عورت کو مائی انشاء اللہ خان کا شعر ہے
جب لگی کسنی اور وا سارنگ کی ہم درویش لوگ + وو ڈر ایک بابو جی ہاتو نسے چھٹا یا بستر
بات راہ اور سنگسا تراز و بارہ دری اصل مین وہ مکان ہی جسکی بارہ دروازہ ہون لیکن
روزمرہ حال مین بارہ سے کم دروازہ والی مکان پر بھی اطلاق کرتے ہین رسالہ لغات ہندی
مین لکھا ہی کہ کبھی چار دری یا شش دری کو بھی کہتے ہین اور اس رسالہ مین تخصیص اس
مکان کی کی ہی کہ گھر کے اوپر یعنی چھت پر بناوین اور چارون طرف سی در رکھتا ہو جیسی کہ
یہ لکھا ہی وآن آن بود کہ بر بالاے خانہ سازند و بر چہار طرف در داشتہ باشد انتہے لیکن تخصیص
بالاخانہ کی ظاہرا بیجا ہی کسواسطے کہ اگر ایسا مکان زمین پر بناوین اسکو بھی اسی نام سے
کہین گے چنانچہ بولتے ہین کہ فلان باغ مین بارہ دری ہی بارہ پلہ شاہجہان آباد سے دو چار
کوس پری ایک پل ہی لیکن وجہ تسمیہ اسکی معلوم نہین مگر بعض سے یون سنا گیا ہی کہ اصل اسکی
باران پلہ ہی کسواسطے کہ مینہ کا پانی اطراف اور جوانب سے جمع ہو کر اس رستے سے بہتا تھا
عبور کی آسانی کے واسطے وہان ایک پل بنایا گیا ہی باغ نہ خفای نون سے کو ہنی سے مرثیہ کی
باغ سبز دکھانا فریب دینا انشاء اللہ خان کا شعر ہے گل داغ و خندہ زخم سے بڑھے اور سیکڑون آبلہ

مجھے باغ سبز دکھائے ہے الم فراق مین باغ دل ۔ باغ باغ خوشدل سودا کا شعر ہے
ہر ایک مرغ نے ہو باغ باغ دی تہنیا ✤ شکر فروش کہ عمرش دراز باد جیسا
تفقدے نکند طوطی شکر خارا ۔ باغات جمع باغ کی باغبان نگہبان باغ کا باہر بمعنی بیرون
بیری دونون باے موحدہ اور راے مہملہ مکسورہ مع الیاء التحتانی وہ بال سر کے کہ خوبرو
پیشانی کی طرف سے بقدر دو انگشت کے چھوڑتے ہین بانک باے موحدہ اور بعد الف کے
نون غنہ اور کاف تازی سے ایک قسم ہے زیور کی اور ایک ورزش ہے سپاہیون کی کہ کارد
حریف پر وار کرتے ہین بانکا اصل مین بمعنی کج کے ہے اور مجازاً بمعنی شوخ و شنگ ۔ کی مستعمل
ہے ۔ بانکپن حاصل بالمصدر ہے یعنی شوخ اور شنگ ہونا بانگ کاف فارسی سے آواز مطلق
اور اذان نماز کی ببول درخت کیکر پپیہا باے فارسی اول مفتوح اور باے فارسی دوم
مکسور مع یاے تحتانی اور ہاے ہوز با لف کشیدہ سے نام جانور اور ایک کھلونے کا ہے کہ بعضے
آہن سے بناتے ہین اور بعضے خاک سے اور بعضے نرسل ہے اور اسکو لب پر رکھکر بجاتے ہین اور
انبہ کی گھٹلی جو پتھر پر گھس کر اکثر اطفال ہونٹون پر رکھکر بجاتے ہین اسکو بھی اسے نام سے
بولتے ہین پپیہا باے اول فارسی مفتوح اور باے دوم تازی مفتوح اور یاے تحتانی مشدد
نام جانور پیوپٹ باے فارسی اول مفتوح اور باے فارسی دوم مضموم مع واو ساکن اور تاے
مثقلہ ہندی مفتوح مع النون نام درخت معروف کہ اسکا ثمر مشابہ ملوکے ہوتا ہے اور
اول سبز اور بعد پختہ ہونے کے سرخ ہو جاتا ہے پیوٹا باے فارسی اول مفتوح اور دوم
مضموم اور واو ساکن اور تاے مثقلہ ہندی مع الہا یا مع الالف سے پشت چشم پپڑی
باے فارسی اول مفتوح اور دوم ساکن اور راے مثقلہ ہندی مکسور مع یاے تحتانی کے
جو چیز سائل رقیق کہ جمکر طبق طبق ہوگئی ہو اور پپڑی جمنی مونھ کی اسی جگہ سے ماخوذ ہے

بتی باے موحدہ تازی مفتوح او تاے فوقانی مشددہ مکسور مع یاے تحتانی کہ فتیلہ تپا
باے تازی مفتوح اور تاے فوقانی ساکن اور یاے تحتانی بالف کشیدہ ہو ایک قسم ہے نگین
کی جو ترکاری ہے تپا سے تیرین معروف اور چھوٹا انار آتشبازی کا تپانا مصدر ہے اور معنی اوسکے
معروف ہے اور اوسکی جگہہ تبلانا لام کے ساتھہ بھی بولتے ہین اور وہ کپڑا جسکو پگڑی کے نیچے
اول سر پر باندھکر اوپر اوسکے پگڑی کو باندھتے ہین تبا باے موحدہ تازی مفتوح اور تاے
مشتقلہ ہندی مشددہ سے وہ سنگ جس سے کوئی شی پیسی جاوے اور نقصان اور خسارہ او
اسواسطے روپیہ کے خوردہ کرنے کے وقت بہ نسبت چلن بازار کے جسقدر کم حاصل ہو اوسکو
بھی ٹبا کہتے ہین یعنی اسقدر خسارہ ہوا اور یہ لفظ اس معنی مین لگنے کے لفظ کے ساتھہ مستعمل
ہے مثلا روپیہ کو ایک پیسا بٹہ لگا ٹبنا باے موحدہ تازی مضموم اور تاے مشتقلہ ہندی ساکن
اور نون مع الالف سے غازہ اور اوسکو اُبٹنا بالف مضموم بھی کہتے ہین پٹنا باے موحدہ
تازی مفتوح سے مصدر ہے بمعنی تافتن اور معنی حاصل کرنے قیمت اجناس کے بھی مستعمل ہے
مثلاً ہمنے آج صبح سے دس روپیہ پٹے اور یہ لفظ بنیون کے اکثر زبان زد ہے بٹوا ایک قسم ہے
کیسہ کی کہ اوسمین رشتہ ڈالکر روپیہ پیسا یا چھالیا اور زردہ وغیرہ بھرکر اپنے پاس رکھتے ہیں
پٹو باے فارسی مفتوح اور تاے مشتقلہ مشددہ سے ایک قسم ہے لباس کی کہ اوسکو لیلن
وغیرہ سے بنتے ہین پٹوا علاقہ بند ظاہرا یہ مرکب ہے پٹو اور الف نسبت سے اور چونکہ علاقہ بند
کو اکثر اون وغیرہ سے کام پڑتا ہے اس نام کے ساتھہ موسوم ہو گیا پٹواری وہ شخص کہ تمام
حساب دیہات کا اوس سے متعلق ہو پٹہ باے فارسی مفتوح اور تاے مشتقلہ ہندی مشددہ
مفتوح سے گلوبند سگ وغیرہ کہ چرمہ اور بانات وغیرہ سے بناتے ہین اور وہ سند کہ دیہات
کے اجارہ کے باب مین مالک زمین کو لکھہ دیوین پتیا تاے مشتقلہ ہندی بےتشدید یہ سے

بچہری لنگر سے کہیلنا تپا تاے فوقانی کے ساتھہ سراغ اس لفظ کو اس معنی مین بعضی مشدد
اور مخفف استعمال کرتی ہین اور مشدد بمعنی برگ درخت کی تپیا پوشش چہت کی پٹ او لٹا لیٹا
ہوا اور معنی کواڑ کے پٹ پچہپا کرمک شب تاب پتنگ کاغذ باد اور پروانہ کہ جانور معروف
ہی اور اوسکو عاشق شمع کا قرار دیتے ہین سودا کا شعر آشنا صد ہی عاشق و معشوق مین
کہ نور نمنہ پر جو ہووے شمع کی تو جل مرے پتنگ + اور ایک قسم چوب کی ہی جس سے جامہ کو رنگ
دیتے ہین پتنگا شرارہ پتلی بای فارسی بضموم اور تاے فوقانی ساکن ہے وہ گڑیا جسمین تار باندہکر
متعدد بار نچاتی ہین اوس رقص کو پتلی کا ناچ کہتے ہین اور جو صورت کہ بشکل انسان کے آہن
یا مس یا برنج یا طلا سے بنا دین اور بمعنی مردمک ستالی باے تازی مفتوح اور تاے مثقلہ
بالف کشیدہ ہی اور بعد الف کے دو یاے تحتانی تقسیم غلہ کی جو کشت زار پر واقع ہوتی ہی
پٹرا وہ تختہ جسکے دونون طرف دو لکڑیان جڑکر اور زمین پر رکہکر اوسپر بیٹہین پٹری ایک
قسم ہے زیور کی بطور چوڑی کے عورتین ہاتہہ مین پہنتی ہین لیکن چوڑی مدور ہوتی ہی اور
پٹری نہین بجرہ ایک قسم ہی کشتی خورد کی بچہڑنا باے فارسی مکسور اور جیم فارسی مفتوح
مخلوط الہا اور رے مثقلہ سے جدا ہونا کسی کا کسیکے ساتہہ سے بچہڑا گوسالہ بچا وجیم فارسی کے
ساتہہ حاصل بالمصدر ہے بچنے سے یعنی نجات بچکانا جفت یا پوش اطفال کے پانون کے بچپن
قول بچہنا باے فارسی مفتوح اور جیم فارسی ساکن مخلوط الہا اور نون مع الالف سینگ حجام استرہ
کا جو خون نکالنے کے واسطے اکثر امراض دموی مین لگاتے ہین اور یہ علاج ہی مثل فصد کے
بچہونا فرش بچہانا فرش کرنا بچاوا باے فارسی مفتوح اور جیم تازی سے بمعنی نیزاوہ کی
جسمین خشت پکا دین بچہو جانور گزندہ معروف جسکو فارسی مین گژدم کہتے ہین بچہوا ایک قسم
زیور کی کہ اکثر زنان ہندوا وسکو پہنتی ہین پنج با او جیم دونون فارسی اول مفتوح

اور دوم ساکن حمایت بچھاڑ کہنا نا پشت کی طرف سے گرنا بچھاڑی وہ رسن جو گھوڑے کے پچھلے
پاؤن اور سے باندھین پچھواڑہ وہ مکان جو کسی گھر کے عقب مین ہو پچنا ہضم ہونا اور مجازاً
مال غیر کے مسترد نہونے کو بھی کہتے ہین مثلاً زید کو عمرو کا مال پچ گیا اور بمعنی کمال سعی اور محنت
کے بھی جیسے کہین وہ شخص اس کام پر نہایت پچا لیکن بیشتر اطراف اور جوانب کے لوگ بولتے
ہین اور ساکنین خاص شاہجہان آباد کم زبان زد ہے بچانا متعدی ہے پچنے کا بدلا عوض بدلانو کے بلاکنایہ ہو نادان اور احمق سے
کہ غیر مسترد نہو سکے یہ متعدی ہے پچنے کا بدلا عوض بدلانو کے بلاکنایہ ہو نادان اور احمق سے
بدنا شرط کا باندھنا اور نذر ماننی بدنی کھیتی کے کٹنے سے پہلے نرخ غلہ کا مقرر کر کر روپیہ
دینا بہنی مخلوط الہا سیوچہ لوٹنے وار بدلی ایک محل سے دوسرے محل پر متعین ہوجانا
سپاہیون کا اور بمعنی ابر کے بدہ بای موحدہ تازی مضموم اور دال مہملہ ساکن مخلوط الہا
سے نام ہو ایک دن کا اور بمعنی عقل کے بدیا بای موحدہ مکسور اور دال مہملہ مشدد مکسور
اور یای تحتانی مع الالف سے علم بدہی بای تازی مفتوح اور دال مہملہ مشدد مکسور
مخلوط الہا اور یاے تحتانی ساکن ایک قسم ہے پھولون کے ہار کی ایک دوسرے پر تقاطع
کیے ہوئے اور وضع اسکی معروف ہے اور ایک پوشش ہے چرم کی کہ بطور ہار مذکور کے تقاطع
کیے ہوئے ہوتی ہے اور عوام اکثر اپنے اطفال کے گلے مین پہناتے ہین بطور زینت کے بدہیا
باے موحدہ مفتوح اور دال مہملہ ساکن مخلوط الہا اور یاے تحتانی مع الالف وہ نر گاو
جسکے خصیتین کو مالش دیکر بیکار کر دیا ہو برا بر مساوی برا بالضم بمعنی بد برارای مشقلہ سے
کوان اور ایک قسم پکوان کی ہے کہ مونگ یا ماش ہندی کی پیٹھی سے گھی یا تیل مین تلتے ہین
اور صورتین اسکی مختلف ہوتی ہین بڑی راسے متشابہ ہندی سے دال مونگ یا ماش کی
بھی بنا مصالح ڈالکر قتوہ کنارے کے یا زیادہ اس سے خشک کر کر پکاتے ہین برات وہ ہنگامہ

جو شب عروسی مین ہوا اور وہ جماعت جو کسی منزل سے کسیکی کتخدائی کی تقریب سے
کہین جاوے اونکو برات بطریق مجاز کے کہتے ہین براتی وہ لوگ جو ہنگامہ برات مین
جمع ہون برات کا چڑھنا سوار ہونا داماد کا مع جمع کثیر کے نکاح کے واسطے بری بای ہوحدہ
تازی اور رائے مہملہ مکسور مع یائے تحتانی وہ اسباب جو داماد کی طرف سے روز نکاح سے
پہلے عروس کے گھر بھیجا جاوے بر یعنے شوہر براہی نام دیبی کا اوسکے میلہ کو براہی کا میلہ
کہتے ہین برت مذہب ہنود مین ایک قسم عبادت کی ہو جیسے روزہ اہل اسلام مین برتنا تو
استعمال برتن ظرف برسات موسم معروف برساتی نام مرض اسپ کہ ظہور اسکا مخصوص موسم
برسات کی ہو برسنا بارش برسی وہ فاتحہ جو کسیکے مرنے بعد ایک برس کے یا ہر سال کیجاوے
اور ہر سال کی فاتحہ کو ویسا کہتے ہین برکھا بائے موحدہ تازی سے بمعنی بارش کے برکت
معروف اور اپنے معنی حقیقی کے ضد مین بھی مستعمل ہے مثلاً کوئی سوال کرے اگر کچھ پاس نہو تو
کہین برکت ہے اور غلہ تولنے والی وزن اول مین بجائے عدد ایک کی اس لفظ کو کہتے ہین
جیسے تیسرے وزن مین بجائے عدد تین کے بہتا بمعنی زیادہ کے مشتق بہت سی برفی شیرینی
معروف کہ شیر اور شیرینی سے طیار کرتے ہین برف معروف برما نام ہو آلہ نجار کا کہ اوس سے
لکڑی مین سوراخ کرتے ہین برچھی ایک قسم سلاح کی ہو کہ ایک طرف نے کے بھال اور
دوسری طرف آہن دراز نصب کرتے ہین برقنداز اصل مین بمعنی سپاہی کے ہو جو بوقت جنگ
کی بندوق سر دیوے اور روزمرہ حال مین وہ سپاہی جو پلٹن مین ملازم ہو بردہ غلام
پری بائے فارسی مفتوح سے اصل مین بمعنی جن کے ہو اور اب جنون کی زنان خوبصورت
پر اطلاق کرتے ہین پری کا سایہ آسیب پری کا پرستان پریون کا مکان پر اقطار فوج کی
پری یائے تحتانی مجہولہ سے اسطرف مثلاً وہ شے دیوار کے پرے ہے یعنی دیوار کے اوسطرف

اور مجازاً بمعنی دور کے بھی مستعمل ہے مثلاً پرتو رہ یعنی دور دورہ پرتالا حمائل جیمی جسمین تلوار
لٹکا کر گلے مین ڈالتے ہین پرکھنا بھلا برا دریافت کرنا کسی شے کا عام ہوا س سے کہ زر ہو یا کوئی
اور شی ظاہراً زر مین حقیقت ہو اور اور شیا مین مجاز پرچھتی ایک چیز ہو کہ گھانس اور سرکنڈے
بناکر دیوار جیسی پر رکھدیتے ہین پردہ معروف اور مجازاً اسکا استعمال کئی طرح پر ہو مثلاً کسی جا کے
عورتین ہون اور مردون کو وہان جانے سے باز رکھنا منظور ہو تو کہین کہ یہان پردہ ہوا اگر
اگر عورتین جا کی علحدہ مین مخفی ہو جاوین اور مکان مردون کے واسطے خالی کردین تو کہا جاوے
کہ اسکو بلاؤ پردہ ہو گیا اور اگر مردون کو آمد و رفت سے باز رکھین تا کہ عورتین ایک مکان
سے دوسرے مکان مین چلی جاوین وہان بھی کہتے ہین پردہ ہو گیا اور جب آمد و رفت
کی باز رکھنے کے بعد اجازت دیوین تو کہین کہ پردہ ہو چکا اور بمعنی بات پوشیدہ کرنے
اور اس صورتین رکھنے کے ساتھہ مستعمل ہوتا ہے مثلاً بھید پردہ رکھتے ہو اور راگ کی تمام
دوازدہ گانہ مین سے ہر قسم کو بھی پردہ کہتے ہین اور ستار اور بین پر جو اجزا تیل کے یا
ہاتھی دانت کی تانت سے باندھ کر بجانے کے وقت اون پر اونگلی دھرتے ہین اونکو بھی
پردہ کہتے ہین پُرسا بائے فارسی مضموم سے عذر خواہی موت کی اور یہ لفظ محاورہ مین عورتون
کی مستعمل ہے اور دینے کے ساتھہ استعمال کیا جاتا ہے مثلاً وہ لوگ پرسا دینے آئے تھے پرکھا
بائے فارسی مضموم سے اصل مین بمعنی مردے کے ہے اور مجازاً بمعنی مرد بزرگ کی مستعمل
ہو پروسنا کھانا اوتار کر کسیکی آگے رکھنا یہ روزمرہ ہنود کا ہے پروسا حصہ کھانے کا اور ریاضی
پروسنی سے بزہ گوسپند بزدلہ نامرد بزاز کپڑے بیچنے والا بزاوہ جسکو پکا وہ کہتے ہین بس بالفتح
بمعنی قدرت اور بالکسر بمعنی زہر کے بسنا بالفتح آباد ہونا اور خوشبو کا کسی شے مثل جامہ وغیرہ
مین رچ جانا اور بالضم طعام کا بسبب گرمی کی بو پیدا کرنا بسانا متعدی بسنے بالفتح کا دونون

معنی ہین بستی آبادی اور جاے آباد بستر بالفتح مطلق کپڑا البساطی وہ شخص جو اشیاء تسدد
کم قیمت مثل شانہ اور سوزن وغیرہ بیچا کرے فارسی مین اسکو خوردہ فروش کہتے ہین بساط
بمعنی دستگاہ و مرزا اسد اللہ خان غالب تخلص عرف مرزا نوشہ کا شعر ہے بساط عجز مین تھا
ایک دل یک قطرۂ خون وہ بھی + سو رہتا ہے باندازِ چکیدن سرنگون وہ بھی + اور وہ گدا
یا بانات کا ٹکڑا جسپر خانے بنے ہوئی ہون اور مہرہ اوسپر رکھکر شطرنج کھیلین بستر فرش
خواب بستر از فرش خواب سپاہی یا فقرا کا بستر اٹھانا اور بستر لگانا خواب کرنیکے واسطے بچھونا بچھانا
سپاہی یا فقرا کا بسولا تیشہ نجاران بسیرا جانورون کا شام کے وقت اپنے اپنے آشیانہ مین
آرام لینا پسینا عرق پسیجنا پسینے ہونا بسبب محنت یا گرمی آفتاب کے بہت عرق لانا اور بمعنی
منفعل ہونے کے پسیجنا کسیکی عجز اور زاری کے سبب اوسپر تفقد اور التفات کرنا اور نسبت پسیجنے
کی دل کی طرف اکثر کرتے ہین جیسے اس مصرع مین مجھے کردے خنجر سے تر دل گر پسیجا ہے +
پسند مرغوب اور استعمال اسکا کرنے اور آنی کے ساتھ ہے مثلاً ہمین یہ چیز ہمین پسند آئی اور نے
پسند کی پسندا ایک قسم ہے کباب کی بشن باے موحدہ مکسور اور شین معجمہ ساکن اور نون سے
وہ قدرت حق جل وعلی کی جس سے فنا موجودات کی متعلق ہے بشارت خوش خبری عموماً اور رودہ
خوشخبری کہ کوئی ولی یا پیغمبر کسیکو خواب مین دیوے خصوصاً بشواز باے فارسی مکسور سے ایک
قسم جامہ کی کہ اکثر عروس کو وقت وداع کی پہناتے ہین اور زنان رقاصہ وقت رقص کے
بھی پہنتی ہین بفا خاک سفید کہ بسبب یبوست کے آدمی کے سر مین پیدا ہوتی ہے بقال
غلہ فروش بکرہ گوسفند نر بکری گوسفند مادہ بکواس ہرزہ گوئی بکی باے مفتوح اور
کاف تازی مشدد سے جو شخص کہ بہت ہرزہ گو ہو بکھیرنا باے مکسور اور کاف تازی مخلوط الہا
سے اشیاء خورد اور ریزہ کا گر کر پراگندہ ہونا بکھیرنا اوسکا متعدی بگھار باے تازی مفتوح

اور کاف فارسی مخلوط الہا سے روغن کو پیاز اور لونگ وغیرہ کے ساتھ داغ کرکر طعام
پر ڈالنا بگھارنا مصدر اوسکا بگاآ جانور معروف جسکو بوتیمار کہتے ہین بگاڑ حاصل بالمصدر
ہے بگاڑنے سے جو بمعنی خراب کرنے کے ہے اور مجازاً ناموافقت اور بدمزگی کو جو درمیان
دو شخص کے واقع ہوکہتے ہین بگاڑنا مصدر ہے بمعنی خراب کرنے کے اور یہ معنی حقیقی اور مجازی
دونون مین مستعمل ہے اور بمعنی بداطوار کرنے کے بھی استعمال کیا جاتا ہے مثلاً اوسکو لوگون نے
بگاڑ دیا یعنی بدمزاج اور بداطوار کردیا بگڑنا لازم بگاڑنے کا اور سب معانی مذکورہ مین مستعمل
مثلاً وہ کام بگڑ گیا اور اونمین اب بگڑ گئی اور وہ بگڑے ہوئے ہین یعنی بداطوار ہین بگھی
کاف فارسی مشدد مکسور مخلوط الہا سے سواری معروف مخترع اہل فرنگ کی بگولا گردباد
اُسکو بھولا دونون باے تازی سے بھی کہتے ہین بکٹٹ باے تازی مفتوح اور کاف تازی
ساکن اور تاے ثقیلہ ہندی اول مضموم اور دوم ساکن سے وہ شخص کہ گھوڑا بلا تحاشا
دوڑاوے یہ ترجمہ ہے عنان گسستہ کا بکیت باے تازی مفتوح اور کاف تازی مفتوح اور
یاے تحتانی ساکن اور تاے فوقانی سے جو کہ فن بانک مین مہارت رکھتا ہو پکارنا باے
فارسی مضموم اور کاف تازی سے کیسکو آواز دینا پکار حاصل بالمصدر پکارنے سے پکنا
ترجمہ پختن کا پکانا متعدی اُسکا پکا کاف مشدد سے ماضی پکنے سے اور بمعنی پختہ کے اور وہ شخص
کہ نہایت دانا اور کار آزمودہ ہو پکڑنا ترجمہ گرفتن کا پگڑی دستار پگ پاؤن یہ زبان
دہاتین کی ہے پگھلنا باے فارسی مکسور اور کاف فارسی مخلوط الہا اور لام ساکن سے ترجمہ ہے
گداختن کا پگھلانا متعدی اسکا پکھال کاف تازی مخلوط الہا سے ایک ظرف چرمی ہے مشک
سے کلان تر کہ سقے اوسمین پانی بھر کر بیل پر رکھ لیجاتے ہین پکھاوج ایک قسم باجے کی ہے بطور
ڈھول کے پکوان اصل مین بمعنی اوس چیز کی ہے جسکو پکاوین لیکن عرف مین اوس چیز کو کہتے ہین جسکو

روغن مین تلین جیسے کل کی اور بپریان بلا معروف بلانوش جو شخص کھانا مین ایسی چیز
چیز کا لحاظ نکرے اور جو شخص صدقہ کیا ہوے اسکو بھی کہتے ہین بلا جیٹ مثل بلانوش کے نشانہ
کا شعر دونون کی مثال مین سے ورد یش بلانوش بلا جیٹ ہین یہان دوست پینا کے ہین
جو آوین + افعی کو مس کر کرین افیون کا گھولا ہین ایسی ہی آفت سے بل بائے تازی مکسور سوراخ اہل
اکثر سوراخ موش پر اطلاق کرتے ہین بلی بادہ گربہ بلا فی بادہ گربہ لیکن نہ یا جمع امر بلیا و واو بعد الالف
سے گربہ نر بلائین جمع بلا کی اور ایک رسم ہے عورات کی کہ اپنا عزیز اور قرابتی کے سر پر دونون ہاتھ کو
رکھکر پھیر ہاتون کو اپنی کنپٹی کے برابر لاکر دباتی ہین تاکہ اس صدمہ سے انکی انگلیون سے آواز
پیدا ہو اوس آواز کو چٹخنا انگلیون کا بولتے ہین اور اس رسم کو بلائین اور بعضے شعرا نے نسبت
اس رسم کی مردون کی طرف بھی کی ہے لیکن یہ حرکت رندا و باشون سے متصور ہے جرات کا شعر
سے بلائین ہاتون کرینے جو لین تمہارے رات + بلائین ہاتونکی لیتا رہا مین ساری رات +
بلی بائے تازی مفتوح اور لام مشدد مکسور سے چوب معروف بلبلانا دونون بائے تازی مکسور کے
بیقراری سے رونا بلکنا بیقراری سے رونا اطفال کا بلکنا متعدی اسکا بلونا بائے تازی مکسور اور
لام مضموم سے جغرات کو چوب مخصوص کے ساتھ درہم برہم کرنا تاکہ روغن اس سے نکل آوے
اور اسکو دو دو بلونا کہتے ہین با وصفی کہ باوتے ہین وہی کو بلور سنگ معروف اور عوام لام مشدد
مفتوح سے بولتے ہین بلن ما ونچی چیز بلے بائے تحتانی مجہولہ سے ایک کلمہ ہے کہ محل تعجب مین
بولتے ہین مثلاً بلے تیرا حوصلہ بلبلہ حباب بلاند بائے مکسور اور لام مع الالف اور نون غنہ
اور دال مہملہ سے بالشت لیکن یہ زبان عوام کی ہے پلہ بائے فارسی مفتوحہ اور لام مشدد کے
ایک طرف ترازو کی اور اوسکو پلڑا رائے مثقلہ سے لام کے بعد بھی کہتے ہین اور دوپٹہ کے دونون
طرف سے ہر ایک کو بھی پلہ کہتے ہین اور بمعنی مسافت کی مثلاً یہان سے اوس مکان کا پلا بہت

یا وہ مکان جسے پلہ پر ہو اور بمعنی نہایت کہ شاہ عالم اوسکے پلہ پر ہے یعنی اوسکا حامی ہے اور
بمعنی گون غلہ کہ اسی واسطے دو مزدور جو گون غلہ کی وجما کر باجرت مین پہونچا دیتے ہین اونکو
پلہ دار کہتے ہین پِلّہ بای فارسی مکسور اور لام مشدد مفتوح بچہ سگ پلّا و بای فارسی مضموم
سے طعام معروف پالنا باے فارسی مفتوح سے پرورش پانا پیس وہ دودھ کہ آنے سے
بعد دودھ نکالنے کے باقی رہتا ہے اور وہ آرد خشک جسکو خشکی کہتے ہین پلیتھن نکالنا کسیکو اچھا
زدوکوب کرنا کہ بیدم ہوجاوے سودا کا شعر ہے کی سرف کی کمر لگاون گا + اوپر پلیتھن تو انکا لون گا +
پلیتا بای فارسی مفتوح اور لام مکسور اور یاے تحتانی ساکن مع الواو یا بمعنی گھولا ہوا آرد جو واسطے
گاڑھا کرنیکے شوربا یا ساگ مین وقت پکانیکے ڈالتے ہین اور آدمی کے دودھ کو بھی کہتے ہین پلیتہ موٹی بتی
کپڑے کی کہ جسکو روغن مین تر کرکر اکثر پنج شاخہ پر روشن کرتے ہین اور بتی کاغذ کی جسپر تعویذ اور
ادعیہ لکھکر بتی یا جسکا دھوان ناک مین مریض کے پہونچاتے ہین اور کبھی اوسپر روئی لپیٹ کر جراحت مین رکھا
کرتے ہین تاکہ اوسکے اثر سے آسیب جن اور پری کا دفع ہوجاوے اور اصل اس لفظ کی سب معنو مین پتیلہ ہے
تاے فوقانی سے یاے تحتانی پر یا فتیلہ فارسی بجاے ہے فارسی کی انشاء اللہ خان کا شعر ہے جی جلا اپنا سا
پہونچا کہیں لونگ اور سپند + مشک و سیندور واگر مرچ پلیتا تعویذ + پایٹ تمرکان پلٹنا
معکوس ہوجانا پلٹنا حاصل بالمصدر اوسکا اور اوسکا استعمال کھانے کے ساتھ ہے جیسے اس شعر
مین حضرت ظل سبحانی سراج الدین محمد بہادر شاہ ظفر تخلص کے مت نہ ہو دیکھ کے تدبیر کو پلٹے
کھائی + دیر لگتی نہین تقدیر کو پلٹے کھاتی + پل باے فارسی مضموم سے معروف اور باے فارسی
مفتوحہ سے گھڑی کا ساٹھوان حصہ پلنگ چارپائی بن صحرائی نیستان اور عروس بنا نوشہ
بناسپتی گھاس بن باے موحدہ تا رسی مضموم سے تخم مشہور کہ اسکو برشتہ کر کر کھاتے
ہین تاکہ رطوبت دہن خشک ہو اور کبھی اوسکو جوش دیکر پیتے ہین جسکو قہوہ کہتے ہین بنانا

تیار کرنا اور کسی سے تسخیر کرنا بنانا نون مشدد سے مصدر ہے لازمہ بنانے سے دو نون معنی مین
بناوٹ حاصل بالمصدر ہے بنانے سے بنسی وہ ریسمان کہ اوسمین قلاب نصب کر کر مچھلی پکڑتا ہین
اور معنی نلکے بھی ہے جسکو مطرب بجاتے ہین اور اسی معنی پر راے مہملہ سے درمیان سین اور
یاے تحتانی کے بھی کہتے ہین لیکن یہ زبان برج کی ہے بنا باے موحدہ مضموم اور نون مشدد سے
بافتن کا ترجمہ ہے بناوٹ باے موحدہ مضموم سے حاصل بالمصدر ہے جو معنی بافتن کے ہے
نیت باے موحدہ تازی مفتوحہ اور نون مفتوح اور تاے فوقانی ساکن سے ایک چیز ہے گوٹا
اور ستارہ اور سلما سے بنی ہوئی عرض مین بقدر دو انگشت کم یا زیادہ کہ اوسکو کلا دوپٹہ
پر ٹانکتے ہین بنیا معروف اور معنی مقدور اور استطاعت کی مثلاً اوسکی بنیا کیا ہے بنولا باے
موحدہ مکسورہ اول اور نون مفتوح اور واو ساکن اور لام مع الالف پنبہ دانہ بن مانس
ایک حیوان ہے صحرائی بشکل انسان کی مرکب ہے بن سے بمعنی صحرا کے اور مانس سے بمعنی انسان کے
بنج باے موحدہ مفتوحہ اور نون مفتوح اور جیم ساکن ہے سوداگری بنجارہ بمعنی سوداگر کے مرکب
ہے بنج سے جو گذرا اور آرہ سے کہ کلمہ نسبت کا ہے پس نون بنجارہ کا اصل مین مفتوح ہے اور
بسبب کثرت استعمال کے ساکن ہو گیا ہے بنجر وہ زمین خشک جسمین کشتکاری نہو سکے بندہ غلام
بندی قیدی بندگی عبادت اور روزمرہ حال مین بجاے سلام کی استعمال کرتے ہین بندہ حسن
اصل مین بمعنی بندش کے ہے اور مجازاً اس بندش کو کہتے ہین جو جسم مین واقع ہو بند حنائی
ایک فرقہ ہے جو جبر اثقال کا پیشہ کرتے ہین بندھوا نون غنہ اور ہاے مخلوط کے ساتھ قیدیا
بندور باے تازی مفتوح اور نون غنہ اور دال مہملہ مضموم اور واو مجہولہ اور راے قرشت
سے بمعنی کنیزک بنیا نون مقدم باے بالف کشیدہ سے بقال بنئی باے مفتوح اور نون
مفتوح اور یاے تحتانی ساکن اور نون مکسور اور یاے تحتانی ساکن زن بقال بنیانی الف

کے ساتھ وزن تقال لیکن یہ زبان عوام کی ہے اور فصحا پنپنی بولتے ہین جو گذر اپنپا با کی فارسی
مفتوح اور نون غنہ مفتوح مشدد سے آب ابلی پنپی باے موحدہ مفتوح اور نون مشدد
مکسور مع الیاسے ورق رانگ کی پنپنا بائی فارسی اول مفتوح اور نون مفتوح
اور بائی فارسی دوم ساکن اور نون مع الالف سی بیمار یسی صحت پانے کے بعد فربہ
ہونا نیکھا با وزن پیواڑی پان فروش مرکب ہے پن سی جو مخفف ہے پان کا اور واڑی
سے جو کلمہ نسبت ہے اور شاید واڑی وہی واڑہ ہے کہ جسواڑہ اور نائی واڑہ جس سے
مرکب ہے کہ یہان بسبب استعمال کہ ہائی مختفی اوسکے یائے تحتانی سے بدل گئی ہے پنیر طعام
معروف کہ دودھ کو پھاڑ کر نمک ملا کر خشک کر رکھتے ہین پن چورہ ایک کھلونا ہے معروف
مٹی یا مسی کہ اوسکی تہ مین سوراخ ہوتے ہین اور اطفال اُسمین پانی بھر کر جسوقت اُسکا
منہ انگشت سے بند کرتے ہین پانی گرنے سے رہجاتا ہے اور جب انگشت اوٹھا لیتے ہین
پانی گرنے لگتا ہے پن کپڑا وہ کپڑا جو پانی سے تر کر کے عضو مجروح پر باندہ دین پن بھتا
برنج پختہ قدری شربت مین بطور فالودہ کی پڑی ہوئی پن گھٹ پانی بھرنیکا گھاٹ اور ترکیب
لفظ مقتضی ہے اس امر کی کہ اُسکا اطلاق لب دریا پر کیا جاوے لیکن عرف حال مین
اُس چاہ پر کرتے ہین جس سے ہر کس و ناکس اکثر اوقات پانی بھرین پنہاری وہ عورت جو
اجرت لیکر ہر کسی کے گھر پانی بھرے پنجیری آرد برشتہ جسمین شکر اور میوہ ملا کر کھاتی ہین اور
اس دیار مین بعض تقریب شادی مین بطور بھاجی کے برادری مین تقسیم کرتے ہین پنگورہ
باے فارسی اور نون غنہ اور کاف فارسی مضموم اور واو معروف اور راے مفتوح اور
ہای مختفی سے ایک شے ہے مثل جھولے کے جسمین اطفال خورد سال کو لٹا کر حرکت دیتی ہین
تاکہ خواب آجاوے پو واو معروف ہو یا مجہول اصل مین بمعنی شمیم کے ہے جسکو ہندی مین

باس کہتے ہین لیکن عرف حال مین واو مجہول کے ساتھہ بو و بدبو پر اطلاق کرتی ہین مثلا جب
کہین کہ اسمین بو آنے لگے واو مجہولسے تو مراد یہ ہے کہ بدبو آنے لگے بورہ واو معروفہ
سے شکر سفید جسکو چینی کہتے ہین اور واو مجہولہ سے بمعنی گون کی جسمین شکر یا خاک بھر کر
کہین لیجاوین بوریا معروف بو آخواہر بوبو خواہر بوجہہ واو مجہولسے بمعنی بار کے
بولنا واو مجہولسے بات کرنی بول بات بو بمعنی پہلا سودا کہ اسکو شکون نیک سمجھتے ہین
پو بای فارسی مفتوح سی زبان ہنود مین سبیل کو کہتے ہین اور نرد بازونکی اصطلاح مین نقش یک کو
پودہ بای فارسی مفتوح سی درخت نو رستہ پودا اصل مین واو مفتوحہ سی ہی اور روزمرہ حال مین
واو ساکن سے بھی سنا گیا ہی اس لفظ کو اس زمانہ مین بجز عوام کی اور خصوص عوام ہنود کی یا ہنود
مین سی وہ لوگ جو بسبب تو غل کے اپنے علوم مین الفاظ ہندی بولنے کا التزام رکھتے ہین اور کوئی نہین
بولتا سودا کی شعر سی معلوم ہوتا ہی کہ زمانہ سابق مین خواص بھی اسکا استعمال کرتے تھے اور وہ شعر یہ ہی
گھوڑے کی بچھین سو ٹئی اسی لگاؤ کہ تا ہو وی یہ روان + یا بادبان باندھ لون کی دو ختیار اور
سکون واو سی بمعنی تین ربع کی اور وہ ارواح خبیثہ جو ساحر ضرر پہونچانی کیواسطی کسی پر تعین کرتی
پولا بای فارسی مضموم اور واو مجہولہ سی متخلخل پوست چپڑا اور کوکنار پوستی وہ شخص
کہ ہمیشہ پوست یعنی کوکنار پینے کا استعمال رکھے اور کھلونہ ہوتا ہی کا غذ کا مخروطی شکل
کہ اسکا قاعدہ یعنی پیندی مٹی کے بناتی ہین جسوقت اسکو ہاتھہ سے زمین پر کسیطرح ڈال دیوین
تو اوسکا راس بلند اور قاعدہ زمین پہ ٹکا رہتا ہی پوت واو معروف اور تای فوقانی
سے پسر پوتہ بیٹے کا بیٹا اور وہ لتہ جس سے پنڈول دیوارون پر پھیرتے ہین پوتھہ دانہ خورد
کانچ کے اسکو فارسی مین شبہ کہتے ہین پوٹ واو مجہولہ اور تای ثقیلہ ہندی سے وہ چادر
جسمین غلہ یا اسباب انکو باندھین اور چادر بیرونی جسمین مردہ کو لپیٹین پوٹنا بای فارسی اور

واو مجہولہ اور تای مثقلہ مع الالف سے جانوران طائر کا معدہ پونی واو مجہولہ سے پنبہ
دراز پیچیدہ جو عورتین واسطے سوت کاتنے کے بناتی ہین پونگی شاخ یا چوب کہ اندر سے
خالی ہوتی ہے اور اوسکو جوگی لب پر رکھکر بجاتے ہین پوری ایک قسم طعام کی جو روغن
مین تلتے ہین پورا کامل پوری زاے تازی سے وہ ریسمان جو گھوڑی کے منھ پر چڑھاتے ہین
پوٹلی وہ پارچہ جسمین اوو چیز یا نقد رکھکر رشتہ سے جکل مدور باندھ لین پوشاک
لباس بوڑھا پیر بھونا برشتہ کرنا بھوڑا باے تازی مخلوطہ الہا اور واو معروف اور
رے مثقلہ مع الالف سے ریت بھورا ارائی مہملہ سے ایک قسم ہر رنگ کی بھوکا گرسنہ بھائی
برادر بہن خواہر بھیتا باے تازی مخلوطہ الہا مکسور اور یاے تحتانی ساکن سے بمعنی
خواہر کے لیکن یہ روزمرہ عورتون کا ہے بھاوج زن برادر بھانجا پسر خواہر بھتیجا پسر
برادر بہو باے تازی مفتوح اور ہاے ہوز مضموم اور واو معروف سے زن پسر اور
کبھی بمعنی عروس کی بھی استعمال کرتے ہین اور کبھی مطلق جورو کے معنی مین خواہ
کتخدا ہو خواہ کتخدائی پر مدت گذری ہو اور اسیواسطے اسکو مضاف کرتے ہین
طرف داماد کی مثلاً فلان کی بہو یعنی اوسکی زن بہنوئی شوہر خواہر بھلا نیک بھکوا
باے موحدہ مخلوطہ الہا اور کاف ساکن سے ترساق بھڑوا شلہ بھوت خبیث بھجنا
واو غیر ملفوظ سے شلہ بھتا بای موحدہ مخلوطہ الہا مفتوح اور تاے فوقانی مشدد سے
بنج بختہ بھوبھل باے موحدہ اول مخلوطہ الہا مضموم اور باے موحدہ دوم مخلوطہ الہا
مفتوح خاکستر سوزان بھس باے موحدہ مخلوطہ الہا مضموم سے وہ کاہ کہ گندم اور
جو کو درخت سے خرمن کے وقت پاے گاؤ سے شکستہ ہوکر ریزہ ریزہ ہو جاوے
بھوسی اجزاے خورد جو آٹے کی چھاننے کے بعد باقی رہجاوین اسکو عربی مین نخالہ کہتے ہین

بھونڈ دال مشقلہ سے وہ جانور سیاہ کہ بشکل بھونرے کے کوٹری مین پیدا ہوتا ہے بھاگنا ترجمہ
گریختن کا بھگوڑا وہ غلام جو بار بار بھاگ جاوے بھال سنانا ورخرس بھکانا نادانی مین
ڈالنا بھکاوٹ حاصل بالمصدر اوسکا بھنگ کاف فارسی سے سبزی معروف بھنگڑ بدال مشقلہ
ہندی سے وہ شخص جو بھنگ پینے کا عادی ہو بھنگیر اجنبگ فروش بھنگیرخانہ دوکان بنگ
فروش اور مجازا اوس مکان پر بھی اطلاق کرتے ہین جہان اکثر بھنگ پینیوالے جمع ہو کر بھنگ
پیا کرین بھنگی شہدا اور حلال خور بھالا نیزہ بھلی باے موحدہ مفتوح اور ہاے ہوز ساکن
اور لام مکسور مع التحانی سے ایک قسم کی گاری کی بھولا باے موحدہ مضموم مخلوط الہا
اور واو مجہول سے نادان بھولنا فراموش کرنا بھینگا باے تازی مخلوط الہا اور یاے
تحتانی مجہولہ اور نون غنہ اور کاف فارسی مع الف سے وہ شخص جو ایک چیز کو دو دیکھے
جسکو عربی مین احول کہتے ہین بہت بسیار بھونکنا ابرو بھبہ نکلنا آواز کرنا سگ کی اور
مجازا بیہودہ گوئی اور بیہودہ سرائی پر بھی اطلاق کرتے ہین اور شاید باعتبار استعارہ
تخاییلے ہو کہ قائل کو بطریق استعارہ بالکنایہ کے سگ سے تشبیہ دیکر یہ آواز جو سگ سے
مختص ہے ثابت کی بھاڑ باے موحدہ تازی مخلوط الہا اور راے مشقلہ سے گلخن بھاپ
نفس گرم اور بخارات جو پانی سے منفصل ہو وین بھپارہ بخارات گرم جو جوش کی ہوئی
دوائیون سے کسی عضو پر پہونچا دین یہ مرکب ہے بھاپ اور آرہ سے جو کلمہ ہے نسبت کا اور
بسبب کثرت استعمال کے الف محذوف ہو گیا ہے بھانجوان باے تازی مخلوط الہا مع الالف
اور نون غنہ اور جیم ساکن اور واو مفتوح مع الالف اور بعد الف نون غنہ سے رشتہ دونون
بھاپھیا بھلسنا باے تازی مضموم مخلوط الہا اور لام مفتوح اور سین مہملہ ساکن سے اعضاے
بدن کا آتش یا اور شے گرم مثل بھوبھل یا سنگ گرم سے بہت متاثر ہونا جیسے کہا جاوے

یہاں بھجن ایسی گرم تھے کہ پا نو بھاس گئے بھجن باے تازی مخلوط الہا اور جیم تازی مفتوح اور نون ساکن سے وہ راگ کہ ہنود عبادت کے وقت گاتے ہین بھوجن وزمرہ ہند مین طعام کو کہتے ہین بھوجن کرنا یعنی کھانا کھانے کے بھپیا نا تر ہونا بھیگو نا تر کرنا بھیگی بلی تبانا عذر بیجا کے وقت استعمال کرتے ہین یعنی جب کوئی کسی کام مین عذر نامعقول پیش کرے تو کہین کہ بھیگی بلی تبانا ہے بھتی اوبلی جمع کئی ہوئی جسمین چونہ یا ظروف رکھکر پکا دینا اور ایک قسم ہے معروف بھونرا نام ہے ایک پرندہ معروف کا کہ سیاہ ہوتا ہے اور اکثر چھپر کے بانس مین رہتا ہے اور بمعنی تہ خانہ کی بھی مستعمل ہے بھان متی زنان شعبدہ باز بھگتیا ایک فرقہ خاص ہے مردون سے کہ پیشہ رقاصی کا رکھتے ہین بھٹکنا جا بجا پریشان پھرنا بھڑنا باے موحدہ تازی مکسور مخلوط الہا اور راے ثقیلہ مہملہ ساکن سے یعنی ایک شی کا دوسرے چیز سے متصل ہونا اور مجازاً حریف کو مقابل ہونا سودا کا شعر

جا ہی بھڑا اوس صف مژگان سے آج ٭ دل تو بڑا ہی ساجھگر گیا ٭٭

بھڑنا کواڑ کا بند ہونا کواڑ کا بھیڑ امر ہے بھڑنے سے اور بمعنی زنبور کے بھی ہے یعنی جانور معروف جسکا نیش مشہور ہے بھیڑ یاے تحتانی معروف سے ازدحام اور ماخذ اسکا وہی لفظ بھڑنا ہے کیونکہ ازدحام مین ایک دوسرے سے بھڑتا ہے بھیڑنا یاے مجہول سے متعدی بھڑنے سے بھیڑ امر اوسکا اور میش بھیڑیا گرگ بہرا باے موحدہ مفتوحہ اور ہاے ملفوظی ساکن اور راے مہملہ مع الالف سے کر یعنی جسکو سنائی نہ دے یہ لفظ کبھی شخص پر اطلاق کیا جاتا ہے مثلاً زید بہرا ہے اور کبھی کان پر جیسے اوسکے کان بہرے ہین بھیلی ایک مقدار معین ہے گڑ کی کہ چار یا پانچ سیر سے زیادہ نہین ہوتی بھیس لباس بھیس بدلنا تبدیل لباس کرنا تاکہ کوئی نہ پہچانے بھنبیری باے موحدہ مفتوحہ مخلوط الہا اور نون غنہ او

باے موحدہ مع یاے معروفہ اور راے مہملہ اور یاے معروفہ کے ساتھ نام ہے ایک پرند
معروف کا کہ جسم اوسکا نہایت باریک طولانی اور پرواز نہایت سریع ہوتی ہے اسیواسطے
جو طفل خورد کہ نہایت چستی سے دوڑتا ہو اوسے کہتے ہین کیا بھنبیری سا دوڑتا ہے
جسمنت جو چیز کہ بالکل فنا ہو جاوے بھا تا تعجب ناسخ کا شعر ہے بھاگی کون سی وہ بات
ہتھونکی ہکو + نہ کمر رکھتے ہین کا فرنہ دہان رکھتے ہین ہا بھنبھوڑنا باے موحدہ تازی
اول مخلوط الہا مفتوح اور نون غنہ اور باے موحدہ تازی دوم مخلوط الہا مضموم
اور واو مجہول اور راے مثقلہ ہندی ساکن سے گوشت یا استخوانکو دانتون سے توڑ
کھانا بھنک باے تازی مخلوط الہا مکسور اور نون مفتوح اور کاف تازی ساکن سے آواز
ملائم مثل آواز مگس وغیرہ بھنکنا باے مکسور مخلوط الہا اور نون مفتوح اور کاف تازی
اور نون مع الالف سے اجتماع مگس کا کسی چیز پر بہروپ تغیر ہیأت تاکہ کوئی نہ پہچانے
اور یہ فعل ایک فرقہ خاص سے متعلق ہے کہ انکے سوا کوئی نہین کرتا بلکہ کوئی نہین جانتا
بہروپیا وہ طائفہ خاص جنکے فعل کو بہروپ کہتے ہین بھول گل اور شرارہ آتش چنانچہ
آگ لگنے کے وقت کہتے ہین پھول پڑا اور بمعنی فاتحہ روز سوم کے بھی مستعمل ہے ہا بھول
جھڑنے یاے تحتانی مجہولہ آخر مین کلام ہاے خوش زبان سے سرزد ہونے پھول جھڑی
واو غیر ملفوظہ سے آتش بازی معروف پھینکنا کسی چیز کا اس طرح ہاتھ سے ڈالنا کہ دور
جا پڑے بھکنا باے موحدہ مخلوط الہا سے جلنا اور وہ جھلی کہ محل نزول ہے پھونکنا
متعدی یعنی جلانا اور پھونک مارنے تاکہ آگ جل جاوے پھونک باد دہن پھندا
وہ حلقہ کہ رشتہ مین خود بخود پڑ جاوے یا قصداً بنا دین تاکہ اوس سے طائر کو صید
کرین بھکنی باے موحدہ مخلوط الہا مضموم سے ایک ٹکڑا بانس کا ہے کہ اوس سے

بواسطہ باد و ہن کے آگ جلاتے ہین پھڑکنا مضطرب ہونا طائر کا مثال نصیر کا شعر ٭
ہم پھڑک کر توڑتے ساری قفس کی تیلیان + پر نہین اے ہمصفیرو اپنی بس کی تیلیان +
پھلی تر پھلی ظاہر یہ ہے کہ تانیث ہے لفظ پھل کے لیکن ہر ثمر پر اطلاق اوسکا درست
نہین بلکہ اوس ثمر کو کہتے ہین کہ دراز ہو اور اوسکے جوف مین حبوب ہون جیسے پھلی لوبیہ
اور مونگ اور ماش اور سیم اور املتاس وغیرہ کی گویا درازی اوسکے مفہوم مین داخل ہے
پھیلی چیستان پھیلنا باے فارسی مخلوط الہا مفتوح سے پہن ہو جانا کسی چیز کا پھیلانا
متعدی اوس کا پھولنا منتفخ ہونا پھیکا وہ طعام جسمین نمک یا شیرینی کم ہو پھیلانا و ضمار
پھوس وہ گاہ جس سے چھپر تیار کیا جاتا ہے پھلکا واو مجہولہ سے جو کہ ہلکا ہو پھلانگ جست
اور اوسکو مارنے کے ساتھ استعمال کرتے ہین یعنی پھلانگ مارنا پھانکنا چیز خشک سائیدہ
کو کف دست پر رکھہ کر منہ مین ڈالنا پھنکا مارنا مثلہ پھنکی چیز خشک سائیدہ بقدر کف دست
پھانک امر پھانکنے سے اور قاش پھکیتی پٹا کھیلنا پھنکیت جو کہ پٹا کھیلنے مین مہارت رکھتا ہو
پھبن کفچہ مار پہاڑ کوہ پہاڑنا ترجمہ دریدن کا پھوٹنا یعنی ٹوٹنا لیکن ان دونون مین
باعتبار محاورہ کے اتنا فرق ہے کہ بعض مقام مین پھوٹنا بولتے ہین اور بعض جگہ مین
ٹوٹنا اور بعض جاے مین دونون کا اطلاق درست ہے مثلاً پھوڑا پھوٹنا کہین گے پھوڑا
ٹوٹنا اور لکڑی ٹوٹی کہینگے نہ لکڑی پھوٹی اور سر ٹوٹنا اور پھوٹنا دونون درست ہے پھوٹ
امر ہے پھوٹنے سے اور نام ایک ترکاری کا ہے مثل ککڑی کے لیکن لکڑی سے کلان تر
اور شیرین اور بمعنی ترک موافقت کی پھرکی ایک مقدار معین ہے سنگ بنیاد کی تین گز
طول اور ایک گز عرض سودا کا شعر ٭ تسلی مجھہ دیوانی کی نہو جھوٹے کے پتھرون سے +
اگر سودا کو چھیڑا ہے تو لڑکو سول لو پھڑیان + پھانس ریشہ باریک بان یا بانس وغیرہ کا

کہ اعضا مین چپیہ جاوے اور روغن کو جو گرمی سے ہونے کے وقت لیپ زخم
کے اندر بزور میٹھ جاوے اور گوشت ناخن کو اذیت دیتا ہو اوسکو بھی پھانس کہتے ہین
پھانسا گرفتار کرنا پھانسی رسن وغیرہ کہ کسیکی گلی مین ڈالکر تنگ کھینچتے ہین تاکہ کام تمام ہو
جاوے بیکس جو کہ حامی اور مددگار نرکھتا ہو بے کس عاجز بیہودہ جیسا کہ بیہودہ
اور بےادب انشاء اللہ خان کا شعر ہے وحشت مین اپنے جو آیا قیس وحشت نے کہا ہے چل بے
وحدت پرستو کیون یہان تو لایا بستر + بدوحشت بطور بدوحشتا وہ شخص کہ اوسکے حواس
سلامت رہی پرشون بیدخل بیوضع اشیا مین سے ہو یا اشخاص مین سے بیتکی کسی سے
بدزبانی کرنا اصل مین بیتکی عبارت اس سے ہے کہ کسیکو ونشیب کے ساتھ یاد کرے
انشاء اللہ خان کا شعر ہے کونسی بے وضع ہے سچ جو تو اندر دلمین تمہ + ہے بے تکے کہنا کچھ تجھ کو
مشتق ملاؤ + بیل باے تازی مکسور اور یاے ساکن مجہول سے شاخ درخت بے ساق
کے کہ اطراف اور جوانب مین پھیل جاوے اور ثمر ایک درخت کا ہے کہ اوسکو بعد خشک
ہونے کے اندر سے خالی کر لیتے ہین اور اوسکو بعد خشک سائیدہ اسمین بھر کر رکھتے ہین اور
وہ زر یا فلوس کہ زن مطرب یا کنچنی کو گانے یا ناچنے کے وقت بطور انعام کے سوا اجرت
مقرر کی دیا جاوے اور باے مفتوح سے بمعنی گاؤ کے بیر باے تازی مکسور اور یاے
مجہولہ سے ثمر معروف اور وہ دو قسم ہے ایک باغی کہ وہ کلان ہوتا ہے مشابہ سیب لیکن حجم
مین کم اور دوسرا صحرائی کہ اوسکو جھاڑی بوٹی کا بیر کہتے ہین مشابہ عناب کو لیکن حجم مین
عناب سے قدرے کم اور باے مفتوح سے بمعنی دشمنی بیری باے مکسور سے درخت بیر کا
لیکن باغی بیر کے درخت کو مطلق بیری اور بیر صحرائی کے درخت کو جھڑ بیری کہتے ہین
اور یاے مفتوح سے بمعنی دشمن بیراگی باے مفتوح سے ایک جماعت ہے فقراے ہنود

بیراگن زن بیراگی اور ایک چوب ہی خمدار کہ فقیر اوسکو بغل مین لیکر اوسکے سہارے سے بیٹھتے ہین بیڑا بای مکسور اور یای مجہولہ اور رای ثقیلہ ہندی سے چند لکڑیان آپسمین باندھی ہوین جنکو دریا مین ڈالکر مسافت بعید سے لاتے ہین اور ایک فرقہ فرقون سپاہ کی آڑ بیڑا پار ہونا کامیاب ہونا اور یا نندا اسکا معنی اول ہے بیڑیکی بیڑی بای موحدہ مکسور اور یای تحتانی اول مجہولہ اور رای ثقیلہ ہندی مکسور اور یای تحتانی ثانی معروف سے وہ بند آہن جو مجرم کے پاون مین ڈالدیتے ہین اور وہ نیلہ رشتہ کہ اطفال کے پاون مین بطور منت کے پہناتی ہین بیڑہی بای موحدہ مکسور اور یای تحتانی اول مجہولہ اور رای ثقیلہ ہندی مخلوط الہاء سے وہ روٹی جسمین پیٹھی ڈالکر پکاوین بیڑا بای معروف سے وہ برگ پان جسمین چونا اور کتھہ اور سپاری وغیرہ رکھہ کر بشکل مثلث کے موڑدین بیڑا اوٹھانا کسی کام پر مستعد ہونا اور یا نندا اسکا ایک رسم ہی اہل ہند کی محفل مین ایک بیڑا پان کا حاضر کرتے ہین اور جو شخص کسی کام کا اہتمام اپنے ذمہ پر لیتا ہی اوسکو اوٹھا لیتا ہی بیس عدد معروف بیجنا بای موحدہ مکسور اور یای تحتانی معروف اور جیم تازی ساکن سے پنکھا بیر بکسر بای مفتوح اور یای ساکن سے دستار چہ علم بیج جیم تازی سے تخم اور نطفہ بیچ جیم فارسی ہی درمیان بیچ بیچ واسطہ حقیقی بیچ بچاؤ وہ فیصلہ جو دو شخص مین بواسطہ شخص متوسط کے ہو جاوے بیجہ ایک تصویر ہے بہ ہیات کہ اوسکو اپنے چہرے پر لگاکر اطفال کو اوس سے ڈراتے ہین بید درخت معروف اور علم دینے ہنود کا اور بای موحدہ مفتوحہ سے طبیب بیدک بای موحدہ مفتوحہ سے علم طب بطور ہندیون کے بیا بای موحدہ مفتوحہ اور یای تحتانی مع الالف سے ایک جانور ہے پرندہ گنجشک سے کچھ کلان اور اوسکا گلا مائل بزردی ہوتا ہے بیگار کاف فارسی سے کام بےمزد بیگاری وہ شخص جس سے کام بےمزد لین بیگار ٹالنے کام

کوبی ولی سے کرنا بیر بائے موحدہ مکسور اور یائے تحتانی معروف سے برادر اور ایک طائفہ ہے جنگلی قوم سے کہ ساحرآنا رسہو پہنچانے کے واسطے کسی پر تعین کرتے ہین بیرا الف سے برادر بئیر بائے موحدہ مفتوحہ اور یائے تحتانی مشدد اور رائے مہملہ ساکن سے عورت بیلین بائے موحدہ مکسورہ اور یائے تحتانی مجہولہ سے چوب طولانی مدور جسسے روٹی یا پوری بیلن کرتے ہین بیاہ بائے موحدہ مکسور اور یائے تحتانی بالف کشیدہ سے شادی کتخدائی بیاہا وہ شخص جسکی شادی کتخدائی ہوچکی ہو بیالو بائے موحدہ مفتوحہ اور یائے تحتانی مع الالف اور لام مضموم مع الواو سی وہ طعام جو غروب آفتاب سے پہلے کھاوین لیکن یہ اصطلاح سراوگیون کی ہے جو ایک طائفہ ہے ہنود مین سے پی بائے فارسی مکسور اور یائے تحتانی معروف سے معشوق پیا مثلہ لیکن یہ دونون الفاظ اشعار ہندی اکثر کتب اور دوہرونمین شوہر پر اطلاق کیے جاتے ہین اور اسکی وجہ یہ ہے کہ ہندیاین عورت کا عشق مرد پر ہے اور بیشتر عورات اپنی شوہر سے مربوط اور جیسان اختلاط ہوتی ہین اور یہی سبب ہے کہ اشعار مذکورہ مین رقیب کو سوکن کے ساتھ تعبیر کرتے ہین پیپیر خانہ شوہر پینک غنودگی پیک بائے موحدہ مکسور اور یائے تحتانی معروف سے آب دہن جو بعد پان کھانے کے منہ سے پھیکین پیک بائے فارسی مفتوحہ سے قاصد اور وہ لوگ جو منہ پر خاکستر ملکر اور دستار سفید اور نیلی آستین تنی ہوئی اشکل مخروطہ سر پہ باندھکر اور ہاتھ مین شمشیر برہنہ لیکر محرم مین تعزیہ کے آگے شتاب شتاب دوڑتے ہین انکو بھی پیک کہتے ہین پیپ حرف اول اور سوم بائے فارسی اور درمیان دونون کے یائے تحتانی ساکن معروف یعنی ریم پیپل درخت معروف اور ثمر معروف نہایت تیز مزہ کہ بطور دار و کے استعمال کیا جاتا ہے پیتل ایک قسم ہے فلزات کی جیسے برنج کہتے ہین

پیت دوستی اوسا سکو پریت رائے مہملہ سے بائے فارسی کے بعد بھی کہتے ہین پینیس ہوائی
معروف مخترع اہل فرنگ کی اور اُسکو پالکی بھی کہتے ہین پیوڑی بائے فارسی مکسور اور
یائے تحتانی مجہولہ سے ایک چیز ہے زرد رنگ اوس سے رنگریز رد بناکر تصویر کے کام مین
لاتے ہین پیاس تشنگی پیسا فلوس پیٹک ایک چیز ہے زرباف عرض بقدر یک دو انگشت
اور طول کے حد معین نہین ہے اور اوسکو دوردامن اور کلاہ پر نصب کرتے ہین پیچ لپیٹنا اور
فریب پیٹ شکم پیٹ گرنا کاف فارسی مکسور سے اسقاط حمل پیٹ والی زن حاملہ پیٹ پھاڑنا
شکم چاک کرنا پیٹ پکڑ کر بھاگنا نہایت مضطرب ہوکر بھاگنا پیٹ بھرنا سیر ہونا پیٹ بھر
تونگر پیٹھ پشت پیٹھ پھیرنی بھاگنا لڑائی سے یا کسی طرف سے دوسری طرف منھ کرنا بسبب
بیزاری کے پیٹھ موڑنی شلہ پیٹھ ٹھوکنی تقویت کرنی پیٹھ توڑنی مایوس کرنا پیم بائے فارسی
اور یائے تحتانی مجہولہ سے دوست پیار جوش محبت جو نہایت تہ دلسے ہو پیارا جسپر بہت
پیار آوے جرأت کا شعر ؎ آہ کیونکر نہ جدا ہے وہ پیارا ہوتا + وہ نہین ہم ہین کہ جس سے
وہ ہمارا ہوتا + **فصل تائے فوقانی کی** تا ایک کلمہ ہے کہ اطفال خوردسال سے بطور
ظرافت کے کہتے ہین اور اسکا استعمال اسطرح پر ہے کہ اپنے اور اطفال مین جو چیز حائل ہو
اوسکو چیز مین چھپکر دفعتاً اوسکے اوٹ سے سر نکال کر یہ لفظ کہتے ہین تاکہ وہ لڑکا یکبیک
چونک جاوے تاب طاقت سودا کا شعر ؎ میر مجلس کی تاب و طاقت کیا + کرتے تکلیف
شعرا ونکو تین + تاب لانا متحمل ہونا تاب نرہی یعنی تحمل نہوسکا تابدان روشن دان
تابش چمک تابنا آگ سے سیکنا تاپ امر ہے تاپنے سے اور بمعنی تپ کے لیکن اس معنی مین زبان
عوام کی ہے تاپ تلی نام بیماری معروف کا تاج معروف اور ہندی مین مکٹ کہتے ہین تاجو
واو مجہولہ سے اصل مین نام ہے ایک عورت کا اور اوسکا قصہ یہ ہے کہ اوسنے اپنے برادر حقیقی کو جسکی

بیسوین سے تار ڈالتا تھا اور عرف مین جو عورت کہ اپنے تیاگی ہے بے تعلق کرے اوسکو تیو
مین کہتے ہین کہ وہ تاجوڑتی ہے تار بندھنا کسی امر کا علی الاتصال وقوع مین آنا تار
ٹوٹنا تار بندھ گیا تار ٹوٹنا تھے کا آنا ایسی کام مین کہ متصل پہنچ جاتا ہوتا گا تار آنا کام
کو متصل کیے جانا تار باندھنا مشابہ تار اشارہ تارا ٹوٹنا شہاب ثاقب کو گرنا تار اسے مشتق
ہے ٹوٹ جانا کسی امر تعلق پر تار امر اسکا اور نام ایک درخت معروف کا تاڑی ہے جو
درخت تاڑ کہ وہ نشہ آور ہے تاشہ شین معجمہ سے نام ہے ایک ساز کا اور اصل اسکی تاسہ
ہے تاسا اور سین مہملتین سے طاء حطی تاست فوقانی سے اور سین مہملہ شین معجمہ سے بدل گیا تاش
نام ہے ایک قماش زرباف کا تاکنا پوشیدہ ہوکر کسی شی کو بغور دیکھنا تاک ادا اوس سے تاکی
تاک کنے سے تاک لگائی اور تاک باندھتی بمعنی تکنے کے تاگا کاف فارسی سے رشتہ تاگا پرونا
رشتہ سوراخ سوزن مین کرنا تاگا ڈالنا رضائی وغیرہ مین تگندی ڈالنا تاگڑی اوسکا مشتق
ہندی سے ایک رشتہ ہے کہ عوام ہنود اور خصوصاً اطفال انکی کمر مین باندھتے ہین تال ہاتھ پر
ہاتھ مارنا واسطے ضبط اصول نغمہ کے تالا قفل تالا جڑنا قفل لگانا تالی ہاتھ پر ہاتھ مارنا
کہ اوس سے ایک صدا پیدا ہو اور یہ کبھی تال کے واسطے اور کبھی کسیکو آگاہ کرنے کے واسطے
اور کبھی کسیکی تذلیل کے واسطے عمل مین آتی ہے اور اس فعل کو تالی بجانا اور تالی پیٹنا کہتے
ہین تالی بجنی اور تالی پٹنی لازم اوسکا تالاب معروف تالو جوف دہن کے سطح بالا جسکو
فارسی مین سقف دہان کہتے ہین تاننا جامہ طول اور عرض کو بالائی سرپا لکھو تو تاننا
کے نصب کرنا جیسے خیمہ تاننا یا چادر تاننی تان امر تاننی سے اور ایک طرحکی آواز ہے کہ وقت
نغمہ کے کرتے ہین اور اسطرحکی آواز کرنے کو تان لینا اور تان توڑنا کہتے ہین تانا وہ رشتہ
جس سے طول جامہ کا حاصل ہوتا ہے مقابل بانی کے جو باے موحدہ تانی سے ہے اور تانبا

یا نقرہ کو آگ مین گلانا تاؔ بنا مسؔ اور طعمہ جانوران شکاری مثل باز و باشہ وغیرہ کا اور ظاہرا
لفظ طعمہ مین تغیر واقع ہو کر تا بنا ہو گیا ہے تاؔ نگا ار ابہ بغیر چھتری کے تاؤ مس اور نقرہ وغیرہ
کا آگ مین چرخ کھانا اور تختہ کاغذ تاؤ نبرد داد یہ کہ اوسکے اثر سے چاندی یا سونے کی غش
وقت چرخ کے ظاہر ہوتا تاؤ دینا موچھون کا موچھون کو بل دینا اور اصل اسکی تاب دینا ہے
موحدہ تازی کے ساتھہ ہے اور یہ فعل اکثر حریف آگی اپنی لاف وگذاف کیواسطے ہوتا ہے تاؔ ولا
شتاب اور یہ لغت گوانرون کا ہے تاؔ یا ماضی ہے تانی سے یعنی گلایا مس وغیرہ کو اور ترؔ ابھائی
باپ کا تاؔی باپ کی بڑی سبائی کی جورو تاؔ پنا تا ے مشتقلہ ہندی اور بای فارسی سے حالت
محرومی مین مضطرب ہونا اور زمین پہ پانو مارنا گھوڑی کا اور اوسکو مارنے کی ساتھہ استعمال
کرتے ہین جیسی کہتے ہین تا پہ مارنا شاید اسکا ماخذ وہ ہے معنی اول ہین کسواسطے کہ ٹاپ مارنا اغلب
جب کہتی ہین کہ گھوڑا بسبب گرسنگی کے زمین پر پانو ماری اور اس جگہ محرومی سے مضطرب ہونا
ظاہر ہے یعنی دانہ اور گھاس کے نہ پانی کے سبب اور کبھی اور سبب سے پانو زمین پر مارنے کو
بھی کہتے ہین اور یہ مجاز معلوم ہوتا ہے تاپو وہ زمین خشک جو درمیان پانی کے نمایان
ہو تاتؔ دونون تائے مشتقلہ سے ایک قسم جامہ کی ہے کہ سن سے بنا جاتا ہے اور اکثر پردہ وغیرہ
بنانے کے کام آتا ہے مشہور اس کے معنی مین کرپاس ہے ٹالنا تای مشتقلہ سے دفع کرنا بحیلہ
ٹال امراس کا اور وہ جگہہ کہ چوب اور بھس وغیرہ کی فروخت کی واسطے معین ہوا اور گلو
کہ فیل اور گاؤ کے گلے مین باندھتے ہین ٹانڈ مچان ٹانک نون غنہ اور کاف تازی سے اجزای
کمان ٹانکا وہ جزو رشتہ کا کہ ایک دوخت مین صرف ہوا ہو اور اوس جزو رشتہ کو کپڑی
مین سے کہ زائد ہی ٹوٹا ہو ٹانکا بھرنا کہتے ہین ٹانکنا ایک کپڑے کو دوسرے کپڑے سے باہم کر کر
ٹانکا لگانا لیکن ٹانکنے مین فقط دو تین ٹانکے کا لگانا معتبر ہے کسواسطے کہ مثلا جب چادر کے

وہ بات سر تا سر تج جاوین تو یہ نہ کہین گے کہ ان دونون کو ٹانک دیا بلکہ جب دو تین
ٹانکے لگا کر چھوڑ دین اور تب وہ بھی یہی دو تین ٹانکے ہون تو کہین گے کہ اسکو ادھر سے
ٹانک دیا اور اسی واسطے قبا مین بند لگانے کو نیز ٹانکنا کہتے ہین ٹانگنا تاے مثقلہ اور نون
اور کاف فارسی سے لٹکانا ٹانگ امر اوس سے اور بمعنی ران سے انگشت پا تک ٹانگ اوٹھا
پیشاب کرنا سگ کا یا اوسکے بلوغ کی علامت ہے ٹانگن ایک قسم ہے گھوڑے کی تب تاے
فوقانی اور باے موحدہ تازی سے ظرف زمان ہے بمعنی اوسوقت کی مثلا جب مین نے
اوس سے عجز کیا تب راضی ہوا یعنی اوسوقت تپ باے فارسی سے حمی تپش بیقراری یا بسبب حرارت
کے تپاک گرمی اصطلاحی تجنا جیم تازی سے زبان دہاتین مین چھوڑ دینا تج امر اوس کا نام ایک
دوا کا تریا تاے فوقانی مکسور اور رے مہملہ ساکن اور یاے تحتانی مع الالف سے عورت تڑپنا
راے مثقلہ ہندی مفتوح اور باے فارسی ساکن سے بیقراری سے لوٹنا سودا کا شعر ع
ناوک نے تیرے صید نہ چھوڑا زمانہ مین ٭ تڑپے ہے مرغ قبلہ نما آشیانہ مین ٭ ترمرا
تاے فوقانی مکسور اور راے مہملہ اول ساکن اور میم اور راے مہملہ ثانی مفتوح مع الالف
سے اندک چکنائی جو شوربا یا پانی مین محسوس ہو تڑابھڑی تاے فوقانی مفتوح اور راے مثقلہ
ہندی اول مع الالف اور باے موحدہ تازی مخلوطہ الہا اور راے مثقلہ ہندی دوم مکسور
مع التحتانی سے قوت متصل تری پھل تین پھل یعنے ہلیلہ اور بلیلہ اور آنولہ او رانمین
تصرف کرکے اطریفل کہتے ہین تریز یاے تحتانی بعد راے مہملہ کے اور زاے تازی بعد تحتانی
کے کپڑا اور یب دار لگا ہوا آستین وغیرہ مین تڑپنا تاے فوقانی مضموم اور راے مہملہ اور
باے فارسی دونون ساکن سے کپڑے کے کسی سرے کو الٹ کر سینا تڑاتڑ دونون تاے
فوقانی مفتوح اور دونون راے مثقلہ ہندی سے وہ آواز کہ کسی چھینٹ کی کسی چیز پر پڑتوا

کرنے سے پیدا ہوتی ہے اعلی الاتصال کرانا پانی کا اعضا پر تَس تاء فوقانی مضموم اور سین مہملہ
ساکن ہی وہ ریشہ خورد کہ اناج وغیرہ سے بعد جھڑنے کے اوتر جاتے ہین تسمہ پارۂ چرم کہ
اوس کا عرض بقدر ایک دو انگشت کے اور طول اوسکا معین نہین تشتری شین معجمہ سے
رکابی خورد تشنہ طعنہ لیکن اصل اوسکی تشنیع ہی اور یہ لفظ عورتون کے محاورہ مین بہت
مستعمل ہے تفت تاء فوقانی سے آب دہن لیکن یہ لفظ ملامت کی محل مین مستعمل ہے مثلاً
تف ہے اوسکی اوقات پر تکنا کسی چیز کے طرف دیر تک نظر کرنا اور معنی انتظار کے تا کام
اسکا اور حرف انتہا تکان کسلمندی تکلا ترجمہ ہے دوک کا تکل تاء فوقانی اور کاف
تازی مشدد سے ایک قسم ہے کاغذ بادکی تکمہ اصل ہے تکمہ بمعنی گھنڈی کے ہے جو گریبان
یا کلاہ وغیرہ مین لگاتے ہین اور روزمرہ اردو مین عوام بمعنی حلقہ کے استعمال کرتے ہین
تکیہ بالش اور بمعنی بھروسہ کا اور وہ مکان جو مخصوص نشست فقرا کے ہے تلنا تاء مضموم سے
ترجمہ ہے تبخیدن لازم کا اور مفتوح سے روغن مین بریان کرنا تل تاء فوقانی کاسرے دانہ
معروف جسکو کنجد کہتے ہین اور بمعنی مردمک اور نقطۂ سیاہ کہ چہرہ پر ہو خدا خلقی ہو خواہ
کاجل سے لگایا ہو شیخ ابراہیم ذوق سلمہ اللہ تعالی کا شعر ہے چاہتا ہے کہ دو تل کہ نہین ہو سکتا
لب کو دون رخ کو نہ دون زلف کو دون تل کو نہ دون ۔ تل بڑھنا شعاع آفتاب کا
آتشی شیشہ سے کسی چیز پر تل کے شکل پر پڑنا تلا تاء فوقانی مفتوح سے چرم زیرین پاپوش کا
اور صیغہ ماضی کا تلے سے بمعنی بریان کرنے کے تلملانا تاء فوقانی مفتوح اور لام ساکن اور میم
مفتوح اور لام مع الالف سے مضطرب ہونا تلک تاء فوقانی کا کسرہ اور لام مفتوح اور کاف
تازی ساکن ہے جامہ پشواز جیسا کہ برہان قاطع مین مرقوم ہے اور رسالہ لغات ہندی مین لکھا ہے
جامہ پشواز کہ ترکون کی عورتین پہنتی ہین اور عرف حال مین بمعنی جماعت کی مستعمل ہے تلوا کف پا

تلہ تاے فوقانی مکسور سے طلا یعنی زر تیدانی وہ تھیلی جسمین سونے اور تاگا اور مقراض رکھتے ہین ظاہرا اصل اسکی تلہ دان ہو یعنی ظرف تاہ رکھنے کا اور مجازا تھیلی مذکور پر اطلاق کرتے اور یاے تحتانی مونث کیواسطے بطور اہل ہند کے لاحق ہو گئی ہے مثل سرمہ دانی تمسی نیاز بو تلی تاے فوقانی مکسور اور لام مشدد مع یاے تحتانی ترجمہ ہو سپرز کا تمتمانا تاے مضموم کو ضمیر مخاطب کی تمتمانا چہرہ کا سرخ ہو جانا بسبب حرارت آفتاب وغیرہ کی تماشا اصل مین بمعنی باہم چلنے کی ہے مشتق مشی سے اور بمعنی ہنگامہ کی مستعمل جیسے نٹ کا تماشا اور مثل اسکے تاخرہ خاے منقوطہ ساکن اور راے مہملہ سے ہزل اور مسخرگی اور معلوم نہین کہ رسالہ لغات ہندی کا مصنف فی کہان سے تحقیق کیا جو لکھا ہے کہ وہ سخن جو بطریق سرزنش کے کسیکو کہین آمیز زبان عزیز بھلا برا بیچا ننا تن بمعنے بدن تندرست جسکا بدن صحیح ہو یعنی بیمار نہو تنخواہ معروف تناپا درمیان دو الف کی باے فارسی یعنی غرور جوانی تنک تاے فوقانی اور نون مفتوح اور کاف تازی ساکن ہے بمعنی اندک لیکن روزمرہ حال مین متروک ہے توبرا تاے فوقانی مضموم اور واو ساکن مجہول اور باے تازی ساکن اور راے مثقلہ ہندی ہے وہ کیسہ چرمی یا ٹاٹ کا جسمین گھوڑے کو دانہ کھلایا جاوے توپ معروف توتا جانور معروف توشہ زاد راہ جو مسافر ہمراہ لیجاوے اور وہ طعام جو میت کے ساتھہ تا قبر لیجاوین اور طعام نذر جو بعض اولیاء اللہ کی نسبت مشہور ہے جیسے توشہ اصحاب کہف اور توشہ شاہ عبدالحق اور ان دونون معنی مین مجاز ہے تولنا وزن کرنا تولہ وزن بارہ ماشہ کا توری ایک ثمر ہے دراز سبز رنگ اوسکو گوشت کے ساتھہ پکاتے ہین توتلا وہ شخص کہ اوسکی زبان مین لکنت ہو تونبا کدوے خشک تونبڑی نون غنہ سے رسالہ لغات ہندی مین لکھا ہے کہ کدوے منقش جسمین چراغ روشن کرتے ہین اور گل خام سے بھی بناتے ہین انتہی مفاد کلامہ اور بمعنی خیر

مجازہے توبنا تاے فوقانی مضموم اور واو معروف اور نون غنہ اور باے موحدہ ساکن کے ساتھ
نیند کو ہاتھ سے توڑ توڑ کر ملائم کرنا تاکہ بہ نسبت پنبہ محلوج کے زیادہ تر باریک کاتا جاوے
تونبیا باے موحدہ کے بعد یاے تحتانی مع الالف وہ سوت کہ تونبی ہوئی روئی سے کاتا گیا ہو
توڑنا ترجمہ شکستن کا اور قطع پیوند محبت تہ بایان اور رمز و کنایہ جسکو مین اوسکی بات
ایک پیچ کی ہے اور بمعنی نکتہ باریک اور دقیقہ کے مثلا یہ شعر تہ دار ہے یعنی ایک نکتہ رکھتا ہے
تہ بازاری وہ محصول جو مردم بازار نشین مثل تہ کاری فروش وغیرہ سے کہ سوداکاڑاروں
کے ہون لیا جاوے اور یہ قید اسواسطے ہے کہ تہ بازاری منسوب ہے تہ بازار کی طرف اور
تہ بازار بمعنی زمین بازار کے ہے جیسی تہ میکدہ یعنی زمین میکدہ پس زمین پر وہی لوگ بیٹھتی ہین نہ
دوکان دار لیکن روزمرہ بال مین تہ بازاری عام ہے فقط مردم مذکور سے بیچا وپاؤ کا مدار ہے
سے بھی تہ دیگی وہ طعام جو دیگ کی تہ مین رہا ہوا ور دہ طعام اوپر کے طعام کی نسبت روغن
زیادہ رکھتا ہے بسبب تہ نشین ہونے روغن کے تھاتاے فوقانی مفتوح مخلوط الہا اور الف
کے ساتھ کو سلا اور دریا کی تہا اور اصل اسکی تہ ہے کہ عوام نے اسطرح پر استعمال کر لیا ہے
تھال طبق بزرگ برنجی تھالی طبق خرد برنجی تھاپنا سرگین کو ایک ہیأت مخصوص پر فراہم
کر کرا وپلا بنانا اور بعضے اسکو پاتھنا باے فارسی مع الالف اور بعد الف کے تاے فوقانی
مخلوط الہا سے کہتے ہین تھانہ حاکم کے بیٹھنے کی جگہ تھوک آب دہن تھانولا نون غنہ سے وہ
گڑھا کہ درخت کی گرد کھودین تاکہ پانی اسمین درخت کی سرسبزی کی واسطے ڈالتے ہین تھوتھا
جو چیز کہ گندہ ہوتی ہے اور کسی سبب سے میان تہی ہو جاوے مثلا تھوتھی لکڑی جو بسبب کیڑا
لگنے کے یا اور سبب سے خالی ہوئی ہو اور تھوتھا بیج وہ تخم کہ اوسکے اندر مغز نہو تھوہر
ایک درخت ہے شیر دار اور تلخ کہ اسکو زقوم کہتے ہین تھرتھرانا کانپنا تھکنا ماندہ ہونا تھکنا

مانند کی تھم ستون تھن پستان گاو یا گوسفند یا دیگر چارپایہ تھیگلی کاف فارسی سے پیوند تھیلی
کیسہ خرد تھیلا کیسہ بزرگ ٹھٹھول ظرافت اور بمعنی ظریف کے بھی مستعمل ہے ٹھٹھا ظرافت
ٹھیک درست ٹھیکا یاے تحتانی مجہولہ سے سہارا اور اجارہ وحات کا اور طبلہ وغیرہ بجانا
ہمراہ ہنسی کے ٹھیکی سہارا ٹھیکرا سفال بزرگ ٹھونکنا مارنا بشدت ٹھوکر پشت پا جو کھینچ
پر ماریں اور دو ضربت کہ کسی چیز کے صدمے سے پانو کو پہونچی ٹھکرانا بار بار ٹھوکر مارنا کسی
چیز پر ٹھنڈ سردی ٹھنڈک مثلہ ٹھنڈی سانس بھرنا آہ سرد بھرنا تیتر نام پرندہ معروف
کہ اوسکو دراج کہتے ہیں تیل یاے تحتانی مجہولہ سے روغن تیلی روغن فروش تیلن زن
روغن فروش تین تیرہ متفرق اور پریشان تیہا خشم اور غضب تیوری چڑھانی ہوں
چڑھانی میر کا شعر ہم خستہ دل ہیں تجھ سے بھی نازک مزاج تر + تیوری چڑھائی تو کہ
یہاں جی نکل گیا + ٹیکا تاے مثقلہ ہندی سے نشان خرد کہ کسی رنگ سے کسی پر لگاویں
خواہ پیشانی پر ہو خواہ اور شی پر ٹیس الم شدید ٹیپ تاپ خودنمائی ٹمیکرہ یاے تحتانی مجہولہ
سے پشتہ کودہ ٹیلہ مطلق پشتہ فصل جیم جات تاے فوقانی کے ساتھ قوم اور مشہور ذات
ذال معجمہ سے ہی جیسے کہتے ہیں کہ اوسکو ذات سے باہر کر دیا یا ذات میں ملا یا یعنی قوم
سے یا قوم میں جا تھم شطرنجی جاٹ تاے ہندی سے نام ہی ایک قوم معروف کا جادو سحر او
ساحر لیکن اردو میں معنی اول میں مستعمل ہے جاڑا موسم سرما جاکٹ کاف تازی مفتوح
اور تاے ہندی ساکن سے ایک قسم ہے لباس کی بطور کمری کے جاگنا بیدار رہنا جاگ امر
جاگنے سے اور حاصل بالمصدر جال دام جالا پردہ مفید کہ عنکبوت اپنی لعاب سے بناتی ہے
یا وہ چند تار کہ عنکبوت اپنے لعاب سے بنتی ہے اس شعر میں شیخ ابراہیم ذوق سلمہ اللہ تعالی
کے معنی اول کے ہیں ۔ مصرعہ ۔ کمان جو تاب رخ سیمتن ہیں ہر + جالا سا عنکبوت کا ستونہ کہن میں ہر

اور نام ایک مرض چشم کا ہی اونرہ ایک پردہ سفید ہی کہ مردمک پر پیدا ہوتا ہی اس پردہ کو طبقۂ عنکبوتیہ
ش بیہ کے جالا کہتے ہین جالی مشبک چیز اور ایک قسم ہے جامہ کی کہ وہ بھی مشبک ہوتا ہی جامہ
مطلق لباس پوشیدنی لیکن عرف اہل ہند مین ایک لباس خاص کا نام ہے چنانچہ معروف ہی
جامن نام ہی ایک ثمر معروف کا اور وہ مایہ جس سے دہی جما دین جان نفس ناطقہ جان سے
مارنا مار ڈالنا جان مارنا اذیت پہونچانی جان کھانا کثرت سخن سے کیسکو تنگ کرنا جان پر
کھیلنا محل ہلاک مین اپنے تئین ڈالدینا درد کا شعر جان پہ کھیلا ہون مین میرا جگر دیکھنا
جی رہے یا رہے مجکو ادھر دیکھنا ٭ جان نثار جو کہ اپنی جان کو کیسکی واسطے دریغ نرکھے اور
اوس مردہ کو بھی کہتے ہین کہ جب دم نکلتے ہی اوسکے پاس صداے بلند سے گریہ و بکا کرین
اوا کے صدمہ سے اوسی دفعۃً دم آجاوے اور پھر سختی سے جان نکل جانی اس لفظ کا اطلاق
اکثر معشوق پر ہوتا ہی جانب واری طرفداری جان توجہہ دیدہ و دانستہ چابنا جیم فارسی سے
کسی چیز کو دانتون سے نرم کرنا چابنا تا تات مثناۃ سے ترجمہ لیسیدن کا چادر وہ کپڑا انکھرا جو
اوڑھنے کے کام مین آتا ہی چادر دہ مثلہ چال رفتار اور روش چال دایام ہفتہ مین سے روز
معین کہ جہات اربعہ مین سے کسی جہت کی سفر کے واسطے مبارک ہوا در ہر سمت کے واسطے
ایک روز معین کیا ہوا ہی اور جانا عروس کا بعد نکاح کے خانہ شوہر مین اپنی ما باپ کی گھر سے
اور یہ امر چار دفعہ عمل مین آتا ہی چالاک شتاب رو لیکن بحسب استعمال وہ شخص ہے کہ کسی کام
مین سستی نکرے چام چمڑا چام کے دام وہ چمڑا کہ نظام نام سقہ نے ہمایون کے عہد مین تین دن
کی بادشاہی مین بشکل روپیہ تراش کر بجاے روپیہ کے رواج دیا تھا چاند قمر چاندنی جیم
چاند ماری خاک تودہ پر کوئی علامت نصب کرکے پے در پے بندوق لگانی چاند تارا ایک
قسم کپڑے کی کہ اوسپر بوٹیان کڑھی ہوتی ہین چاول برنج چاول چبوانا چاول پر عزیمت

دم کر کر اوس شخص سے جسپر احتمال دزدی کا ہو چبوانا اور مشہور ہے کہ اس عمل کی تاثیر سے دزد کی
منہ سے خون جاری ہوتا ہے چاؤ ناز و نخرہ چاہ محبت چاہت مثلہ چاہیتا وہ شخص کہ اوس سے
بہت محبت ہو جب ظرف زمانی یعنی جسوقت چپ جیم فارسی مضموم اور بائے فارسی ساکن جسے
خاموش چپنا شرما جانا چپانا متعدی اسکا چبانا بائے تازی کے ساتھ کسی چیز کو دانتوں سے نرم کرنا
چبوانا متعدی اسکا بواسطہ مفعول چپ ہو یعنی خاموش ہو اور مطلق منع کرنے کے محل مین بھی
مستعمل ہوتا ہے انشاء اللہ خان کا شعر ہے گریہ کنان دیکھکر تب زرہ انفعال + مجکو کہا شوخ
نے چپ ہو نہ اے بے لحاظ + چپاتی نان تنک جیسی بائے فارسی مشدد و مکسور ہے ایک قسم کا پانون
دبانا چبینا یائے تحتانی بعد بائے موحدہ کی نخود یا گندم بریان جو بوقت دوپہر کے مزدوروں کو
کھانے کے واسطے تقسیم کیے جاوین چپ غلط دینا دوڑنے مین داہنے بائین ہو جانا کہ حریف جو تعاقب
کرتا ہے عاجز ہو جاوے چپکنا لیس دار چیز کا کسی چیز سے متعلق ہو جانا چپکانا متعدی اسکا چیپلن ایک
قسم ہے انگرکھے کی چپنی سرپوش چپو وہ چوب جس سے کشتی چلاوین چچڑی کرم معروف کہ اکثر
چارپایوں کی بدن مین خصوصا سگ کے ہوتی ہے جتانا فتح جیم سے معلوم کروانا اور کسرہ جیم سے
کسیکو بازی مین غالب کر دینا اور اوسکی جگہہ جتوانا واو کے ساتھ بعد تائے فوقانی کے اور
جتانا جیم مکسور ہے اور لام بعد فوقانی کے بھی بولتے ہین جتنا جیم مضموم سے بیلوں کو گاڑی
مین لگنا جتوانا جیم مضموم سے متعدی اوسکا بواسطہ مفعول جتی تارک لذات خصوصا لذات جماع
سے اسواسطے ایک طائفہ فقرائے ہند سے کہ اونسے زیادہ کوئی ترک لذات نہین کر سکتا جتی
کہتے ہین چٹکنا جیم فارسی اور تائے ہندی سے کسی چیز سخت کا باواز پھٹنا لیکن اسکا اطلاق
عرف سنگ یا چوب پر جو خود بخود بہت جا ہو کرتے ہین اور نرکال کے آگ مین سے آواز دینکو بھی
چٹکنا کہتے ہین اور اطلاق اسکا گلاب کی پھول کے کھلنے پر کہ اوسمین سے بھی آواز نکلتی ہے مجاز ہے او

اہل شاہجہان آباد بیشتر بجای کاف کے خاء معجمہ استعمال کرتے ہین خصوصاً زکال کے آواز دینے
یا باہم دو شخصون مین نزاع ہونے کے وقت جیسی کہین اُن دونون مین خوب جھنجی یعنے خوب
نزاع اور پرخاش ہوئی چیکاری بہرنا یای تحتانی مجہول سے آوازہ کا نکالنا زبان سے جب کوئی
شے لذیذ کہا کر مزا لیوین انشاء اللہ خان کا شعر ہے چیکاری کیون بھری نہ زبان تیری مخ کر مین
کوئی مزہ نہیں ہی تیری نام سے لذیذ چٹکی جیم فارسی مضموم سے بدن دو ناخن سے پکڑ کر زور
کرنا کہ الم پہونچی اور اس معنی مین لینے کے ساتھہ مستعمل ہے مثلاً اوسنے چٹکی لی اور سر انگشت
کو انگشت وسطی کے ساتھہ ملا کر آواز نکالنا اور اس معنی مین بجانے کے ساتھہ استعمال کرتے
ہین یعنی چٹکی بجانا چٹ جلد چٹنی نون سے الیات مصالح تیز کر اونکو پانی مین پیسکر وقت تناول
طعام کے تبدیل ذائقہ کے واسطے کہا وین چھوانا تلوار کا تلوار کا سان پر رکھوانا چھوڑا وہ شخص کہ
اپنا مال سب اطعمہ لذیذ مثل شیرینی وغیرہ کے کہانے مین صرف کرے چیتی جیم مفتوح اور یای
مجہول سے داغہای سرخ کہ بسبب فساد خون کے بدن پر ظاہر ہووین چتی جیم مکسور اور یای
معروف سے مادہ لال کی جو جانور معروف ہی چٹیلا نا بال ہی انسان کی کہ عورتین اپنی چوٹی
مین اُسکو لگاتی ہین تا کہ چوٹی دراز معلوم ہوا اور اوس چوٹی پر جسمین بہت بال ہون بھی
اطلاق کرتے ہین چٹیل میدان میدان صاف جسمین درخت کہین نہو چچا جیم فارسی
سے عم چچی زن عم چنچی جیم مفتوح اور خاے معجمہ مکسور اور یاے مجہول سے ایک لفظ ہی کہ
اُسکو عورتین بیزاری کی وقت بولتی ہین دور ہو کی محل مین مثلاً چل چخی یعنی چل دور ہو
چرانا آنکھہ کا آنکھہ سامنے نکرنی چربہ کاغذ باریک یا پوست آہو کہ اُسکو کسی نقش پر جماکر
او سپر نقل اوس نقش کے اوتارین چرچا کسی چیز کا جا بجا ذکر ہونا چرس دلو کلان اور
ایک شی ہی کہ بطور تمباکو کے چلم مین رکھہ کر پیتے ہین اور پینا اوسکا نشہ بھی کرتا ہی چرکٹا

پنیکا رفیلبانان اور معنی ترکیبی اسکے چارہ کا کاٹنے والا چرب زبان جو شخص کہ سخن گوئی مین
چالاک ہو چپہ دا ہا ہشیار چتر ہا آوا وہ چیز جو درگا ہو نمین بطور نذر کے لاوین جزو ٹکڑا اور جزا
آٹھ ورق کاغذ کو بھی کہتے ہین اسواسطے کہ عادت کاتبون کے یون جاری ہے کہ ہر جزو کتاب کا
آٹھ ورق کا ہو جزو بندی اجزاے کتاب کو رشتہ سے باہم پیوند دینا جزدان وہ کہ جسمین
کتاب رکھی جاوے جست ایک قسم ہے دہات کی مثل قلعی اور شیشہ کے اور معنی چھلانگ مارنیکے
بھی جسامت فربہی جسم فربہ چست چالاک چستہ جیم فارسی مضموم سے پیرایہ جشن اصل مین معنی
مطلق شادی اور مہمانی کے ہے اور مجازاً وہ مہمانی خاص کہ سلاطین بعد سال کے کرتے مین
اور وہ اونکی تخت نشینی کی تاریخ ہوتی ہے جفت جوڑا عموماً اور جوڑا پاپوش کا خصوصاً
جفتی جماع عموماً اور جماع حیوانات خصوصاً جفتی کرنا اور جفتی کھانا جماع کرنا حیوانات کا
چفتی جیم فارسی مفتوح سے مسطر چوبی جسکو کاغذ پر رکھکر برکا سے خط کھینچین جگالی فتحہ جیم
اور کاف فارسی سے عالم جنگلی حیوانات کا کھانے کے بعد چارہ کو پھیر معدہ سے نکال کر منہ مین
لانا اور چبانا چکا جیم فارسی مفتوح اور کاف تازی مشدد مع الالف سے وہی خوب پکا ہوا
چکتی وہ چیز کہ بطور قرص کے بنائی جاوے جیسے چکتی پیڑا اور تماکو کی چکر جیم فارسی مفتوح
اور کاف تازی مشدد مفتوح اور یاے ہوا یہ ساکن سے حلقہ آہن کہ چوڑا اور تنک ہوتا ہے
چکر پانا پھرنا گردش دینا اس طرح پر کہ بسبب سرعت کے ایک حلقہ معلوم ہونے لگے بنیٹی وغیرہ
چکوی چکوا وہ جانور معروف نر اور مادہ اور انکا قصہ مشہور ہے کہ دنکو مواصلت رہتی ہے اور
شبکو مفارقت چکور جانور معروف خوش رفتار و آتش خوار چکئی جیم فارسی مفتوح اور کاف تازی
مفتوح اور یاے تحتانی مشدد بازیچہ مخصوص چوب یا مس یا عاج کا کہ اطفال ایک سر رشتہ کا
اوسمین اور دوسرا سرا انگشت پر باندھکر اوسکو ہاتھ سے حرکت دیکر دوسری حرکت مین

پھر ہاتھ میں لے لیتے ہیں چکی آسیا چکلا چوب یا سنگ۔ مد وبہین جل جیم تازی مفتوح سے آب جل تھل کثرت بارش سے کہتے ہین جابجا آب عمیق کا بھم پہونچنا جابہ میری نام ہی ایک بازی کا بازی ہاے اطفال سے جلیبی شیرنی معروف کہ بشکل حلقہ کے ہوتی ہی اور اسیواسطے فارسی میں اوسکو حلقی کہتے ہین جلند بیاری ہی استسقا جلوس اصل میں بمعنی بیٹھنے کی ہی اور مجازاً بیٹھنا بادشاہ کا تخت پر چلانا جیم فارسی اور لام مشدد سے آواز کا بلند کرنا جل جیم فارسی مضموم سے خارش چلون بمعنی جوتی چلن روش چلو جیم فارسی مضموم اور لام مشدد مضموم اور واو ساکن معروف سے یک کف آب یا اور شی سائل خاصی کا فوارہ کا سا حوصلہ اتنا نہ رکھئے تنگ ۔ چلو بھری ہی پانی مین گر میندا چلہ چالیس دن تک گوشہ نشین رہنا اور اوس مکان پہ جسمین گوشہ نشین ہون بھی مجازاً اطلاق کرتی ہین اور وہ رشتہ جو بطریق نذر او منت کی کسی قبر یا درخت یا منبر پر باندھتے ہین اور زہ کمان بمعنی اول کی بیٹھنے اور کھینچنے کے ساتھ اور بمعنی دوم کی باندھنے کے ساتھ مستعمل ہے جاناایک چیز کو دوسری چیز سی سخت پیوند دینا جانا دہی کا اور جانا برف کا لستہ کرنا دودہ اور پانی کا جمانا بات کا جو بات اپنی مفید مطلب ہو دوسرے کے ذہن نشین کرنا اسطرح سے کہ اوسپر اوسکے مترتب جانا نہیری کا کسی تقریب سے وہ بات جو اپنے مطلب کے مفید ہو کہ جانا جمنا مصدر لازم ہی اون سب معانی مین اور نام دریا معروف کا جمدھر نام سلاح کا چمار چرم فروش اور یہ مرکب ہی چرم سے جو بمعنی پوست حیوانات کی مخفف ہی چام کا اور آر سے کہ کلمہ نسبت ہی چمچہ بمعنی کفچہ چوبی ہو یا آہنی یا مسی چمیرہ رائے مثقلہ ہندی سے پوست حیوان چمک تابش چمگادڑ کاف فارسی سے خفاش چموٹہ تائے ہندی سے پارہ چرم کہ حجام استرہ کو اوسپر تیز کرے جن جیم تازی مکسور سے پری لیکن صرف حال مین جن اور پری مین اتنا فرق ہے کہ مذکر ہر جن

اور زنان جو بصورت پر اوس قوم کی بیبی کا اطلاق کرتے ہین جنا نون مشدد سے زادن کا
ترجمہ جنگل صحرا جنم پیدایش جنم لینا موافق عقیدہ ہنود کے یہ ہے کہ کوئی شخص بعد مرنے کے
موافق جزائے اعمال کے جو زندگی مین کئے تھے دوبارہ دنیا مین پھر پیدا ہو جنا جیم فارسی مضموم
اور نون مشدد سے ترجمہ چیدن کا چنبیلی گل معروف جسکو فارسی مین یاسمن کہتے ہین چنپا
گل معروف زرد رنگ چنپا کلی نام زیور معروف کا چنیی ہمزہ مکسور بیمار سیدہ سے رنگ زرد
معروف چنبل سرپوش چلم چنگل مخفف چنگال کا بمعنی پنجہ کے چنگا تندرست چنگاری اخگر خورد
چنگاری چھوڑنا ایک ایسی بات کہنی کہ لوگون کی سوختگی کا موجب ہو چنگھاڑ رائے مشقلہ سے
آواز بلند اور اکثر ہاتھی کی آواز پر اطلاق کرتے ہین اور انشاء اللہ خان کے شعر سے بعنی آواز
دیو کی بھی معلوم ہوتا ہے سن خروش نعرہ اپنا ہی عدو تو چیر کیا منہ کھا کے دہشت بھاگ جاوے
دیو بھی چنگھار کر چنگیز نون غنہ سے سبزہ خورد کہ او سمین پھول وغیرہ رکھتے ہین چنی
جیم فارسی مضموم سے نام جوہر معروف کا جو جیم تازی مفتوح سے غلہ معروف اور جیم
مضموم سے حرف شرط جوا قمار اور چوب ارابہ کہ نرگاؤ کے کندھے پر رکھی جاوے جواہر سنگ
بیش قیمت معروف اور یہ اصل مین جمع جوہر کی ہے لیکن بسبب استعمال مفرد پہ بھی اطلاق
کرتے ہین جواہر رائے مشقلہ ہندی سے قسم ایک ہلیلہ کی کہ نہایت خورد ہوتی ہے جوا کھار
وہ شور کہ جو کو جلا کر اوسکی خاکستر سے حاصل کرتے ہین جوالی یائے تحتانی مجہولہ سے گندم
جو آمیختہ جوار غلہ معروف جوت جیم تازی مضموم اور واو معروف اور تائے فوقانی ساکن سے
روشنی جوتنا لگانا نرگاؤ کا ارابہ اور ہل مین جوڑ رائے مشقلہ ہندی سے پیوند جوڑی دو چیزین
مثلاً جوڑا جفت اور کفش اور جامت اور دو سراؤ کا جوڑیا وہ طفل کہ دوسرے لڑکے کے ساتھ
توام پیدا ہوا ہو جوانی خویش جوانسا ایک گیاہ ہے معروف خار دار کہ اسکو اونٹ کھاتا ہے

جوگ درویشی بطور ہنود کی جوگی درویش اہل ہند مین سے جولاہہ وہ شخص جو کپڑا بنے فارسی مین میشہ باف کہتے ہین جونک کرم معروف کہ آدمی کے بدن سے خون چوستی ہی جوہڑ بای مشتلہ ہندی سے تالاب خورد کہ آب باران اوسمین جمع ہوگیا ہو چوپڑ بازی معروف شطرنج کی قبیل سے چور دند چودھری شخص بزرگ بیر محلہ اور بازار مین کہ وقت معاملہ کے حاکم کے پاس جواب دہی کرے چوسنا ترجمہ مکیدن کا چوک جیم فارسی مضموم اور واو معروف سے ایک قسم ہی ترکاری کی ترش مزہ چوک جیم فارسی مفتوح سے صحن وسیع چوکھٹ چارچوب دروازہ کی چوکنتہ تاے مشقاۃ ہندی مع الہاسی وہ چارچوب جسمین آئینہ نصب کرین چولی جیم فارسی مضموم اور واو معروف سے وہ میراکو اڑکا کہ کواڑ اوسکے سبب پھرتا ہی چولائی ایک قسم ہے ترکاری کی اور وہ دو قسم ہی سبز اور سرخ اول کو چولائی اور دوسری کو لال ساگ کہتے ہین چومنا بوسہ لینا چوم چاٹ کر چھوڑ دینا عبارت اس سے ہی کہ جب کوئی چیز اپنے قابو اور تصرف سے باہر ہو اوسکو بوسہ دین اور بعد اوسکے اوس سے ہاتھ اوٹھاوین انشاء اللہ خان کا شعر سب کے پھلکے جوسلے دیرکے روڑسلے تیھ + چوم اور چاٹ کے ہین کعبہ کے چھوڑے پتھر + چونکنا یکایک سوتے سے آنکھ کا کھل جانا اور بمعنی متنبہ ہونے کے جو حالت بیداری مین ہوتی ہی جھاڑو جاروب جھانوہ سنگ معروف کہ اوس سے ہاتھ پانون کے میل اوتارتے ہین جھاڑی وہ جگہہ کہ درخت خاردار اوسمین بہت ہون جھاڑا برازاوس جب کوئی چیز گم ہوجاتی ہی اور اوسکی تلاش اور تجسس کے واسطے جسپر گمان ہو اوسکے کپڑے اوتروا دین اصطلاح کی تجسس کو بھی جھاڑا بولتے ہین جھپان ایک عماری ہی مثل پالکی وغیرہ کے کہ اکثر کوہستان مین رائج ہے جھٹ تاے ہندی سے یعنی فوراً جھٹ پٹ شلہ لیکن لفظ پٹ تنہا مستعمل نہین جھجھر ظرف آب مشہور جھڑ کثرت بارش جھڑی مثلہ جھڑک مارنا ماوہ گوئی

کرنا جھنکا جیم تازی مفتوح مخلوط الہا اور نون ساکن اور کاف تازی مع الالف اور رای
مہملہ ساکن سے اکثر اطلاق اسکا تلوار یا زنجیر یا بعضے زیور مثل گھونگرو اور کڑی کے آواز پر ہے
جھومنا ہلنا حالت مستی مین جھونجلانا غضبناک ہونا جھونکنا تنور یا گلخن کا گرم کرنا خاشاک وغیرہ
سے جھیل آب کثیر کہ بسبب بارش کے کسی جگہہ جمع ہو گیا ہو جھینگر جانور معروف چھال جیم فارسی
سے پوست درخت چھالہ بمعنی آبلہ چھب انداز معشوقانہ چھیلا جیم فارسی مفتوح مخلوط الہا
اور یای ساکن سے وہ شخص کہ انداز اور وضع معشوقانہ رکھتا ہو چھبیلی وہ عورت اوباش
وضع کہ نہایت ہوشیار ہو چھت سقف چھتا آشیانہ زنبور اور وہ راہ جسپر چھت پٹی
ہوئی ہو چھلہ حلقہ زرین یا سیمین یا سوا اوسکے بغیر نگین کے کہ اوسکو انگشت مین پہنتے
ہین چھم چھم باران یا زیور مثل کڑی اور گھونگرو کے آواز پر اطلاق کیا جاتا ہے چھوٹ تای
ہندی سے حاصل بالمصدر ہے چھوٹنے سے بمعنی رہائی کے اور ایک قسم ورزش کی ہے پھیری لکڑ
کی کہ حریف کی بدن پر لگتا جہان چاہین مارتے ہین چھوٹا خورد چھینکا عطسہ چھینکا ایک ظرف
ہے رسن سے بنا ہوا اور اوسکو چھت مین یا کسی اور جگہہ لٹکا دیتے ہین اور اوسمین طعام
رکھتے ہین تاکہ گربہ اور سگ سے محفوظ رہے چیل پرندہ معروف چیلہ مرید چیرہ دستار باندھنی
چیان تخم ایلی جی جیم تازی سے جان جیدھر ظرف مکان بمعنی جدھر کے یہ لفظ یا اسکا مخفف ہے
یا وہ اسکا متبع لیکن روزمرہ حال مین مستعمل ثانی ہے جینا زیست کرنا چیتھڑ جیم فارسی مکسور
اور یاے تحتانی معروف اور باے فارسی مفتوح اور راے مثقلہ ساکن سے میل اور غش
جو آنکھہ مین بعد سونیکے ظاہر ہو چیتھڑا جیم فارسی مکسور اور یاے تحتانی معروف اور تای
فوقانی ساکن مخلوط الہا اور راے مثقلہ ہندی مع الالف سے ٹکڑا کپڑے کا جو خراب اور بیکار
ہو چیتا جانور درندہ معروف شکاری جسکو فارسی مین یوز کہتے ہین فصل حاء مہملہ

اس فصل میں ہر چند الفاظ بہت کم ہیں لیکن ضبط فصول کے واسطے لکھے جاتے ہیں
حال وجد بمشائخ کا حالت مثلہ حالی سکہ رائج الوقت حاصل اردو میں بمعنی فائدہ
کے مستعمل ہے جیسے کہ جینا س سے کیا حاصل تھا تھا اور اردو میں بمعنی لبیار کے مستعمل ہے
مثلاً حد سے زیادہ معلوم ہوتا ہے حرف معروف اور بمعنی عیب او طنز مثلاً وہ اوسپر حرف رکھتے ہیں
حشرات ایک ہنگامہ کہ محل مصیبت اور جائے خوف ہو حقہ قلیان حکم معروف حکومت
معروف حلال مقابل حرام کے حلاوت لذت حلوا شیرینی ملائم پکی ہوئی حلیم طعام معروف
حمایت طرفداری حمام ایک مکان خاص ہے جو غسل کے واسطے معین ہوتا ہے حمامی
غسل کروانے والا حور معروف حیران متحیر حیوان جانور حیات زندگی **فصل خاے معجمہ** خار
کانٹا خاک مٹی خاکتودہ تودہ مٹی کا جو تیر اندازی کے واسطے بناویں خاکی انڈہ وہ بیضہ
جو ماکیان سے بدون جفت کے حاصل ہو خاگینہ انڈہ پکا ہوا خارا سنگ سخت خال تل
سیاہ کہ چہرہ پر خلقی ہو یا کاجل کا بناویں واسطے زینت یا دفع نظر بد کے خالہ خواہر مادر
خالو برادر مادر اور عرف حال میں خواہر مادر کے شوہر کو خالو اور برادر مادر کو ماموں
کہتے ہیں خاصی اچھی خیر خاصہ نام ہے ایک کپڑے کا اور وہ طعام جو امرا اور سلاطین
کے تناول کرنے کے واسطے تیار ہوا ہو خانہ گھر اور وہ سوراخ کہ واسطے رہنے مرغ
اور کبوتر کے بناویں اور خانہ شطرنج یا صندوقچہ کے خانہ مجاز ہے خالی تہی خبر معروف خربزہ
معروف خنک خاے معجمہ مضموم اور تاے فوقانی مفتوح مشدد اور کاف تازی ساکن ہے
چوب دستی کہ کندہ اور سطبر اور کوتاہ ہو جسکو سونٹا کہتے ہیں اور ظاہر اگتکہ میں تصرف
کرکے یہ لفظ بنا یا ہے خچر جانور معروف قسم خر کے ہے کہ اوسکو فارسی میں استر میں معلم
سے اور عربی میں بغل کہتے ہیں خدا اللہ خراب معروف خرخشہ محاورہ اردو میں

جھگڑے اور اندیشہ کے محل مین بولتے ہین خرفہ نام ہے ایک تخم کا جو سیاہ رنگ اور
دوا مین کام آتا ہے خرد چھوٹا خرافات بیہودہ خردہ باریکی اور عیب خستہ جو چیز کہ
اونکے صدمہ سے لوٹ جاوے اور اوسکا اطلاق غالباً کچوری جسمین روغن بہت
ہو اور شیرینی مین سے خرمون پر جو بہت روغن رکھتی ہون کیا جاتا ہے خشخت خشک
پیراہن اور یہ لفظ بجز عوام کے اور کسیکی زبان سے نہین سنا گیا پس خشتک کو خراب
کرکر خشخت کر لیا ہے خصومت دشمنی خط مکتوب اور موے ریش اور لکیر جو کسی چیز مین
پڑ جاوے خط بنوانا اصلاح خط ریش کی خط مونڈوانا ریش کا ترشوانا خط زن
رسالہ لغات ہندی مین بمعنی قطزن کے لکھا ہے شاید کہ عوام سے سنکر لکھدیا ہوگا دراصل
اصل مین قطزن قاف سے ہے خط کا آنا مکتوب کا کہین سے آنا اور موے ریش کا چہرہ
پر نمودار ہونا خط دار کپڑا وہ کپڑا کہ اوسپر دھاریان ہون خط کا پکڑا جانا فاش ہو جانا
خطون کا جو خفیہ کسیکو واسطے لکھے ہون خط سنورنا درست ہو جانا خط تحریر کا خط
بگڑ جانا بد خط لکھنے لگنا اوسکا جو پہلے خوش خط لکھتا ہو خفا محاورہ اردو مین غضبناک
کے معنی مین مستعمل ہے خفگی غضب خفت بمعنی ذلت خفیہ پوشیدہ خفی پوشیدہ عموماً
اور خط باریک کتابت کا خصوصاً خلاف دشمنی خلافت کسیکی جگہ پر قائم ہونا اور
یہ اکثر درویش اور مشائخ کے قائم مقام ہونے پر اطلاق کیا جاتا ہے خلیفہ وہ شخص جو کسیکا
قائم مقام ہو اور پیر اوستاد اور بمعنی حجام کے اور سوا حجام کے اور دن پر بھی جو پیشہ ور
حرفہ رذیل کرتے ہون کرتے ہین جیسے درزی خم بھی خم ٹھونکنا اپنے بازو پر ہاتھ مارنا
پہلوانون کا اس طرح سے کہ اوس سے ایک آواز پیدا ہو اور یہ حریف کو جتانے کے واسطے
ہوتی ہے خمیر آٹا گندھا ہوا خمیازہ اصل مین انگڑائی کو کہتے ہین لیکن اردو مین

بمعنی مکافات کی خوکسی امر کے عوض مین حاصل ہو مستعمل ہے جیسے بولتے ہین ہمنے اس
کام سے کا خوب خمیازہ کھینچا خندہ ہنسی خندی محاورہ اردو مین عورت بیحیا پر اطلاق کرتے
ہین اور وجہ اسکی ظاہر ایہ ہے کہ بیحیا عورت ہنسی مین لحاظ نہین رکھتی اصل مین بمعنی ہنسنے والی
عورت کی تھا لیکن عرف حال مین مطلق بیحیا عورت کو کہنے لگے خنجر نام سلاح خنجری نام ہے
ایک سازکا بشکل دائرہ کے لیکن بنسبت دائرہ کے بہت خورد اور ایک قسم ہے پارچہ
مشروع کی خنثا ہیجڑا خوجہ جو عضو تناسل اصل خلقت سے نرکھتا ہو + خواجہ سرا مشلہ
اور اصل مین چونکہ خواجہ سرا بادشاہ اور امرا کے گھر مین آمد و رفت کرتے ہین اور
اُنسے پردہ نہین ہوتا اسواسطے اُنکو خواجہ سرا اضافت کے ساتھ کہتے تھے یعنی صاحب گھر
کے اے گھر مین آمد و رفت کرنے والی مثل صاحب خانہ کے اور بعد اوسکے عوام نے لفظ
سرا کو محذوف کرکے الف کو واو کے ساتھ بدل لیا اور اسیواسطے جب بدون سرا کے
مستعمل ہوتا ہے تو خوجہ کہتے ہین نہ خواجہ اور خواجہ کو سرا کے ساتھ استعمال کرتے ہین
نہ بدون اسکے خواب جسکو عربی مین رویا کہتے ہین خوب اچھا خوبانی میوہ خو عادت
خو بو مشلہ لفظ بو کا اسمین خو کے ساتھ ملکر دونون بمعنی عادت کی ہین نہ تنہا بو مثلاً ہم
فلانے شخص کی خو بو سے واقف نہین اور یون نہ کہینگے کہ ہم اوسکی بو سے واقف نہین لفظ
خو بول سکتے ہین خوان معروف خون مشلہ لیکن یہ زبان عوام کی ہے خود وا معروفہ ہے
کشت جو سبز خون نا و معروفہ سے لہو اور قتل بمعنی اول کے بہنا اور بہانا اور گرانا
اور نکلنا اور انکی امثال کے ساتھ مستعمل ہے مثلاً وہان بہت خون بہایا اوسنے اور [illegible]
اور بمعنی دوم کے کرلے کے ساتھ مثلاً زید نے عمرو کا خون کیا خویش داماد خیلہ یا ہے مجہولہ سے
عورتین اپنے محاورہ مین عورت بیوقوف کو کہتی ہین خیال معروف خیاط درزی خیرات جوال

کر لیا کسیکو دیا جاوے خیر آئی گھاٹ دریائے جمن پہ ایک گھاٹ ہے اور وجہ تسمیہ اسکی
یون کہتے ہین کہ سابق مین اوسپر سے عبور لشکر کرواتے تھے اور اجرت نہ لیتے تھے خیر گذری
ایسے محل مین بولتے ہین کہ خوف آفت کا ہوا اور آفت نہ آوے خیر ہوئی مثالہ خیر منانا کسیکی
یا اپنی بھلائی کے خواہان رہنا خیر خواہ جو کہ کسیکی بھلائی چاہتا رہے خیر سے کٹنا رات کا
یعنی شب کا سلامتی سے بسر ہو جانا خیر ہے محل تعجب مین بولتے ہین اور اسکا استعمال اس طرح
سے ہے کہ اگر کوئی شخص ایسی بات کہے یا ایسے کام کا ارادہ کرے کہ اوسکے لائق نہو یا بعید از
قیاس ہو تو اوسے کہتے ہین تمکو خیر ہے یعنے اس کام کو نکرنا چاہیئے یا یہ خیر واقعی ہے خیرو
واو معروفہ سے نام ہے ایک گل کا کہ مشہور گل خیرو ہے **فصل دال** دال مہملہ دال غلہ معروف
دال روٹی یعنی اسباب خورش غریبانہ دال جوتیونمین بٹنی دنگہ اور فساد کا ہونا کسی
محل مین دالان مکان معروف جسمین در محراب دار اور ستون ہوتے ہین دھاڑ مار کر رونا
آواز بلند سے رونا ڈال شاخ درخت ڈالی شاخ خورد ڈالہ شاخ بزرگ داڑھی ریش ڈاڑھی
رکھوانی یعنی ڈاڑھی کے منڈوانی کو ترک کرنا ڈاڑھی چھوڑنی یعنی ڈاڑھی کو نہ کتروانا
یا اتنا کہ بہت بڑھ جاوے ڈاڑھی کو شباب مین منڈوانا کسیکی نہایت ذلیل کرنی
دارو مدار صلح و مصالح اور پیچ بچاؤ کرنا دارو یعنی دوا داؤ آخیر مین واو ساکن پیچ کشتی
کے اور یعنی قابو کے بھی مستعمل ہے مثلا اپنے داؤ پر ہم سمجھ لینگے اور یہ مجاز ہے داکھ انگور
خشک داد بیاری معروف دار د یعنی کثرت سے نوکر رکھے جانے کسی سرکار مین دانت
دندان دانت رکھنا کسی چیز پہ طمع کرنی اوس چیز کی دانت توڑنے جاجز کرنا دانت مارنا
حاصل کر لینا کسی شی کا داتون وہ شاخ درخت کہ اوس سے بطور مسواک کے دندان
صاف کرین داتا بخشندہ دانت دودھ کے ابھی نہین ٹوٹے یعنی ہنوز نادان اور ناتجربہ کار

ہے داناعاقل دانہ معروف وانہ زد جوایک ایک انہ پرنجل کرسے ڈاک دال ہندی سے اور
لحاف تازی سے آمدورفت خطوط کی بسرعت اور بمعنی استفراغ متواتر کے اور وہ پترا
چاندی یا سونیکا کہ نگینہ کے نیچے واسطے چمک کے رکھا جاوے ڈاب دال ہندی سے نام ہے ایک
ایک گیاہ کاکہ اوس سے بان چارپائی کے بنتے ہین داماد شوہر دختر دام جال اور ایک قسم
معین ہے زر کی دابنا کسی شخص پر حالت تپ مین لحاف وغیرہ اوڑھانی تاکہ عرق آجاوے
ڈار دال ہندی سے قطار جانوران پرندہ کی جیسا کہ رسالہ لغات ہندی مین لکھا ہے اور
عرف حال مین ڈار زمہرن کی بھی بولتے ہین دائی یعنی دایہ دالی دوا والی جو لوگ کہ
بوسیلہ والی اور دوالکو روزی حاصل کرین دباؤ کسیکا لحاظ خواہ اوسکی بزرگی کی بسبب ہو
خواہ اوسکے ڈر سے دبنا اوپر کی چیز کے بوجہ سے نیچی کی چیز کے اجزا کا کسیف ہو جانا اور
اوکسی کو توڑنا ڈبا دال ہندی سے طبلہ بزرگ جسمین خوشبو یا اور کوئی چیز رکھین اور
یہ اکثر طبلہ چوبی پر اطلاق کرتے ہین ڈبیا طبلہ خورد اور یہ عام ہے اس سے کہ چوبی
ہو یا آہنی یا مسی ڈبل پیسا یا روپیہ جو بالفعل مخترع انگریزونکا ہے دخیل وہ شخص
کہ کسی سرکار مین بہت دخل اور رسوخ رکھتا ہو دخول عضو تناسل کا اندام زن مین
فروکرنا ددورا وہ نشان کہ جا بجا بدن پر بسبب جوش خون کے پیدا ہوا ور ادستقدہ
جگہ اوبھری ہوئی ہوتی ہے دادا وہ عورت جو اطفال کی پرورش کے واسطے نوکر ہو
دروازہ معروف دربان نگہبان دروازہ کا درگورا ایک کلمہ ہے کہ عورتین بد دعا میں
بولتی ہین درانتی آلہ آہنی کہ اوس سے گھاس کاٹین دراڑ وتورا ہی ہندی سے شگاف
کہ زمین یا دیوار مین واقع ہو جاوے دریا معروف ڈر دال ہندی اور را سے مہملہ سے
خوف دس عدد دہ دسوین تاریخ دہم دسوان فاتحہ روز دہم کی دستوری جو کہ

لوگ کسیکا سودا فروش سے لیوے فی روپیہ ایک پیسہ ہو یا ایک تنگہ کم وزیادہ جب دہ
سودافروش اوسکے آقا کے ہاتھ کچھ بیچے دستہ وہ چوب کہ کارد یا تیشہ مین نصب کرین
دستگی وہ تسمہ کہ قبضہ شمشیر سے لٹکتا ہے دستک ایک ہاتھ کو دوسرے ہاتھ پر مارنا اور
آواز سے کسیکو آگاہ کرنے کے واسطے دستپناہ آلہ آہنی کہ اوس سے آگ اوٹھاوین اصل اوسکا
دست پناہ ہے دستہ دال بضموم اور سین مہملہ مشدد سے ایک قسم شیلنہ کی ہے دشنام
گالی دشوار مشکل دغا فریب دغیلہ چیرہ اغدار اور یہ لفظ دغا سے مین تصرف کرکے بنایا گیا ہے
دقت ساز معروف اور عرف حال مین دال ہندی سے بولتے ہین ڈفلا دف
کلان ڈفلی دف خورد اور ان دونون لفظین دال ہندی ہے دفتر معروف دفان
اکثر لوگ معنی دفع کے بولتے ہین مثلاً وہ دفان ہوئی یعنی دفع ہوئی اور لفظ دفع
مین تصرف کرکے بنایا ہے ڈفالی دال ہندی اور لام سے ایسا سے معنی ترکیبی اسکی یہ ہین
کہ دف بجانے والا اور یہ باعتبار مفہوم کے عام ہے لیکن نام ایک طائفہ خاص کا ہے
جو مشہور ہے دق نام تپ کہنہ کا ہے اور بمعنی تنگدل اور آزردہ خاطر کے بھی استعمال
کرتے ہین مثلاً مجاوت نہایت دق کیا دقیقہ نکتہ باریک دقت بمعنی باریکی لیکن
بمعنی مشکل کے مستعمل ہے مجکو اس کام مین نہایت دقت ہوئی دکھہ درد ڈگر دال
ہندی اور کاف فارسی مفتوح سے راہ بزرگ کہ سوار اور پیادہ اوسمین چلیکین
ڈگ دال ہندی مفتوح اور کاف فارسی ساکن سے قدم دراز رکھنا انشاء اللہ خان
کا شعر ہے شیخ دراز قد نے جو مجلس مین ڈگ بھری + پھبتی کہی سبھون نے کہ آیا کلنگ
فرش ہے ڈگلہ دال مہملہ اور کاف فارسی سے ایک قسم انگرکھہ پنبہ کی کہ اوسمین
پنبہ بہت بھرتے ہین ڈگنا دال ہندی مکسور اور کاف فارسی ساکن سے پھسل کر نیچے گرنا

جیسا رسالہ لغات ہندی مین لکھا ہے دل عضو معروف اور سخاوت کے معنی مین بھی مستعمل
ہے مثلاً کسی کے سخاوت کرنے کے وقت کہین اوسنے بڑا دل کیا دل کا بہلنا توحش
رفع ہونا کسی کام کی طرف متوجہ ہونے سے دل کا آجانا عاشق ہونا دل لگنا دل کا متعلق
ہوجانا کسی کی طرف دل بیٹھنا بیزاری دلکو مسوسنا وقت بیقراری کے دل پہ ہاتھ
رکھکر دبانا تاکہ کچھ تسلی ہوجاوے انشاء اللہ خان کا شعر ہے بیٹھے ہین ہم تو دلکو مسوسے
ہوئے میان + تو جان اوسکی دیکھ بچھے جسنے عشق کیا + دلدل کیچڑ دلال وہ شخص
کہ بائع اور مشتری مین واسطہ ہوکر خریدا ور فروخت کروا وے دلبہ لالون مین سے وہ
لال کمزور کہ کسی لال کا دل بڑھانیکے واسطے اوس سے لال کے مقابل کرین ڈلاؤ دال
ہندی سے انبار نجاست کا ڈلا کلوخ بزرگ ڈلی خرمہ کہ ایک قسم شیرینی کی ہے اور
چھالیہ اور خاص ٹکڑی ڈلی دم فریب دم دینا فریب دینا دم بھرنا کسیکا ستانا ہو ثناکرنی کسیکی
دم اولٹنا سانس اولٹی لینا کسی صدمہ سے دم لینا رستہ چلنے مین تھک کر لمحہ بھر توقف کرنا
دم کے دم یعنی ایک ساعت میں دم مین دم آنا اطمینان حاصل ہونا دم دال مضموم سے معروف
دمچی معروف اور اوسکو فارسی مین پاردم اور پالدم بای فارسی کے ساتھ کہتے ہین
دمک چمک اور تابش دمادم پے درپے دمبدم متصل دم پخت گوشت پکانے مین دیگ کی
سرکو آٹے سے بند کر کر آنچ دینے تاکہ اوسکے بھاپ نہ نکلے دم بخود خاموش دم باز فریب
دینے والا دماغ غرور اور تکبر دماغ دار مغرور اور متکبر دن روز دن اوندھا ایک بیماری
ہے کہ دنکو نظر نہین آتا مقابل رتوندے کے کہ اوسمین رات کو نظر نہین آیا کرتا دنبل پھوڑا
دندی دو نون دال ہندی سے چوب ترازو دندانا دانت دنتو دال مہملہ مفتوح اور نون
ساکن اور تاے فوقانی مضموم اور واو ساکن معروف سے جسکے دانت آگے کے بہت بڑے ہوں

ہولت دن دہاڑے دال و ہاے ہندی اور یاے تحتانی مجہولہ سے دن کے وقت مثلاً دن
دن دہاڑے چوری ہوتی ہے یعنی عین دن میں دور بعید دور بار ہیہ ایک کلمہ
ہے کہ عورتیں دعاے نیک میں استعمال کرتی ہیں یعنی یہ آفت تسے دور اور پار ہوجیو
مثلاً کوئی کہے کہ مین کل مرہی چلا تھا تو نہایت محبت سے کہینگے کہ دور پار دوب
دال مضموم اور واو معروف اور باے موحدہ ساکن سے سبزہ کی ایک قسم ہے کہ
حیوانات اوسکو بہت رغبت سے کہاتے ہیں دوتی دال مضموم اور واو معروف
اور تاے فوقانی مکسور مع الیا سے وہ عورت کہ ایک کی چغلی دوسرے سے کہاکر
آپسمین نفاق ڈلوا دے دودھ شیر دودھ شخص کہ کچھہ امید اور کچھہ یاس رکھتا ہو
دوم دال ہندی سے مطرب ڈومنی زن مطرب ڈونگا واو مجہولہ سے ایک طرف
لگی یا مسی دستہ دار کہ اوس سے مٹکی میں سے پانی نکالتے ہیں اور ایک قسم ہے
کشتی کی ڈور دال ہندی مضموم اور واو مجہولہ اور راے ساکن سے رشتہ تابیدہ
کہ اوس سے کاغذ یا دکو اوڑاتے ہیں ڈوری یاے تحتانی کے ساتھہ رشتہ تابیدہ
چنسہ تا کہ ڈول میں بجاے رسن کے باندھکر پانی بھرین دوجیا کچا بھٹا ملا ہم کہ
اوس کے دانہ کے توڑنے سے ماییت سفید نکلے دولت معروف دون دال مفتوح اور
واو ساکن اور نون غنہ کے ساتھہ بشدت مشتعل ہونا آگ کا انشاء اللہ خان کا شعر۔
شعلہ بھڑک رہے ہیں یون اپنے تن کے اندر + دون لگ رہی ہو جیسی گرمی مین بن کے اندر
دونا دال مفتوح اور واو ساکن سے برگ درخت کج کیا ہوا کہ دکاندار اکثر ڈہاک کے
پتون کو اسطرح پر بنا کر شکر ناگ اور ترکاری زرش یعنی ترکاری مثل شہتوت اور
فالسے اور جامن اوسمین رکھکر خریدار کو حوالہ کرتے ہیں اور ایک قسم ہے کل پیمان

ہی کہ نہایت خوشبودار ہوتا ہی دونا دال مضموم اور واو معروف سے دوچند اور بعضے دگنا کاف فارسی سی بجای واو کے بھی کہتے ہین دودھی ایک سبزہ ہی شیردار اور شاہجہان آباد مین دودھی دال ثانی مشدد اور بغیر واو کے کہتے ہین اور رسالہ لغات ہندی مین لکھا ہی کہ بعضی عورتین بعض اعضا پر سوزن سے زخم لگا کر اس نبات کا شیر ان زخمون کو لگاتی ہین اور چھوڑ دیتی ہین یہان تک کہ وہ جگہہ نیلی پڑجاوے اور یہ رسم اکثر نواح پورب مین ہی انتہے مفاد کلامہ دھکا دال مفتوح مخلوط الہا اور کاف تازی مشدد مع الالف سے صدمہ دھپا دال مفتوح مخلوط الہا اور بای فارسی مشدد مع الالف سے صدمہ دست کہ کسیکی سر پر پہونچا وین جیسے طمانچہ صدمہ ہے ہاتھہ کا چہرہ پر دھول مثلہ لیکن فرق اتنا ہی کہ بہ نسبت اول کے اسمین صدمہ کم ہوتا ہی دھوم شور و غل دھوم دھام مثلہ اور لفظ دھام تنہا نہین آتا دھولی گاذر ڈھولی دال ہندی مضموم مخلوط الہا اور واو مجہولہ اور لام مع الیا سے برگ پان اکٹھی بندھی ہوئی کہ عدد مین دوسو سے کچھہ کم یا زیادہ ہوتی ہین دھنیا دال مضموم مخلوط الہا اور نون ساکن اور یای تحتانی مع الالف سے نداف اور دال مفتوح سے کشنیز دھتورہ ایک درخت ہی کہ تخم اوسکے نشہ آور ہین اور بسبب شہرت کے حاجت تفصیل کی نہین رکھتا دھڑکا دل کا تڑپنا دھمرہ دال مکسور اور ہای ہوز ساکن اور رای مہملہ مفتوح اور ہای مختفی سے عبادت گاہ ہنود دہلیز آستانہ دھریہ ایک طائفہ ہے کہ وجود صانع کا قائل نہین دھمال دال مفتوح اور ہای مخلوطہ اور میم مشدد سی اوچھلنا اور کودنا قلندرون کا دھوان دخان دھرتی زمین دھڑ رائی ہندی سے بن دھڑا دھڑ متواتر زمین پر کسی کلان چیز کا گرنا دھر دال مضموم سے انتہا دھری دال مضموم سے ایک جزو ہی

ارا یہ کا دھمکا آواز جو کسی کے کودنے سے پیدا ہو دھسنا فرو ہو جانا کسی چیز کا زمین
مین جیسے پاؤن کا دھسنا دھان شالی دھیل دال ہندی مخلوط الہا اور یاے تحتانی
معروف سے ورنگ ڈھیٹ دال ہندی مخلوط الہا اور یاے تحتانی معروفہ اور تاے
فوقانی ساکن سے شوخ کہ کسی کا کہنا نہ مانے ڈھب انداز اور وضع دھج انداز دھجا
بیرق جو نیزہ پر نصب کرین دھجی جیم مشدد سے پارہ جامہ کہ دراز اور کم عرض ہو دھنگڑا
دال مفتوح مخلوط الہا اور کاف فارسی ساکن اور راے مہملہ مع الالف سے عاشق زن
دہی جغرات دھن ہاے مخلوط سے مال دھنی دال مکسور اور ہاے مخلوط اور یاے
معروف سے دختر دھیما دال مکسور مخلوط الہا اور یاے معروفہ اور میم مع الالف سے آہستہ
دھیما تتالہ ایک قسم ہے تتالہ کہ مقابل جلد تتالہ کے اور تتالہ ایک قسم ہے تال کی جو بسبط
نغمہ کیواسطے مقرر کیے گئے ہین دھر دھمکانا جلد چلے آنا سودا کا مصرعہ گھوڑے کی جو مین
دھر دھمکا وہان سے لڑتا ہوا شہر کی طرف ہے دیوٹ چراغدان دیوالی تہوار ہنود
کا جو معروف ہے ڈیوڑھی دال ہندی مکسور اور یاے تحتانی مجہولہ اور واو ساکن
اور راے ہندی مکسور مخلوط الہا اور یاے تحتانی معروف سے دروازہ دیوتا آسمانی
ہنود مین ایک مخلوق ہے مثل فرشتون کے دیوا چراغ اور اوسکو دیا بھی کہتے ہین
دیمک ایک کرم ہے برابر چیونٹی کے کہ لکڑی کو کھا کر خاک کر دیتا ہے دیدار دیکھنا دیدارو
جو شخص کہ شکل اور صورت کا اچھا ہو دیپ آتش دیپک ایک قسم ہے سرود کی کہتے ہین
کہ اوسکے اثر سے آگ لگ جاتی ہے دیگ ظرف کلان کھانا پکانے کا دیوار معروف دیس
دال مہملہ مکسور اور یاے تحتانی مجہولہ اور سین مہملہ ساکن سے وطن کیواسطے دیار غیر کو
پردیس کہتے ہین دیسی جو میوہ کہ ہندوستان مین پیدا ہو مقابل ولایتی کے لیکن شرط

یہ ہی کہ وہ میوہ ولایت مین بھی ہوتا ہو مثلاً انار دیسی ہندوستان کا انار جیسے انار ولایتی
وہ جو ولایت مین پیدا ہوا ہوا اور اسیواسطے انبہ کو دیسی نہین کہتے دیسا وہ فاتحہ کہ
بعد سال کے کسیکے واسطے کیا کرین دیہہ دال مکسور اور یاے تحتانی مجہولہ اور ہای ساکن
سے بدن دیہی باز دیا دیای معروفہ کے بعد ہاے ہوز کے مثلہ دین دال مکسور اور
یاے تحتانی مجہولہ اور نون ساکن سے ہندی مین بمعنی قرض کے ہے دینا دار قرضدار
دیر درنگ دیر آئی درست آئی یعنی جو کام درنگ مین ہوتا ہے اچھا ہوتا ہے اور
کچھ نقصان اور خرابی اوسمین نہین رہتی ڈیرہ دال ہندی مکسور اور یاے تحتانی
مجہولہ سے خیمہ اور بمعنی مطلق گھر کی بھی مستعمل ہے مثلاً مین اپنے ڈیرہ کو جاتا ہون فصل
راے مہملہ رانگ ایک قسم ہے فلزات کی کہ جسکو عربی مین رصاص اور فارسی مین
ارزیز کہتے ہین راس تلہ اور بروج فلک رائی دانہ معروف ہے کہ اوسکو خردل کہتے
ہین راب شیرہ کہ قند کی چاشنی سے ٹپکتا ہے اور منجمد ہو کر دانہ دار شکل قند کے ہوتا ہے
رات تاے فوقانی سے شب راتب وظیفہ گھوڑے کا راہ رستہ اور ہندی مین بمعنی
راس کے جو عقدہ ہے عقدتین جوزہر مین سے مقابل مین ذنب کے جب چاند یا آفتاب
اوسکے قریب آتا ہے گہن لگ جاتا ہے راج حکومت ہنود کی اور معمار راجہ حاکم قوم
ہنود سے رانی زن راجہ را دہیپ راضی رضامند راحت آرام راگ سرود راگنی
وہ جو راگ سے منشعب ہو رانپی ایک آلہ ہے کفش دوزن کا رائتا ایک نان خورش ہے
کہ دہی مین کدو کو ریزہ ریزہ کرکے ڈالتے ہین رانڈ راے مہملہ مع الالف اور نون غنہ
اور دال ہندی سے زن بی شوہر اور بمعنی مطلق عورت کے بھی اسیواسطے اوسمین
تصرف کرکر رنڈی کہتے ہین اور رنڈی بمعنی مطلق عورت کے ہے اگرچہ مجاز عرف حال

سن خورد رسا رسن کلان نہایت سطبر رشتہ راے مہملہ مکسور اور شین معجمہ ساکن اور
تاے فوقانی مفتوح اور ہاے ساکن سی تاگا اور قرابت رشوت معروف رقت نرم دلی رقیق
تبلی چیز رکابی ظرف پہن رکابی سا منہ چکلا اور چوڑا جیسے انشا اللہ خان کا شعر ہے
شب مہ مین کہتا ہے وہ ماہ سے بہ رکابی سے اس شخص پہ اتنا گھمنڈ + رکابدار وہ شخص کہ
مربا اور اچار بناوے اور فروخت کرے رگ راے مہملہ مفتوح اور کاف فارسی ساکن جیسے
معروف اور ایسی عادت بدکہ اوسپر بہت اصرار ہو رگی وہ شخص کہ ایک عادت بد پر
بہت اصرار رکھتا ہو رگیا مثلہ رن جنگ رنڈی زن عموما اور زن فاحشہ خصوصا
رنجک وہ باروت کہ پیالۂ توپ اور بندوق پر رکھین رونا نا راے مہملہ مفتوح اور
واو ساکن اور نون غنہ اور دال مہملہ ساکن سے پامال کرنا کسی چیز کا رونا گریہ کرنا
رو بسا شکل رو پا کھوٹی چاندی روپیہ قطعہ چاندی کا سکہ لگا یا ہوا روکھا وہ طعام
جو سالن کے ساتھ نہ کھایا گیا ہو اور بمعنی بد مزاج اور بے التفات کے بھی مستعمل ہے
جیسے کہین وہ نہایت روکھا ہوا روکھا سوکھا بمعنی اول روکھی کے روکھ درخت
رونگ بیاری رومال وہ ٹکڑا کپڑے کا کہ اوس سے منہ اور ہاتھ پونچھین روٹی نان روٹا
نان کلان اور نہایت سطبر روشن واو مکسور سے راہ جو درمیان باغ کی بناوین ہے
ایک قسم ارابہ کی رہبر رستہ بتانیوالا اور عوام او سکو لہیر کہتے ہین لام سے بجاے راے
مہملہ کے ریت راے مہملہ مکسور اور یاے تحتانی معروف سے رسم ریت راے مہملہ مکسور اور
یاے مجہولہ سے ریگ رتیا مثلہ ریچھا راے مہملہ مکسور اور یاے تحتانی معروفہ اور تاے ہندی
مخلوطہ الہا مع الالف سی ایک دارو ہے مدور کہ اوس سے ابریشم اور سر کے بال دھوتے
ہین ریچھنا راے مہملہ مکسور اور یاے تحتانی معروفہ اور جیم تازی مخلوطہ الہا سے

مشعوف ہے نہایت مائل ہونا کسی شے کی طرف اور بہت پسند کرنا اوسکو ریوڑ رائے مہملہ
بشائی گلہ بکریون کا فصل زائے معجمہ زاری عجز زبردست جو بہت زور اور
قوت رکھتا ہو اور بمعنی غالب کی زرگری نام ہے ایک زبان کا کہ ہر حرف پر ایک حرف
رائے مہملہ اور زائے معجمہ زیادہ کرکے الفاظ متعارفہ کو تلفظ کرتے ہین اور رسالہ اتفاقیہ
مین لکھا ہے جو زبان کہ دو شخص آپس مین مقرر کرکے گفتگو کرین تاکہ دوسرا نہ سمجھے انتہی
تعمیم معلوم ہوتی ہے لیکن اول اصح ہے زردار توانگر زردہ برگ تنباکو جسکو پان کی ساتھ
کھاتے ہین اور ایک قسم طعام کی کہ برنج شیرین زعفران سے رنگین کیے ہوئی پکاتے ہین
زفیل دو انگشت کو منھ مین رکھکر کھینچنا تاکہ آواز بلند اوس سے پیدا ہو اور یہ آواز اکثر
کبوتر باز کبوتر اوڑانے کے وقت کرتے ہین زگال کوئلہ زمین معروف زور قوت
زور آور قوت مند زوار جمع زائر کی کربلا کی زیارت کی ہو زہر معروف کہ اوسکو ہندی مین
بس کہتے ہین زہر کھانا بہت رشک لیجانا زہر اوگلنا باتین شکوہ و شکایت کی بولنا
اوسبھے ملاحظہ بمعنی زہریلا وہ سانپ کہ اوسکا زہر بہت موثر ہو زیر حرکت کسرہ
کی زیردست مطیع اور فرمان بردار زیادت معروف زیست زندگانی زیرہ تخم
معروف کہ جزو ہے گرم مصالح کا فصل سین مہملہ ساگ ترہ ساک نام درخت کہ
اوس سے چوب کڑی وغیرہ حاصل ہوتی ہے سانی گڑوی کٹی ہوئی چیز گاؤ اور بیلون کو
کھلاوین ساون نام ہے ایک مہینہ کا مہینون برسات کے ہے ساونی وہ اسباب مثل
کھم رنگین اور رسن کی یعنی سامان جھولی کا کہ وہ ساون مین عروس کے گھر
ایام کتخدائی بھجواوین ساتھ ہمراہی ساتھی وہ مرد کہ ہمراہ ہو ساتھن وہ عورت
کہ کسی عورت کے ہمراہ ہو ساجھا شرکت ساجھی شریک ساتھ ساون تا بسے ہندی

مخلوط الہامات سے عدد شصت ... اور ساٹھا تا ی ہندی مخلوط الہا مع الالف سے ساٹھ برس کا
آدمی ساٹھا پاٹھا یعنی ساٹھ برس کا آدمی ہنوز پاٹھا یعنی جوان ہوتا ہے یہ مثل بہت
مشہور ہے ساٹھی ایک قسم ہے چاول کی کہ باریک نہیں ہوتی ساڑھی ایک قسم ہے
کپڑے کی کہ اکثر پورب مین بطور لنگی کے اوڑھتے ہین ساہو وہ جو داد و ستد قرض اور
ہنڈوی کی کرے ساہوکار مثلہ ساہی خواہ زبان ساڑھو ہمزلف سانڈھ وہ نرگاو کہ ہندو
اوسکو اپنے بتون کے نذر کر کر بازار مین چھوڑ دین اور مطلق العنان پھرا کرے سانڈا
جانور معروف کہ اکثر اوسکو قوت باہ کی دوا مین استعمال کرتے ہین سان گمان یعنی گمان کے
مثلاً اسکا سان گمان نہین تہا یعنی اس بات کا گمان نہین تھا سانولا جو شخص کہ رنگ میں
پکا ہو مقابل گورے رنگ کے سات عدد ہفت سات سہاگن سات عورتین جنکا شوہر زندہ
ہو ساکہا بہت نام آوری ساتھ جنگ وجدال کرنے سالکہ نام آوری اور اعتبار ی
سالکی وہ عورت کم عمر کہ کسیکی ساتھ لعب اور بازی مین شریک ہو خواہ مرد کی ساتھ
خواہ عورت کی ساتھ اور سکھی اسکا مخفف ہے چنانچہ کنہیا کو سکیسان مشہور ہین سانئین
درویش سانجھ بضم نون اور سکون جیم فارسی سے راستی سانجھ شام ساقی شراب
پلانیوالا اور عرف حال مین حقہ پلانے والے کو بھی کہتے ہین ساکاخسر کورہ ساس
مادر زن خوشدامن مشہور ہے سایہ معروف ہے یعنی ظل اور آسیب جن اور پری کا
ساحر جادوگر ساہن وہ جسکو عربی مین صابون کہتے ہین سابونی ایک شیرینی ہے موٹی
اور بہت سپید اس زمانہ مین بعض لوگون کی رسم الخط سطر جسے دیکھی ہے کہ اس لفظ کو
صاد سے لکھتے ہین لیکن رسالہ لغات ہندی مین سین مہملہ سے ضبط کیا ہے سانپ بنون غنہ
اور بای فارسی ساکن سے مار سانپن مادہ مار کی سانبن دومونہی ایک قسم ہے سانپ کی

کہ اوسکو دو منہ ہوتے ہین اور ہر چند یہ متحقق نہین کہ وہ مادہ ہے یا نر ہے لیکن اوسکو
سانپین ہی کہتے ہین سبب سبیل وہ پانی کہ لیے یا حضرت امام حسین اور حسن کے
نیاز مین وقف کرین سبزی بنگ سبز ہونا بات کا معروف انشا اللہ خان کا شعر
عشق مین ہوتے نہین پاتی کسی عنوان سے + عزت و عار و حیا و شرم و نام و ننگ سبز
سبزہ گھاس سبزیاری چھالیہ سیاہی معروف سپاٹ باے فارسی اور اخیر مین تاے ہندی
سے ظاہر المعنی سادہ کی ہے کسواسطے کہ وہ پالوش زرباف کہ اوسپر ستارہ اور نقش و نگار
نہو سوا کار کلابتونی کے تو اوسکو سپاٹ بولتے ہین سپولیا باے فارسی مضموم اور
واو مجہولہ اور لام ساکن اور یاے تحتانی مع الالف سے بچہ مار ستا تاے فوقانی
ساکن سے خلاصہ چنانچہ ست گلو اور ست لوبان خلاصہ گلو اور لوبان کا ہوتا ہے ستنجا
ساتھ غلہ آمیختہ اور لغات ہندی مین لکھا ہے وہ آتش کہ سات غلہ کو آمیختہ کرکے پکاوین انتہی
لیکن عرف حال مین اول ہی ستانا تکلیف اور آزار دینا ستو سین مفتوح اور تاے فوقانی
مشدد مضموم اور واو معروف سے آٹا جو یا گندم یا برنج بریان کا کہ شکر ملا کر اور پانی سے تر
کرکے موسم گرما مین کھاوین ستی سین مفتوح اور تاے فوقانی مکسور اور یاے تحتانی ساکن
سے وہ عورت کہ ہمراہ شوہر مردہ کی جل جاوے اور یہ رسم ہنود کی ہے ستلی سین مضموم
اور تاے فوقانی ساکن اور لام مکسور مع الیا سے ایک قسم ریسمان کی ہے کہ سن کے پوست
سے بنتے ہین ستر عدد ہفتاد ستر ابہترا وہ شخص کہ عمر اوسکی ستر یا بہتر برس کی ہو لیکن
عرف حال مین ایسی پیرانہ سال کے حق مین استعمال کرتے ہین کہ باوجود کبر سن کے ہوش و حواس
باختہ ہوگیا ہو ستھرا سین مضموم اور تاے فوقانی ساکن مخلوط الہا اور رای مہملہ مع الالف سے
پاکیزہ ستھرائی پاکیزگی اور جاروب ستھرا شاہی ایک طائفہ ہے فقرا ہنود سے کہ سلسلا اونکا

ستر اٹک پہونچتا ہے اور ستر انام ہے ایک درویش کا کہ چیلہ تھا نانک کا اور یہ پیر اور
پیشوا ہے سکھوں کی قوم کا ستھی تاے فوقانی مشدد مکسور مخلوط الہا سے قسم جانوں کی مختلف
سا تھی تھا کہ پہلے مذکور ہوا ستھورہ تاے ہندی مضموم مخلوط الہا اور واو مجہولہ اور رائے
مہملہ مفتوح مع الہا سے ایک قسم ہے حلوائی کہ اوس میں سونٹھ ڈالکر اکثر زنان نوزادہ کو
کھلاتی ہیں سج دھج زیب و آرائش عورت کی لباس سے سجاوٹ مثلہ سچ جیم فارسی سے
راستی اور صدق سچا جیم فارسی مشدد سے صادق سچ مچ بعینہ مثلاً مٹی کے کھلونے کو کہیں
کہ یہ سچ مچ آدمی ہے ای بعینہ سجی سین مفتوح اور جیم تازی مشدد مکسور مع الیا سے
نام ہے ایک کھار کا کہ رنگ ریز اوس سے رنگ کاٹتے ہیں سحر اخیر شب لیکن اردو میں
بمعنی صبح کے مستعمل ہے سحر گہی اخیر شب میں بیدار ہو کر طعام کھانا بہ نیت روزہ کے
اور یہ اکثر ماہ رمضان میں ہے سحری مثلہ سحر سین مکسور اور حاے حطی ساکن سے جادو سخی
معروف سخی سخاوت کرنیوالا سخت معروف اور بمعنی بسیار کے بھی مستعمل ہے میر تقی کا
سخت مشکل ہے سخت ہے بیداد + ایک میں خون گرفتہ سو جلاد + سدا ہمیشہ سدھانا
سین مکسور اور دال مفتوح مخلوط الہا سے جانا لیکن یہ لفظ محبت اور پیار کا رہے سر سین
مفتوح سے ہے لیکن اردو میں بکسر سین مستعمل ہے سرہانا بستر یا چار پائی کی وہ جانب
جسطرف سر رکھا جاوے مقابل پائنتے کے سروا ہا ظاہر ابمعنی سامان کے ہے جیسے
سر ہے سرواہا ہے یعنی سر سے سامان ہے سر جھاڑ منہ پہاڑ شکل مہیب انشا اللہ خان کا شعر
سر جھاڑ منہ پہاڑ جو وحشت نظر پڑی + حضرت جنون سے مرشد کامل نے عش کیا +
سرداوہ بعد الف کے واو مفتوح قبر جو قبل از موت کے تیار کر وار کھیں ظاہرا
یہ لفظ سرداب میں تصرف کرکے بنایا ہے اور سرداب وہ خانہ ہے جو زیر زمین ہو سرد الا

سینت کی ضمہ سے ایک گھاٹ ہے کہ جب اوسکو تر کرین پیچ و تاب کھانے کو سر پر چڑھنا نہایت
بے ادب اور گستاخ ہونا سر ہونا کسیکو اپنا بار کسیکی گردن پر ڈال دینا اور اپنے امور کو کسیکو
مشغول کردینا سر مارنا بہت مشقت کرنا مثالہ میں بہت سر مارا لیکن اس کام کی درستی نہوئی
سر پھوٹنا سر کو زخمی کرکے حاکم کے پاس واسطے داد فریاد کے جانا سر توڑ لینا کسیت کھیل
ظلم اور تعدی سے لینا سر پر چڑھنا جن یا پری کا آسیب جن یا پری کا ہونا کسی پر سرپٹ
دوڑنا گھوڑیکا بے تامل دوڑانا گھوڑے کا سراہنا تعریف اور توصیف کرنے سودا کا شعر
اسے لالہ کو فلک نے دیئے تجکو چار داغ * چھاتی میری سراوکہ ایکدل ہزار داغ
سرانا بعد الف کی بائے فارسی سے بد دعا دینی سراپ دینا مثلہ لیکن یہ دونوں لفظ
ہندی مین اردو کے محاورہ مین نہین اور اکثر شاستر خوانون کی زبان سے بعضی اوس دیا
کے سنا گیا ہے جو دیوتا یا اوتار یا اور ابل کمال نے کسیکے حق مین کی ہو مثلاً یون سنا ہے کہ
کہ اوس تپشانی یا اوسکی زبانی اوسکو سراپ دیا تھا اور یون نہین سنا کہ ہم تمکو سراپ
دینگے سرمہ مشہور سرآسر اور سربسر اس سر لیے اوس سر سے تک سرنگ کاف فارسی
سے راہ جو زیر زمین کھود دین تا کہ پوشیدہ قلعہ غنیم یا جس جگہہ پوشیدہ جانا منظور ہو
جا دین اور سرنگ قلعہ اوڑانیکی بھی کام آتی ہے سرتا سین مضموم اور رائے مہملہ بعضون
سے مفتوح اور بعضون سے ساکن سنی گئی ہے ہوشیاری سرتا رای ہاکن سے ہوشیار
سرود ب وال ہندی مضموم اور واو مجہولہ اور بائے فارسی سے آب عمیق جو سر سے باہر
ہو سرگ رامی ہندی مفتوح سے راہ بزرگ اور اکثر اس لفظ کو انگریزی گمان کرتے ہین
لیکن بعد تحقیق کے معلوم ہوا کہ اصل اسکی شرک شین معجمہ مفتوح اور رائے مہملہ مفتوح
اور کاف تازی ساکن سے لفظ عربی ہے کہ معنی راہ بزرگ کے ہے مترادف

متعفن ہونا سڑا ہوا شی متعفن سڑی ہوئی شے لیکن فرق تانیث اور تذکیر کا ہی یعنی اول
مذکر اور دوسرا مونث ہی سڑا سین مکسور اور رائے ہندی مع الالف سے مرد دیوانہ سڑی مثل
سڑن زن دیوانہ سرکی سین مکسور اور رائے مہملہ ساکن اور کاف تازی مکسور اور یای تحتانی
معروف سے ایک چیز ہو مثل چق کے بنی ہوئی تیلیوں سے سرکی ایک چیز ہے کہ جرم خام سی بنا کر
پکاتے ہین اور اوسمین لزوجت بہت پیدا ہو جاتی ہی سزا مکافات سزاوار لائق سسر
سین اول مضموم اور دوم ساکن اور رائے مہملہ مع الالف سی خسر سسرال خسر خانہ سستا
الف تذکیر اور سستی یائے تانیث سی ارزان سکھ سین مضموم اور کاف تازی ساکن مخلوط الہا سے
آرام سگاری یای تحتانی باخیر مین مجہولہ بوقت صبح ظاہر اسکاری بمعنی صبح کی ہے اور یائے مجہولہ نے
افادہ ظرفیت کا کیا ہی سکورا سین مکسور اور کاف تازی مضموم اور واو مجہولہ اور رائے مہملہ مع الالف
سے پیالہ مٹی کا سکوری پیالی سگ کاف فارسی سی کتا سگا کاف فارسی سی مرد قرابتی سگی
زن قرابتی سگائی منگنی سلائی آہن دراز سر تیز سلانا سین مضموم سے خوابانیدن سلوانا دوختن
کروانا جامہ کا سلوائی اجرت دوخت کی سلام معروف سماسم اور وقت سمندر دریای اعظم
سمٹنا فراہم ہونا کسی شی پراگندہ کا سمٹنا فراہم کرنا سمیٹ حاصل بالمصدر سمائی گنجائش اور
تحمل ہوتی ماوش وہ ماوش جو بروز دوشنبہ کے واقع ہو سمت سین مفتوح اور میم مفتوح
مشدد اور تای فوقانی ساکن سی سن بکرماجیت کی سمرن دانہ چند بلور یا کانچ یا موتی گے
وغیرہ کی کہ بطور تسبیح کے رشتہ مین پروین تسبیح اور اسمین فرق اتنا ہے کہ دانہ تسبیح کو
سو اور اسکی سو سی کم ہوتے ہین سنبھالو سین مفتوح اور نون غنہ اور بای موحدہ مخلوط الہا
مع الالف سی نام ہی ایک درخت کا سنکھ کاف ساکن مخلوط الہا سے خرمہرہ بزرگ کہ
بتخانہ مین برہمن منھ سے بجاتے ہین سنگ کاف فارسی ہمراہ سنگت حاصل بالمصدر

سنگ زمین کندہ مثل خندق کی کہ گرد لشکر کے کھودین سنگین عمارت پتھر کی اور بمعنی سخت اور
مستحکم کی بھی چنانچہ کاریگر کلابتون جو دیر پا ہووے اوسکو سنگین کہتی ہین اور سزاے سنگین یعنی
سزاے سخت کی سنہری وہ چیز کہ سونے کی رنگ ہو سنار زرگر سنگدہ سین مضموم سے اچھی نخ
لیکن یہ لفظ اکثر ہنود کی زبان سے سنا گیا ہے سنگھ سین مفتوح اور نون ساکن اور میم مضموم
اور کاف تازی ساکن مخلوط الہا سے سامنے اور مقابل سنجھا جیم مخلوط الہا مع الالف سے
ہندی مین بمعنی شام کی سناونی خبر موت سوتا سین مضموم اور واو معروف اور تاے ہندی
مع الالف سے جامہ سرخ سوہن سوہان سودا خرید و فروخت سونا واو مجہولہ سے
زر کا اور واو معروفہ سے مکان ویرانہ کہ اوسمین آدمی نہون سوکن جب دو عورتین
کسیکے نکاح مین ہون ایک دوسرے کی سوکن ہوتی ہے سوت سین مفتوح اور واو ساکن
سے مثلہ سوتیلا لڑکا دوسری مادر سے سُوت سین مضموم اور واو معروف سے رشتہ
سور سین مضموم اور واو ساکن اور راے مہملہ ساکن سے خوک اور عرف حال مین واو
مفتوح کی ساتھ مستعمل ہے اور واو ساکن سے بمعنی بہادر کی بھی مستعمل ہے اور اس معنی
مین سورما بھی استعمال رکھتا ہے سوگ بسبب ماتم کے ترک زینت کرنا سولف بادیان
سورج آفتاب سورج مکھی ایک چیز ہے کہ دھوپ کے وقت منھ کے سامنے رکھتے ہین
سایہ کے واسطے اور نام ہے ایک پھول کا مشہور ہے کہ آفتاب جس طرف جاتا ہے اوسکا رخ
بھی اوس طرف ہو جاتا ہے سویا نام ہے ایک ساگ کا سوئی سین مضموم اور ہمزہ مکسور مع الیا
سے سوزن سوا سوزن کلان سونٹا تاے ہندی لیا نون غنہ کے چوب گندہ اور سطبر کہ
اکثر قلندر یا مردم اوباش ہاتھ مین رکھتے ہین سونٹھ واو معروف اور نون غنہ اور
تاے ہندی مخلوط الہا سے زنجبیل سونڈ دال ہندی بعد نون غنہ کے خرطوم فیل سونگھنا

خشک ہونا سوکھا خشک اور خشک سا سوکھی بمعنی اول فرق اتنا ہی کہ اول مذکر اور دوسرا
مونث ہی سونٹگا ایک چیز ہے کہ اسپ بالائی پر رکھتے ہین سوسین مفتوح سی صد سحرہ مشہور
سہارحاصل بالمصدر تحمل سہارا بھروسہ سہتا سہتا پانی ایسا گرم کہ اعضا اوسکی لمس کا
تحمل کرسکین سہال سین مضموم سے نان ہین کہ اوسکو روغن مین تلتے ہین سہاگہ نام ہی
ایک دوا کا کہ اوس سے زر و نقرہ گلاتے ہین سیم سین مکسور اور یای مجہول سے ایک کاری
ہی معروف سیڑھی بمعنی زینہ سیوتی نام ہے ایک پھول کا سیویان ایک طعام ہی کہ آرد گندم
سے مثل رشتہ کے بٹ کر پکاتے ہین اوسکو فارسی مین ماہیچہ کہتے ہین اور اوسکی پکانیکی
رسم ہندوستان مین اہل اسلام کے ہان عید رمضان مین اور ہنود ون مین سلونون
کے دن کثرت سی ہے سیندور ایک چیز ہے سرخ رنگ مثل شنگرف کے سیٹھی آواز کبوترباز
کبوتر اوڑانے کے وقت کرتے ہین سینہ بند انگیہ سیتا پھل کدوے شیرین کہ شاہجہان آباد
مین اوسکو میٹھا کدو کہتے ہین سیت یای معروف سے رطوبت کہ کیکی ہاتھ اور پاون مین
حاصل ہوجایا کرے اور یاے مجہول سے سیپارہ تیسوان حصہ کلام اللہ کا اور
اسکو بہ تخفیف یاے تحتانی کے سپارہ بھی کہتے ہین لیکن یہ اکثر عوام کی زبان ہے
سیدھا راست فصل شین معجمہ شام مقابل صبح کے شاما نام پرندہ معروف کا
شامی اکثر فقرائی ہنود کو کہتے ہین شامیانہ وہ جامہ کلان جو بطور سائبان کے دالان کے
سامنے نصب کرین شاہراہ راہ بزرگ شاہد گواہ شاخ ٹہنی اور سینگ حیوان کا اور
ایک قسم کا پکوان ہے کہ آرد گندم کے خمیر کو پہن کرکے اور اوسکو چھری سے تراش کر
روغن مین تلتے ہین اور ایسی بات کہ کسی کام مین موجب خلل ہوجاوے چنانچہ جب کوئی
ایسی بات کہہ بیٹھے تو کہتے ہین کہ انھون نے ایک اور شاخ نکالی شاخسانہ بجاے معجمہ کے سین

مہملہ شلہ ظاہر الفظ شاخسانہ میں جو دو نون شین معجمہ سے فارسی میں نام ایک طائفہ کا ہے
کہ شانہ اور شاخ گوسفند کو باہم بجا کر ہر دوکان سے بھیک مانگتے ہیں بغیر دیگر اس معنی
میں استعمال کر لیا ہے شاشہ بشیاب شالہ مار نام ایک باغ کا ہے بیرون از شہر اس
لفظ کی اصل میں مختلف تقریریں کرتے ہیں لیکن کوئی تقریر محقق نہ ہوئی اس واسطے قابل تحریر
کے نہ سمجھی شاہ بالا وہ طفل کہ مثل نوشہ کے آراستہ کر کے ہمراہ نوشہ کے سوار کر کر خانہ عروس تک
لیجاویں برات کی رات میں شب برات چودھویں شب ماہ شعبان کی شب دیگ گوشت اور
شلغم جو شب کو پکا رکھیں اور صبح کو کھاویں شبخون رات کو وقت بیخبر دشمن پر جا پڑنا شتاب جلد
شجاعت بہادری شجرہ وہ کاغذ جس پر کسی سلسلہ کے اولیا کا نام لکھ کر مرید کو دیویں شداد نام
ایک بادشاہ کا فر کا کہ دعویٰ خدائی کا کرتا تھا شریر موذی شرارت ایذارسانی شربت پانی
سے شیرین کیا ہوا اور شیرہ ادویہ کا شکر کے ساتھ قوام میں لایا ہوا شربتی نگینہ برنگ شربت
یعنی سرخ رنگ مائل بزردی شریفہ نام میوہ کا شراب مے شرابی مے پینے والا شراب خوار شخص
شراب خانہ وہ مکان جس میں شراب کھچی اور بکی جاوے شست زہگیر اور اصل میں معنی انگشت
ابہام کی ہے اور زہگیر کو اسواسطے کہتے ہیں کہ زہگیر کو انگشت ابہام میں پکڑتے ہیں اور
بمعنی اوس قلاب کی جس سے ماہی کو پکڑتے ہیں اور زبان عوام پر بکسر شین معجمہ جاری ہے
شطرنج بساط معروف شطرنجی دری شعلہ معروف شغل شین معجمہ مضموم اور غین معجمہ
ساکن سے کام شفتالو نام میوہ شکنجہ آلہ چوبی کہ جلد کتاب اوسمیں کستے ہیں شکوہ گلہ شکر تا
کاف تازی مشدد سے شیرینی معروف شکرانہ شین مضموم سے سپاس شکرانہ شین مفتوح
سے برنج پختہ کہ روغن اور شکر کے ساتھ کھایا جاوے شل جو عضو کہ حس و حرکت سے رہجاوے
شلغم ترکاری معروف شلاک شین معجمہ مفتوح اور لام مشدد مفتوح اور کاف ساکن

سے چند بار سر ہونا توپ کا کسی امر کی خوشی مین شلو کہ ایک قسم کرتہ کی شملہ ایک شال ہے کہ اوسکو بطور دستار کے سر پر لپیٹتے ہین شمع اصل مین بمعنی موم کے ہے اور مستعمل بمعنی اوس چیز کے جسکو موم یا چربی سے بنا کر محافل مین روشن کرتے ہین شمسہ اندک شمسہ ایک چیز ہے تسبیح مین کہ کالا تیون سے بناتے ہین اور شنگرف ایک چیز ہے کہ گوگرد اور سیماب سے بناتے ہین اور رنگ اوسکا سرخ ہوتا ہے بعد حل کرنے کے تصویر اور نقاشی اور کتاب کے سرخی لکھنے کے کام مین لاتے ہین شناخت پہچان شور غوغا شوشہ پھلجھڑی رقیق شوشہ چھوڑنا دو چار آدمیون کے سامنے نئی بات یکایک کہنی شہد عسل شہید جو خدا کی راہ مین مارا جاوے شہدہ بدنام و ننگ شہرت مشہور ہونا شہنا نالی بزرگ شیوہ طرز اور روش شیرین میٹھا شیرہ رس اور چاشنی شیطان ابلیس اور بمعنی مغوی کے مجازاً انشاء اللہ خان کا شعر ہے

کس گلی مین وہ رہی ہے کہان کا وہ خبیث ✤ کوئی شیطان ہوئیگا جسنے کہ ذکر ایسا کیا

شیطنت شرارت اور خبث شی چیز باب صاد مہملہ صاد حرف صاد کا کہ علامت صحیح کے کاغذ حساب وغیرہ پر لکھین صاحب سلامت بجای سلام و علیک کے بعض محل مین استعمال کرتے ہین صاحبی عالی دماغ ہونا کہ امور سہل کی طرف خیال اور توجہ نہو میر کا شعر

تنے لگے ہو دیر دیکھیے کیا ہے کیا نہین ✤ تم تو کرو ہو صاحبی بندہ مین کچھ رہا نہین

صادق سچا صادق القول جسکی بات سچی ہو صاحبزادہ کسی بزرگ کی اولاد اور اکثر پیر کی اولاد کو کہتے ہین صاحبزادہ پن نادانی صاحب شوق یہ کلمہ طنز کا ہے مثلاً کوئی کچھ بات کہے اور دوسرے کے پسند نہ آوے تو تو کہے کہ تم صاحب شوق ہو صاف جو چیز کہ غش اور آلودگی سے پاک ہو اور بمعنی سہل کے بھی جیسے یہ شعر یا عبارت صاف ہے صاف صاف واشگاف اور بے لگاؤ صاف صاف شلہ جیسے اس بند مین مخمس کے ✤ سنکر یہ بات لگا کہنے کہ

کہ رکھہ مجکو معاف + اور جو تو و ربے تحقیق ہو سن صافا صاف + یہ نہین صومعہ تاری
تو جہان لاف و گذاف + نیست این کعبہ کہ بے پاؤ سر آئی بطواف + نیست مسجد کہ درو
بے ادب آئی بخروش + صافا فا قہ صافا فا دینا فا قہ دینا صافی وہ پارچہ جامہ کا اوس سے
کوئی چیز رقیق مثل شربت یا شراب وغیرہ چھانی جاوے صبح ہونی سفیدی صبح کی نمودار
ہونی صبیر پڑنا کیسیکی وبال جسمین گرفتار ہونا مثلاً ہمارا صبر پڑا یعنی ہمنے تو اوسکے ظلم پر صبر
کیا تھا سو اوسکا وبال اوسپر پڑا صدقہ وہ طعام کہ کیسیکی سر سے اوتار کر چھوڑا ہے یا کسی چیز
صدقہ ہونا کیسیکی گرد پھرنا از روی تعظیم یا محبت کے صدقہ جانا مثل صدقہ واری یہ لفظ
عورتون کا روزمرّہ ہے یعنی لفظ صدقہ ہونے اور واری کا منہ پر لانا اور واری ایک
کلمہ ہے کہ عورتین کمال محبت مین کیسیکے حق مین کہتی ہین ظاہرا یہ بھی بمعنی صدقہ جانے کے
ہے کسواسطے کہ بجای صدقہ جانے کے واری جانا بھی بولتے ہین صدہا جمع صدکی اور اگرچہ
جمع بطور فارسی کے ہے لیکن اردو مین بہت مستعمل ہے جیسے ہزار ہا صرفہ خرچ مین احتیاط
کا کرنا صراف عرف حال مین اوسکو کہتے ہین کہ فلوس مقابل مین روپیہ کی فروخت کرے
صلاح بمعنی مشورہ کے مستعمل ہے صلاحیت احوال روزمرہ کا جو زمانہ وار حاکم کی خدمت مین
لکھ بھیجے صم بکم جو کہ کسی بات کا جواب نہ دے اور اسمین تعریض کر کر گم صم کہتے ہین صور جو کہ
اسرافیل روز محشر کی پھونکے گا صوف پشم گوسفند اور عرف حال مین بمعنی بانات کہ جس سے
گوٹہ بنا جاتا ہے بھی بولتے ہین اور ایک جامہ ابریشمی کا نام بھی ہے اور چونکہ اکثر بانات دوات
مین ڈالتے ہین شاید اسیواسطے اوس چیز کو کہ دوات مین ڈالین صوف کہتے ہین
لیکن رسالہ لغات ہندی مین سوف سین مہملہ سے ضبط کیا ہے اور کہا ہے کہ سوف پارچہ پشم
یا غیرہ کہ دوات مین ڈالین انتہے کلام صوفی پرہیزگار جیسے شکار اور کبوتر بازون کی اصطلاح

مین جھماس امر کا کہ دو شخص مقابل مین سے جو کوئی دوسرے کی کبوتر کو پکڑے بھیڑئے چنانچہ
بولتے ہین ہماری اور اوسکی صید ہے صیدی جو دو شخص کہ آپسمین صید رکھتی ہون ہر واحد
کو صیدی کہتے ہین شاہ نصیر مغفور مرحوم کا شعر ہے جیسے ستا کسی صید کیا کبوتر ہر دم + لاگ
پروانکی سو بار اوٹھے اور بیٹھے + باب ضاد معجمہ ضد اردو مین بمعنی اصرار اور ہٹ کی مستعمل ہی
ضد باندھنی بہت اصرار کرنے ضدی وہ کہ بہت اصرار کرے ضرر گزند ضلالت گمراہی ضیافت
کسیکو کھانا کھانے کے واسطے بلانا باب طاء مہملہ طاق مقابل جفت کی اور بمعنی یگانہ کے
مثلاً وہ اس کام مین بڑا طاق ہی یعنی یکہ ہی طاقت معروف طالع مستعمل بمعنی بخت کی
طاہر پاک طبیب معالج طباق مشہور طبراق اکثر فقراے بمعنی جعلی کے جسمین اسباب
گدائی کیا ہوا رکھین سُنا گیا ہی شاید لفظ طباق کو خراب کر کر یہ لفظ بنا لیا ہی طراوت معروف
طرب خوشی طشت معروف طعنہ معروف طعنہ مہنہ مثلہ طغیانی زیادتی طنز مستعمل بمعنی طعنہ
کے طور بفتح طاء مہملہ معروف طوطی توتا اور اسکی تحقیق مین اہل لغت کو اختلاف ہی اوسکی تحریر
کی اس مختصر مین گنجایش نہین طواف کعبہ کی گرد پھرنا طول درازی طول کلام درازی کلام
کی طول دینا باتکا بہت بڑھانا بات کا طول دینا قصہ کا بہت بڑھانا جھگڑے کا طوفان
اردو مین مستعمل بمعنی بہتان کے ہی مثلاً ہم پر کیون طوفان لگاتے ہو اور اوسنے تو وہ طوفان
کھڑا کر دیا طیش بمعنی غضب کے مستعمل ہے + باب ظاء معجمہ ظاہر معروف ظاہر پیر
پیشوا حلال خوردن کی قوم کا ظالم ظلم کرنیوالا ظرافت خوش طبعی ظلم جور ظلم ڈھانا جور بہ
نہایت کرنا ظلما ظلمی از روی جور اور یہ محاورہ عوام شاہجہان آباد کا ہی ظلمات وہ تاریکی
جسمین چشمہ آبحیات کا ہی ظہر نماز پیشین باب عین مہملہ عابد عبادت کرنیوالا عالم
صاحب علم عالم الغیب غیب دان یعنی خداوند تعالی عارف صاحب معرفت عاریت لغت مین

بمعنی برہنہ ہونے کے ہے اور مجازاً وہ کہ جس سے کوئی کام نہو سکے چنانچہ کہتے ہین وہ
اس کام مین عاری ہے اور بمعنی تنگ ہونیکے مثلاً مین اوسکی ان حرکتون سے عاری آگیا
عبث بے فائدہ عبادت بندگی خدا عبارت معروف عبرت نصیحت لینی عبور دریا سے پار ہونا
اور کتب متداولہ اور غیر متداولہ پر نظر ہونی مثلاً فلانی کو بڑا عبور ہے عداوت دشمنی عدالت
عدل کرنا اور مجازاً محکمہ عدالت کو عدالت کہتی ہین عرب ملک معروف اور وہانکے رہنے والے کو
بھی عرب کہتی ہین عرب سرا نام ایک آبادی کا باہر شہر شاہجہان آباد سے کہ سابق مین آباد
کی ہوئی اہل عرب کی ہے اور وہی لوگ وہان فروکش ہوتے تھے عربی باجا دف اور چنگ
وغیرہ سودا کا شعر ؎ شہر آشوب مین سی رہی فقط عربی باجہ پر انھون کی لسان ؎
جو جا ہین اوسکو نہ سمجھا ہین سو ہی کیا امکان ؎ عربی چھٹیا ایک طرح کی نبات ہے تار کی
کہ اس نواح مین حلوا اور التیا کی ساتھ مخصوص ہے عرفہ عرف عام مین روز سابق عید الضحیٰ کو
اور عید الفطر اور شب برات کا عرفہ کرنا بعد مرنے کسیکے جو روز عرفہ واقع ہوا اوس روز مین
موتی کی فاتحہ حلوے پر دلوانی عرصہ مدت قلیل یا کثیر چنانچہ بولتے ہین اس بات کو
تھوڑا عرصہ ہوا یا بہت عرصہ ہوا عرضی خط اپنے سے بڑی کی نسبت اور اوسمین شرط یہ ہے
کہ اوسکی پیشانی پر ایک مد کھینچا ہو عرض معروض وہ مطلب کہ کسی بزرگ کی خدمت مین
بیان کیا جاوے عرض بیگی وہ شخص کہ بادشاہ کی حضور مین اوسکی وساطت سے عرض مطلب
کیا جاوے عزرائیل فرشتہ کہ جان قبض کرتا ہے عزم قصد عزیمت دعا جس سے موکلات کو
حاضرات مین حاضر کرین عزیز جو کہ قرابت قریبہ رکھتا ہو عزت بمعنی بزرگی اور آبرو کی مستعمل
ہے عزت دار صاحب عزت عزت والا مثلہ عزیز داری قرابت قریبہ عشرت عیش عشق محبت
بہ نہایت عشقباری کسیکی ساتھ عشق کرنا عشق اللہ یہ محاورہ پہلوانون کا ہے کہ اکھاڑے مین اوتر کر

بجای سلام کی آپسمین استعمال کرتے ہین عطر خوشبوی مخصوص عطر لگانا ملنا خوشبوی مذکور کا لگانے
کپڑون کو عطر ملنا شملہ علت اصل مین بمعنی بیماری کے ہی اور ہر چیز خراب کو مجازاً علت بولتے ہین
علیل بیمار علامت نشانی علاقہ تعلق اور نوکری علاقہ دار قرابتی علاقہ ٹوٹا علاج چارہ
علحدہ جدا مثلاً وہ ہم سے علحدہ ہوگئی عمر عین مضموم اور میم ساکن سے معروف عمدہ لغت مین اسکے معنی
کو کہتے ہین کہ اوسپر اعتماد کیا جاوے اور مستعمل بمعنی اچھی چیز اور بہتر کی مثلاً عمدہ کپڑا اور عمدہ کھانا اور
بمعنی سردار کے سودا کا شعر + اتفاق ایک آشنا میری + سے گئے تھے ایک عمدہ کو ڈیرے +
عمارت معروف عماری ہودج جو ہاتھی کی پشت پر رکھین عماری دار ہاتھی وہ ہاتھی جسکی
پشت پر عماری رکھی ہوئی ہو عنایت توجہ عنابی برنگ عناب عورت زن عیار رند معروف
اور بمعنی بہت خوشی کی مجاز ہی جیسے کہین کہ اوسکی گھر آج عید ہی یعنی نہایت خوشی ہی عیش عشرت
عیب معروف عیب آرسمین کچھہ عیب ہی عیب لانا گھوڑی کا عیب دار ہوجانا گھوڑی کا
بعد اسکی کہ نہو باب تعلیل معجمہ غایب جو سامنے نہو غار گڑھا غاشیہ پوشش اسپ غالیچہ قالین
غالب جو دوسری پر غلبہ رکھتا ہو غارت لوٹ غازی جو کہ کافر سے جنگ کرکے فتحیاب ہو
غبی کم ذہن غٹ غٹ لاجرعہ پینا شربت یا پانی وغیرہ کا غٹاغٹ شملہ انشاء اللہ خان کا شعر
ت دھوم یہ بادہ کشو نکی ہے کہ مینخانہ مین + مست جلتے ہین صراحی کی غٹاغٹ سے بہت +
غٹ پٹ چپیان اختلاط غدر لغت مین بیوفائی کرنا اور مستعمل بمعنی مفسدہ کی غدود ایک گرہ
ہی کہ جلد بدن مین ہوجاتی ہی لیکن درد نہین کرتی غدار دال مہملہ کے تشدید سی لغت مین بیوفا
اور مستعمل بمعنی شہر وسیع کی چنانچہ بولتے ہین کہ بڑا شہر غدار ہے یعنی وسیع اور چونکہ ایسی محل مین
بولتے ہین کہ کوئی چیز یا شخص گم ہوجاوے اور اوسکی تلاش سے بسبب وسعت شہر کی عاجز ہون
شاید اس نظر سے ہو کہ جیسی بیوفا سی حصول مراد کا غیر متصور ہے ایسے ہی اتنی بڑی شہر مین

دستیاب ہونا اسکا بھی غیر متصور ہے غذا معروف غربت مسکینی غریب مسکین غش بیخود ہونا
بسبب ضعف قلب کی غش کرنا دل از دست دادہ ہونا انشاء اللہ خان کا شعر ہے جل تجلی کے خط سے
ہین یہ لطمی کہ اوسیہ رات + سو بار کبک خندہ قلقل نے غش کیا + غش آنا بیخود ہونا
بسبب ضعف قلب کے انشاء اللہ خان کا شعر ہے جسوقت تیری محو تجلی کو غش آیا + لوگون نے
کہا حضرت موسی کو غش آیا + غصہ اردو مین بمعنی خشم کے مستعمل غضب بمعنی خشم اور بمعنی
بسیار کی بھی مستعمل اول ظاہر ہے اور دوم جیسے اوسکا غضب حافظہ ہے یا غضب بین ہے یعنی بہت
غضب کرنا بیجا کرنا مثلا کوئی شخص کوئی حرکت نامناسب کرے تو اوسکی تنبیہ کے واسطے کہین
کہ تو نے غضب کیا یعنی یہ امر کرنا نہ تھا غضب ڈھانا بیداد سخت کرنی مثلا اوسنے ہمپر ایک غضب
ڈھار کھا ہے غضبناک خشمناک غضبی مثلہ اور غضبی اوسکو بھی بولتے ہین کہ کسی محل خوف اور جائے خوف
مین ارتکاب کر بیٹھے اور نہ ڈرے جیسے کہتے ہین وہ بڑا غضبی ہے اور اس محل مین غضب بغیر
یای تحتانی کے بھی بولتے ہین مثلا وہ بڑا غضب ہے غضب خدا کا یہ ایک عبارت ہے الیسی
سے تنفر کی وقت بولتے ہین مثلاً غضب خدا کا ایسا بھی کوئی کام کرتا ہے غضب پڑنا کسی پر
خدا کی عتاب مین گرفتار ہونا جیسے اس شعر مین ع پھینک عمامہ کو تو سر سے پڑے تجھپہ غضب
پہونچا اس بوجہ سے تو منزل مقصود کو کب + غفلت سستی کیرا غفلت معروف اور
خواب یعنی نیند مثلا مجکو بیٹھے بیٹھے کچھ غفلت سے آگئی یعنے نیند آگئی غفور الرحیم دو اسم
صفت ہین حق تعالی شانہ کی لیکن محاورہ اردو مین انکو بولجاتے ہین مثلاً وہ بڑا غفور الرحیم ہے
غل غین مضموم سے غوغا غلول غین مکسور اور لام اول مضموم اور واو معروف اور لام دوم
ساکن سے وہ گمان کہ اوس سے غلولہ مارین اوسکو فارسی مین کمان گروہہ کہتے ہین غلہ
غین مضموم اور لام مشدد اور خفا سے ہائی ہوز سے غلہ شاید مخفف غلولہ کا ہے غالبہ زبردست

ہونا غلاف پوشش آئینہ اور شمشیر اور شیشہ وغیرہ کی غلط مقابل صحیح کے غلطی مقابل
صحت کی غلام معروف غلہ اناج غلک غین مضموم اور لام شدہ سے وہ ظرف جسمین
آمدنی سائر یا نذر کی ڈالتی ہین غور غین مفتوح سے تہ اور قعر لیکن کسی چیز مین بہ تعمق فکر
کرنیکے معنی مین مستعمل ہے غوری غین مضموم سے غور کا رہنے والا اور غور نام شہر کا ہے جیسے
سلطان غوری اور غوریون کی سلطنت مشہور ہے غول غین مضموم اور واو مجہول سے مردم مجتمع
اور اکٹھے غیرت غین مفتوح سے رشک لیجانا غیر بیگانہ + غیب پوشیدہ ہونا اور بمعنی غائب
کے مستعمل چنانچہ بولتے ہین کہ غیب کا حال کیا معلوم ہے یعنی جو چیز نظر سے مخفی ہو غیب دان
یعنی حق تعالیٰ شانہ غیبانی یہ لفظ دشنام ہے مگر بہ نسبت اور دشنامون کے مستعمل فحش پر
نہین ہے کسواسطے کہ ثقات کی زبان پر بھی آجاتا ہے یہ لفظ عورتون کے حق مین بولتے ہین
ظاہر امر کب ہے غیب اور آنے سے کہ افادہ نسبت کا کرتا ہے اسکے معنی یہ ہوئے کہ منسوب
بغیب یعنی پوشیدہ کار کرنیوالی اور ظاہر اس پوشیدگی سے فعل شنیع چھپ کر کرنا مراد
ہے اور عورتین اس لفظ کو چنداں سخت نہین سمجھتین غالباً معنی نہ سمجھنے کے سبب سے ہے
فصل فا فائدہ باعتبار لغت کی مال جو دیا جاوے اور عرف مین عام ہے اس سے کہ مال ہو کہ
علم یا اور کچھہ فارسی زبان معروف فارسی بولنا یعنی زبان فارسی مین کلام کرنا فال
شگون نیک و بد فال گوش راہ چلنے مین مردم کی باتون پر کان رکھنا اور اوس سے
اپنے مطلب کے موافق شگون لینا فال کھولنا کتاب عزائم اور اعمال کی کھولکر حال کسیکو
بتانا فالودہ نشاستہ کہ پکا کر جالین اور اوسکو موسم گرمی مین شربت مین ڈالکر استعمال
کرتے ہین فالسہ نام میوہ ترش مزہ فالتو تائے فوقانی مضموم اور واو معروف سے ایسی
چیز کے معنی مین سنا گیا ہے کہ ضرورت سے زائد ہو فاصلہ اردو مین بمعنی مسافت کی مستعمل ہے

کہتی ہین اپنی جوتیان نکلین کہ مجرہ ہو جائیلی اور بجائی لفظ مجرے کے شرکا جو ہمارے ہی مین معنی مجرے کے
سے بھی استعمال کرتے ہین فحش فای مضموم سے سخن زشت کہنا فخر فای مفتوح اور خای ساکن یا مفتوح
سے نازکرنا فدا اردو مین بمعنی قربان کی مستعمل ہے مثلاً ہم اپنی جانتک فدا کرنیکو حاضر ہین
فربہ موٹا فرق جدا کرنا اور مستعمل بمعنی جدائی کے اور بمعنی تفاوت کی جو دو چیزون مین ہو بھی
استعمال کیا جاتا ہے مثلاً ان دونون چیزون مین یہ فرق ہے فراق جدائی فرقہ ایک گروہ
مردم کی فرمان حکم اور کتابت بادشاہ کی طرفسے فرمایش کسی سے تحفہ منگوانا فرنی نام ہے ایک
طعام کا مثل کھیر کے فصا و معروف فصاد فصد کھولنے والا فضا میدان فق ہونا رنگ کا
اوڑنا چہرہ سے جیسے اس مصرعہ مشہور مین ۔ سحر ہے دور میرا رنگ فق ابھی سی ہے + فقرہ
اردو مین ایسی بات کہتے ہین جو مشتمل اوپر فریب کی ہو مثلاً ہمسے آپ خوب فقرہ چلے فقیر درویش
خواہ گدا ہو خواہ غیر اسکی فکر اندیشہ لیکن اردو مین اوس اندیشہ کو بولتی ہین جو محل اندوہ
مین ہو فن اردو مین بمعنی فریب کے مستعمل فنا معروف فوت بمعنی فوتی فراری اصلاح
اہل دفتر مین مرنا یا کہین بھاگ جانا کسی نوکر کا اور اردو مین اسی معنی مین مستعمل ہے
فوطہ وار وہ سا ہوکہ کسی امیر کی سرکار مین صرف زر کا متعہد ہو فہم سمجھنا فہوالمراد یہ
عبارت کسی شرط کی خبر مین واقع ہوتی ہے یعنی اگر فلان امر اسطرح سے ظہور
مین آوے تو ہماری یہی مراد ہے باب قاف قاری وہ شخص کہ حروف کلام اللہ
کی تجوید قرأت کے ساتھ ادا کرے قاضی وہ شخص کہ منصب قضا سلاطین کی طرف سے
اوسکو مفوض ہو اور نکاح خوان قاب رکابی کلان جینی کی قائل معترف اپنے قصور کا

ہے قالب صدہ وہ شخص کہ باجرأت ہو کیمین لیجاوے قالین فرش پشمین قالب کالبد شی اور شت اور زر اور نقرہ کا اور بمعنی جسم کے قالب بت مثلہ لیکن یہ روز مرہ عوام کا ہے اور قالب مین تیرے بنالیا ہے قاش پھانک قافلہ کاروان قارورہ اصل مین بمعنی شیشہ کی ہے اور چونکہ بول مریض کا شیشہ مین رکھکر طبیب کو دکھاتے ہین مجازاً بمعنی بول کے مستعمل ہوگیا ہے قبیلہ زن منکوحہ جسکو بہو بیبی جورو کہتے ہین قبیلہ پرور جو شخص کہ اپنے اقربا کی پرورش بہت کرے قباحت برائی قبلہ یعنی کعبہ اور لفظ تعظیم کا یہی ہے قبلہ و کعبہ قبلہ گاہ دوسرے معنی مین قبلہ رو جو شخص کہ قبلہ کی طرف منہ کیے ہوئے ہو قبلہ نما ایک چیز ہے کہ اوس سے سمت قبلہ معلوم ہو جاتی ہے اوسکو بشکل مرغ کے بقدر مگس کے بناتے ہین اور وہ اکثر متحرک رہتا ہے سوداکا شعر ؎

ناوک نے تری صید نہ چھوڑا زمانہ مین + تڑپے ہے مرغ قبلہ نما آشیانہ مین + قبرستان وہ جاے کہ

اوسمین قبور بہت ہون قبول یعنی پیش آنا اور بمعنی مان لینے کے مستعمل قبولیت اردو مین بمعنی اجابت دعا کے مستعمل ہے چنانچہ بولتے ہین کہ آخر شب قبولیت کا وقت ہے یعنی دعا مانگی سو قبول ہوتی ہے قبولی ایک قسم ہے طعام کی کہ چاول اور دال نخود سے پکاتے ہین جیسے کھچڑی چاول اور دال مونگ یا دال ماش وغیرہ سے قضیہ بمعنی جھگڑے کے مستعمل ہے قصور بمعنی تقصیر کے قصاص جان کے بدلے جان لینی قضا بمعنی موت کے زبان زد ہے قضارا یعنی اتفاقاً قضیہ ضاد معجمہ سے جھگڑہ قطزن وہ چوب یا ہاتھی دانت کا اوسپر قلم کو قط لگا دین قطگیر مثلہ شیخ ابراہیم ذوق سلمہ اللہ تعالی کا شعر ؎ او حملے سوز غم سے منظ ہین یہ خون کے دعوی کو لی غلط ہین بہ کہ مثل قطگیر خط پہ خط ہین ہنوز باقی ہر استخوان پیر + قطار چند شتر ایک نسق پہ چلتی ہوئی قل معروف قل عبارت ہے قل ہو اللہ اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس سے کہ اکثر فاتحہ کے وقت انہین کے پڑھنے کی رسم ہے قل ہو جانا قریب ہلاک پہونچنا مثلاً

مارے بھوک کے قتل ہوگیا قل اعوذیہ وہ شخص کہ عادت اوسکی اس امر پر جاری ہو کہ
جا بجا قل پڑھکر طعام اور فلوس لیا کرے قلیل اندک قلیہ سادہ گوشت پکا ہوا
کوٹ کر پکایا ہو قمار جوا قندیل معروف قنات ایک چیز ہے کپڑے کی بہت دراز کہ اوسے
پردہ کے نصب کرتے ہین قوت واو مشدد سے زور قوم گروہ قول گفتار اور عہد اور ایک
قسم سرود کی قول دینا عہد باندھنا قوی مقابل ضعیف کی قواعد جمع قاعدہ کی اور روز مرہ
خاص سپاہیون کی قوال سرائیدہ قہر معروف قہار قہر کرنیوالا اور بڑے دریا کی صفت
مین بھی واقع ہوتا ہے جیسے کہتے ہین وہ قہار دریا ہے قہوہ تن جوش نکیہ ہوئی قید معروف
قے استفراغ قیمہ گوشت کٹا ہوا قیامت روز معروف اور کلمہ تعجب کا مثلاً وہ قیامت
خوبصورت ہے اور روز مخصوص مین ازبسکہ آشوب اور آفات بہت ہونگی اور قامت معشوق
بھی فتنہ زا ہے معشوقون کے خاصیت کو اوس سے تشبیہ دیتے ہین ممنون کا شعر ہے قد او قامت
یار اور قیامت مین ہے کیا ممنون + وہی فتنہ ہے لیکن یہان ذرا سانچے مین ڈھلتا ہے
قیمت ارزش کسی چیز کی قیمتی گران قیمت چیز باب کاف تازی کا آم مترادف کا
کا کان گوش کان رکھنا کسی کی باتون کو متوجہ ہو کر سننا پوشیدہ کان دھرنا متوجہ
تمام سننا کسی بات کا کان پکڑنا توبہ کرنا کسی امر سے کانین پھونکنا کسی سے کسیکی بدگوئی
کرنی اسطرح پر کہ اوسکی دلنشین ہوجاوے کان انیٹھنا گوشمالی کان بجنے یا نے مجہولہ سے
کانین بسبب تموج ریاح کے خود بخود آواز آنی بدون اسکے کہ کسیطرف خارج سے آواز دی ہو
کانا میل زیر گوش کانا باتی معنی ترکیبی اسکی یہ ہین کہ کانون مین بات کرنی لیکن مستعمل اسی
محل مین ہے کہ کسی طفل خورد سال کے کان تک منھ لیجا کر اوسکے کانین ایسی صدا دینی کہ
وہ ڈر جاوے کانا پھوسی کسیکے کان مین آہستہ آہستہ بات کرنی جسکو سرگوشی کہتے ہین کانا

جسکی ایک آنکھ کور ہوا ور کتھیا جاوتا رہے ہنود کی عقیدہ مین کاہے کیواسطے یعنی کسواسطے
یہ محاورہ بزبان سابق کا تہا اور اب متروک ہے انشاء اللہ خان کا شعر ہے کیون فائدہ
بھی کس لئی کاہے کیواسطے + موجب سبب حصول بھی کچھ مدعا غرض + کانٹا خار اور وہ
قلاب کہ اوس سے دلو کوئی سے نکالین اور وہ قلاب کہ جس سے مچھلی پکڑین اور وہ ترازو
ہے کہ جس سے سونا یا چاندی یا موتی وغیرہ وزن کرین کاٹ حاصل بالمصدر ہے کاٹنے سے
جو ترجمہ ہے بریدن کا کاک ایک قرص ہوتا ہے آرد گندم کا کہ اوسکو شیرین پکا کر خادم
درگاہ کی بطور تبرک کے تقسیم کرتے ہین کائی وہ زنگار جو پانی پر جم جاوے کاچھی مرد
ترکاری فروش کاچھن زن ترکاری فروش کانچ وہ چیز کہ اوس سے شیشہ اور بوتل بنتی
ہے اور وہ گوشت کہ نشست گاہ سے وقت براز کرنے کے بسبب ضعف اور نحافت کے
باہر نکل آوے کانٹھہ تاے ہندی مخلوطا لہا سے چوب کاریگر صناع کانجی وہ ترشی کہ مثل
خردل وغیرہ پانی مین ڈالکر رکھہ چھوڑین یہانتک کہ ترش ہو جاوے کاج مترادف
کار کا کاجو بھوجو وہ چیز کہ کاریگر لے باعتبار ظاہر کے خوشنما اور دلفریب بنائی ہو لیکن
پائدار نہو کاڑھا رائے ہندی مخلوطا لہا سے وہ آش رقیق کہ کچھہ ادویہ سے تیار کر کر
زن نوزادہ کو پلاوین کامی آدمی وہ شخص کہ بسبب کار و بار کے فارغ نہو اور بیشتر
مصروف کام مین رہے کاتنا تاے فوقانی سے بافتن پنبہ اور ابریشم وغیرہ کا کانس
ایک قسم ہے گیاہ کی کانسی ایک چیز ہے مثل برنج کے کہ برنج اور فلزات ملا کر بنائی ہین
اور اوس سے ظروف تیار کرتے ہین کاٹھی تاے ہندی مخلوطا لہا سے ایک چیز ہے اسباب
اسپ سے کہ اوسکی پشت پر وقت سواری کے رکھہ لیتے ہین اور ظاہرا مرکب ہے کاٹھہ
سے جو بمعنی چوب کے ہے اور یاے نسبت سے پس اوّل چوب سے بنتے تھے اور اب اگرچہ

اور چیز سے بہی بناوین لیکن اوسی نام کے ساتھہ مسمی کرتے ہین کالی چیز سیاہ کالی گٹہا ابر سیاہ
کالی بلا بلاے سخت انشاء اللہ خان کا شعر سے قسمین تو سار ہی ہو چکین باقی رہی آپ سیاہ
کالی بلا کے غول بیابان کی قسم + کالا سیاہ عموماً لیکن یہ مذکر پر اطلاق کرتے ہین اور
مار سیاہ خصوصاً کالا منہہ یہ اکثر بد دعا مین استعمال کرتے ہین مثلاً تیرا کالا منہہ کیا کرتا پر
کاسے بال یا ی مجہولہ سے موے زہار کاجل دو د دہ کاجل کی کوٹہری یعنی محل بدنامی کاجل پار
چراغ کے شعلہ پر سرپوش وغیرہ رکھہ کر دود ھ حاصل کرنا کاجل لگانا استعمال کرنا دود کہ
آنکھہ مین بطور سرمہ کے کاوہ ایک فعل ہے کہ گھوڑے کو اسطرح پر دوڑاتے ہین کہ
کہ اوسکے قدم کے نشان سے زمین پر ایک دائرہ پیدا ہو جاتا ہے کاوا دینا فعل کاوہ
کا عمل مین لانا کایا ہندی مین یعنی جسم کے کایا پلٹ بطریق تناسخ کے روح کو ایک
جسم مین سے دوسری جسم مین ڈالنا کایا کلپ بعض ادویہ کی استعمال سے جسم کے ہیئۃ اور
کو بدل دینا مثلاً پیرانہ سال کا بالمثل جوانون کے ہو جاوے حتی کہ دانت درست
اور ریش پہر سیاہ ہو جاوے کاہے برنگ کا دیس چاہیئے کہ رنگ زرد کو کہین لیکن
رنگ سبز جو ہلکا ہوا وسپر اطلاق کرتے ہین اور بعضی گہیس کے بہی ہے جو ایک قسم ہے ترک
کی کاہو نام دارو کاسہ پیالہ کب ظرف زمانی ہے کہ محل استفہام مین استعمال پایا ہے
مثلاً کب جاوگی یعنی کسوقت کبت اشعار ہندی بہاکا کے کبتا وہ شخص کہ اشعار ہندی
بہاکا کے تصنیف کرے کپوت کاف مفتوح اور یاے فارسی مضموم اور واو معروف
ناخلف کپڑا راے ہندی سے قماش سوت سی بنا ہوا کپڑے پہننے کی جامہ ہاے پوشیدنی
کپاس پنبہ غیر محلوج کتا کاف مضموم اور تاے فوقانی مشدد سگ کتیا کاف مضموم
اور تاے فوقانی ساکن اور یاے تحتانی مع الالف سے مادہ سگ کتی تاے فوقانی مشدد

مکسور سے مع یاے تحتانی معروف کے مثلہ لیکن محاورہ مین گیا بہت مستعمل ہے کتکی کاف
مضموم اور تاے ہندی ساکن اور کاف تازی مکسور مع الیاے نام دار و اور دانت کا
صدمہ پہونچنا تار رشتہ کاغذ باد کو اسطرح سے کہ کاغذ باد کٹکر ڈور سے ٹوٹ جاوے کتم کاف
مضموم اور تاے ہندی مفتوح اور میم ساکن سے کنبہ اور قبیلہ کٹی کاف مضموم اور
تاے ہندی مشددہ اور یاے معروف سے ایک چیز ہے کہ کاغذ کو پانی مین تر کر کے خوب کوٹتے
ہین تاکہ اجزا اوسکے باریک ہو کر مثل خمیر کے ہو جاوین اور اوس سے جلد کتاب اور قلمدان
وغیرہ بناتے ہین کٹورا تغار چوبین کٹورہ کاسہ سی یا رومین کتار کاف مفتوح اور تاے
ہندی مع الالف سی سلاح معروف کتاری کٹار خوردہ کجاوہ محمل شتر کجرا تصغیر کاجل
کی بابدال لام براے مہملہ کچرا جیم فارسی کے ساتھ خربزہ خوردہ کہ ہنوز پختگی پر نہ آیا ہو
کچ کاف مضموم اور جیم فارسی ساکن سے سرپستان کچیلا کاف تازی مضموم اور جیم فارسی
مفتوح اور یاے تحتانی ساکن اور لام مع الالف سی مترادف میلی کا لیکن استعمال اسکا
پہلے لفظ کے ساتھ آیا ہے اور تنہا نہین دیکھا گیا تسلی کا شعر ہے اسطرح میلی کچیلی تو یہ
آفت ہو تم + گر تکلف کرو کچھ ہمسے تو غضب لاؤ اجی + کچا خام کچیا ہونا کسیانا ہونا کچیا کرنا
کسیانا کرنا اور اول کسی ارادہ سے باز رہنا اور دوسرا کسی ارادہ سے باز رکھنا کچ پچ بہت
آدمیون کا ملکر باتین کرنا کچیا کاف مفتوح اور جیم فارسی ساکن اور یاے تحتانی مع الالف
سے جو شخص کہ اپنے ارادہ سے اندک خوف سے باز رہے کچالو ترکاری معروف کچنال درخت
معروف کچنال کی کلی غنچہ درخت کچنال کا کچومر قاش ہاے انبہ خام کہ اوس سے اچار بناتے ہین
اور بعضے بجاے جیم کے باے موحدہ اور واو اور باے موحدہ کے درمیان نون غنہ
کہتے ہین کچومر کرنا کسیکو مار کر قریب ہلاک پہونچانا کچہری یہ لفظ باعتبار الفاظ کے مونث

کچرا مذکر معلوم ہوتا ہے لیکن واقع مین خلاف اسکے ہر کسواسطے کہ کچری ایک ثمر ہے کہ حجم مین بقدر بیر صحرائی کے اور بعضے اس سے کلان تر اور روراہی ہے قسم خربزہ کی اور شاید اوس لفظ کی تانیث ہو اور یہان تانیث بلحاظ خوردی حجم کے ہے نہ بلحاظ اوسکے کہ خربزہ خورد تر ہے اور شاید اسلحاظ سے ہو چونکہ گودا و تخم مثل خربزہ کی ہے گویا وہی کچرا ہے کہ بہ نسبت حجم کی خورد تر ہے واللہ اعلم بالصواب کدو دال مہملہ مخففہ سے ثمر معروف جسکا کھیا کہتے ہین اور اوسکو عرفین مین کدو دال مشددہ سے کہتے ہین اور یہ مخنث یعنی گا ہے جسکو کہو بامی و حارہ مخلوط الہاء استعمال کرتے ہین اور چونکہ یہ لفظ مشترک ہے ایک شاعر نے اسکو شعر فارسی مین خوب باندھا ہے اور اس لفظ فی دو معنی کا فائدہ بخشا ہے وہو ہذا ے گفتم دریں بہار سکھے بادہ میخوری ہااز راہ نغمت آن بت بنہ وکدو کدو ہہ چونکہ مجیب ساکن تہا ہی لیس معنی شعر کی یہ ہوسے کہ مین نے پوچھا کہ اس بہار مین کبھی تو شراب پیتا ہے اس معشوق ہندو نے ناز سے کہا کہ گاہے گاہے اور چونکہ کدو ظرف شراب بھی ہوتا ہے اور تکرار افادہ کثرت کا کرتے ہین جیسے چمن چمن پہاڑ جنگل جنگل وغیرہ آن لیس معنی یہ ہوسے کہ بسیار بسیار اور نہ مطلق بسیار بلکہ استعارہ کہ اوس سے کئی کدو لبریز ہین سکین کدال کاف مضموم سے ایک آلہ ہے زمین کھودنی کا کدارا کاف کسرے سے نام ہے ایک راگ کا کراہ کاف مفتوح اور رائے مہملہ مع الالف اور ہائے ساکن سے وہ صدائی غیرین کہ کبھی بیمین بلا اختیار نکلے کراد کاف مضموم سے وہ باد جسمین سے آمد و رفت متروکہ ہو گریل باش مفتوح اور رائے مہملہ مکسور اور یائے تحتانی ساکن سے نام ہے ایک درخت کا کرپا کاف مکسور اور رائے مہملہ ساکن اور پائے فارسی مع الالف سے مہربانی یہ لفظ ہندی ہے اور استعمال اسکا پنڈت ہندی خوان یا اکثر ہنود جو فارسی سے بہرہ نہین رکھتے کرتے ہین کروٹ کاف مفتوح اور رائے مہملہ ساکن اور واو مفتوح اور تائے ہندی ساکن سے ظاہر المعنی ہے

ہے کروٹ لینا اس پہلو سے اوس پہلو ہونا کروٹ بدلنا اس پہلو سے دوسرے
پہلو پر کر دینا بشرطیکہ ایک پہلو پر لیٹے ہوئے دیر ہوئی ہو کریدنا کاف مضموم سے کُریدنا
آہن سر تیز سے خاک یا آتش کو کسی چیز کی تلاش کے واسطے ہٹانا کریدنی یا ہی معروف سے
دو چوب کہ اوس سے آتش تنور اور دیگدان کی اولٹ پلٹ کرین کرند کاف مضموم اور رائے
مہملہ مفتوح اور نون ساکن اور دال ہندی ساکن سے ایک پتھر ہے کہ اوس سے چاکو
یا تلوار تیز کرتے ہین کرم کاف مفتوح اور رائے مہملہ مفتوح اور میم ساکن سے ہندی
مین بمعنی تقدیر کے ہے اور یہ لفظ بھی سوا ہنود کے اور کسی کی زبان پر نہین چنانچہ بولتے
ہین ہماری کرم مین یہی لکھا تھا کرارہ کاف مفتوح سے اور رائے مہملہ مع الالف جو شے کہ
دانتون مین دبنے کے وقت فی الجملہ سخت معلوم ہو اور دانت سے توڑنے کے وقت ایک گونہ
اس سے آواز پیدا ہو اور اس لفظ کا اطلاق مذکر پر ہوتا ہے کراری مونث کرارہ کڑوا
مہا ہی سے تخم معصفر کڑوا تلخ اس کا اطلاق مذکر پر ہے کڑوی تلخ اس کا اطلاق
مونث پر ہے مثلاً بادام کڑوا اور جوبلی کڑوی کڑواہٹ تلخی کڑکڑانا آواز کرنا کیان کا
انڈا دینے کے وقت کڑھنا کاف مضموم اور رائے ہندی ساکن مخلوط الہا سے اندوہگین
ہونا کیسکے واسطے کڑاہ کڑھان کلان کڑاہی کڑھان خورد کڑکڑ چبانا چبانا کسی چیز کا اس
طرح کہ دانتون کے صدمہ کی صدا بلند ہو کڑا حلقہ آہنی کہ اکثر سقف مین نصب
کرتے ہین اور حلقۂ سیمین یا زرین کہ عورتین ہاتھ اور پاؤن مین پہنتی ہین اور یہ قسم
زیور سے ہے اور بمعنی سخت کی کڑی ظاہر مین یہ مونث ہے کڑا کے واسطے لیکن یہ خلاف اوسکے ہے
کسواسطے کہ کڑی وہ چوب دراز ہے کہ سقف اوس سے تیار ہوتی ہے اور بمعنی سخت کے لیکن
فرق اتنا ہے کہ اس معنی مین اول مذکر اور یہ مونث ہے کڑا کاف مفتوح اور رائے ہندی

ساکن اور کاف تازی مع الالف سے دو کبت یعنی اشعار ہندی کہ باد فروش وقت
جنگ کے بآواز بلند پڑھین کہ وہ مشتمل اوپر تعریف و توصیف بہادرون اور سپاہیون کے
ہوتی ہین یہ مثل رجز کے ہین عرب مین کس آمر گئے سے جو سخت کھینچ کر باندھے کو کہتے ہین
کساؤ سخت ہونا کسی چیز کا کسان کاف تازی مکسور اور سین مہملہ مع الالف اور نون
ساکن سے کارندہ کشت کستی کاف مفتوح اور سین مشددہ اور یائے معروف سے ایک آلہ ہے
باجھا نون اور گل کا روکنا اوسکی فارسی رسالۂ لغات ہندی مین کلنک لکھی ہے کسنب بمعنی
کسیس راگ یا کسیرو نام ہے ایک بیج کا کہ اوسکو کبھی خام اور کبھی بریان کر کر کھاتی ہین
اور رنگ اوسکا سیاہ اور بقدر آلو بخارا کے ہوتی ہے کسیرا یائے مجہولہ سے ایک طائفہ ہے کہ ظروف
مسی کی بیع کرتے ہین کسکی روح پیاسی تھی ایسے محل مین کہتی ہین کہ سبو یا تیرا آپ خود بخود
ٹوٹ جاوے شعر ساغر مغان اب شیشہ ہی یا تجھ سے تیری جو ہیر ٹوٹا کسی مے کش کی شاید
روح یہان پیاسی نکلتے ہو کفت جھاگ کفنانا یعنے کفن پہنانا مردہ کو کفنی وہ کپڑا جسکو
درمیان سے پھاڑ کر فقرا گلی مین ڈالین یا مردہ کے گلے مین وقت تکفین کے پہناوین کفن چور
کفن دزد کگر کاف اول مفتوح اور کاف دوم مشددہ مفتوح اور رائے مہملہ ساکن سے ایک قسم
ہے حقہ کی کگر والا وہ شخص کہ حقہ باجرت پلاوے کگر کا دم کشش حقہ مخصوص کی لکڑی کاف
اول مفتوح اور کاف دوم ساکن اور رائے ہندی مکسور اور یائے تحتانی معروف سے خیار ککڑی
کاف اول مضموم سے سوت کے لچھے پر وقت کاتنے کے پیچیدہ ہو جاوے کل روز گذشتہ اور
آرام کل کل دونون کاف مکسور سے غل اور شور کرنا اسطرحسے کہ دوسرے کو ناگوار ہو مثلاً
ایسے وقت مین کہتی ہین کیون کل کل کرتے ہو اور اسکو دانتا کل کل بھی کہتے ہین کلھیا کاف
مضموم سے اور لام ساکن اور یائے تحتانی مخلوطہ الہا مع الالف سے ظرف معروف بطور آبخورہ

کی لیکن اُس سے بہت خورد اور وہ اکثر عطارون کی دکان مین شربت وغیرہ کو دینے کے کام آتی ہی کلچہ قرص نان نسکل مخصوص کنندہ کہ تنور مین پکتی ہی اوسکو فارسی مین کلیچہ یای تحتانی کے ساتھ بعد لام کے کہتے ہین کلیچہ کاف مفتوح اور لام مکسور اور یای تحتانی مجہول اور جیم تازی مفتوح مع الہا یا مع الالف سی جگر لیکن اطلاق اسکا بیشتر جگر انسان پر ہوتا ہی کلیجی ہر چند تانیث کلیجہ کی ہی لیکن اطلاق اسکا جگر حیوانات مثل گوسپند و گاؤ وغیرہ پر ہی کلاونت ایک طائفہ ہی گانیوالون کا کلال شراب فروش کلّہ کاف مفتوح اور لام مشدد سے معروف اور نام ایک ترکاری معروف کا اور لاف اور آواز بلند بولنا کلمہ لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ کلمہ گو مسلمان کلگی ایک چیز ہے کہ زیبائی کے واسطے سر اور دستار پر رکھتے ہین فارسی مین جیغہ کہتے ہین کمر بند پٹکہ اور عرف حال مین ازار بند کو بھی کہتے ہین کمر کسنی کمر کا کھینچکر باندھنا کمر تھامنی کیسکی اعانت اور امداد کرنی کیسکی وقت کار کے جب وہ بیدل ہو چلا ہو کمر بندھانی امیدوار کرنا فلاح آیندہ پر تاکہ کسی امر خاص کے ارادہ سے باز نرہاوے کمرک نام ایک میوہ کا اور نام ایک کپڑے کا ہی کہ اوس کا رواج زمانہ حال مین بسبب انگریزان کے ہوا ہی کم قلیل کمی قلت کمتی بعد میم کے تاے مکسور مع یاے تحتانی معروف کی قلت اور یہ لفظ کمی کو خراب کرکے بنایا ہی اگرچہ عوام سب اس لفظ کو تلفظ کرتے ہین مگر کبھی خواص کی زبان سے بھی گوش زد ہوا ہی + کم طالعی کم نصیبی کم زور جو زور کم رکھتا ہو کمالہ جنگ زرگری ہاپاونون کی کمیلہ کاف مفتوح اور میم مکسور اور یاے تحتانی مجہول سے مذبح اور یاے معروف سے نام ہے دوا کا کمر رفتح راے سے جو جل لسکے سوا کا قطعہ گھوڑی کی ہجو مین سے کم روہے استقدر کہ اگر اوسکے نعل کا لوہا گلا کے تیغ بناوے کبھو لہار + ہے دلکو یہ یقین کہ وہ تیغ روز جنگ + رستم کے ہاتھہ سی نہ چلے وقت

کار نزار شد اور ضمہ راے مہملہ سے جو وجاہت نرکستا ہو گینہ از رل کمین شلہ کلنہ نام ہی
ایک جانور کا کہ دو اکثر کشت زار خربزہ اور کھیرا اور توری مین پیدا ہوتا ہے اور اوسے
تباہ کرتا ہو کنجڑ بضم اول و شین کنجر نام ہے ایک قوم کا کہ وہ مردار خوار ہے کنجنی یہ لفظ کنجر
کنچن سے بمعنی زر کے اور یاے نسبت سے یعنی منسوب بزر اور چونکہ زنان رقاصہ طالب زر
ہوت ہین اونکو مجازا کنچنی کہنے لگے ہین اور یہ نام مختص اسی طائفہ کا ہے کنچن زر ہے کہ
کنچنی کے تحقیق مین گذرا لیکن چونکہ یاے تحتانی تانیث کے واسطے ہوتی ہے کنچن بدون
یاے کے اوس مرد کو کہنے لگے ہین کہ اون عورتون کا مالک ہو کنجی کاف مضموم اور جیم
تازی مکسور اور یاے تحتانی معروفہ سے کلید کنجا کاف تازی مضموم اور نون ساکن اور جیم
تازی مع الالف سے ہندی مین کنگھی کنبلانا پژمرده ہونا کنول کاف مفتوح اور نون
غنہ اور واو مفتوح اور لام ساکن سے نام ہے ایک پھول کا اور ایک چیز ہے کاغذ کی
سے بشکل پھول کے کہ اوسمین چراغ روشن کرتے ہین کنول گٹا وہ تخم جسکے درخت کا پھول
کنول ہے کنیر نام ایک درخت کا کن پھٹا ایک طائفہ جوگیون کا ہے کہ کان کو شگافتہ کرکے
ایک حلقہ ڈالتے ہین کن پھٹا جوگی مثالہ کنڈل کاف مضموم اور نون ساکن اور دال ہندی
مفتوح اور لام ساکن سے خط مدور کہ کوئی شخص اپنے گرد کھینچے کنڈی زنجیر دروازہ کنڈی
کواڑ بند کرکے کنڈی بند کرنی انشاء اللہ خان کا شعر ہے آئی جو میرے گھر مین وہ شب راہ
کرم سے + مین موند دی کنڈی منہ پھیر لگے کہنے تعجب ہے کہ یہ کیا + ہان تیری یہ طاقت
کنڈی دینی اور کنڈی لگانی اور کنڈی بند کرنی مثالہ کنڈی کاف مفتوح اور نون
ساکن اور دال ہندی مکسور اور یاے مجہولہ سے پاچادستی کہ زبان دکن کے ہے کنگر
سنگریزه کنگن کاف دوم فارسی اور مفتوح ایک قسم ہے زیور کا کہ عورتین ہاتھون مین پہنتی

اور واو سکون سے اور کہتے ہین کنٹھا لعد نون کے تاے ہندی مخلوط الہا مع الالف بالائی یو طلائی
کہ اوسکو گلے مین پہنتے ہین کنگورہ کنگرہ کہ دیوار حصار اور حویلی پر بناوین کنگر کاف مضموم
اور نون غنہ اور کاف دوم فارسی مفتوح اور رے مہملہ ساکن ہے جو نہایت فربہ اور زور آور
ہو گنگنی کاف مفتوح اور نون غنہ اور کاف دوم فارسی ساکن اور نون مکسور اور یای تحتانی
ساکن ہے نام ہے ایک غلہ کا کہ نہایت باریک ہوتا ہے اور اس نواح مین اکثر لاون کو جو جانور
سرخ رنگ ہی کہلاتی ہین کنکھجورہ خزندہ معروف کہ کانین گھس جاتا ہے اوسکو فارسی مین
ہزارپا اور صدپایہ بھی کہتے ہین کن سلائی خزندہ معروف کہ بقدر نصف انگشت کی طولانی
اور بہت باریک سوزن سے کچھ کندہ کہ اوسکے پانون بہت ہوتے ہین اور برسات مین پیدا
ہوتی ہے کہتے ہین کہ وہ بھی حالت بیخبری مین کان مین گھس جاتی ہے فارسی مین گوش خزک
کہتی ہین کولی کاف مفتوح اور واو ساکن اور لام مع الیا سے دونون ہاتھ پھیلا نا کیسکے پکڑنے
کے واسطے کولی بھرنی کولی مین کیسکو پکڑ لینا کوڑا کاف مضموم اور واو معروف اور رای ہندی
مع الالف ہے خاشاک کوڑی وہ جاے جہان خاشاک انبار کرین کوبھل کاف مضموم اور واو
معروف اور نون غنہ اور بای موحدہ مفتوح مخلوط الہا اور لام ساکن ہے سوراخ کہ دیوار
مین چوری کے واسطے کرین عربی مین اوسکو نقب کہتی ہین کوٹ کاف مضموم اور واو
مجہولہ اور تاے ہندی ہے قلعہ کو ٹھا شعف اور حجرہ بزرگ کوٹھری حجرۂ خورد کوٹھی
وہ چیز کہ اوسمین غلہ انبار کرین اوسکو فارسی مین کندو کہتے ہین اور وہ چوب گرد کہ کوئین
اول نصب کرین اور اوسپر دیوار کوئی بلند لیجاوین کوتل وہ گھوڑا زائد کہ امرا کے آگے آگے
خالی چلے تاکہ بوقت ضرورت کے اوسپر سوار ہووین کوبا ایک چیز ہے چوب سے کہ اوس سے
زمین کو ٹھوکتی ہین کوبچی ایک دست افزار ہے کہ جولاہے بوقت بنو سکتے تار پر پھیرتے جاتے ہین تاکہ

ودکار و تیم ہے جو خود باویں اور ایک دست افزار ہے معماروں کا کہ اوس سے دیوار میں
چھید کرتے ہیں کونچ کی چلی ایک جلی جو دراز کردیتے ہیں وہ ملنے ہوتے ہیں اوسکا اثر ہے کہ جسکے
بدن کو لگ جاوی بدن میں نہایت خارش ہو جاتی کرس مقدار معین مسافت کی کو بسا
بدد عا کرنی کنپل شاخ خورد ملائم کو کھی کاف مضموم اور واو مجہولہ اور لام مخلوط الہا مع الیا
سے جولاہہ ہند وکہو کاف مضموم اور واو معروف زاویہ کو را برتن وہ ظرف گلی کہ ہنوز
استعمال میں نہ آیا ہو کوا کاف مفتوح اور واو مشدد مع الالف سونراغ کو پلہ شال کے
کاف مضموم اور واو مجہولہ اور بای فارسی مکسور اور یای معروفہ اور نون ساکن سے لنگوٹی
فقرائی ہند کی کھار کاف مفتوح مخلوط الہا مع الالف اور رای مہملہ ساکن سے ایک چیز مثل
نمک کے ہے کہ بعضے اشیا کو سوختہ کرکے حاصل کرتے ہیں اور بای مفتوح مع الالف سے کھال
کاف مخلوط الہا سے پوست حیوانات کھانڈ کاف مخلوط الہا مع الالف اور نون غنہ اور
دال ہندی ساکن سے شکر سفید کان بای مخلوط الہا کے ساتھ فلزات اور جواہرات
کے پیدا ہونیکی جگہ اسکو فارسی میں کان کہتے ہیں کھل نخالہ کنجد یا سرسوں کا بعد روغن
نکالنے کے باقی رہی کھنی مثل کھریا بای مخلوط سے نام ہے ایک مٹی سفید رنگ کا کہ اوس
مثل قلعی کے در و دیوار کو سفید کرتے ہیں کھر کھنر دو نون کاف مخلوط الہا مفتوح اور دونو
رای ہندی ساکن سے آواز جو کسی چیز کے گھسٹنے سے بلند ہو کھوسا کاف مضموم مخلوط الہا
اور سین مہملہ مع الالف سے وہ شخص کہ باوجود بلوغ کے داڑھی اور مونچھیں نرکھتا ہو
یا اگر رکھتا ہو تو بال بہت قلیل ہوں مصرعہ انشاء اللہ خان کا مٹ مونچھ داڑھی ہے
کہ مولانے اوسے کھوسا کیا ÷ کھاٹ تای مہملہ سے قاذورات کھاٹ تای ہندی سے
چارپائی کھنی کہنوت مضموم اور بای ساکن اور نون مکسور مع الیا سے مرفق کھنر کاف مضموم

مخلوط الہا مع قسم حیوانات مثل سم گوسپند اور گاو اور اشال اوسکو کھوج کاف مضموم مخلوط الہا اور جیم ساکن سے سراغ کھوجی سراغ نکالنے والا اسکو فارسی مین پے شناس کہتے ہین کھیر کاف مخلوط الہا مکسور اور یاے تحتانی معروف اور راے مہملہ ساکن سے شیر و برنج ملا کر پکائی ہوئی کھیس یاے مجہول سے ایک قسم ہے جامہ پوشیدنی کی کہ بہ نسبت اور کپڑون کے گندہ بنا ہوا ہوتا ہے اور یاے معروف سے شیر گوسپند یا گاو کہ بچہ دینے کی تین دن تک حاصل ہوا اور وہ آتش پر منجمد ہو جاتا ہے کھس پس کاف مضموم مخلوط الہا اور سین مہملہ ساکن اور باے فارسی مضموم اور سین مہملہ ساکن سے باہم آہستہ باتین کرنی کہ اور کوئی نہ سنے کھدیرا یعنی نارجیل کھوپری تارک سر کھبہ کاف مفتوح مخلوط الہا اور باے تازی مشدد مفتوح اور یاے مختفی سے وہ شخص کہ دست چپ سے کام کرے کھاری کاف مخلوط الہا مع الالف اور راے مہملہ مع الیاے تلخ مثلاً کھاری پانی کھول جلا بہ سگین کھاس کاف مخلوط الہا مع الالف اور سین مہملہ ساکن سے یا چک دشتی بسیار کہ گون مین باندھ کر خر یا گاو کی پشت پر لاد کر کہین بیجا دین کھانڈا شمشیر اور رسالہ لغات ہندی مین قید شمشیر چوبین کی ہے کھڑکی دریچہ خورد کھڑی کاف مخلوط الہا مضموم اور راے مہملہ مکسور مع یاے معروفہ پارۂ چرم کہ کفش کے پیچھے بجاے پاشنہ کو نصب کرین کھرپا کاف مضموم مخلوط الہا اور راے مہملہ ساکن اور باے فارسی مع الالف سی آلہ آہنی کہ اوس سے گھاس کھودین کھرپا کاف مضموم مخلوط الہا اور راے ساکن اور یاے تحتانی مع الالف سی ایک آلہ چوبی ہے کہ انکر کھا اوس سے چلتے ہین کھجور خرما اور وہ شیرینی کہ آٹے اور شکر سے بہ شکل خرما کے بنا دین اور روغن مین بریان کرین کھوٹا تانبا ہی سے زر قلب کھرچن وہ طعام کہ تہ دیگ مین جلکر سخت ہو جاوے کھچڑی دال اور چاول ملا کر پکائے ہوئے کھانسی

لفظیں مشہور کیا و مطبوع ان نسخہ میں کھاتا ہے مگر شعرون کو نسخہ
یا بین نسخہ میں کھونا کو دیان کتا نفقہ بیان ترد کھدم کہ جنبی مثل لبست بیان
آوست کہانی افسانہ کہنا کہ کرنا کھیل کاف مخلوط الہا مکسور اور یاے معروف اور لام ساکن
ت وانہ بسیج یا صورہ وغیرہ کہ اک مین بیان کرینگے شکنتہ ہونا وہ کھیل بحولا
ت بازی کھیلنا مصدر یعنی بازی کرنی کھونا کاف مخلوط الہا مکسور اور لام منقوص
واو ساکن اور نون مع الالف ہے وہ شے مثل کلی یا سے یا جولی مثل لبست وغیرہ کہ
اطفال اوسکے ساتھ بازی کرین کھلاڑی اخیر مین ہے متقلہ منبہ ہی وہ شخص کہ ماہر
اولعب کے ہو کھلاڑی بعد راے ہندی کے یاے معروف لفظ ہے یعنی وہ ہو
کہ کھلاڑی وہ ہے جو منسوب ہو کھلاڑ کی طرف یعنی مائل بطرف کھیل کے اور مستعمل معنی
شخص کے ہو کہ بعض بازیچہ مثل تنگ بازی اور کبوتر بازی مین کامل اور استاد ہو کھیوا
کاف مخلوط الہا مکسور اور یاے مجہولہ اور نون مع الالف ہے کشتی کا چلانا کھیناکاون
مخلوط الہا اور یاے مجہولہ اور دال مہملہ ساکن اور نون مع الالف ہے ترجمہ راندن کا گرکاف
مفتوح مخلوط بہاے ساکن اور راے مہملہ ساکن ہے وہ مخالت تاریک کہ ہوا مین موسم
زمستان مین ظاہر ہوتا ہے اور اوس سے رشحات پانی کی ایسی ٹپکتے ہین کہ اگر اوس مین کھیل
کرین کپڑے بھیگ جاوین فارسی مین اوسکو نرم نون مکسور اور راے فارسی ساکن اور
میم ہے کہتے ہین کھیپ کاف مخلوط الہا اور یاے مجہولہ اور باے فارسی ساکن ہے دفعات
خشت یا مٹی کی پہنچانے کہ خر یا گاؤ پر بار کرکے کہیں پہونچا دین یعنی جتنی دفعہ کہیں
پہونچا دین ہر دفعہ کو کھیپ کہتے ہین کھیت اخیر مین تاے فوقانی کشت زار کھیل کاف مکسور
اور یاے تحتانی معروف اور لام ساکن ہے میخ آہنی گیرا کاف مکسور اور یاے معروف اور

رائے ہندی مع الالف سے اطلاق اسکا اکثر حشرات پر ہوتا ہے کچھ آ گرم سرخ رنگ جو برسات
مین زمین مین پیدا ہوجاتا ہو اور چلنے مین مٹی اپنے شکم سے باہر نکالتا جاتا ہے اور وہ مٹی اسکو
اوسکی شکم سے نکلنے کے وقت چکتی ہے کیلا نام میوہ معروف کیکر نام درخت معروف کیکر کاف مکسور
اور یاے مجہولہ اور کاف تازی دوم ساکن اور رائے مشقلہ ہندی مع الالف سے کرم آبی کہ اوسکو
عربی مین سرطان کہتے ہین کیاری کاف مفتوح اور یاے تحتانی غیر ملفوظ اور بعد الف کے
رائے مہملہ مکسور اور یاے تحتانی معروفہ بمعنی خیابان اور مرکب استفہام اور حرف ندا سے بھی ہو یعنی
کیا ترجمہ چہ کا اور ری مخفف اری کا جو یاے معروفہ سے ندا ہو عورت کی طرف یعنی اے عورت
کیا ہے انشاء اللہ خان نے ریختی کے شعر مین یہ دونون لفظ باندھے ہین اور ریختی یاے معروفہ
سے ایک قسم ہو شعر کی کہ بعض ظرفاے متاخرین نے اوسکو ایجاد کیا ہے اور اوسمین عشق عورت
کا عورت کے ساتھ مذکور ہوتا ہے بہرکیف وہ شعر یہ ہے ؎ بولی نرگس کہ جو کیاری مین
نہ دیکھا پانی + ہی ہمارے ہی طرح تجکو بھی کیاری روزہ + کیوڑا کاف مکسور اور یاے مجہولہ اور
واو ساکن اور رائے ہندی مع الالف سے اصل مین نام درخت کا ہے کہ اوسکے پھول کے عرق
کو بھی مجازاً اسی اسم سے مسمی کرتے ہین کیچڑ کاف مکسور اور یاے معروفہ اور جیم فارسی مفتوح
اور رائے ہندی ساکن سے، گل کیچ مثلاً اور اسمین احتمال ہے کہ مخفف اول کا ہو اور احتمال
ہے کہ یہی اصل ہو اور اول مزید علیہ اسکا باب کاف فارسی گالی دشنام گاڑھی ارابہ
گارا وہ گل جو عمارت کے واسطے بنایا جاتا ہو گاڑھا جامہ سفت گالہ دھنی ہوئی روئی کا گولہ گاتی
ایک قسم پوشش چادر کی ہے کہ اکثر دہقانون کی رسم ہے اور وہ یہ ہے کہ چادر کو بغلون کے
نیچے سے نکالکر سینہ پر گرہ دیلیتے ہین گاود دال مہملہ ساکن [illegible] پیچھے طرف کی تہ مین کھینچ
جاوے گانو نون غنہ کے ساتھ اور الف کے وہ گاجر زرد ک گبرو کاف مفتوح اور [illegible]

... دوسرے مضموم اور دو ساکن ... دیوان آپ جیب ... مضموم ...
ساکن ... مضموم اور یاے فارسی ساکن سے ایک بازی جو مخصوص ... کی ...
... کو چھپاتے ہیں ... دونون ... مضموم ...
... نام ... کیسری ... مین ... بالکل ...
... اور ... مال مین اسکی ... استعمال کرتے ہین ...
فلانے شخص کی دوکان خوب گت ہوئی اور ظاہرا یہ از روے ... کاف ...
... جس سے ... گیا ہے ... کاف ... اور باے ہندی ...
سے ... بستہ جاما ... کاف مفتوح اور باے ہندی ...
مع الالف سے ... مفاصل ... کاف مفتوح اور ...
مع الالف ... ایسا ... چنانچہ یون کہتے ہین کہ فلانے شخص ...
بہت مل کر ایک جگہ مجتمع تھا از روے خیانت حاصل کر لیا گجری کاف ...
ساکن اور ... مکسور اور باے تحتانی معروف سے ایک ... ہوتی ہے کہ ...
... مین شاید ... گوجری ... یعنی زبان گوجر اور گوجر ایک قوم ...
چونکہ ... عورتون کی ... بناتے ... اسواسطے گوجری ...
... ہوگیا گدرا خرگدی ... دونون کاف فارسی ...
دال مہملہ اول ساکن اور دوسرے مکسور مع الیا ... یا ... مین ...
... انگشت ... کے سبب سے اور ... پاؤن ... کے ...
جو ... گدگدی کرتی ... کاف مضموم اور
اور دال مہملہ مشدد مکسور اور یاے تحتانی معروف سے ... ایسے ... بولتے ہین

کہ کوئی تو خواستہ مرد یا عورت فربہ اور بدن اوسکا ملائم ہو انشاء اللہ خان کا شعر ہے بدن پر
وہم و گمان سے وہ کروں جو تعریف اوس صنم کی + جوان رعنا بحسن و خوبی پری کا عالم
تو غش گدا اوسکا + گدلا مکدر مقابل صاف کی جیسے گدلا پانی یعنی رد یا نی جسمین گاد ملی ہوئی
ہو گدی کاف مفتوح اور دال مشدد اور یای معروف سے مسند اور وہ لتہ جو چوٹ پہ لپیٹ کے
زخم اور خصوصاً زخم فصد پر رکھ کر اوسپر پٹی باندھیں اور بمعنی لتہ حیض کے بھی مستعمل ہے
گدیلا کاف مفتوح اور دال مہملہ مفتوح اور یای تحتانی ساکن اور لام مع الالف سے
جامہ و تا خصوصاً کہار واکہ اوسمین پنبہ بہت بھر کر اطراف اور درمیان میں تگندی
بہت ڈالی جاوین گرم حار اور غضبناک اور چسپان اختلاط انشاء اللہ خان کا شعر ہے
صد شکر خدا جذب محبت کی بدولت + کچھ آج وہ خلطہ میں بہت مجبور رہا گرم + گرما گرم
الف اسمین العاق کے واسطے ہے مثل گونا گون اور رنگا رنگ وغیر آن اور معنی اسکے یہ
ہیں ایک گرم ملحق دوسری گرم کی ساتھ اور مراد یہان گرم سے جزو ہے کہ متصف بصفت
گرمی ہو یعنی ایک جزو متصف بصفت گذا کی ملحق ساتھ جزو دوم متصف بصفت گذائی
کا اور اس کا نظیر ہے شبا شب یعنی ایک جزو شب کا دوسرے جزو شب سے ملحق اور
مقصود اس سے تمام شب ہے کسواسطے کہ جب کہین کہ ہم شباشب چلی آئی مراد اس سے یہ
ہوگی کہ اسطرح سے آئی کہ ایک جزو شب دوسرے جزو شب سے ملحق تھا انکے چلنے کے
وقت مین یعنی استیعاب ہر جزو شب کا تھا وقت رفتار کا اور ہندی مین راتوں رات
بولتے ہین پس رات اس لفظ مین بھی بمعنی جزو شب کی ہے بہر کیف استعمال اسطرح سے ہے
مثلاً تو ہی پرسے روٹی یہانتک گرما گرم پہونچی یعنی اثر سرد ہونیکا اوسکی کسی جزو تک
نہ پہونچا تھا انشاء اللہ خان کا شعر ہے بشنوازو کی اوپچ ایسی ہی آئی گرما گرم + کہ پیسا سی آگ کی

ساری نشانیان ہین لیکن مگر جبکا آواز کرنا رعد کا گرج کاف مضموم اور رای مہملہ مشدد اور
واو معروف ہیرا اور الماس یہ لفظ ہندوون کے حق مین استعمال کیا جاتا ہے نہ اہل اسلام
کے حق مین گرہ کاف مضموم اور رای مہملہ ساکن سے مشابہ گرہی کاف کا واو اور رای مکسور
اور یای تحتانی معروف سے مغز تخم نابیت بادام کی گرہی اور اخروٹ کی گرہی یعنی مغز بادام
اور مغز اخروٹ گریدا کاف مفتوح اور رای ہندی ساکن اور دال مفتوح مع الالف وہ آبخورہ
کہ اوسمین بکثرت پہولون کا نصب کرین گرکوا بسنت کا وہ آبخورہ کہ گل سرسون مع
شاخ کے اوسمین نصب کرین اور بسنت چڑہینگے وقت لوگون کے ہاتھ مین ہو گریا وہ
لعبت کہ لڑکیان کپڑے سے بشکل عورت کی بناوین اور اوسکو لباس اور زیور پہناوین
اور جسکو بشکل مرد کی بناتے ہین اوسکو گڈا کہتے ہین دال ہندی مشابہی گرگرانا دونون
کاف فارسی مفتوح اور دونو رای ہندی ساکن سے آواز کا کرنا رعد کا گرجنا کاف
مضموم اور رای ہندی ساکن سے ایک قسم ہے شیرینی کی جسکو اہل ہند قند سیاہ کہتے ہین
گرانبہ یہ مرکب ہے لفظ گر یعنی قند سے جو گندرا اور انبہ کی لفظ سے چونکہ مربہ مین انبہ
ڈالکر پکاتے ہین ان دونون لفظ سے مرکب نام رکہا ہے گر کا چہوٹنا کلیا مین یعنی کلام
یا کسی کام کا پوشیدگی مین کرنا کہ کوئی اوسپر مطلع نہو مثلا جب اخفا منظور نہو اور ظاہر
اور دانشگاف ایک بات کہین یا کوئی کام کرے تو یون کہتے ہین کہ یہان کچہ کلیا مین
تو گڑ کچہ چہتا ہی نہین جو اسطرح سے احتیاط کرین اور جب کوئی کام یا کوئی کلام
دانشگاف اور ظاہر کسی جگہ وقوع مین آیا تو کہتے ہین کہ وہان کیا کلیا مین گڑ کچہ چہتا
جو کوئی مطلع نہو یا گڑگری یا ایک قسم حقہ کی ہے گڑگڑک یہ رقم شراب کا قسم شیرینی یا ترشی
یا نمکین ہے گزر دراغ گراں اوقات بسر ہونی وجہ معیشت سے بمقدار ضرورت جا

وسطبر گسائین کاف مضموم اور سین مہملہ مع الالف اور ہمزہ مکسور اور یای تحتانی
مع نون غنہ کی فقیر ہند وگستانگر کاف مفتوح اور سین مہملہ ساکن اور تاے فوقانی مع الالف
اور نون غنہ اور کاف فارسی مفتوح اور رے مہملہ ساکن سے گوانرا اور احمق و بیوقوف
گشت اصل مین یعنی سیر کے ہی اور کوتوال یا پلیس دار کا شب کی وقت ہمراہ سپاہیونکے
کوچون اور محلون مین پھرنا مجاز ہے گل پھول اور قبا کو سوختہ کہ بشکل نکال کے ہوگیا ہو
گلال ایک چیز سرخ رنگ ہی پسی ہوئی خشک کہ ہنود ایام ہولی مین ایک دوسرے
پر چھنکتے ہین گلی ڈنڈا دو پارہ چوب ایک کلان اور دوسرا خورد چہار یا پانچ انگشت
کی قدر کہ اطفال چوب کلان کو چوب خورد پر مارتے ہین اور وہ چوب خورد چوب کلان
کے صدمہ سے بلند ہوتی ہے اور پھر ہوا مین ایک ضربت چوب کلان سے اوسکو لگاتے ہین
تا کہ دور جا پڑی گلا کاف مفتوح اور لام مع الالف سی حلق گلا کرنا اطفال کا تالو
اوٹھانا انگشت سی اور یہ عمل کسی بیماری خاص مین کرتے ہین گلا گھونٹنا خفہ کرنا حلق کا
گلاس ایک ظرف ہی پانی یا شراب پینے کا کہ بہ نسبت آبخورہ کی دراز اور سرکشادہ زیادہ
ہوتا ہی گلہری نام جانور معروف کا کہ راسوسی کچھ کم اور دم دراز اور اوسکے تمام بدن پر
دہاریان دراز ہوتی ہین اور کپڑے کو دانتون سے کتر ڈالتی ہی اور پارہ ہاے جامہ کہنہ یا
نوا کٹھا کر کے سوراخ دیوار مین آشیانہ بناتی ہی گلہرا مذکر ہے گلہری کا اور نام ظرف ایک
مخصوص کا کہ اوسمین برگ پان رکھتے ہین گنجا وہ شخص کہ اوسکی سر پر بال نہون اوسکو
فارسی مین کل کہتے ہین کاف تازی مفتوح سے گندھی خوشبو فروش گنڈا کبہت
گنا نون مشدد مع الالف سی نیشکر گنڈا رشتہ دراز پر از گرہ کہ اوسکی ہر گرہ پر عزیمت
پڑھ کر دم کی ہوا اور اسکو اطفال کی گلی مین واسطے حفاظت کی ڈالین گنڈا تعویذ لفظ

مرکب ہی لفظ گنڈا اور لفظ تعویذ سے اور حذف حرف صفت سے مستعمل ہے یعنی تعویذ کنندہ اور
تعویذ کنندہ وجرم گن کاف مضموم تو فعل کنی یاے معروف سے دانشمند اور ہنرمند گنگنانا و نون
کاف مضموم اور نون اول ساکن اور نون دوم مفتوح مع الالف سے وہ شخص کہ ناک
مین بولی گورا وہ شخص جو رنگ سرخ و سفید رکھتا ہو گوری یاے معروف سے مونث
گورا اور اشعار ہندی مین بہا کہا مین معشوق صبیح پر جو عورت ہو اطلاق کرتے ہین گول کاف
مضموم اور واو مجہول سے مدور اور احمق اوسکو ابلہ کولر نبدوق گولا گولہ توپ کود
کاف مضموم اور واو مجہول اور دال مہملہ ساکن سے بیٹھکر اور دونون ہاتھ کشادہ کرکر
کسیکو دونو زانو پر بٹھانا گودی یاے معروف سے شلہ + گود مین لینا مصدر ہے یعنی
بٹھانا دو زانو پر ہاتھ پہیلا کر گودی لینا شلہ کو دلینا بغیر حرف ظرف کی مستعمل کرنا او
یہ اصطلاح ہنود کی ہی گونجنا آواز کرنا نقارہ اور دہل کا اور صدا دینا گنبد اور کوہ
گوجہا قسم سموسہ کی کہ اوسکی اندر مغز بادام اور پستہ وغیرہ قیمہ کوفتہ بہرکر بریان کرتے ہین
گوکل نام دوائی تلخ مزہ کہ اوسکے جلانے سے بری بو آتی ہے گولر پہل ایک درخت کا
کہ پختہ ہوکر شیرین ہوجاتا ہی اور بعد چاک کرنیکے اوسکے اندر سے جانور چہوٹے چہوٹے
پر دار نکلتے ہین گوکھرو نام خسک گوبہی ایک گیاہ ہے شبیہ بکرنب کہ اوسکو گوشت
مین پکاتے ہین گورکھ دہندا ایک چیز ہے آہن سے کہ اوسکا کہولنا دشوار ہوتا ہی اوسکو
مین قفل وسواس کہتے ہین گونا کاف مفتوح سے بہیجنا عروس کا خانہ شوہر مین اور یہ اصطلاح
ہنود کی ہے اور کتخدائی سے بعد مدت کے یہ رسم وقوع مین آتی ہے گوپیا کاف مضموم
اور واو مجہول اور باے فارسی مخلوطہ الہا مکسور اور تحتانی مع الالف سے فلاخن گون
کاف مضموم اور واو مجہول اور نون ساکن سے ایک چیز ہے پشم کی کہ اوسمین غلہ بہر کے

مٹی کا ڈیا خر پر بار کرین گوہ سوسمار گوبر سرگین گوبری سرگین رقیق مع گل کے دیوار کو او سے لیپا ہو گوند صمغ گوندی درخت معروف اور اوسکی بار پر مجازاً اطلاق کرتے ہین گوندنی مثلہ گوندا ا ردنخو وبہ بیان کہ قدرے پانی ڈالکر گندم کو کھلا دین گونگا وہ شخص کہ زبان سے بول نسکے گھر کاف مفتوح مخلوط الہا اور رے مہملہ ساکن سے خانہ گھر بار شلہ گھر باری خانہ دار گھرونداخانہ خورد کہ لڑکیان گوڑیان رکھنیکے واسطے بنادین گھر آرا سے مہلہ مشدد وہ مع الالف سے وہ آواز کہ وقت نزع کے گلے سے نکلے گھر الگنا آواز مذکور کا نکلنا لگے سو وقت نزع کے گھڑا کاف مفتوح مخلوط الہا اور رائے ہندی مع الالف سے سبوی خورد گھڑیا کاف مضموم سے مادہ اسپ کہ قدمین چھوٹی ہو گھڑی شصتم حصہ روز وشب کا اور وہ آلہ کہ جس سے حساب ساعات روز وشب کا معلوم کرین چنانچہ مشہور ہے گھڑیال جرس گھڑدوڑ دوڑانا گھوڑون کا بطریق شرط گھسنا زمین سے چپیان اور کشان چلنا گھسیٹنا متعدی اوسکا گھونٹنا کبھی بمعنی خنق کے اور کبھی بمعنی سونٹ کے آتا ہے اول جیسے گلا گھونٹنا اور دوم جیسے بنگ کا گھونٹنا گھسنا خریدن کا ترجمہ گھڑونچی ایک چیز ہے چوبی کہ اوسکی چار پایہ ہوتے ہین اور اوسپر سبوے پر از آب رکھتے ہین گھٹنا کاف مخلوط الہا مضموم سے اور تائے ہندی مفتوح اور نون مشدد مع الالف سے پائجامہ کہ پائنچی اوسکے فقط گھٹنے تک اور نیچے سے تنگ ہوتے ہین گھٹا کاف مفتوح مخلوط الہا اور تائے ہندی مشدد مع الالف سے وہ پوست بدن کہ بسبب کثرت استعمال کے سخت اور سطبر ہوجاوے گھنٹا کاف مخلوط الہا مفتوح اور نون ساکن اور تائے ہندی مع الالف سے زنگولہ کہ شتر اور فیل اور گاؤ وغیرہ کی گردن مین باندھین گھونٹ جرعہ گھونگا کاف مخلوط الہا مضموم اور واو مجہولہ اور نون غنہ اور کاف فارسی مع الالف سے پوست

سخت ایک کرمکا ہے کہ ایک جانب سے کشادہ واونچا اور دوسری جانب سے
پیچ دار ہوتا ہے اور دریا اور نالون مین سے حاصل ہوتا ہے مثل سیپیون کی گمٹی کاف
مضموم مخلوط الہا اور تاے ہندی مکسور اور یاے تحتانی معروف سے وہ چیز نیوشبو کہ
بچہ کو بعد متولد ہونے کے پلا دین گھونس خرموش گھوستی ایک قوم ہے کہ پرورش گاوکی
کرتے ہین اور اسکا شیر بیچکر روزی حاصل کرتے ہین گھرا کاف مفتوح اور یای ہوز ساکن
اور راے مہملہ مع الالف سے عمیق گھاٹی کاف مخلوط الہا مفتوح مع الالف اور حرف مع الہا
سے پوست ایمین دو انگشت گھات تاے فوقانی ساکن سے کمین گھاٹ تاے ہندی ساکن
سے وہ موضع لب دریا کہ واسطے غسل اور پانی بھرنے کے بنا وین گھولا افیم کا افیون پانی
مین حل کی ہوئی انشاء اللہ خان کا شعر ہے رات تریاک کی نشہ تو اولٹ ڈالا و او
کوئی گھولا تھا کہ تھا کاسہ ہم یا معبود ہ گھر بیچ تکبیر گھر گھوج مٹی یاے معروف سے وہ کہ
سراغ اوسکی گھر کا مٹا تا مٹ گیا ہو بسبب خراب جانیکے اور یہ واقع مین بد دعا ہے
کہ مونث کے حق مین کہتے ہین انشاء اللہ خان کا شعر ہے ہو یہ گھر گھوج متو جا وتعیب اعدا
کرے اس گھڑی کو اللہ نصیب اعدا ہ گھنا کاف مخلوط الہا مفتوح اور تاے ہندی
مع الالف سے اپر گھورنا غور اور تعمق نظر سے کسی شخص کی طرف دیکھنا گھنڈی کاف مخلوط الہا
مضموم اور نون ساکن اور دال ہندی مکسور اور یاے تحتانی معروف سے تکمہ گھاٹی
تاے ہندی مکسور اور یاے معروفہ سے راہ تنگ جو پہاڑ مین ہو گھن کاف مفتوح اور
یای ہوز اور نون ساکن سے خسوف اور کسوف گھونسلا آشیانہ گھی روغن گاو گھن
کاف مخلوط الہا مضموم اور نون ساکن سے اجزاء چوب کہ کیڑے کے تباہ کرنے سے مثل آٹے کے
ہو جاوین گیت کاف مکسور اور یاے تحتانی معروفہ اور تاے فوقانی ساکن سے ایک

قسم ہے سرانید کی گیرو ایک خاک ہے سرخ رنگ کہ فقیر اور جوگی اوس سے جامہ رنگتے
ہین گیلڑ کاف مفتوح اور یاے تحتانی ساکن اور لام مفتوح اور راے ہندی ساکن سے
پسر پہلے شوہر سے کہ عورت بعد نکاح کے اوسکو اپنے ساتھہ شوہر ثانی کے گھر لائی ہو گیان گر
ستعال گیان کاف مکسور یاے غیر ملفوظ دانش گیانی دانشمند فصل لام لاگ حاصل
بالمصدر ہے لگنے سے لیکن مستعمل بمعنی دشمنی کے میر کا شعر دہتی لاگ اوسکی تیغ کو جسے معشوق
نے + دونون کو معرکہ مین گلے سے ملا دیا لاگ باندھنی دشمنی کرنی اور حریف ہونا انشا
کا شعر دیکھہ یا شقون کے مقابل ہو رنگ مین + باندھی ہے مجھسے کس لیے
تو لاگ ابھی لبنت + لاش جسم مردہ لادنا دال مہملہ ساکن سے کسی شے کا بار کرنا پشت
گاو وغیرہ یا ارابہ پر لادی یاے معروف سے ایک بار کہ پشت گاو پر لادا گیا ہو لاکھہ
کاف تازی مخلوط الہا سے عدد صد ہزار اور ایک چیز ہے سرخ رنگ کہ بطور صمغ کے
درخت سے حاصل ہوتی ہے اور گرم کرنے سے پگلجاتی ہے لاٹھی تاے ہندی مخلوط الہا اور
یاے معروف سے چوب دست لات تاے فوقانی ساکن سے لگد لاج جیم تازی سے
شرم لاڈ دال ہندی اور بعضون کے نزدیک راے ہندی سے لام کاف دشنام لابنا
نون غنہ سے بعد الف کی اور باے موحدہ مع الالف سے دراز قد لب ہونٹھہ لبین نہ آئی ہو
وہان بولتے ہین کہ کوئی چیز بہت شیرین ہو مثلاً انبہ ایسی شیرین تھی کہ لبین نہ ہوتین تعمیر
لبادہ پوشش معروف انگرکھہ نیمہ دراکی طرح لیکن وہ اوس سے کشادہ اور کلان تر ہوتا ہے
اور اوسکو اوڑھتے ہین لبریز بمعنی پر لبالب مثلہ لپٹنا کسی سے چسپیدہ ہونا متعدی
اوسکا لپیٹ حاصل بالمصدر اسکا لپکنا جست کرنی سرعت کے ساتھہ کسی چیز کے اوٹھانے کے
واسطے لپ باے فارسی سے ایک کف دست لپسی حلوا آرد گندم کا کم روغن لٹانا اپنا مال

بنارت ویناالس لام مضموم اور تای ہندی مشدد او سمین مہملہ ساکن سے حاصل بالمصدر
یعنی نوٹ کا مونا لٹیرو لام مضموم اور تای ہندی مکسور اور یای تحتانی مجہولہ اور رای مہملہ مع الہا
یا مع الالف وہ شخص کہ اوسکی عادت غارت کرنی کی ہو لٹیا لام مضموم اور تاے ہندی
ساکن اور یای تحتانی مع الالف سے لوٹہ خورد لیکن اسقدر بڑا لٹیا اوسے کہتے ہین کہ اوسمین
ٹونٹی نہو لٹ لام مفتوح اور تاے ہندی ساکن سی موی چند زلف کہ باہم پیچیدہ ہوگئے
ہون اور باعتبار تشبیہ کی شعلہ کو بھی کہتے ہین لچا لام مضموم اور جیم فارسی مشدد مع الالف
سے مرد بدنام و ننگ لٹو بازیچہ کودکان کہ چوب سے بناتے ہین اور میخ آہنی اوسمین نصب
کرکر اور ریسمان اوسمین لپیٹ کر پھراتے ہین لٹھہ چوب دراز اور گندہ و لنگن لام مفتوح اور
تای ہندی ساکن اور کاف تازی مفتوح اور نون ساکن سے ایک شے ہے کہ اوسمین چار پایہ
یا تین پایہ نصب کرکر صراحی یا سبوی پر از آب اوسپر رکھین اور یہ دراے گنگر ونجی کی ہرا لٹورہ
لام مفتوح اور تای ہندی اور واو مجہولہ اور رای مہملہ مع الہا یا مع الالف سی جانور معروف
پرندہ لچی لام مضموم اور جیم فارسی مفتوح اور یای تحتانی مشدد سی نان تنک میدہ کے
کہ روغن مین بریان کرین اور اوسکو بیشتر حلوے کی ساتھ کھاتے ہین اور عرف حال مین
اوسکو پوری کہتے ہین لدو لام مفتوح اور دال مہملہ مشدد اور واو معروف سے وہ زگاو
کہ بار کرنے کے کام آوے لدا لام مفتوح اور دال مہملہ مع الالف اور واو ساکن سے
سقف ریختہ کی لڈو لام مفتوح اور دال ہندی مشدد اور واو معروف سی قسم شیرینی
کہ آرد نخود یا آرد مونگ وغیرہ اور شکر اور روغن گاؤ سی بناوین بشکل مدور لڑنا
رای ہندی سے جنگ کرنی لڑائی جنگ لڑکا طفل لڑکی دختر لڑی سلک لڑکھڑی
لام مضموم اور رای ہندی ساکن اور کاف مخلوط الہا مضموم اور رای ہندی مکسور اور

ای تحتانی معروف ہے غالیدن بسر لسی لام مفتوح اور سین مہملہ مشدد مکسور اور یا معروف ہے شیر خام آب آمیختہ لس لسا دونون لام مفتوح اور سین مہملہ اول ساکن اور سین دوم مع الالف ہو بار ایک درخت کا ہو نہایت چسپ دار کہ اوسکو فارسی مین سپستان کہتے ہین لسوڑا مثلہ تلشتم لام مفتوح اور شین معجمہ ساکن اور تا ہو فوقانی مفتوح اور میم ساکن اور بائے فارسی مفتوح اور شین معجمہ ساکن اور تاے فوقانی مفتوح اور میم ساکن ہے بسر اوقات ہونی کبھی اچھی طرح اور کبھی بری طرح لقا لام مفتوح اور قاف مع الالف ہو ایک قسم ہو کبوتر کی کہ اکثر گردن اونچی رکھتا ہے لکیر نشان کہ بشکل خط کے کسی سے تیز چیز سے زمین یا اور کسی شی مین پڑ جاوے لکیر پیٹنا رسم قدیم کو ہاتھ سے نہ دینا شاہ نصیر کا شعر ؎ خیال زلف بتان مین نصیر پیٹا کر ۔ گیا ہے سانپ نکل تو لکیر پیٹا کر ۔ اور سانپ کی لفظ کے ساتھ لکیر کا پیٹنا بھی محاورہ ہے مثلاً جب کوئی مطلب ہاتھ سے جاتا رہے اور اوسکی تلاش مین ویسی ہی سعی کر تو کہتے ہین کہ سانپ نکل گیا ہو اب لکیر پیٹتے ہین اور لکیر سانپ کی وہ نشانی ہے کہ سانپ کے چلنے سے زمین پر بشکل خط پیدا ہوتا ہے لکڑ لام مفتوح اور کاف مشدد مفتوح اور راے ہندی سے چوب کلان گندہ لکڑی چوب خرد لکڑ ہارہ وہ کہ ہمیشہ سوختنی کو بیع کیا کرے لکڑی لام مضموم اور کاف فارسی ساکن اور دال مہملہ مکسور اور یای معروف ہو گولی خرد یا کلان کہ کبھی سے گوشت کر یا بیسکر نباتی ہو خواہ اصل مین وہ چیز مائیت رکھتی ہو مثل برگ درخت یا خشک ہو اور بعد پیسنے کے پانی اوسمین شامل کر دیا ہو لگنا کاف فارسی سے متصل ہونا اور چسپیدن اور بمعنی جماع کے مجازاً ہے لگ جانا جماع متصل واحد کرنا اور ہمراہ کسیکے چلے جانا اور چونکہ یہ لفظ ان دونون معنی مین مستعمل ہے اس شعر جرات مین اگرچہ بمعنی ثانی کے ہے لیکن باعتبار معنی اول کے موجب ضحکہ کا ہو گیا ہے ؎ یاد کیا آتا ہے وہ میرا لگی جانا

اور آ دے + اوسکی تپش بہت کی یہ گرما کوئی آ جائیگا ۔ لگاوٹ کیسا ساتھ ایسا معاملہ کرنا کہ
موجب اتحاد اور دوستی اور التفات کا ہووے اور یہ مجاز ہے لگنا لام مفتوح اور نون
فارسی مشدد مع الالف سے بہ ایں الماس سے مجسا اور علاقہ مثلاً ہمکو اوس سے لگا ہو یعنی محبت
یا علاقہ لگا سنگا کلمہ ثانی مین اول سین مہملہ مفتوح اور کاف فارسی مشدد مع الالف مثل
اور بدون لگا کے مستعمل نہیں لگائی لام مضموم اور کاف فارسی مع الالف اور ہمزہ مکسورہ
مع یاے معروف کی عورت اور یہ لفظ مونث لوگ کا ہے للا دو نون لام مفتوح اور اول
مین الف بمعنی احمق کے مستعمل ہے او ر ظاہرا مخفف لالا کا ہے کہ ہندو کے روزمرہ مین
اکثر اطفال خرد سال پر اطلاق کرتے ہین اور یہ مجاز ہے للا بداون کہ یہ لفظ بھی احمق
پر اطلاق کیا جاتا ہے اور اسکا ایک قصہ مشہور ہے کہ شہر بداون کے لوگ زمانہ سابق مین
ایسے احمق ہوتے تھے کہ باوصف بالغ ہونے کے مثل اطفال خرد سال کے دایہ کے ساتھ
پھرتے تھے اور جو شخص اوسکا نام پوچھتا تو شرم سے آپ نہ بتاتے اور حوالہ دایہ پر کرتے
للکارنا لام اول مفتوح اور لام ثانی ساکن سے مصدر ہے کیسکو آواز دینی اسطرح سے
کہ وہ خوف زدہ ہو جاوے للت دو نون لام مفتوح اور تاے فوقانی سے نام ہے ایک
راگ کا لنجا لام مضموم اور نون ساکن اور جیم تازی مع الالف سے وہ شخص کہ اوسکے ہاتھ
کی انگلیان کجی رکھتی ہون اور بہ سبب اوسکے کچھ کام اوسکے پنجہ سے نہو سکے لنگی لام
مضموم اور نون ساکن اور کاف فارسی مکسور اور یاے معروف سے وہ پارچہ عریض
کہ اوس سے ستر عورت کرین لنگوٹہ لام مفتوح اور نون غنہ اور کاف فارسی مضموم اور
واو مجہول اور تاے ہندی مفتوح اور ہاے مختفی بالف ممدودہ لتہ کہ فقرا اوس سے ستر عورت
کرین لنگوٹہ کسنا اور کھینچا لتہ مذکور خوب کھینچ کر باندھنا انشاء اللہ خان کا شعر ہے جیسین ہے

فقیرون کی طرح کھینچ لنگوٹا + اور باندھکے تہمت + جا کنج خرابات مین تک گوشہ
کے بنر لویون سمجھے عبادت + لبنا لام مفتوح اور نون ساکن اور باے موحدہ مع الالف
سے طویل لبنان طول لنکا کاف تازی سے نام قلعہ معروف کا کہ اوسپر رام اور راون کی لڑائی
اور اوسکو پھونکنا ہنومان کا مشہور ہے لنگور ایک قسم بوزنہ کی کہ اوسکا رو سیاہ ہوتا ہے
لنگارہ لام مضموم اور نون ساکن اور کاف فارسی مع الالف اور راے مہملہ مع الہاے خود بمعنی
اور تخلص بے نام و ننگ کے معنی مین مستعمل ہے لو لام مفتوح اور واو ساکن سے شعلۂ آتش اور
چراغ اور شمع کا لوک لام مضموم او رواو مجہولہ اور کاف فارسی سے مرد لوتھ لام مضموم
اور واو مجہولہ اور تاے فوقانی مخلوط الہاسے لاش لوٹنا تاے ہندی ساکن سے غلطیدن لوٹ
امر اوسکا اور حاصل بالمصدر جیسے لوٹ مارنی کہتے ہین اور مارنا اس جگہ بمعنی عمل مین لانیکو ہے
یعنی فعل غلطیدن عمل مین لانا لوٹ پوٹ غلطک زنان اور پوٹ کہ لفظ ثانی ہے باے فارسی
مضموم ہے اس معنی مین لوٹ کی لفظ سے جدا نہین استعمال کیا جاتا لوٹ جانا غلطک مارنی
اور چونکہ اطفال خورد سال کو جب کوئی چیز پسند آتی ہے تو اوسکے حصول کے واسطے ضد
کرتے ہین اور حالت ضد مین لوٹنے لگتے ہین اسواسطے مجازاً بہت پسند کرنے کے معنی مین
بھی مستعمل ہو گیا ہے اور اکثر اس معنی مین ایسی ہی محل مین استعمال کرتے ہین کہ پسند
کرنیوالا اوسکی طلب مین اصرار کرے اور چاہے کہ وہ شی خواہی نخواہی حاصل ہو جاوے چنانچہ
یون کہتے ہین کہ وہ اس چیز کو دیکھکر لوٹ گیا انشاء اللہ خان کا شعر ہے تمہانہ اوسکو
دیکھکے تو فعل نے غش کیا + اپنی بھی جان لوٹ گئی دل نے غش کیا + لوٹنی لام مضموم اور
واو مجہولہ اور تاے ہندی ساکن اور نون مع الیاسے حاصل بالمصدر ہے اور رکھانیکے
ساتھ مستعمل مثلاً وہ مارے درد کے لوٹنیان کھا رہا تھا لوٹا ظرف ٹونٹی دار مسی اور گلی کہ

رشتہ مین کھینچی ہوئی بطور تسبیح کے کہ ہنود ہاتھ مین رکھین اور اپنے معبودون کے نام اوسپر گنین مانگ نون خفیف اور کاف فارسی سے فرق سر مانگنا طلب کرنا مانگ جینکا نون مفتوح اور کاف تازی ساکن سے ایک قسم زیور کی ہے مانپا بہ الف اول کے بامو فارسی ساکن پیمایش کرنی آپ حاصل بالمصدر یعنی پیمایش مانجھی بعد الف کے نون غنہ اور جیم تازی مخلوط الہا اور یای معروف ملاح ماموں برادر مادر ماتی باغبان مانجھ اناج تنگ ماند گین برہم بستہ کہ خشک ہو جاوے اور اوسکو بطور پاچک کی جلاوین لیکن یہ نسبت پاچک کے شعلہ کم پیدا ہے ماتی مونگا وراردو زبان مین معنی اوڑد کہ ماش ہے سوائے مونگ کے مستعمل ہے ماتھی وہ چیز کہ بیرنگ ماش ہو ماتھا پیشانی ماتھا کوٹنا ہاتھ اپنے پیشانی پر مارنا حالت غم مین ماتھا ٹھنکنا کلمہ ثانی تای ہندی مخلوط الہا اور نون مفتوح اور کاف تازی ساکن سے کسی تقریب سے دلمین گذر جانا اوس چیز کا جس سے کچھ اندیشہ و خطر ہو مثلاً کوئی شخص کسی سے کوئی بات سنی اور اوس کلام کے نحوا سے یہ معلوم کرے کہ یہ بات اسکی یا اسکے کسی قرابتی اور عزیز کے واسطے مضر ہے اور بعد اوسکے وہی ظہور مین آوے تو وہ کہے کہ میرا ماتھا اوسیوقت ٹھنکا تھا مانجھا نون غنہ اور جیم تازی مخلوط الہا مع الالف سے سودہ کانچ کا کہ برنج پختہ مین ملاکر کسی اور رنگین شے مثل سودہ تجم وغیرہ کے ساتھ رشتہ کاغذ باد پر پیسین مٹکا تاے ہندی ساکن اور کاف تازی مع الالف سے خم مٹی خاک مٹھو میم مکسور اور تاے ہندی مخلوط الہا مضموم اور واو معروف سے جانور معروف جسکو توتا کہتے ہین متھا میم مفتوح اور تاے ہندی مخلوط الہا مشدد مع الالف سے اسپ کم رو مٹھی میم مضموم اور تاے ہندی مخلوط الہا مکسور اور یاے معروف سے مشت مٹھا میم مضموم اور تاے ہندی مخلوط الہا ساکن اور یاے تحتانی مع الالف سے

دستہ ہوتا ہین تما فون کا کہ اوس سے روئی دہنین متاس احتیاج بول متا ساو مجمر
کہ اوسکو احتیاج بول کی نحت ہوتا آلی وہ جگہہ کہ مختص ہو واسطے بول گھوڑے کے متھاس
میم مکسور اور تاے ہندی مخلوط الہا مع الالف سو شیرینی جو معنی حاصل بالمصدر کے
ہے مُتھوسا میم مفتوح اور تاے ہندی مخلوط الہا اور واو معروف اور سین مہملہ مع الالف
سے وہ شخص کہ بسبب کسی فکر یا آزردگی کے خاموش بیٹھا ہو اور کسی سے بات نکرتا ہو
لیکن یہ اطفال کو اکثر کہتے ہین مجیرہ نام ساز معروف کا اور وہ دو ٹکولہ برنجی ہین
کہ ایک کو دوسرے پر مارتے ہین تا کہ اوس سے آواز نکلی مچلا میم مفتوح اور جیم تازی
ساکن اور لام مفتوح اور لام مع الالف یا مع امالہ سے دشوار ہوجانا کسی عالم
کا اور اسکو اکثر جھیلا بولتے ہین اِن دونون لفظون سے ایک دوسرے کا قلب اور مزید
یا مخفف ہے مچھر میم مفتوح اور جیم فارسی مخلوط الہا مشدد اور رے مہملہ ساکن سے پشہ
مچھلی ماہی اور وہ عضلے جو بازو اور ساق مین ہین مچھی ماہی اور بوسہ مچان میم مفتوح اور
جیم مع الالف اور نون ساکن سے وہ چیز جسکو ٹانڈ کہتے ہین محرم معروف اور سینہ بند زنان
جسکو انگیا کہتے ہین محل باعتبار عرف کے ایوان امرا اور سلاطین اور بمعنی زنان امرا اور
سلاطین بھی استعمال کرتے ہین اور یہ مجاز ہے محلسرا اور وہ ایوان کہ واسطے سکونت امرا و سلاطین
کے مختص ہو اور تہا یہ چونکہ محل بمعنی زن کو مستعمل ہے جیسے کہ گذرا پس محل سرا وہ سرا کہ بی بی
کے رہنے کا مکان ہو محلہ معروف محروم بے نصیب مدو میم مفتوح اور دال مفتوح اور
واو ساکن سے زخم جو گھوڑے کی اوس پر ہو مُنڈا سا میم اور دال ہندی مع الالف اور سین
مع الالف سو معنی اس لفظ کے جسطرح سے اب مستعمل ہے یہ معلوم ہوتی ہین کہ مُنڈاسا ہو تا
کہ جو چیز مثل دوپٹہ یا چادر کی سر پر لپیٹین اور رسالہ لغات ہندی مین جو لکھا ہے اوسکا

حاصل یہ ہے کہ وہ کپڑا جو دستار پر باندھین مرتبان ایک ظرف ہے کہ اوسمین اکثر اچار اور
مربا رکھتے ہین مروڑا میم مفتوح اور رای مہملہ مضموم اور واو مجہول اور رای ہندی مع الالف سے
وہ پیچ کہ شکم مین بوقت دفع براز کی ہووے اور یہ مرض پیچش مین ہوتا ہے مروہ میم مفتوح
اور راے مہملہ ساکن اور واو مفتوح مع الہا سے ایک گیاہ ہے خوشبو اور تلخ مرگھٹ میم مفتوح
اور راے مہملہ ساکن اور کاف فارسی مخلوط الہا مفتوح اور تای ہندی ساکن سے وہ زمین
کہ اوس جگہ مردہ ہندون کا جلایا جاوے مرشد رہنما اور پیر مرشد اسم مشکہ انشاء اللہ خان
کا شعر ہے مرشد الملہ شب مراقبے مین یہ روئے کل کہ بس + بالکون نے دھوپ مین اونکا
بکھایا بستر او مزہ وہ طعم کہ بعد چکھنے کسی چیز کے محسوس ہو مثلاً کڑوا مزہ اور میٹھا مزہ
اور بمعنی لطف اور لذت کے جو کسی امر سے حاصل ہو مثلاً آج وہان بڑا مزہ ہوا مزد ور
معروف مسّا وانہ سخت کہ اعضا پر ہو جاوے اوسکو عربی مین ثولول اور فارسی مین
ژخ کہتے ہین مسّی ایک دوا ہے کہ دانتون کو ملتے ہین اور اوسکی ملنے کی رسم عورات
مین بہت ہے اور مفعو ہما وہ عورت کہ ساگن ہو مسوڑھا میم مفتوح اور سین مہملہ مضموم
اور واو معروف اور راے ہندی مخلوط الہا مع الالف سے گوشت بُن دندان مست ور
ملہ معروف کہ جسکو عربی سکتہ کہتے ہین مست جو نشہ شراب رکھتا ہو مستی عرف حال مین بمعنی
رغبت جماع کے ہے جو حیوانات کو ہو اور حیوانات کی آب منی کو بھی بولتے ہین اور وہ
رطوبت جو بعض درخت سے ٹپکتی ہے جیسے نیب سے اور پیڑ بھی مستی کا اطلاق کرتے ہین مسان
پیشانی فیل مسان ایک بیماری ہے اطفال کو عارض ہوتی ہے مثل صرع کے کہ ہاتھ اور
پاؤن مین تشنج ہو جاتا ہے اور بمعنی مرگھٹ کے بھی مستعمل ہے مشکی گھوڑا اسپ سیاہ رنگ
مشک میم مفتوح سے معروف مشاکیزہ مشاک کو جیاب مصالح اسباب کسی شے کو عموماً اور گل اور

ختنت وغیرہ اسباب عمارت کے خصوصاً مصلحت صلاح کرنی مطیع فرمان بردار مطلع
پہلا شعر غزل یا قصیدہ وغیرہ کا مطلع صاف ہے یعنی آسمان بادل کے دکھائی دینے سے
ابر و غبار سے خالی ہے مظلوم وہ شخص کہ اوس پر ظلم کیا گیا ہو مغرور معروف مغلوب عاجز مغل قوم
مشہور مثلیہ مردم قوم مغل سے ہو نکا میم مفتوح و کاف تازی مشدد سے مشت کہ کسیکو دیں یا اوپر تحفہ
پرے رہیں تکی میم مقصورہ و کاف مشدد اور یاے معروف سے مشتا لیکن اسکا اطلاق آٹا خمیر
کرنیکے وقت کیا جاتا ہے تکی کافی مشت سے نرم کرنا آٹے کا وقت گوندھنے کی ملیانا مثلا اوسکو
مشتات انا مکا میم مفتوح اور کاف مشدد مع الالف سے تکلہ معروف تکی میم مفتوح
اور کاف مفتوح اور یاے تحتانی ساکن سے مثلہ مکڑی میم مفتوح اور کاف تازی ساکن
اور رے ہندی مکسور اور یاے معروف سے عنکبوت مکڑا عنکبوت کلان مکھن روغن تازہ
جسکو مسکہ کہتے ہیں مکھنا ہاتھی قبل کلان مستانہ فقط رکھتا ہو مگدر میم مفتوح اور کاف
تازی مفتوح اور دال ساکن اور رے ہندی مع الالف سے موڑ یہ دراز یا مگدر احمر
ملکی تکس مگر میم مفتوح اور کاف فارسی مفتوح اور رے مہملہ سے مونگر مگر جو تماشا گاہ دو
جو بیٹھا ہوتی ہیں کہ پہلوان دونوں ہاتھوں میں لیکر گرد سر کے گردش دیتے ہیں اور یہ ایک
ورزش ہے پہلوانوں کی ملاپ حاصل بالمصدر ملنے کا اور مستعمل بمعنی صلح کے اور بمعنی مطلق
ملاقات کے جرأت کا شعر ملاپ کیونکہ ہو دونوں کے دل قفس میں ہیں دونوں جنہوں کے بس
میں ہیں ہم وہ پرائے بس میں ہیں ملاح ناخدا ملائی وہ چیز کہ شیر پر وقت گرم کرنیکے
جم جاوے ملیدہ ایک قسم کھانے کی ہے کہ روٹی کو ریزہ کرکے روغن اور شکر ملاکر ہاتھ سے
ملتے ہیں یہاں تک کہ باریک ہوجاوے ملتانی مٹی گل سرشوئی حمائی زن ماموں مولا
پرندہ معروف جسکو جمع کہتے ہیں مٹن دل اور مہرہ مار انشا بابہ اسد خان کا شعر

نوچہ نہ حلقہ اکاکل مین کان کا میقلی ؛؛ یہ من بنگال کے میتھا ہے باہتات مین سانپ +
سنند مکان بود و باش فقرا ے بلند کا جیسے تکیہ مکان بود و باش فقرا ے اسلام کا ؛
منڈیل ایک قسم ہے دستار کی من منا دانہ سیاہ رنگ ہین خشخاش سے کلان تر کہ گندم
مین آمیختہ ہوتے ہین منجن میم مفتوح اور نون ساکن اور جیم تازی مفتوح اور نون ساکن
سے دوا ے خشک پیسی ہوئی کہ دانتون پر ملین منتر میم مفتوح اور نون ساکن اور
تا ے فوقانی مفتوح اور را ے مہملہ سے افسون من ماتی حسب دلخواہ من مارنا اپنی تئین چیز
مرغوب سے باز رکھنا منڈھا میم مفتوح اور نون غنہ اور دال ہندی مخلوط الہا مع الالف سے
وہ شامیانہ کہ ایام شادی مین بروز معہود بطور رسم کے نصب کرین اور اسکے نیچے
سبو پانے گی رکھین اور آخر روز مین مردم برادری جمع ہو کر اون سبو کو پانی سے پر کرین
اور یہ بطور شگون کے ہوتا ہے اور کچھ لق بطریق اوس رسم کے کہ عرف مین اوسے نیوتہ
کہتے ہین صاحب خانہ کو دیوین منڈھی یا ے معروف سے مکان کوچک بطور گنبد کی کہ جوگیون
کی بود و باش کے ساتھ مختص ہے منہ و اعلہ معروف موم معروف موہی شمع وہ شمع کہ موم سے
بنا دین موت میم مضموم اور واو معروف سے بول موہنا دال مہملہ سے بند کرنا مثلاً آنکھ کا
موندنا اور کواڑ کا موندنا اور کنڈی کا موندنا بھی آیا ہے جیسے کہ فصل کاف تازی مین گذرا
اور دال ہندی سے تراشیدن موے سر ہو خواہ موے خواہ غیر اسکے موتھا واو مجہولہ اور
تا ے فوقانی مخلوط الہا سے ایک بیخ گیاہ ہے سیاہ رنگ اور سخت اور معطر کہ بوے خوش
رکھتی ہے موٹا واو مجہولہ اور تا ے ہندی سے فربہ اور سطبر موٹھ غلہ معروف کہ اوسکو چاول
کے ساتھ پکاتے ہین اگر سالم کو چاول کے ہمراہ پکاوین تو اوس طعام کو مونگ پلاؤ کہتے
ہین اور اگر دال کو پکاوین تو کھچڑی کہتے ہین موچھ واو مجہولہ اور تا ے ہندی مخلوط الہا

تلہ معروف موری ہوادیس موری وہ سوراخ کہ جسے دیوار میں کریں تاکہ آب گندہ اور آب بارش
اوس راہ سے باہر نکلے مشخص وہین اور چہرہ مختصہ بالکل مراد وہ چیز کہ اپنی طلب کے موافق
حاصل ہوتی ہو منھ بولا بھائی برادر خواندہ موہنا میم مضموم و واو معروف اور تای
ہندی مخلوط الہاسی دستہ کارد اور خنجر اور تیغ وغیرہ کا اور دستہ غلاف کو بھی کہتے ہین اور ایک
ایک قسم جادو کی ہے کہ کسی کی ہلاک کرنے کے واسطے کرتے ہین اور اوس سے دفعتا وہ شخص ہلاک
ہو جاتا ہے موچ میم مضموم اور واو مجہولہ اور جیم فارسی ساکن سے قدم کی پشت کا بچ جانا کسی
صدمہ سے اسطرح کہ سوجن اور درد رفتارسی مانع ہو موچنا ایک آلہ آہنی ہے کہ اوس سے بال چنین
اوسکو عربی میں منقاش کہتے ہین مونج پوست ہے سرکنڈہ کا کہ اوسکو کوٹ کر ریسمان بناتے ہین
موہنی افسون محبت موگری وہ چوب کہ اوس سے دھوبی کپڑے کو کندی کرین موچی کفش دوز
مہرا میم مفتوح اور ہای ہوز ساکن اور رے مہملہ مع الالف سے کہار مہمانی ضیافت مہمان
وہ شخص کہ ضیافت میں آوے مہاسا ایک قسم جوشش کی ہے کہ جوانوں کے چہرہ پر ظاہر
ہوتی ہے میلا ایک قسم خوراک کی ہے مخصوص اسپ مہار وہ ریسمان کہ شتر وغیرہ کی ناک
میں ڈالیں مہنت میم مفتوح اور ہای ہوز ساکن اور تای فوقانی سے ناز اور تکبر بمحاورہ
عورتوں کا ہے مہین باریک اور تنگ مہندی حنا میدہ میم مفتوح اور یای تحتانی ساکن
سے سوتیلی ماں یہ مخفف مادندہ کا ہے کہ وہ مخفف ہے مادندر مبدل مادندر کا اور مادندر مخفف
ہے مادر اندر کا میتھی دانہ معروف کہ اوسکی سبزی کو گوشت کے ساتھ پکاتے ہین مین پھل
نام ہے ایک دوا کا مینگنی سرگین شتر و گوسفند وغیرہ مینڈھا دنبہ سرزن کہ اوسکو قوچ
کہتے ہین مینڈک غوک میلا وہ مجمع کہ ہر طرح کی آدمی وہان جمع ہون میان نیام تیغ وغیرہ
کا میانجی معاملہ میان **فصل نون** ناک کاٹ ناڑی سے جیتی ناک کاف فارسی ہے سانپ

ناڑی ہے ہندی سے بمعنی ناند نون غنہ سے تغار سفالین ناس ایک دوا ہی کہ اوسکو پیسکر سونگھتے ہین اور اسکو ہلاس بھی کہتے ہین ناسدانی وہ ظرف کہ اوسمین ہلاس رکھین نال وہ پوست کہ عورت کی شکم سے بچہ کے ساتھ باہر نکلی نالی وہ ہے کہ زمین کو عرض مین بقدر ایک بالشت اور طول مین جہان تلک حاجت ہو کھودین تاکہ پانی بدررو وغیرہ کا اس راہ سے چلا جاوے نالہ آب باران کہ بہت جمع ہو کر ایک سمت سے روان ہوتا ہی ناکا سر جدا اور سوراخ سوزن تمام سم ناموس مشہور نامی مشتہر نام نکلنا نامور ہونا کسی امر مین نبولی تخم درخت نیب نباہ بسر کرنا کسیکے ساتھ نتھ تاے فوقانی مخلوط الہا سے حلقہ زرین یا سیمین کہ عورتین ناک مین پہنین نٹ نامی ہندی سے ایک طائفہ ہے شعبدون مین سے جنکو دار باز کہتے ہین نجات رستگاری نخرہ ناز حور تون کا ندی نون مفتوح اور دال مہملہ مشدد اور یاے تحتانی معروف سی نہر کلان نرالا وہ کہ اوضاع اور اطوار اوسکے سب سے جدے ہون نرجلا وہ برت کہ اوسمین تمام روز پانی نہ پئین اور یہ نزدیک ہنود کے مثل روزہ کی ہے نزدیک اہل اسلام کے نراس ناامید نس رگ نسوت نامرد والد بمعنی خالص او بمعنی بخشش لیکن اس معنی مین اسکا اطلاق آب صافی کو سوا اور کہین نہین پایا گیا نشان علامت اور علم نشانچی علم بردار نشانہ وہ علامت کہ خاک تودہ پر تیر مارنے کے واسطے کرین نشانی وہ چیز کہ کسی کسیکے پاس یادگار رہے جیسے نشانی کا چھلا وہ چھلا کہ معشوق اپنے عاشق کو واسطے یادگاری کے دیوے نشاستہ معروف نشتر معروف نشیب پستی نشا اصل مین بمعنی سکر کے ہے اور مجازاً بمعنی شراب کے مستعمل جیسے بولتے ہین کہ اوسنے نشا پیا ہے نشہ باز شراب خوار نشہ پانی کرنا پینا بھنگ کا نفر در اصل بمعنی گروہ مردم کے ہے لیکن مستعمل بمعنی نوکر ذلیل مثل سائیس وغیرہ کے ہے نفرا مثلہ اور اس لفظ مین نہایت تحقیر کی

نقش ترتیب ساز معروف شکل کرنا کی اس سے کو چیک تر نقیع سود نقارہ کوس نقش معروف
اور معنی تعویذ کے بھی مستعمل ہے نقشہ سفید یا تختہ کہ اوسپر مکانات کی صورت کھینچی ہو نقاش
وہ شخص کہ نقشہ مکانات اور صورت گل اور بوٹے کی بناوے نقاشی حاصل بالمصدر نقش
بنانا نقشہ اور گل اور بوٹے کا نقشی ظروف کہ نقش دار نقاب روپوش نقرہ سیم اور ایک
رنگ گھوڑے کا نقرئی یاے نسبت کے ساتھ وہ چیز کہ نقرہ سے بنی ہوئی ہو نقد مقابل نسیہ
کے اور اکثر بمعنی دام اور کے استعمال کرتے ہین لیکن استہزا مین سنا گیا ہے نقل لغت مین
ایک جا سے دوسری جا مین لیجانا اور ایک بات کو دوبارہ ذکر کرنا بانہے اور
عرف مین بمانند جب اثناے قصہ مین کچھ حکایت مذکور کرتے ہین اوسکو بھی نقل بولتے
ہین نقال نقل کرنیوالا بمعنی اخیر نکچھکنی نام ہے ایک دوا کا کہ جب اوسکو سونگھین تو
چھینک بہت آوے نکیل نون مفتوح اور کاف تازی مکسور اور یاے مجہول اور لام ساکن
سے ایک چوب ہوتی ہے کہ شتر کی ناک مین کرتے ہین نکو نون مفتوح اور کاف مشدد مضموم
اور واو معروف سے وہ شخص کہ اوسکی ناک بڑی ہو نکبیسر نون مفتوح اور کاف تازی
ساکن اور یاے موحدہ مکسور اور یاے تحتانی ساکن اور سین مہملہ مفتوح اور رائے مہملہ ساکنہ
سے ایک زیور ہے کہ اوسکو عورتین ناک مین پہنتی ہین نکسورا کلام بہ تر آنیہ لینا کہ جبر کرنا
نگوڑا نون مکسور اور کاف فارسی مضموم اور واو مجہول اور رے ہندی بالف مرکب
نون نفی اور لفظ گوڑی سے اور گوڑا بمعنی گنتی کے جیسے نگوڑا وہ شخص کہ شمار سے خارج ہو اور
مجازاً بمعنی بیوارث اور محتاج کے استعمال کر کر دشنام کے محل مین اطلاق کرتے ہین نگوڑ
محاورہ عورتون کا ہے نگوڑا ناٹھا وہ کہ بیوارث اور بے زن ہو نکاسی حاصل بالمصدر
نکلنے کا بمعنی خروج کے نکاح معروف نکاحی وہ عورت جو کہ نکاح مین آئی ہو نل ایک چیز

کی میان تھی کہ پانی کے مدخل مین اوسکو نصب کرتے ہین نلی نی میان تھی کہ جولاہے اوسمین
سوت لپیٹتے ہین نمد طراوت نمد بافتہ پشمین نماز معروف نمازی وہ شخص کہ مقید نماز کا ہو
نمکیرہ شامیانہ نمونہ چیزاندک کہ انبار غلہ یا اشیاء کثیر مین سے پسند کیواسطے کسیکو دیوین
نمود کرو فر نمایش اظہار کرو فر تھا نون اول مفتوح اور نون ثانی مشدد مملو جا لہا مفتوح
مع الالف سی خرد نیناآل خانہ پدرما در نند نون اول مفتوح اور نون ثانی ساکن اور
بعضی کی زبان سے مفتوح سنا گیا ہے یعنی خواہر شوہر کے نندوئی خواہر شوہر کا شوہر
نندولہ تغار کو چک تورہ چونہ اور ہرتال کہ بال اوکھاڑنے کیواسطے بدن پر لگا دین
نوچ نون مفتوح اور واو ساکن اور جیم تازی سے عورتین خدانخواستہ کے معنی مین استعمال
کرتی ہین نوکر معروف نوچی جاننا چاہیے کہ اس نواح مین اکثر زنان فاحشہ کی رسم یہ ہے کہ
کنیزین مول لیکر اونکو فعل شنیع پہ حکم کرتی ہین اور اونکو جو کچھ اوس فعل شنیع سے حاصل
ہو اوسکو اپنے تصرف اور قبضہ مین رکھتی ہین تو ان کنیزون کو نوچی اون فاحشہ عورتون
کی کہتے ہین اور اونکو نائکہ نواسہ پسر دختر نواڑ وہ چیز ہے کہ سوت سے بنی جاتی ہے
عرض مین بقدر سہ چہار انگشت او طول کی حد نہین اور اوس سے چارپائی بنتے ہین
نویل وہ پیغام کہ مردم برادری کو ہنگامہ شادی مین شریک ہونیکے واسطے
بھیجین نوتہ وہ زر کہ بتقریب شادی مین بطور رسم کے دیا جاوے نہورا نون مکسور
اور ہای ہوز مضموم اور واو مجہولہ اور رای مہملہ مع الالف سی ناز اور نخرہ نہو نون مضموم
اور ہای ملفوظی ساکن سی ناخن لیکن روزمرہ حال مین متروک الاستعمال ہے نہرنا نون مضموم اور
ہای مفتوح اور رای مہملہ ساکن اور نون مع الالف سی آلہ ناخن تراشی کا نہالی بستر منبہ دار نہالو
مکسور اور ہای مفتوح اور تای فوقانی مشدد مع الالف سی وہ شخص کہ اوسکے ہاتھ مین ہتھیار نہو

نہترنا نون مکسور اور ہاے مضموم اور رے ہندی ساکن اور نون مع الالف سے جھکنا یعنی خم ہونا کسی چیز کیواسطے نہلا ایک آلہ ہے آہنی معماروں کا کہ اوس سے دیوار سیدھی کو گھوٹتی ہین اور یہ اگرچہ بشکل کنی کے ہے لیکن اوس سے کوچکتر نہانا غسل کرنا نہلانا غسل کروانا نہاری وہ دانہ شب کا بچا ہوا کہ صبح کو گھوڑی کو کھلادین اور ایک قسم سالن کی ہے کہ اوسکو باورچی پکا کر صبح کے وقت بیع کرتے ہین نیچا پست نیچ قوم مردم اراذل نیب درخت معروف کہ اوسکے ثمر کو نبولی کہتے ہین ظاہرا یاے تحتانی اور باے موحدہ کی بیچ مین بھی نون ہی کسواسطے کہ اس لفظ کو نیم میم کے ساتھ بھی استعمال کرتے ہین اور بجاے باے موحدہ کے میم کا لانا وہین ہوتا ہے کہ نون اور باے موحدہ متقارن ہوں جیسے خنب اور خم اور کنب اور کم اور دنب اور دم اور رانبلی اور راملی اور امثال انکی پس خواہ یون کہیے کہ میم باے موحدہ اور نون دونون کے عوض مین ہے یا میم کے ساتھ نون حذف ہو گیا ہے واللہ اعلم بالصواب نیو نون مکسور اور یاے تحتانی اور واو ساکن ہے بنیاد دیوار نیلا کبود رنگ نیلا تھوتھہ طوطیاے سبز نیولا راسو نیہ نون مکسور اور یاے مجہول اور ہاے ساکن سے محبت عیشی مفلسی

فصل واو

واری جانا یعنی صدقہ جانا وارث وہ شخص کہ میراث کیسیکی لیوی اور اردو مین معنی حامی اور مددگار کے بھی مستعمل ہے اور عورتین شوہر کو بھی وارث کہتی ہین واری نیاری دونون کلمون کے اخیر مین یاے مجہول ایسے محل مین استعمال کرتے ہین کہ کسی مفلس کو مال کثیر کے ہاتھ لگنے سے فراخت اور تمول ہو جاوے اور یہ لفظ ہونے کے ساتھ مستعمل ہے مثلاً اتیوا اوسکے وارے نیارے ہو گئے واسد شاہ ہونا کسی سے سلوک کرنا یہ لفظ مستعمل عوام کا ہے چنانچہ کہتے ہین وہ ہمسے اتنا نہوا یعنی ہمسے کچھ سلوک نہ کیا واسطی قلم وہ قلم جو صحرائی وسط سے ہو وبا مرگ عام کہ بسبب

فساد ہوا کی ہو وَرد واو مفتوح اور رے مہملہ ساکن سے غالب مثلاً ورد او سپرور ہی یعنی غالب وراثت میراث کا حاصل ہونا ورق کاغذ بقدر معین کہ وہ آٹھواں حصہ ہوتا ہے جزو کتاب کا ورقہ مثلہ وزن سو جن وزن اصل مین بمعنی تولنے کے ہے اور عرف مین بمعنی اوس گرانیکے ہے کہ بعد تولنے کے معلوم ہو جاتی ہے مثلاً اوس چیز کا دس سیر کا وزن ہے اور بمعنی مطلق گرانی کے مثلاً اوس چیز کا بڑا وزن ہے وزنی چیز گران وزیر وہ کہ خدمت وزارت رکھتا ہو وسیلہ دست آویز وصال ملاقات اور مجازاً بمعنی موت کے بھی مستعمل ہے جیسے اس شعر مشہور مین سہ لوگ مرنیکو بھی کہتے ہین وصال + یہ اگر سچ ہے تو مر جاتے ہین ہم + وعدہ معروف وعدہ وعید اگرچہ وعید ضد وعدہ کی ہے لیکن عرف مین یہ دونون لفظ مرکب ہو کر بمعنی وعدہ کے مستعمل ہو گئے ہین مثلاً اوسنے ہمسے بہت وعدہ وعید کیے تھے لیکن کچھ ظہور مین نہ آیا وفات مرگ وقفہ ٹھہرنا میر کا شعر سہ زیست ایک ماندگی کا وقفہ ہے + یعنی آگے چلینگے دم لیکر + وقر بمعنی عزت اور آبرو کے مستعمل ہے وقار مثلہ وقت معروف وکالت ضامن ہونا وکیل وہ شخص کہ اوسکو کام سونپا جاوے وکالت نامہ اصطلاح اہل عدالت انگریزی مین وہ کاغذ سند کہ وکیل کو لکھکر حوالہ کرین باین مضمون کہ ہمنے اس شخص کو اپنا وکیل کیا اسکا ساختہ پرداختہ ہمارا ساختہ پرداختہ ہے وکالت نامہ تصدیق ہونا وکالت نامہ پر دستخط حاکم کی لکھ جانے ولی لغت مین نزدیک اور بمعنی اوس شخص کے کہ قربت اور نزدیکی خدا کی رکھتا ہو مستعمل ولایت بکسر اول حاکم شدن اور مجازاً محل حکومت اور مطلق اقلیم کے معنی مین مستعمل ہو گیا مثلاً ولایت ہند اور ولایت فارس ویسا واو مفتوح اور یائے تحتانی ساکن اور سین مہملہ مع الالف سے بمعنی ہمان طور و مثل آن مثلاً یہ کاغذ ویسا نہین یعنی اوس کاغذ معلوم کی

شل ہین فصل ہا آہنا تاست آرتاگل گل اور حاصل بالمصدر اور امر بولنے سے جو ترجمہ
ہانتن کا ہے ہاتھی فیل ہاتھی دانت دندان فیل جسکو عاج کہتے ہین ہانپنا ضعف اور ناطاقتی
یا بسبب گرانی بار اور مشقت کے بار بار سانس لینا ہاتھی دانت کا چوڑا دستیارہ عاج ہاتھ
تاے فوقانی سے دست ہاٹ تاے ہندی سے دکان ہاٹون نام ہاتھا پائی جنگ مشت
ولکد باہم اور کبھی اوس لکد و مشت پر جو ایک جانب سے ہو بھی اطلاق کرتے ہین انشاء اللہ خان
کا شعر ہے ہاتھا پائی ہولی کچھ ایسی کہ پھر + اونکی اونگلی کی چوڑ گئی جیت لنس + کسواسطے
کہ معشوق کی طرف سے یہ امر وقوع مین آسکتا ہے نہ عاشق کی طرف سے ہتھیانا اپنا مال دوسرے کو
بخش دینا ہتھیانا مسبیا کے دست آویز ہتھنی فیل مادہ ہتھیار سلاح ہتہا ہاے مفتوح اور
تاے فوقانی مشدد مع الالف سے وہ چوب کہ اوسکو ہاتھ مین پکڑ کر آسیا کو گردش دیوین
ہتکڑی حلقہ آہنی کہ گنہگارون کے ہاتھ مین پہنا دین اور رسالہ لغات ہندی مین
لکھا ہے کہ ایک چوب ہے سوراخ دار کہ گنہگارون کے ہاتھ مین پہناتے ہین ہتھا جوڑی ایک
رقص ہے کہ ہاتھ ایک دوسرے کا پکڑ کر رقص کرتے ہین ہتھری ہاے مفتوح اور تاے ہندی
ساکن اور راے ہندی مکسور اور یاے معروف سے ایک بازیچہ ہے مخصوص لڑکیون
کے کہ بشکل گھر کے ہوتا ہے اور اوسمین دالان اور کوٹھری بناتے ہین ہتھوڑا ایک آلہ ہے
آہنگرون کا یعنی تپک ہتتال ایک قسم ہے بندوق کی ہٹ تال تاے اول ہندی یعنی
دکانون کو قفل لگا دینا تا کہ خرید و فروخت کچھ نہو اور یہ امر دکاندار وقت ظلم اور فریاد
کے کرتے ہین ہجو کسیکو برا کہنا نظم مین اور مطلق برا کہنا بھی ہجوم اژدحام کے معنی مین
مستعمل ہے ہچکی فواق ہدیہ تحفہ اور عرف حال مین وہ زر و لباس کہ اوستاد کو بطریق تحفہ
اور نذر کے دیوین جب لڑکا کلام اللہ ختم کرے ہدایت راہ نمائی اور راہ راست پکڑنی

ہذیان بیہودہ گوئی ہرول ہائے منتوح اور رائے مہملہ مفتوح اور واو ساکن
ساکن سے مقدمۃ الجیش یعنی پیش آہنگ لشکر ہرول عزیز وہ کہ ہر شخص اوسکو عزیز رکھے
ہرگز یعنی کسوقت مثلاً یہ امر ہرگز نہوگا یعنی کسیوقت نہوگا ہراس خوف ہرکارہ وہ شخص
کہ خط پہونچانے کے واسطے نوکر ہو اور یہ معنی باعتبار روزمرہ حال کے ہے والا اصل مین
ہرکارہ وہ ہے کہ ہر کار مین نظر آوے ہڑتال رائے ہندی سے زرنیخ ہڑب ہای مفتوح اور
اور رائے ہندی مفتوح اور بائے فارسی ساکن سے بغیر چبای نگل جانا نوالہ کا ہڑپا بای
فارسی مشددمع الالف سے مثلہ ہزار رائے ہندی سے بلبلہ ہزار عدد الف ہزار داستان
بلبل ہستی بود مقابل نیستی کے جو بمعنی نابود کے ہے ہستنی ہائے مفتوح اور سین مہملہ ساکن
اور تائے فوقانی ساکن اور نون مکسور اور یائے تحتانی معروف سے ایک قسم ہے اقسام
چہارگانہ عورت کی سے یعنی پدمنی چترنی شنکھنی ہستنی اور ہستنی وہ ہے کہ اپنے حسن کے
غرور مین کسیکی طرف خیال نکرے اور نشۂ حسن سے مثل ہاتھی کے جہومتی چلے ہشیار مخفف
ہوشیار کا یعنی صاحب ہوش ہشت ہائے مضموم اور شین معجمہ ساکن سے ایک کلمہ ہے کہ کسیکے
دفع اور ٹہانے کے واسطے کہتے ہین ہشت مشت یعنی کلمہ ہشت کہنا اور مکّا مارنا ہشت
کسرۂ اول سے ایک کلمہ ہے کہ تحقیر کے واسطے کہتے ہین اور شاید کہ ردع کے واسطے ہو
مثلاً ہشت کیا بکتا ہے مطلب اس سے یہ ہے کہ ہرزہ گوئی نکر ہضم بمعنے گواریدن طعام کے
ہکلا ہائے مفتوح اور کاف تازی ساکن اور لام مع الالف سے وہ کہ رک رک کربات
کرے ہکنا کاف فارسی سے براز کرنا ہگن ہنی کلمہ ثانی تائے ہندی مشدد مکسور اور
یای معروف سے یہ دونون کلمہ مرکب کثرت سے براز کرنیکے معنی مین مستعمل ہین ظاہرا مرکب ہے
ہگن سے جو مخفف ہگنے کا ہے اور ہٹ مخفف ہاٹ سے کہ بمعنی دکان کے ہے اور یای نسبت سے چونکہ

کہ وقت افسانہ سننے کے افسانہ گو کی تسلی کیواسطے کرین تاکہ وہ جانے کہ یہ افسانہ سنتا ہے سو نہین گیا ہولی جشن معروف کہ ماہ پھاگن مین ہندوستانمین متعارف اور ہنود اوس جشن مین عبیر اور گلال ایک دوسرے پر چھڑکتے ہین اور رنگ ایکدوسرے پر ڈالتے ہین ہو کا مکان وہ مکان کہ اوسمین کوئی آدمی نہو اور اوس سے بسبب نہونے آبادی کے وحشت پیدا ہو ہیبت دہشت

فصل یاے تحتانی یاد وفند فراموش کی یاد فراموش ایک گرو ہے اطفال مین کہ ایک لڑکا دوسریکو کچھ چیز دیوے اگر اوسنے یاد کا لفظ کہہ دیا تو بہا والا یہ لڑکا دینے والا کہے گا فراموش پس اوس دوسرے کو جو کچھ بطریق گرو کے معین کیا ہے دینا آویگا یار مددگار اور آشنا یاری مددگاری اور آشنائی یاور مددگار یاس ناامیدی یکہ بے مثل اور تنہا یگانہ بے مثل یل پہلوان یون یاے مضموم اور واو مجہولہ اور نون غنہ سے یعنی اسطرح یہ اسم اشارہ واسطے قریب کے +

باب چوتھا امثال میں

معلوم کیا چاہیے کہ اس باب مین جو مثل کہ معنی اوسکے ظاہر اور قابل توجیہ کی نہونگے اوسکو لکھ کر قلم کو متصدع اظہار معنی کا نہونگا اور باقی کے معنی بھی لکھدیے جاوینگے +

فصل الف - اپنے منہ سے میان مٹھو ایسے شخص کے حق مین کہتے ہین کہ اپنی تعریف آپ کرے اندھا بانٹے ریوڑی پھر اپنے ہی کو دے ایسی جگہہ بولتے ہین کہ کوئی شخص تقسیم شیرینی یا طعام وغیرہ یا کسی اور امر مین خویش و آشنا کی حمایت زیادہ کرے اپنی ٹانگ کھولے اور آپہی لاجون مرے یعنی اپنے عیب سے آپ منفعل ہووے + اپنا رکھ پرایا چکھ اپنا بھلا کل کی سہل + ادھر کاٹے اودھر اولٹ جاوے + یہ ایسی کے حق مین کہتے ہین کہ بدی

اور تازہ رسید نہ دیوے اور بروقت شکایت کے فوراً انکار کر جاوے + ایک تھیلی سارے
جلی کو گندا کرے + اوٹے چور کوتوال کو ڈانٹے + آدھی کو چھوڑ ساری کو دوڑے
آدھی رہے نہ ساری + یہ ایسی محل مین بولتے مین کہ کوئی شخص بشاہرۂ قلیل کمین نوکر ہو
اور زیادہ وشاہرہ کی طمع مین اوس نوکری کو چھوڑ کر کہین اور جا وے اور کامیاب نہو +
آگ کھاوے انگارے ہگے یعنی جیسا کریگا ویسا پاویگا + آپ سے آوے تو آنے دے + یہ
ایسے محل مین بولتے ہین کہ کوئی شخص اگرچہ کسیکے مال پر نظر نرکھے اور نہ چاہے کہ کسیکا اسباب
خود غصب کرے لیکن اگر بے محنت اور بے مشقت ملجاوے تو نچھوڑے اور اسکا ایک قصہ
اسطرح سے مشہور ہے کہ کسی قاضی کی بی بی نے قاضی کی غیبت مین کسیکی مرغی کو ذبح کر کے پکا لیا
جب قاضی گھر مین آیا تو کہا یہ مال حرام ہے اوسکی بی بی نے کہا اب تو ہمنے پکا لیا اور اگر اسکو
پھینک دین تو ہمارا گھی اور مصالح خراب جاویگا قاضی نے کہا کہ خیر چونکہ پانی اور مصالح
اور گھی ہمارے گھر کا ہے ہم بجز شوربا کے اور کچھ نہ لین گے جسوقت پک چکی اور اوسکی کنیز
نے دیگچہ کو جھکا کر چاہا کہ شوربا فقط پیالے مین ڈالدے ناگاہ پانچ چار بوٹیان بھی پیالہ
مین گر پڑین کنیزک نے چاہا کہ بوٹیون کو اوٹھا کر دیگچی مین رکھدے قاضی نے کہا کیا کرتی
ہے آپ سے آوے تو آنے دے + اپنے گھر تیتر باہر باندھون کہ بٹیر + اپنے یعنی آلنکر
کے ہے اور یہ ایسی کے حق مین کہتے ہین کہ تھوڑسی چیز پر بہت اترا وے + اندھون مین
کانڑا راجا محل استعمال اسکا ظاہر ہے + اشرفیان لوٹین اور کوئلون پر مہر + ایسی کے
حق مین کہتے ہین کہ اوسکو کلیات امور پر نظر نہو اور جزئیات مین تنگ چشمی اور کم حوصلگی کرے
آندھی جاوے یا مینہ جاوے چھینٹ سی نرہے + یہ ایسے محل مین کہتے ہین کہ کوئی شخص اپنی خواہش
سے باوجود موانع کے باز نرہے + اول طعام بعدہ کلام + اول خویش بعدہ درویش +

آب آمد تیمم برخاست + آب ندیدہ موزہ کشیدہ + ایسی جگہ بولتے ہین کہ کوئی امر ہنگر
ہوی وقوع مین نہ آیا ہوا اور فقط احتمال وقوع سے اوسکی تابیر مین مصروف ہوجاوے
اندہے کی داد نہ فریاد + آم کھانے یا پیڑ گننے + اوچھی پونجی خصمون کھائے + اپنے دہی کو
کون کھٹا کہتا ہے + یعنی اپنی چیز کو کوئی برا نہین کہتا + ایک خطا دو خطا تیسری خطا مادر
بخطا + آپ موئے جگ پرلو یہ بمعنی قیامت کے یعنی جب آپ مرگئے تو گویا سارا عالم
مرگیا + آسمان کا تہوکا اپنے منہہ پر گرتا ہے + یعنی اپنے سے بزرگ کی اہانت اپنی اوپر عاید
ہوتی ہے + الیسر آئی ولدر جائی + یہ ایک عبارت معین ہے کہ عوام شب دیوالی مین اپنے گھر سے
خس و خاشاک باہر پھینکتے ہین اور یہ الفاظ کہتے ہین اور اسکو شگون نیک سمجھتے ہین انکا
اعتقاد یہ ہے کہ ہماری گھر اسکے اثر سے دولت آویگی اور اب روزمرہ مین استعمال اسکا ایسے
محل مین ہوگیا ہے کہ کسی کی قدم کی برکت سے تمام نحوست زائل ہوجاوے + اونٹ جب پہاڑ
کے نیچے آتا ہے تب جانتا ہے کہ مجھ سے بھی بڑا ہے یعنی جب کوئی اپنے سے زیادہ کو دیکھتا ہے تب اپنے آپکو کمتر
سمجھتا ہے + الٹا آپ کو بجائے خود بزرگ جانا کرتا ہے آگے دوڑ پیچھے چوڑ + ظاہر اچوڑ کہ جیم
فارسی مفتوح اور واو ساکن اور رائے ہندی سے مستعمل ہے اصل مین چھوڑ جیم فارسی
مضموم مخلوط الہا سے تھا یعنی سبق آگے پڑہتا جاوے اور خواندگی کی خبر نرکھے کہ یاد ہے
یا فراموش + اولتی کا پانی مگری پہونچایا + یعنی معاملہ بالعکس کیا + اندہے کے آگے روئے
اپنی آنکھین کھوئے + یعنی ناقدر دان کے آگے اظہار ہنر سوا زیان کی کچھ فائدہ نہین دیتا
اونچی دکان پھیکا پکوان + یہ ایسے محل مین استعمال کرتے ہین کہ کسی نام آور سے فائدہ
معتدبہا حاصل نہو + انگلی پکڑتے پہونچا پکڑا + یہ ایسی جگہہ استعمال کرتے ہین کہ کسی کو تھوڑا
سہارا دیوین اور بعد اوسکے وہ تکلیف مالایطاق دیوے + آنکھون کے اندہے نام نین سکھ

معنی اسکے ظاہر ہین + آدپا آدھا چوپاری رسوئی + یعنی مقدور کم اور لاف وگذاف اور شیخی بہت
اونٹ کے منھ مین زیرا + ایسی جگہہ بولتے ہین کہ کسی شخص کو ضرورت ہو زیادہ کی اور
حاصل ہو کم یعنی یہ چیز جو حاصل ہوئی اوسکی نسبت ایسی کم ہے جیسے اونٹ کے
منھ مین زیرہ کچھہ معلوم نہین ہوتا + اندھے کو کیا چاہیے دو آنکھین + یعنی محتاج کو وہ
چیز چاہیے جس سے رفع حاجت ہوجاوے + آگ لگنتا جھونپڑا جونکلی سولے + یعنی جس مقام
سے کسی چیز کے بچنے کی توقع نہو جو کچھہ ہات لگ جاے غنیمت ہے فصل باے موحدہ
بیگانہ کا سر بنسیری کے برابر یہ مثل دو محل مین سنی گئی ہے ایک اوس جگہہ کہ کوئی کسی
کے سر کی قسم جھوٹی کھاوے اور دوسرے اس جگہہ کہ کسی غیر کے مال کے تلف ہونیکا لحاظ
نکرے + بغل مین لڑکا شہر مین ڈھنڈھورا + یہ ایسی محل مین بولتے ہین کہ اپنی چیز اپنے
پاس ہو اور گم ہونے کے احتمال سے جابجا تلاش کیا وے + بدلی مین دن دیسی پچھوڑ بیٹھے
دیسی یعنی دکھائی دے یہ مبدل ہے دیکھی کا کاف اسکا سین سے بدل گیا ہے + یہ ایسی محل مین
بولتے ہین کہ کوئی شخص اس احتمال مین رہے کہ کام کا وقت نہین آیا اور حال یہ کہ اوس غفلت
مین وقت کارگذار جاوے + بھیک کے ٹکڑے اور بازار مین ڈکار + ایسی محل مین استعمال
کرتے ہین کہ کوئی شخص بسر اوقات کسی کے طفیل مین کرے اور غیروں مین اپنا کرو فر ظاہر کرے
بن مانگے موتی ملین اور مانگے ملے نہ بھیک + محل استعمال ظاہر ہے + بانس کے بانس کھائے اور
ماماجی کی ماماجی کی + یعنی کام بھی کیا اور تعدی اور ستم او سپر مزید ہوا + برس دن مین تیجی اور
سوم کا لیکھا برابر ہو رہتا ہے + حاصل اسکا مستغنی بیان سے ہے + بامن جیجی ہے تنہائی یعنی
جب مطلب حاصل ہو جبھی جلئے + بیاہی بیٹی کا گھر رکھنا ہاتھی کا باندھنا + یعنی دختر کو بعد
کتخدائی کے بسبب کثرت مصارف اوسکے کے ایسا دشوار ہے جیسے ہاتھی کا گھر باندھنا + بیاہی

بیٹی پڑوسن دا خل + یعنی چونکہ دختر بعد کتخدائی کے اپنے غیر کے اختیار مین پڑجاتی ہے اسکا
اپنے ماں و باپ کی گھر آنا مثل ہمسایہ کی عاریت ہے + باپ نہ ماری پدری اور بیٹا تیر انداز
یہ ایسی محل مین کہتے ہین کہ ایک شخص ایسے کام کی جرات کرے کہ اوسکے خویش و تبار مین
سے کسی نے اوس کام کی جرات نہ کری ہو + بلی کے بھاگون چھینکا ٹوٹا + یہ جب بولتے
ہین کہ وہ امر کہ اوسپر دست رس نہو اور اوسکا حصول متعذر ہو بحسب تقدیر سرانجام
ہوجاوے + بکری کی ماں کب تک خیر مناوگی + یعنی جو آفت کہ مقدر ہے اوس سے حیلہ اور
بہانہ سے بچنا نا سکے وہ آفت ایک نہ ایک دن آویگی + بلی کے خواب مین چھیچھڑے + یعنی جو شخص
جس کام اور پیشہ کا ہو اوسکو خواب مین بھی وہ ہی نظر آتا ہے + بن مانگے ماں بچے کو دودھ
بھی نہین دیتی + اسکے معنی مستغنی ہے بیان سے + بھات چھوڑا ہے سات نہین چھوڑا +
ظاہر ہے + بھپٹ پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹے کان + یعنی وہ چیز کہ ایک گونہ اوس سے
فائدہ ہو اور ضرر اوسکا اوس فائدہ سے زیادہ ہو تو اوس چیز سے دست بردار ہونا چاہیے
جیسے زر کہ زیور اوس کا زینت گوش ہے لیکن جب اوسکے بوجھ سے کان ہی ٹوٹ جاوے
تو اوس زیور سے دست بردار ہونا چاہیے + بچے کی پانو پالنے ہی مین دیکھے جاتے ہین
یعنی ہر چیز کا انجام کچھ ابتدا ہی مین معلوم ہوجاتا ہے + بھو کا جورو نیچے اور رجا کھے اودھا
لون + یہ ایسی محل مین بولتے ہین کہ مثلاً کوئی شخص اضطرار مین اپنا ایسا اسباب
کہ اوسکو بہت عزیز ہو فروخت کرے اور لینے والا بسبب استغنا کے اوسکی قیمت دینے
مین تساہل کرے یا اضطرار مین ایسا کام کرے کہ اختیار مین اوسکا بسبب کسر شان
کے نکرتا اور دوسرا اوسپر کچھ نگاہ اور التفات نہ کرے + بوڑھی منہ مہاسے + یہ وہان
بولتے ہین کہ مرد پیرانہ سال ایسی حرکت کرے کہ لائق جوانون کے ہو + بخشی بلائی

میں لشندورا ہو کر چھوڑونگا ۔ یہ ایسے محل میں بولتے ہیں کہ کوئی شخص بظاہر کسی سے کمال
التفات اور تفقدات کے ساتھ پیش آوے اور مشہور یہ ہو کہ از روے فریب کے اسے بلائی
کرے ایک قصہ مشہور ہے کہ ایک گربہ بسبب ضعف پیری کے شکار کر نہ سکتی تھی اوسنے اپنے تئیں
بہت ناتوان اور مسکین ظاہر کرکے جانوروں کے ساتھ محبت کرنی شروع کی اور کہا کہ
اب میں نے وہ حرکات سابقہ بالکل ترک کیں اب تم مجھسے کچھ خوف نکرو اور جب وہ جانور
اوسکے قریب میں آجاتے تو انکو اکیلا پاکر کھالیتی ایک روز ایک کبوتر بھی اوسکے قریب
میں آکر اکیلا اوسکے ساتھ ہولیا وہ اسیطرح پیش آئی کبوتر بہر صورت اوس سے زندہ
بچ گیا لیکن دُم اوسکی گربہ کے منہ میں آکر ٹوٹ گئی دوسرے دن گربہ نے اوس کبوتر کو
دیکھ پھر وہی تملق شروع کیا اور چاہا کہ پھر اوسی دام فریب میں پھنسایا چاہے تب کبوتر نے
یہ عبارت مذکور کہی بیل نہ کودا کودی گون ۔ یہ ایسے محل میں بولتے ہیں کہ جو شخص
ایک کام کے سزاوار ہے وہ تو اوس کام میں جرات نکرے اور جو شخص اوسکی نسبت
کمتر ہو اور اوس کام کے لائق نہو اوس پر مستعد ہو جاوے ۔ بھاگتے چور کی لنگوٹی
کافی ہے ۔ یہ وہاں بولتے ہیں کہ کوئی مرد پیرانہ سال یا زن پیر ایسا لباس پہنے کہ
لائق جوانوں کے ہو ۔ بارہ برس دلی میں رہے اور بھاڑ جھونکا ۔ یعنی اکثر صحبت
اچھوں کی نصیب ہوئی لیکن کچھ لیاقت پیدا نہوئی ۔ باسی رہے نہ کتا کھائے ۔ یہ
مستغنی از بیان ہے ۔ بیگانہ بردی آزاد کرتا ہے ۔ یہ جب بولتے ہیں کہ کوئی مال غیر کو کسی کو
اپنے نام سے دیوے **فصل بابی فارسی** پکائی تھی کھیر قسمت سے دلیا ہو گیا یعنی حسن سعی
اور تدبیر سے کام اچھا شروع کیا تھا لیکن تقدیر سے اوسکا سرانجام حسب دلخواہ نہوا ۔
باپ کا مال پرایت جائے ۔ ظاہر ہے ۔ پاس رہے جانیے یا باٹ چلے ۔ یعنی نیک و بد کسی کا

جب معلوم ہوتا ہے کہ یا وہ پاس رہے یا سفر مین شریک ہو + پانی پیکر ذات کیا پوچھنی
یعنی جب ایک کام کر بیٹھے بعد کرنے کے اوسکی نیک و بد کو پوچھنا بیفائدہ ہے کسواسطے
کہ ہر کام کے نیک و بد کو اول دریافت کرنا چاہیے مبنی اس مثل کا اوپر رسوم ہنود کے
ہے اور اسکا قصہ یون مشہور ہے کہ کوئی برہمن راہ مین تشنہ جاتا تھا جب ایک کوئے پر
پہونچا وہان ایک شخص پانی بھرتا تھا اوس سے برہمن نے پانی طلب کیا اوسنے پانی نکالکر اوسکو پلا
دیا وہ شخص قوم کولی سے تھا کہ ایک طائفہ ہے جولاہیکا ہندوستان اور شرفاء ہنود اونکے
ہاتھ سے اکل و شرب مین بہت احتراز کرتے ہین اور برہمن کو اوسکی ذات کا حال معلوم
تھا اوسنے پانی پیکر پوچھا کہ تیری ذات کیا ہے اوسنے اپنی ذات ظاہر کر دی یہ اوسوقت
بہت نادم ہوا لیکن چارہ کیا تھا ناچار یہ برہمن اس حرکت کی سبب اپنی قوم سے خارج
ہوگیا + پڑہین فارسی بیچین تیل مظاہر ہے + پتھون کے موتنے سے مردے نہین جی اوٹھتے
یہ وہان بولتے ہین کہ کسی شخص کو بسبب کثرت مصارف کے بہت ضیق احوال ہو اور وہ تخفیف کیواسطے
ایسی ایک امر جزوی مین کمی کرے کہ وہ تخفیف تلافی اوسکا نکر سکے اسکا ایک قصہ مشہور ہے کہ
کسی کا جنازہ ایسا بھاری تھا کہ لوگ اوسکے اوٹھانے سے عاجز تھے ایک نادان نے یہ کہا کہ اسکے
موتے زار رنڈ واؤ تاکہ اسکی گرانی مین تخفیف ہو جاوے خلق اس بات سے ہنسی کہ اس سے
کیا تخفیف متصور ہے + پڑہے نہ لکھے نام محمد فاضل مظاہر ہے + پیران نمی پرند مریدان می پرانند
ظاہر ہے + بیسون بیسون تالاب بھرتا ہے یعنی اندک اندک ذخیرہ کرنے سے مال کثیر
جمع ہوتا ہے + فصل تاے فوقانی تانت باجی اور راگ بوجھا + یعنی انداز سخن
سے مطلب ہر گاہی ہو جاتی ہے + تمہارا مال سو ہمارا مال ہمارا سو ہمین ہین + لفظ ہمین مین
دو نون ہای مکسور اور دو نون تحتانی مجہولہ اور دونون نون غنہ ہے ایک ہنسی ہے بطور شعر کے

اور بطور کہاوت بولتے ہیں کہ کوئی شخص دوسرے کے مال کو اپنے
کام مین بلا شرکت خرچ کرے اور جب اتفاق ایسا ہو کہ اوس دوسرے کو کچھ اس سے
حاجت پیش ہو تو یہ بطائف الحیل سے ٹالدے اور اس مثل کو بنیون کی طرف منسوب کر
کہتے ہین یعنی یہ بنیے کی مثل ہوئی کہ تمہارا سو ہمارا اسکو واسطے کہ اسیطرح کی عادت
اکثر بنیون مین پائی جاتی ہے اور مشہور یہ ہے کہ عبارت مذکورہ کسی بنیے نے کسی سے کہی تھی
پھر مثل ہو گئی + تو گدھی کمہار کی تجھے رام سے کوت + یعنی تو لائق نہین تجھے ایسے
معاملہ بزرگ اور اس امر خطیر سے کیا مناسبت + تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو + یعنے
اس کام کا نیک و بد کو دیکھو اور جلد اسمین ارتکاب نکرو تیلی بھی کیا اور روکھا ہی کھایا
یعنی ایک حرکت خلاف وضع بھی کی اور پھر بھی مطلب حسب دلخواہ حاصل نہوا مشہور ہے
کہ کسی عورت نے تیلی سے نکاح کیا تھا باین طمع کہ روٹی روغنی کھانے کو ملیگی کیونکہ تیلی کے
گھر روغن کی کمی نہین اور بعد نکاح کے بھی روکھی روٹی میسر آئی تب اوس عورت نے یہ عبارت
کہی یعنی اس ارذل سے نکاح طمع مذکور سے کیا تھا اور وہ بات بھی حاصل نہوئی + تیل تیلی کا
جلے اور مشعل جی کی فلان پھٹے + یعنی زر کسی کا خرچ ہو اور درد کسی کو ہو + تخم تاثیر صحبت کا
اثر + یہ مستغنی بیان سے ہے فصل جیم تازی جس ہانڈی مین کھاؤ اوسمین چھید کرو
یعنی جس سے فائدہ لو اوس سے بدی کرے + جسکا کھائے اوسیکا گائے + یعنی جس سے کچھ فائدہ
حاصل ہوگا اوسیکا دم بھرینگا + جہان جاوے بھوکھا وہین پڑے سوکھا + یعنی گرسنہ روٹی
کی طمع مین جہان جاتا ہے اوسکی شومی طالع سے وہان بھی کال پڑجاتا ہے یہ مثل ایسے
مقام مین بولتے ہین کہ کوئی مفلس کسی کے پاس اس طمع مین جاوے کہ اوس سے
کچھ فائدہ حاصل کرے اور بسبب تقدیر وہی چیز مطلوب اوسکے پاس نہو یا اگر پہلے

اس سے ہو تو اوسوقت صرف ہوگئی ہو + جو بولی سو کٹی کو جاوے + یا ایسی محل مین استعمال
کرتے ہین کہ کوئی شخص کچھہ مصلحت دے اور دوسرا کہے کہ اس کام کو تم ہی سرانجام کر دو +
جتنے سر اوتنی ہی باتین + یعنی جتنے آدمی ہوتے ہین ہر شخص اپنی اپنی بات علحدہ کہتا ہے
جب باپ مرے تب بیل بٹین + یعنی سرانجام اس امر کا موقوف ایسی امر پر ہے کہ اوسکا
وقوع مین آنا بالفعل نظر نہین آتا اور اسکی ضرورت اب ہے + جتنا گڑ ڈالو اوتنا میٹھا ہو
حاصل اسکا ظاہر ہے + جھوٹون کے آگے سچا رووے + ظاہر ہے + جنگل مین مور ناچا کسنے
دیکھا + یعنی جب کسی کام کو سب کے سامنے کرین تب اوسکے کرنے کا لطف ہے + جسکو پیا چاہے
وہی سہاگن + یعنی واقع مین سہاگن وہ عورت ہے کہ جس سے شوہر بہت محبت رکھے اور
اس مثل کو بولتے ایسی محل مین ہین کہ امرا اور سلاطین جس کسی پر زیادہ مہربانی کرے اوسکا
جاہ اور مرتبہ زیادہ ہوتا ہے اور معنی حقیقی مین بھی استعمال کرتے ہین + جیسی روح ویسے
فرشتے یعنی روح کسیکی اگر ملوث اور آلودہ گناہون سے ہوتی ہے وقت نزع کے اوسپر
فرشتگان حسب صورت متعین ہوتے ہین یہ اس عبارت کے معنی حقیقی ہین اور استعمال
اسکا ایسی محل مین کرتے ہین کہ کوئی شخص بسبب اپنی کثافت مزاج کے ہم صحبت بھی کسی
کثیف مزاج اور مکروہ وضع کے ساتھہ ہو + جان نہ پہچان بڑی خالہ سلام + یہ ایسی مقام مین
بولتے ہین کہ کوئی شخص کسی سے تعارف سابقہ نرکھتا ہو اور ہر وقت ملاقات کے بہت
تپاک ظاہر کرے + جو بندھا سو موتی + بندھا باے موحدہ مکسور اور نون غنہ اور دال
مہملہ مخلوط الہا مع الالف سے سوراخ کیا گیا یعنی موتی وہ ہے جو سوراخ کیا گیا اور اگر
سوراخ کیا نجاسے وہ موتی نہین یعنی اچھا نہین والا موتی ہونے مین اوسکے کلام نہین
اور یہ امر اسواسطے ہے کہ سوراخ اوسی موتی کو کرتے ہین کہ اچھا اور آبدار ہو والا اسکے

سوراخ کرنا کس مصرف کا ہوا اور مراد اس سے یہ ہے کہ چیز وہ ہے جو کام مین آوے اور کبھی
اس مثال کو ایسی محل مین بھی سنا گیا ہے کہ جو چیز کام مین آگئی وہی اچھی معتبر ہو جاتی ہے
گو کہ واقع مین اچھی نہو لیس اس صورت مین معنی عبارت مذکورہ کی یہ ہوئی کہ جس موتی
مین سوراخ کیا وہ موتی ہے کہ شمار مین آ دیکا اگرچہ اچھا نہو + جھوٹ کے پانون نہین
ہوتے + یعنی جھوٹا آدمی اپنی بات پر زیادہ اصرار نہین کر سکتا + جیسی کنتا گھر رہے
ویسے رہے بدیس + یہ ایسی مقام مین بولتے ہین کہ کوئی شخص سفر اختیار کرے اور وہان
کچھ پیدا نکرے یا جو کچھ سفر مین پیدا کیا ہو وہین صرف کر کر گھر کو تہی دست آوے جو گرجتے
ہین وہ برستے نہین + یعنی اکثر یہ ہے جو کہا کرتے ہین وہ کیا نہین کرتے + جھونپڑے مین رہو اور
محلون کے خواب دیکھے + یعنی خود بیمقدور ہے اور ارادہ ایسا کرتا ہے کہ اہل مقدور کیا کرتے ہین

فصل جیم فارسی چور کا بھائی گٹھی چور اسکا بیان مستغنی ہے تقریر سے + چور پر مور پڑے
یہ ایسی مقام مین استعمال کرتے ہین کہ کوئی شخص کسی کی کوئی چیز لے لے اور اس سے کوئی
اور چھین لے + چور کی مان کوٹھی مین سر دی کی روتی ہے + ظاہر ہے چلتے گاڑی مین
روڑا اٹکا + اسکا استعمال ایسے محل مین ہے کہ کوئی کام جاری ہوا اور ناگاہ اوسمین بسبب
کسی طرح کی موانع کی فتور واقع ہو جاوے + چھوٹا منھ بڑی بات + ظاہر ہے چراغ کے تلے
اندھیرا + یہ ایسی جگہہ کہتے ہین کہ ایک شخص کے مال سے اورون کو انتفاع اور فائدہ ہو
اور اوسکو اوس سے کچھ انتفاع نہو + چھڑی کتیا جلیبیون کی رکھوالی + یہ ایسی محل مین
استعمال کرتے ہین کہ کوئی شخص کچھ متاع خائن کی تحویل مین رکھدے + چپڑی اور
دو دو + یعنی فائدہ حاصل ہے اور کثرت سے + چاہ کن را چاہ در پیش + یہ ظاہر
ہے + چیونٹی کے پنکھے نکلے کھی سے کھادین یعنی نا اہل چاہتا ہے کہ سیر تی بھی تعظیم اور تکریم کرنا

جھگڑون کو گھر وہان آئی ہم بھی لشکین تم بھی لشکو + یہ ایسی محل مین بولتے ہین کہ کوئی
کسی کی گھر جہان جاوے اور وہان جو صاحب خانہ پر گذری وہی اوسپر بھی گذرے +
جیا اور غلام منہ لگا ہی سرا ندظاہر ہے + چون آب از سر گذشت چہ یک نیزہ وچہ یکدست +
یعنی جب مصیبت آئی تھوڑی ہو یا بہت برابر ہے + چھاج بولے تو بولے چھلنی بھی بولی
جسمین بہتر سو چھید + یہ وہان بولتے ہین کہ اپنے کو دخل دینیکے وقت اونے بھی دخل
دینے لگے + چھری خربزہ پر گری تو خربزہ کا نقصان اور خربزہ چھری پر گرے تو
خربزہ کا نقصان + یہ مستغنی بیان سے ہے + چار دن کی چاندنی پھر اندھیرا پاکھ +
پاکھ پندرہ دن کو کہتے ہین کہ اوسکو پکھش بھی بولتے ہین یعنی چاندنی چند روزہ اور
پھر پندرہ روز تک اندھیرا اگر کوئی شخص ایسی عادت رکھتا ہو کہ ابتدا مین کسی سے
خلق اور خوش سلوکی سے پیش آوے اور پھر بے التفاتی کرے پس جو وقت کوئی ایسے شخص سے
اول خلق نیک دیکھکر اختلاط پر نازان ہو تو اوسکو مال حاصل ہو تو چند روز اسراف کر کر
بفراغت گذران کرے اور پھر بعسرت جب اوسکو کچھ حاصل ہو اور بفراغت گذران کرنے لگے
تو وہان بھی عبارت مذکور کہتی ہین + چاند گہن مین چکی راستہ کا کیا کام جب کوئی شخص کسی ایسے
محل مین آوے کہ وہان سے اوسکو کچھ مناسبت نہو تو عبارت مذکور کہتے ہین چار کو عرش کے
بھی بیگار ہے ظاہر ہے + چور کی داڑھی مین تنکا + یہ ایسی محل مین استعمال کرتے ہین کہ کوئی
شخص کسی کے کنایہ اور طعنہ کو اپنے حق مین گمان کرے اور اوس سے رنجیدہ ہوا سکا قصہ مشہور
ہے کہ کسی نے مال چرایا تھا اور اوس مجمع مین حاضر تھا صاحب مال نے کہا کہ سلیکہ چور وہ ہے جسکی
داڑھی مین تنکا ہے چور کے دل مین گذرا کہ مبادا میری داڑھی مین تنکا ہوا ور مجھپر ثابت چوری
ہو جاوے اوسنے اپنی داڑھی تک ہات پہونچایا کہ تنکا داڑھی مین سے نکال ڈالے اور اوس سے

چوری اوسپر ثابت ہوگئی + چوری اور سرزوری ظاہر ہے چور کے پانون کہان یعنی
چور چوری کر کر بسبب غلبہ واہمہ کی بہاگ نہین سکتا جب اوسکو آنا گھیر لین اور اسکا
استعمال ایسی محل مین کرتے ہین کہ جب کوئی شخص پوشیدہ کوئی حرکت کرے اور
ثبوت کے وقت اپنے پاک ہونے کی دلیل قائم نکر سکے + چور چوری ست جا ہیرا پھیری
سے نہین جاتا یہ مستغنی از بیان ہے **فصل حاے مہملہ** حلوائی کی دکان پر دادا کی
فاتحہ یہ ایسے محل مین بولتے ہین کہ کوئی شخص مال بیگانہ کو چاہے کہ اپنے کام مین لاوے اور
بیدریغ صرف کرے **فصل خاے معجمہ** خاک از تودہ کلان بر گیر ظاہر ہے خدا کیا
نہین عقل سے پہچانا یہ بہی ظاہر ہے خدا گنجے کو ناخون نہ دے یہ بطور دعاے بد کے ہے اور
استعمال اسکا ایسی محل مین ہے کہ کوئی نا اہل استعداد پیدا کر کر ادرون پر افتخار کرے اور
بنظر بے دستگاہی کے مردم کو حقیر سمجہے **فصل دال مہملہ** دکہن گئی تہ باہوڑی اور
یہی چہایئی چہالی مشہور یہ ہے کہ چونکہ دکہن ملک زر خیز ہے زمانہ سابق مین اطراف
اور جوانب سے جو کوئی دکہن کو گیا بسبب حصول زر کے تمام عمر اپنی اوقات وہین
بسر کی اور پہر معاودت اپنے گہر کی طرف اوسکو میسر نہ آئی اور ایک وجہ اوسمین لطیفہ
بہی ہے جب اسطرح اکثر اتفاق ہوا یہ عبارت مثل ہوگئی + دن عید اور رات شب برات
یعنی دن مین خوشی مثل عید کے اور رات کو شغل آتش بازی وغیرہ کا مثل شب برات کے
دن کو اونی پونی اور رات کو چرخہ پونی + اونی پونی دونون الف مضموم اور دونون واو مجہولہ
اور دونون نون مکسورہ اور دونون یاے تحتانی معروف سی اسکے معنی پر اطلاع نہین لیکن
اس مثل مین مستعمل ہے اور یہ مثل بیشتر عورات کی زبان پر آتی ہے اسکا استعمال ایسی محل مین
کرتی ہین کہ کوئی شخص کسی کام کو وقت پر نکرے اور بیوقت اوس کام کی طرف التفات کرے بدیس

پردیسی پردیس بھیک یعنی اپنے شہر مین جو شخص حرکت کرتا ہے خفی کرتا ہے اور ملک غیر مین
بھیک مانگنے مین بھی مضایقہ نہین کرتا + دھوبی کا کتا گھر کا نہ گھاٹ کا + یہ عبارت ایسے شخص کے
حق مین کہتے ہین کہ کام کے وقت موجود نہو اور باوجود تلاش کے نہ ملے اور غیر وقت مین موجود
ہوجاوے + داتا دے بھنڈاری کا پیٹ پھٹے + یعنی اپنا مال کسیکو دیوے اور خزانچی
دینے مین دریغ کرے اور دینے سے متاسف ہو + دودھ کا جلا ہوا چھاچھ کو پھونک کر پیے
یعنی جب کسیکو کسی سے آزار پہونچتا ہے تو وہ اوس آزار کے ڈر سے اوسکے امر مین
بھی احتیاط خوف کرتا ہے + دو چولھون کی بھی برے + یعنی دو تین اگر اکٹھا کر کر بھی
بنادین تو اکیلا اور ایک کو اونسے بھی خوف کرنا چاہیے کسواسطے کہ یہ اکیلا ہے اور وہ
دو ہین + دوبدھا مین دونو گئے مایا ملی نہ رام + یعنی تذبذب مین نہ ادھر کا رہتا ہے نہ اودھر کا
دکھتے چوٹ کنوڈھی بیٹھے + یعنی اکثر ایسا ہوتا ہے کہ جو عضو سالم اور ثابت ہوتا ہے
اوسی پر پھر چوٹ لگتی ہے اور جس سے کچھ نفرت اور شرم ہوتی ہے راہ مین اکثر اوس سے
ملاقات ہوجاتی ہے + دمڑی کی بڑھیا اور ٹکا سر منڈائی + یہ ایسے محل مین بولتے ہین کہ
کوئی چیز کم قیمت ہو اور صرف بالائی اوسپر بہت ہوجاوے + دیوار کے کان + یعنی یہ
یہ کمال احتیاط کے وقت بولتے ہین + داتا داتا مر گئے اور رہ گئے مکھی چوس دغاباز ہے
دو ملّان مین مرغی حرام + یہ مستغنی بیان سے ہے + دریا مین رہنا اور مگرمچھ سے بیر + یعنی
ایک جگہ مین رہنا اور وہان کے رہنے والون سے دشمنی رکھنی + دو ٹوک چلنا اوکھٹ گرے
ظاہر ہے + فصل دال ہندی + ڈیڑھ بکائن میان باغ مین + یعنی گھر مین تھوڑے سے
درخت بکائن کے ہین اور گمان کرتا ہے یہ باغ ہے + یہ ایسے محل مین بولتے ہین کہ تھوڑی سی
استعداد اور مقدور پر اپنے تئین صاحب اقتدار سمجھے فصل رائے مہملہ رہی تو آپ سے

اور زرت تو سکے باپ سے یہ مثل عورتون کے حق مین بولتے ہین یعنی عورت کا مزاج
ایسا ہوتا ہے کہ اگر مرد کے ساتھہ بسر کرے تو محض اپنی رغبت سے ورنہ اگر باپ اوسکا
اس امر مین سعی کرے تو کارگر نہین ہوتی + رسی جلتی ہے لیکن بل نہین جلتا + ظاہر ہی
رو آئے اور موئے کی خبر لائے + مستغنی از بیان ہے رات تھوڑی اور کہانی بڑی +
یعنی کلام بہت باقی ہے اور فرصت کم + رام جی نے بنیاد یا وہ بھی سلمان کا یعنی ایسی
چیز حاصل ہوئی کہ بکار آمد نہین + راجا کی گھر موتیون کا کال + جب میسر نہو کوئی چیز ایسی
جگہہ کہ وہان وہ چیز افراط سے ہوتی ہو تب یہ مثل بولتے ہین + راجا کے گھر کیسی ہاتی کی کمائی
ظاہر ہے **فصل** رای معجمہ زبردست مارے اور رونے نہ دے + مستغنی بیان کی ہے زور
ظلم عقل کی کوتاہی + وہان بولتے ہین کہ بے عقل سے حرکات ناشایستہ کسی سے سرزد ہوئی ہو
فصل سین مہملہ سور ما چنا بہار نہین پھوڑتا یعنی ایک شجاع جماعت کثیر کو ہلاک
نہین کرسکتا + سب سے بھلا گنوار ہل جوتی اور گھر رہے + یہ مثل ایسی نوکری کی مذمت
کیوقت بولتے ہین کہ اوسمین سفر اختیار کرنا پڑے + سہاگن کا لڑکا دیوار کے پیچھے گیا ہے
یہ مثل عورتین بولتی ہین جب کسی کا لڑکا انتقال کر گیا ہو یعنی جو عورت سہاگن ہوتی ہے
اوسکا لڑکا حکم مین زندہ کے ہے اور غائب ہونا اوسکا بمنزلہ اوس غائب ہونے کی ہے
کہ پیچھے دیوار کے کھیلنے کے واسطے گیا ہو کسواسطے کہ اسباب توالد اور تناسل کی منقطع
نہین ہوئی بسبب حیات شوہر کے پس اس صورت مین لڑکے کی مرنے سے کچھ غم کرنا نہ چاہیے
سو نکٹون مین ایک ناکو + یعنی بہت بدون مین ایک نیک خوار اور ذلیل ہوتا ہے اور وہ
بد اپنے عیب چھپانیکے واسطے اوسکو برا ٹھہراتے ہین سو سیانی اور ایک مت + یعنی عقلا
اگرچہ بہت ہون پر سب کی ایک ہوتی ہے سنگ آمد سخت آمد + یعنی مصیبت سخت پڑ آئی

ساجھے کی ہانڈی چوراہے مین پھوٹتی ہے۔ ظاہر ہے۔ سیانا کوا گوکھاتا ہی یعنی جسقدر
کوئی ہوشیاری اور جزرسی کو کام کرتا ہے اوسیقدر اوس کا رمین خطا پاتا ہی۔ سارا
دمن جاتا دیکھیے تو آدھا دیجیے بانٹ یعنی اگر آدھا ہاتھ آیا وہ بھی غنیمت ہی۔ سگ را
بسجد چہ کار یعنی بد کا نیکون مین کیا کام۔ سر منڈاتے اولے پڑے یعنی کسی کام کو شرع
کرتے ہی مصیبت اور آفت درپیش آئی۔ سوت نہ کپاس کولی سے لٹھم لٹھا۔ یعنی
ابھی کسی امر کا کچھہ اسباب اور سامان بھی نہین مہیا اور اوس امر مین لوگون سے نزاع
اور پرخاش پہلے ہی کرنے لگے۔ ساون کے اندھے کو ہرا ہی ہرا سوجھے۔ یعنی جو شخص
صاحب دولتون اور ذی مقدورون مین پرورش پایا ہوا ہوتا ہی اوسکی نظر مین وہی
سامان اور اسباب دولتمندون کے سماجاتے ہین اور راہ ورسم ساکین اور غربا کو حقیر
جاننے لگتا ہی۔ شین سے سوم بھلا جو جھٹک دے جواب۔ جھٹک بجاے موحدہ مخلوط الہا
مفتوح اور تاے ثقیلہ ہندی مفتوح اور کاف تازی ساکن سے بمعنی جلد کے اور
بعضون سے اسکی جگہہ جٹ جیم فارسی مفتوح اور تاے ثقیلہ ہندی ساکن سے بھی
سناگیا ہی اور یہ بمعنی جلدی کے ہے اور حاصل اس مثل کا مستغنی بیان ہی ہے۔ سوجھی
نہ تھوڑا چاند سے رام رام۔ تھوڑا انبار پاچک دستی یعنی کمی بصارت اسقدر کہ تھوڑا
باوجود دکلانیکے نظر نہین آتا اور چاند سے کہ اوسکی روشنی اظہر اور اشہر ہے رام رام کرتا ہے
اور رام رام ہنود مین بجاے سلام کے ہے اور مراد اوس سے یہ ہے کہ اوس سے مقابلہ
کرنیکو طیار ہوتا ہے۔ سوتے کا کٹرا اور جاگتے کی کٹیا۔ کٹرا بچہ گاو جو نر ہو کٹیا
بچہ گاو جو مادہ ہو اور ظاہر ہے کہ مادہ سے شیر حاصل ہوگا اور نر سے وہ فائدہ نہین اور
مطلب اس مثل کا یہ ہے کہ جو غافل ہوتا ہے اوسکو فائدہ کم حاصل ہوتا ہی اور ہوشیار کو

فائدہ کثیر سو سنے سے گڑھا ون ہوگی + جب کسی چیز پر اصل قیمت سے لاگت بالائی زیادہ
ہو تب یہ مثل بولتے ہین + سانپ کو آنچ نہین + ظاہر ہے + ساری رات پیسا اور چھنی بھر
اوٹھایا یعنی محنت اور مشقت بہت کی اور حاصل کم ہوا + سانپ نکل گیا اب لکیر
پیٹتے ہین یعنی وہ وقت اور زمانہ جاتا رہا جسمین بسبب کثرت مقدور کے خورش بسر کرتے تھے
اب زمانہ بہت دوری مین رسوم قدیم کو بری بھلی طرح سے برتے جاتے ہین یہ مثل میان نصیر کے قول الفت
کے شعر مین کلکتہ سے خالی نہین ہے خیال زلف تبان مین نصیر پیٹا کر + گیا ہے سانپ نکل
اب لکیر پیٹا کر + سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے یعنی ایسی طرح سے سانپ کو مارنا چاہیے کہ سانپ
مرجاوے اور لاٹھی کو ضرر نہ پہونچے مراد اس سے یہ ہوتی ہے کہ دفع شر اعدا اس طرح سے کرے کہ ان کی
اذیت دفع ہو جاوے اور اپنے تئین ضرر نہ پہونچے + سو سنار کی اور ایک لوہار کی +
یعنی کم زور کی سو ضرب اور زبردست کی ایک برابر ہے + ساری زلیخا پڑھی اور یہ نہ معلوم
ہوا کہ زلیخا رنڈی تھی یا مرد + یعنی تمام علم پڑھا اور نیک و بد کی تمیز نہوئی
سمجھ + شیخ کیا جانے صابن کا بھاو + یہ مثل وہان بولتے ہین کہ کسی شخص کو کسی امر سے کچھ مناسبت
نہو اور وہ اوسمین دخل دینے لگے یا لوگ اوس سے اوس امر مین کچھ مشورہ چاہین +
شکار کے وقت کتیا ہگاسی + جب کوئی وقت کام کے عذر بیجا پیش کرے تب یہ مثل بولتے ہین +
فصل صاد مہملہ صبح کا بھولا شام آئے تو بھولا نکہیے + یعنی اگر کوئی بعد از چند روز
کے بھی اپنے افعال سے متنبہ ہو کر تائب ہو جاوے تو جاننا چاہیے کہ وہ گمراہی نہ تھا +
فصل عین مہملہ عقل چہ کیتی است کہ پیش مردان بیاید + یہ مثل ایسی کے حق مین کہتے ہین کہ
حرکات ناشائستہ اور بیہودہ کی اوس سے اکثر سرزد ہون اور سمجھانے سے ہرگز نہ سمجھے
فصل غین معجمہ غریب کی جورو سب کی بھابھی + یعنی غریب پر ہر کسیکو جرأت ہوتی ہے

ہو جاہین سو کہین فصل قاف قرض کہانا اور پہوس کا جلانا برابر ہی یہ مستغنی بیان ہی
قاضی جی با برابر نہین نہ بارا یہ وہان بولتی ہین کہ کوئی شخص با وجود فہمایش کے نہ سمجہے اور
بیجا سمجہہ اوسکے ذہن مین جم جاوے اور اوسی پر قائم رہے قاضی انصاف نکریگا تو گہر مین نہ آنے
دیگا ۔ ظاہر قاضی کی مونچہہ ہی یعنی ایک کرنا حق لگ گئی ہے ۔ اسکا ایک قصہ مشہور ہی کہ قاضی
کے مکان پر کوئی اونکی آشنا بیٹہی تہے اسوقت مونچہ کی ضرورت ہوئی کسی کاریگر کے واسطے اور
مونچہ بازار مین میسر نہ آئی اوس آشنا نے کہا کہ بالفعل مونچہ میرے گہر مین موجود ہی
بقدر درکار منگوا لو چنانچہ بسبب ضرورت اوسکے گہر سے منگوالی اور تصدی نے دفتر مین لکہدیا
کہ اسقدر مونچہ فلانے شخص کے گہر سے آئی اتفاقاً اوسکی جگہہ بعد مدت کے اور قاضی نصب
ہوا اوسکو بہی کار سرکاری کیواسطے مونچہ درکار ہوئی اور دفتر سے معلوم ہوا کہ فلانے
شخص سے مونچہ لیگئی تہی اوسنے بہی اوسی شخص سے لی آخر کار اوس مونچہ کا خرچ اوسی
غریب کے ذمہ پر ہو گیا ۔ فصل کاف تازی کچہو کی کچہو یعنی بڑون کی اولاد بہی
بری ہوتی ہی ۔ کسی کا گہر جلے اور کوئی آگ تاپے ظاہر ہے کالی گہٹا ڈراونی ہوتا ہے
کالا کیا سوتا جاگے یہ ایسے محل مین استعمال کرتے ہین کہ کسی شخص نے سفر دور و دراز کیا ہو
اور مدت سے اوسکی خیر و خبر معلوم نہوئی ہو ۔ کالی کا مارا پانی نہین مانگتا ۔ یہ ایسی شخص کے
حق مین کہتی ہین کہ اوسکے قریب سے کوئی نجات پا نسکے ۔ کاگر آگے چراغ نہین جلتا یعنی آگے
سے بزرگ کی آگے خرد کو فروغ نہین ہوتی ۔ کہیت کمہار گدہے پر نہین چڑہتا ۔ یہ اوس
شخص کے حق مین بولتے ہین کہ کسی کے کہے سے کام نکرے اور جب اپنے دلمین آئے
تب کرے ۔ کانا تموڑ بد شگون تفریہ اوس شخص کے حق مین کہتے ہین کہ نہایت بد سامان ہو
دان کے کوسے ڈہور نہین مرتے ۔ یعنی کسیکی بد خواہی سے کسیکا ضرر نہین ہوتا ضرر کا

پہونچانا خدا کے اختیار مین ہے، کما دین میان خان خانان اور اوڑا دین میان فہیم
یعنی مال پیدا کوئی کرے اور صرف کوئی اور اس مثل کا یہ ہے کہ خان خانان عبد الرحیم کا
ایک غلام تھا فہیم نام کہ بسبب اوسکے خدمت گذاری اور وفاداری کی خان خانان کو اوس سے
محبت تھی یہانتک کہ اوسکو اختیار دیا تھا کہ میرے مال مین سے جسقدر چاہو صرف کرو بڑی
راجا بھوج اور کہان یہ جابت تیلی یعنی غریب کو بڑے آدمی کے ساتھ کیا مناسبت ہے گو کی
بیل سرکار کے تھسکار ہی یارون کی یہ ایسی کے حق مین بولتے ہین کہ کوئی امر خیر مثل
ہنگامہ رقص نشاط یا سوا اسکے کسی کے طرف سے سرانجام دیا جاوے اور وہ شخص اوس
مین اسطرح سے دخل دے کہ کوئی جانے اسکو بھی اسمین اختیار ہے اور کبھی وہ شخص خود اس
مثل کو اپنے حق مین آپ بھی کہتا ہے جس وقت کوئی شخص بوجہ مداخلت کی اوس سے
پوچھے + کھچڑی کھاتے پہونچا اوترا یعنی بار قلیل سے صدمہ زیادہ پہونچا + کھانا بیگانہ ہے
لیکن پیٹ تو اپنا ہے یعنی اگر مفت کا کھانا کہین سے ملجاوے تو ضرور نہین کہ اوسکو
بہت کھا جاوے کس واسطے کہ اوس سے اسکی پیٹ کو ضرر پہونچے گا + کر جاوے ملا داڑھی والا
اور پکڑا جاوے موچھون والا یعنی حرکت نالائق ایسا شخص کرتا ہے کہ اوسکی شان
سے بعید ہے اور بسبب احتمال نہونے کے وہ کرنیوالا بچ جاتا ہے اور دوسرا شخص کہ اوسکے
ذمہ سے ارتکاب اوس امر کا بعید نہین باوجود نکرنے کی تہمت مین گرفتار ہوجاتا ہے اس
امر کی اصل یہ ہے کہ داڑھی والا آدمی معمر ہوتا ہے اور معمر پر احتمال برائی کا کم جاتا ہے اگرچہ
برائی کرے اور وہ شخص کہ ہنوز اوسکی مونچھین ہی نکلین ہون وہ نوجوان ہوتا ہے اور
جوان سے بعضے حرکات ناشائستہ کا سرزد ہونا بسبب خرد سالی کے بعید نہین لہذا اوسکی
طرف احتمال ایسے امور کا اکثر جاتا ہے اگرچہ نکرے + کوس نہ چلے بابل پیاسی یہ ایسی کو حق مین

کہتے ہین کہ کسی کام کرنے سے جلد تنگ آکر اوس سے اپنی برائت چاہے ۰ کہا لیکا نیہرا اور
نہانے کے بال نہین چھپتے ۰ یہ بیان سے مستغنی ہے کہ کہانا وہان کہا ؤ تو پانی یہان آپیو
یہ تاکید سرعت کے باب مین کہتے ہین ۰ کتی کی موت آئی ہے تو مسجد کی طرف بھاگتا ہے ۰
یہ ایسے محل مین کہتے ہین کہ کوئی شخص محل خطرناک مین دانستہ جاوے لیکن یہ مثل کسی نہایت
رذیل اور کمینہ کے حق مین کہتے ہین ۰ کام چور نوالہ حاضر ۰ اوس شخص کے حق مین کہتے ہین
کہ لینے کے وقت موجود ہوا اور کام کے وقت غائب ہو جاوے ۰ کانا مجہے بہاتے نہین اور
کانے بن مجہے چین آتے نہین ۰ یہ مثل اوس شخص کے حق مین کہتے ہین کہ کسیکی شکوہ اور شکایت
اور بدگوئی بہت کرے اور ہر جا اور ہر وقت عیب بیان کرتا رہے اور بدون اوسکے
بسر بہی نہ کرے ۰ کانا معنی یک چشم کے ہے کبکی بلی اور کبکا بانا یعنی ہنوز کچہ تجربہ نہین ہوا
اور دعوی یہ ہے کہ مین تجربہ کار اور آزمودہ کار رہا ہون ۰ کی آدمی وسکے پیر شدی ۰ کچی
رنیڈی اور دستر خوان کا ضرر طفل امرد جب کسی صحبت مین بیٹہے اور اوس صحبت والون
کو اوس سے اندیشہ کسی طرح کی بدنامی کا ہو تو وہ لوگ یہ مثل کہتے ہین یا اور لوگ اون
لوگون کی فہمائش اور اس طفل کی صحبت سے احتراز اور اجتناب کے واسطے یہ عبارت
زبان پر لاتے ہین ۰ کہا دیجیے اور پاس نہ دیجیے ۰ یعنی اگر ہو سکے کسیکو اپنے پاس سے
کچہ کہانا دیدیجے لیکن پاس رہنے کو جگہہ دینی مناسب نہین ۰ کریلا اور نیم چڑہا یہ
ایسے کے حق مین بولتے ہین کہ خود مزاج فاسد رکہتا ہوا اور پہر صحبت مفسدون کی
اختیار کرے ۰ کیسے مین نہین کہل کی ٹوٹی بانکا پہرے گلی گلی ٹھاہرہے کالی بہلی رہیت
دونون کو مارو ایک ہی کہیت ۰ جب دو شخص ایسے ہون کہ اون دونون سے کچہ
نکوئی حاصل نہو تو اون دونون شخصون کے حق مین کہتے ہین کہ دم بابہ برس نلی ہے

رکھی جب تک ہی جب میٹھی تھی یعنی بد طینت کو صحبت اثر کچھ نہیں کرتی مثل کاف فارسی
شتر گربہ نہ پوچھے اور باتیں بنانے یعنی جب ایک چیز پاس سے حاصل ہو سکتی ہو تو
حاصل نکرے اور بعد ازان اوسکے حاصل کرنیکے واسطے دور جانا اختیار کرے دکھنی بادنجان
سالن اور بتری ہو کا نام مستغنی بیان کرنے کو نون کا جوگی جوگنا اور باہر کا جوگی
سدھ یعنی اپنے شہر کے آدمی کی گو کیسا ہی اہل فضل ہو قدر نہیں کرتے اور باہر کے آدمی
کی گو فضل و ہنر کم رکھتا ہو قدر زیادہ کرتے ہیں گیا وقت پھر نہیں ہاتھ آتا ظاہر ہے
گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے ظاہر ہے گیدڑ کی موت آتی ہے تو شہر کی طرف بھاگتا ہے یہ
مثل بانداز مثل کے ہر کتے کی موت آتی ہے الخ گو کاف تازی کی فصل میں گذری
کو شمیت بھیجی ہے جیجی جیم تازی مخلوط الہا مکسور اور یاے تحتانی معروف اور پھر بعد اوسکے
جیم تازی مخلوط الہا مکسور اور یاے تحتانی معروف سے براز اطفال کو کہتے ہیں یہ مثل ایسے
شخص کے حق میں کہتے ہیں کہ جب کسی امر کی قباحت اوسکے سامنے بیان کیجائے تو اوس
قباحت سے انکار کرے ایک اور قباحت کا اقرار کرے کہ فی الحقیقت نسبت اوسکے کم ہو اور
ایسی قباحت کو جو فی الحقیقت قباحت اول سے کم ہو لفظ جیجی کے ساتھ تعبیر کرنا اسواسطے ہے کہ
براز اطفال سے بہ نسبت اور براز کے لوگ کراہت کم کرتے ہیں گو کا کیڑا گو ہی میں ہے
ظاہر ہے گرگٹ کا دوڑا اور گانگوں کا پہنچ یہ ایسے مقام میں بولتے ہیں کہ کوئی شخص ایسا
کام کرتا ہو کہ اوس میں خرابی اور بدنامی بہت ہو اور ایسے کام سے احتراز کرے کہ اوس میں کچھ
قباحت بہت نہیں مگر یار تمھارا ہے گو تھی کو تھلی کو ہاتھ لگانا مت یہ اوس شخص کے حق میں
کہتے ہیں کہ لطیفہ تواضع کر کے کسی سے کہے کہ میرا سب مال تمھارا ہے اور جب کچھ کام پڑے اوس
سے استعمال کیواسطے کچھ نہ دے گا نون ہارا نام تمھارا مثل گرگٹ کی تواند پھیری میں

اینکی * یہ مثل مرد اور عورت دونون کے حق مین کہی جاتی ہے یعنی اگر طمع اور لالچ
نفع کا ہوگا تو آپ ہی وقت بیوقت چلا آویگا گھر کھیر تو باہر بھی کھیر ہتنی یا
سے ہی گھر مین جورو کا نام بیگم رکھنے سے کیا ہوتا ہی * یعنی اپنی بزرگی اپنی زبان سے
کہنی بیفائدہ ہی جب اور کوئی بزرگ کہے تو بزرگی ہی گربہ کشتن روز اول * یعنی
رعب پہلے ہی دن بیٹھتا ہی * گھر کے پیرون کو تیل کا ملیدہ * یہ مستغنی بیان سے ہے
گھر کی مرغی دال برابر * ظاہر ہے * گاڑی دیکہ کر پانون بہولے * یہ ایسی جگہہ بولتے ہین
کہ کوئی شخص یکہ و تنہا کسی کام کے واسطے مستعد ہوا اور جب دوسرا شخص اوسکے ہمراہ
ہوجاوے تو پہر بدون اوسکے سہارے کے کام نکرسکے یا کہے کہ مجہسے اکیلے یہ کام
نہین ہوسکتا * گھی کہان گیا کہچڑی مین * یعنی یہ مال بیجا صرف نہین ہوا بلکہ اپنے
محل مین صرف ہوا * گھر کی کہیر کہاوین اور دلیتا بہلا مناوین * یہ مثل ایسی جگہہ
بولتے ہین کہ جب بعض امر ایسا ہو کہ اگرچہ اوس سے فائدہ کرنے والی کو ہو لیکن
دوسرا آدمی اوس سے راضی ہوجاوے **فصل لام** لہو لگا کر شہیدون مین ملے *
یہ مستغنی بیان سے ہی * لکہے سو ہی پڑہے خدا * یہ مثل وہان بولتے ہین کہ کوئی شخص
بہت خط زشت لکہتا ہو * لنکا مین چہوٹا سو باون گز کا * یہ مثل ایسی جگہہ بولتے ہین
کہ وہان کا خرد و بزرگ فتنہ انگیز ہو اور مطلب اسکا یہ ہی کہ اس جگہہ کا ہر کہتر بہی
آفت روزگار ہے لینا ایک نہ دینا دو * یعنی ہمکو اس شخص کے ساتھ کچھ معاملہ نہین
فصل میم منہہ پر مہائی اور پیٹھہ پیچہے فلان مرانی * یہ ایسے کے حق مین کہتے ہین
کہ روبرو خوشامد کرے اور پیٹھہ کے پیچہے برا کہے * مردہ دوزخ مین جاے یا بہشت
مین اپنے حلوا مانڈے سے کام * یعنی ہمکو کسی کے نیک و بد سے غرض نہین ہی سوا اپنے

ذرا بچے سے کہ ماں مارے ماں ہی ماں پکارے یعنی بچہ کا قاعدہ ہے کہ ماں اوسکو
مارتی ہے اور وہ اوسیکو پکارتا ہے اور اوس سے بیزار نہیں ہوتا ہے تجلی کی جا بجا کو
تیرنا کون سکھائے مستغنی بیان سے ہے مرتے کو مارے شاہ مدار جب کوئی شخص
آفت رسیدہ ہو اور آفت بحسب تقدیر کچھ اور پہونچ جائے تو وہاں یہ عبارت بولتے
ہیں مایک کے تین نام پرسا پرسو ہم پرسرام یعنی دولت کے سبب سے تین حالت طاری
ہوتی ہیں اگر نو تو حقارت سے نام لیں اور کچھ دولت بہم پہونچے تو اوسکو اچھی طرح
پکارنے لگے ہیں اور اگر دولت زیادہ بہم پہونچی تو بہت عزت کے ساتھ اوس کا نام
لیتے ہیں مثلاً غریبی میں کسی شخص کو پرسا کہکر پکارتے ہوں اور جب کچھ مایہ بہم پہونچا یا
تو اوسکو پرسو پکارنے لگینگے اور اوس نام زشت سے تحاشی کرینگے اور جب بہت مالدار
ہوگیا پرسرام کہنے لگینگے کہ یہ نام عزت دارون کا سا ہے ماگی پر تانگا اور برچھیا کی
برات جب ایک شخص کچھ چیز کسی سے عاریت لیکر کارروائی کرے اور دوسرا شخص
وہ چیز عاریتی اوس سے اپنے کام کے واسطے مانگ لے تب یہ عبارت بولتے ہیں
مفت کی شراب قاضی کو بھی حلال ہے ظاہر ہے مثلاً اجگی اور ایسی اوکھد کیا معلوم ہو
اوکھد الف مفتوح اور واو ساکن اور کاف تازی مخلوط الہا مفتوح اور دال مہملہ
ساکن سے دوا لیتے جیسا سر مثلاً اجوا جگی ایکدوسرے سے امتیاز نہیں کیا جاتا
ایسی ہی لیپی ہوئی دوائی تھی اور نہیں ہوتی مرد ملے سوکھے سامنے جو بیرانہ سال مرد
یا عورت اپنے ہر کام کے واسطے شگون نیک کی تلاش رکھے اور ساعت بد میں کام نہ کرے
تو اوسکے حق میں یہ مثل کہتے ہیں سو سگے ہیں دو ڑسے یعنی ایک تو مصیبت اور
آفت تھی اور اوسپر یہ مصیبت دوسری شدید ہوئی موے باپ کی بڑی بڑی آنکھیں

یعنی ہر شخص کی بعد مرنیکے قدر ہوتی ہے اور اوسکی ہر صفت مبالغہ سے بیان
کرتے ہین + من بہائے او رمنڈیا ہلائے یعنی جی تو چاہتا ہے اور ظاہر مین انکار کرتا ہے + گھٹنا پیٹ سے آگے + یہ مثل وہان بولتے ہین کہ کوئی شخص ایسی بات کہے کہ خلاف
محل ہو + مان نہ مان مین ترا مہمان + ظاہر ہے + منگتے کے بعد از جنگ یاد آید برکلہ خود
باید زد + مستغنی بیان ہے + مفلسی مین آٹا گیلا + یہ وہان بولتے ہین کہ کسی
مفلس کو مصارف ایسے درپیش آجاوین کہ اونسے گزیر نہو + مرتا کیا نہ کرتا + یعنی
جو شخص کہ اوسکو نوبت بجان اور کارد باستخوان پہونچی ہو اوس سے جو بن آویگا
سو کریگا یہ موافق جانیے جب تیجا ہو + یہ مثل خاص ہوا تیون کے فریب اور
دغا بازی کے باب مین کہتے ہین میرے سے آگ لائی اور نام رکھا بیسندر + یعنی
آتش کرہے + یہ وہان بولتے ہین کہ کوئی شخص کسی سے کچھ استفادہ کرے اور اوسکو اپنے نام
سے ظاہر کرے + **فصل نون** نئی نائن بانس کا نہرنا + یہ وہان کہتے ہین کہ کوئی
شخص کسی کام کو سیکھنا شروع کرے اور سامان اوسکا خوب درست نہو + ناؤ کس نے
ڈبوئی خواجہ خضر نے + یہ مثل ایسے محل مین بولتے ہین کہ جب کبھی کسی کام مین ہرج
واقع ہو جاتا ہو تو وہ ایک شخص خاص ہی کے سبب سے سمجھا ہو + نیا شور با اور نئی
بوٹیان + سامان قلیل ہونیکے وقت بولتے ہین + نہ جنتی نہ ڈھول بجتی + یعنی نہ ایسا
کام کرتے نہ یہ امر درپیش آتا + نادان کی دوستی جی کا زیان + ظاہر ہے + نہ گو میر
اینٹ ڈالو نہ چھینٹ اوڑے + مستغنی بیان ہے + نیکی برباد گنہ لازم + یہ بھی
نہ نومن تیل ہو نہ رادھا ناچے + یعنی نہ سامان کثیر بہم پہونچے گا اور نہ
مین آئیگا + نامرد ہاتھی اپنے لشکر کو مارتا ہے + ظاہر ہے + نیا نو دن

بنیا ہوتا ہے وہ اپنی رسوخ کے واسطے اول کارہاے مشکل کو سرانجام کر دیتا ہے
نامی چور مارا جاوے اور نامی ساہو کما کھاوے اسکے بیان کی کچھ حاجت نہین
نادان بات کرے اور دانا قیاس کرے ظاہر ہے ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا یعنی
کام کرنا خود اپنے تئین نہین آتا اور اسباب اور آلات کی برے ہونے کا شکوہ کرتا ہے
نیا مسلمان قصاب کی دکان پر یعنی اپنی مسلمانی اظہار کرنے کے واسطے نوسو چوہے
کھا کے بلی حج کو چلی جب کوئی شخص اول بہت افعال شنیع کر چکا ہو اور بعد اوسکے
نماز و روزہ کی طرف مصروف ہو تو اوس شخص کے حق مین یہ عبارت بولتے ہین
نانی کی گکڑی کھاوے اور دادی کا پوتا کہلاوے یہ بھی ظاہر ہے نائی کی برات
مین سب ٹھاکر کام کون کرے یہ وہان استعمال کرتے ہین کہ ایک مجمع مین ہر شخص
اپنے تئین بڑا سمجھکر کسی کام مین ہاتھ نہ ڈالے اور چاہے کہ دوسرا سرانجام دیدے
نیم حکیم خطرۂ جان مستغنی بیان سے ہے نیم ملا خطرۂ ایمان علی ہذا القیاس نزلقد نہ
تیرہ اور دھار غاہر ہے **فصل واو** ولی را ولی مے شناسد یعنی ہر کسی کو اوسطرح
اور اوسی فن کا آدمی خوب پہچانتا ہے وہ دن گئے جو خلیل خان فاختہ مارتے تھے
ظاہر ہے وہ دختر گاؤ خورد ہوا اسکا حاصل بھی مستغنی بیان سے ہے **فصل ہا**
ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات یعنی شدنی اور خوش نصیب کے پہلے ہی سے آثار
نیک ہوتے ہین ہندو کی مت اولٹی ظاہر ہے ہاتھی پھرے گانون گانون جسکا
ہاتھی اوسی کا نانون یہ بھی ظاہر ہے ہاتھ مین کانسہ تو بھیک کا کیا سانسا یعنی
جب گدائی اختیار کی تو پھر مانگنے مین کیا اتقیا طبقے گھر ہو چاہا ہانگا ہاتھ کنگن
کو آرسی کیا ہے یعنی جو چیز کہ ظاہر اور آنکھون کے سامنے ہو اوسکی ہر ایک کو معلوم

کرنیکی حاجت نہین فصل یاے تحتانی ایک انار وصد بیمار یعنی موجود ایک چیز ہے اور اوسکے خواہندہ بہت ایک گز و دو فاختہ یہ ایسے مقام مین بولتے ہین کہ ایک حربہ مین دو حریف کا کام تمام کیا جاوے۔

خاتمہ از مصنف

شاکر کارساز حقیقی کا کہ اس نسخہ کی تالیف سے فراغ تمام حاصل ہوا اور اس رسالہ کی تحریر سے فرصت کلی میسر آئی جو امر کہ اس ضعیف بنیان نے اپنے ذمہ پر لیا تھا بالفعل اوسکے بار سے سبکدوش ہوا آئندہ جو نیرنگ تقدیر سے پیش آوے الامور مقدور کے موافق اوسکے تقدیم مین اوقات صرف کیجائیگی۔ وَاللّٰہُ وَلِیُّ الْاِرْشَادِ وَمِنْہُ الْمَبْدَأُ وَاِلَیْہِ الْمَعَادُ۔





مطبع نامی منشی نولکشور میں بزیور طبع مزین مقبول جہان ہوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مقدور ہمین کب تیری وصفون کی رقم کا ۔ حقا کہ خداوند ہے تو لوح و قلم کا

حمد کے مضمونون کا فکر جب دل مین گذرتا ہے اور نعت کے معانی کا خیال جسوقت آتا ہے
توکوتاہی حوصلہ کا غذ اور تنگی ظرف دوات بلکہ عقل کی نارسائی اور اندیشہ کی ناتمامی
اِس امر سے مانع ہوکر چاہتی ہے کہ اِس عقدۂ مالاینحل سے ناخن فکر کو نارسائی کا تہم
نکر کے دوستون واثق الاخلاص کی خدمت مین دو کلمہ ضروری الغرض کو عرض کرے
کہ نسخۂ حدائق البلاغت علم بیان اور بدیع اور عروض مین شمس الدین فقیر رحمۃ اللہ
علیہ کے قلم بلاغت رقم کا ثمرہ ہی اور اِس کتاب کا اس فن کی استیعاب مین شہرہ ہے
صاحب الامناقب بلند مراتب حاکم داد ورد اور دانش گستر لوترس صاحب بہادر
دام اقبالہ نے کہ شہر سعادت بہر شاہجہان آباد کے مدارس کی پرنسپل ہین فقیر سراپا تقصیر
خاک علما گدای سر کوچۂ فضلا سرگشتۂ وادی ناتوانی امام بخش صہبائی کو
کہ طلبۂ فارسی خوان کی تعلیم کے لیے مدرسی اول کے عہدہ پر مشرف ہو ارشاد کیا کہ
یہ نسخہ فارسی زبان سے اردو مین ترجمہ کیا جاوے اور اوسمین عربی اور فارسی

مثالون کی جگہہ اشعار اردو و زبانان ہند کے مندرج ہون تو اون لوگون کے واسطے
کہ اردو و اشعار سے ذوق رکھتی ہین اور اسقدر استعداد نہین رکھتے کہ فارسی کتابون سے
اون مطالب عالیہ کو سمجھ لیوین بہت مفید ہوگا اسواسطے اس خاکسار نے بموجب اسکے
کہ المامور معذور با وجود کمی استعداد کے تقدیم امر مین سعی کر کے اس رسالہ کو سنہ ۱۲۵۰
مطابق سنہ ۱۸۳۴ء مین مرتب کیا لیکن مستعدان انصاف پسند پر مطالعہ کے وقت ظاہر ہوگا
کہ اس کم استعداد نے مسائل علمی کے لکھنے اور امثلہ اردو کے فراہم کرنے مین کسقدر سعی کی ہے
اور جو کہ یہ مقصود تھا کہ علم بیان اور بدیع اور عروض سے طالبین کو فائدہ تام حاصل ہو
اسواسطے بہت مسائل اصل کتاب سے زیادہ کر دیے اور ازبسکہ لفظ لفظ کے ترجمہ مین مطلب کی
توضیح خوب نہین ہوتی اسلیے ترجمہ مین اس امر کا مقید نہین ہوا ہے چند اپنی عندیہ مین غور
اور تامل کو کسی مقام مین معاف نہین رکھا لیکن بفحواے اسکے کہ اَلْاِنْسَانُ مُرَکَّبٌ
مِنَ الْخَطَاءِ وَالنِّسْیَانِ اگر خطا ہوئی ہو تو کم استعدادی پر نظر کر کے معاف کرین وَاللّٰہُ
یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ جاننا چاہیے کہ اس کتاب مین پانچ حدیقے اور ایک خاتمہ ہے حدیقہ پہلا
علم بیان مین حدیقہ دوسرا علم بدیع مین حدیقہ تیسرا علم عروض مین حدیقہ
چوتھا قافیہ مین حدیقہ پانچوان فن معما مین اور خاتمہ سرقات شعریہ مین
اور ہر ایک کی تعریف اوسکے موقع مین بیان ہوگی

حدیقہ پہلا علم بیان مین

علم بیان چند قاعدون کا نام ہے کہ اونکو اگر ایسی طرح سے یاد کرین کہ وہ سب
ذہن مین حاضر رہین تو ایک معنی کو کئی طریق سے ادا کر سکتے ہین اور وہ طریق مختلف
ہوتے ہین بعض اونمین سے اوس معنے پر اسطرح سے دلالت کرتا ہے کہ اوس سے

یہ معنی صاف سمجھے جاتے ہین اور بعض سے وہ معنی صاف صاف اور واضح نہین سمجھے جاتے بلکہ
بعد فکر اور تامل کے سمجھ مین آتے ہین اور ان سب کی مثالین آگے بیان کیجاینگی اب معلوم
کیا چاہیے کہ قید اسطرح سے یاد کرنے کی کہ سب ذہن مین حاضر رہین اسواسطے ہے کہ
اگر کوئی شخص فقط زید کے معنی موافق تو مثلاً کئی عبارت مین ادا کرنا معلوم کرے تو اسکو
یہ نہ کہینگے کہ یہ شخص علم بیان کا عالم ہے اور قید معنی کی ایک کے ساتھ اسواسطے ہے کہ اگر
کوئی شخص کئی معنی کو کئی عبارت مین ادا کرے اور وہ کئی عبارتین البتہ ایسی ہون
کہ ایک کی دلالت دوسری کی دلالت سے واضح نہ ہو تو یہ امر بھی علم بیان سے نہین ہے
علم بیان سے وہی ہے کہ ایک معنی کو کئی عبارت سے مختلف الدلالۃ مین ادا کرے اور دلالت
کے واضح ہونے مین اختلاف کی قید اسواسطے ہے کہ اگر کوئی شخص ایک معنی کو عبارتون
مختلفہ مین ادا کرے اور ہر عبارت سے وہ معنی یکسان واضح ہوتے ہون یعنی جسطرح سے
پہلی عبارت سے واضح تھی اوسیطرح سے دوسری عبارت سے بھی واضح ہون مثلاً
آفتاب کو الفاظ مترادف سے تعبیر کرے چنانچہ شمس اور حینا اور لوح اور عین اور سوا
اسکے تو یہ امر بھی علم بیان سے نہین ہے اور جو کہ اس تعریف مین دلالت کا ذکر ہی لازم ہوا
کہ دلالت کو بھی بیان کیا چاہیے پوشیدہ نرہے کہ دلالت ہونا کسی چیز کا ہے ایسی طرح پر کہ
اگر اوس چیز کو جان لین تو اوس سے دوسری چیز کا جاننا لازم آجاوے مثلاً دھوان
ایسی حالت پر ہے کہ اوسکے معلوم ہونے سے معلوم ہوجاتا ہے کہ وہان آگ ہے پس دھوان
دلالت کرتا ہے آگ پر اور جو دلالت کرے اوسکو دال کہتے ہین یعنی دلالت کرنیوالا
اور جو چیز دلالت کرے اوسکو مدلول کہتے ہین یعنی دلالت کیا گیا چنانچہ دھوان دال ہے
اور آگ مدلول اور دلالت کرنیوالا اگر لفظ ہو تو اوس دلالت کو دلالت لفظی کہتے ہین

اور اگر کچھ اور شی ہو سوا لفظ کے اوس دلالت کو دلالت غیر لفظی کہتے ہین جیسے قلم لفظ نہیں اور منافی سنع ہے اور دھوان آگ پر دلالت کرتا ہے انکی دلالت غیر لفظی ہے کیونکہ یہ سب چیزین لفظ نہین ہین اور دلالت لفظی تین قسم ہے ایک قسم یہ کہ اوس لفظ کو جس شے پر دلالت کرنے کے واسطے وضع نے وضع کیا ہو وہ لفظ اوسی شے پر دلالت کرے مثلاً اسد کہ مقابل جانور درندہ مشہور کے اصل مین بنایا گیا ہے اور اوسی جانور پر دلالت کرے اور علی ہذا القیاس اس دلالت کو دلالت وضعیہ کہتے ہین اسواسطے کہ اسمین وضع کو دخل ہے دوسری یہ کہ طبیعت کے چاہنے سے وہ لفظ سرزد ہو جیسے بیمار اُہ کہتا ہے اور اس لفظ سے معلوم ہوتا ہے کہ اسکے درد ہے پس طبیعت بولنے والے کی درد کے وقت خواہ مخواہ تقاضا کرتی ہے کہ یہ لفظ زبان سے نکل جائے اس دلالت کو دلالت طبعیہ کہتے ہین کیونکہ اس لفظ کے بولنے مین طبیعت کے چاہنے کو دخل ہے تیسری یہ کہ نہ وضع نے اوسکو اوس شے پر دلالت کے واسطے وضع کیا ہو اور نہ بولنے والے کی طبیعت کے تقاضے سے زبان سے نکلا ہو بلکہ جسوقت وہ لفظ بولا جاوے تو عقل اوس سے کوئی شے سمجھ لے مثلاً کوئی شخص دیوار کے پیچھے کھڑا ہو کر لفظ ویز کا کہے اور اوس سے معلوم ہو کہ پیچھے دیوار کے کوئی شخص بولتا ہے پس ویز نے فقط بولنے والے کے وجود پر دلالت کی اس دلالت کو دلالت عقلیہ کہتے ہین کیونکہ اسمین عقل کو دخل ہے اور علم بیان مین فقط دلالت لفظیہ کام آتی ہے اسواسطے کہ ازبسکہ طبیعت اور فہم مختلف ہوتی ہین اور اس سبب سے دلالت طبعیہ اور عقلیہ منضبط نہین ہوتی اور وضعیہ مین سے بھی دو قسم آتی ہین اور اسکا بیان آگے مفصل آویگا اب معلوم کیا چاہیے کہ دلالت لفظیہ وضعیہ کی تعریف یہ ہے کہ وہ سمجھنا معنی کا ہے لفظ سے جسوقت بولا جاوے اور یہ سمجھنا بہ نسبت

اوس شخص کے ہو کہ وہ اوس لفظ کے اوس معنی کو واسطے وضع ہونے پر آگاہ ہو کیونکہ
اگر آگاہ نہوگا اوسکے نزدیک وہ معنی مجہول ہونگے اور یہ دلالت یا اسطرح ہے کہ لفظ جس
شے کو مقابل وضع ہوا ہے اوس تمام شے پر دلالت کرتا ہے مثلاً انسان جب اسکے
بولنے سے یہ سمجھا جاے کہ مراد بولنے والے کی فقط حیوان ہے بلکہ یہ سمجھا جائے کہ مراد
اوسکی وہ شے ہو کہ جسمین حیوان ہونا اور ناطق ہونا جمع ہو اس دلالت کو دلالت مطابقی
کہتے ہین اسواسطے کہ لفظ اور معنی مطابق ہین اور یا اسطرح ہے کہ اوس شے کا ایک جز پر
دلالت کرے مثلاً انسان سے حیوان کے معنی سمجھے جاتے ہین اسکو تضمنی کہتے ہین اسواسطے
کہ یہ جز اوسی کے ضمن مین ہے کہ جسکے واسطے وہ لفظ بنایا گیا ہے اور یا اسطرح ہے کہ
وہ لفظ ایسے معنی پر دلالت کرے کہ نہ وہ لفظ اوس معنی کے واسطے بنایا گیا ہے اور نہ
وہ معنی اوس لفظ کے سارے معنی کا ٹکڑا ہے بلکہ یہ معنی خارج سے اوسکو لازم ہو گئے ہین
مثلاً انسان کا دلالت کرنا ہنسنے والے پر یا لکھنے والے پر کسواسطے کہ ہنسنا اور لکھنا انسان کی
ذات مین داخل نہین بلکہ خارج سے ایک امر اوسکو لازم ہو گیا ہے اس دلالت کو دلالت
التزامی کہتے ہین بسبب لازم ہونے اس امر خارج کے اور یہ اصطلاح منطق والونکی ہے
اور علم بیان والون کی اصطلاح مین مطابقی کو وضعیہ کہتے ہین اسواسطے کہ واضع نے
اوس لفظ کو اوس تمام معنی پر دلالت کرنے کے واسطے وضع کیا ہے پس یہ دلالت
وضع کی طرف منسوب ہو اور دلالت تضمنی اور دلالت التزامی کو عقلیہ کہتے ہین تضمنی کو
اسواسطے کہ عقل اسبات پر حکم کرتی ہے کہ جب کل ذہن مین حاصل ہوگیا جز بھی
ذہن مین حاصل ہو گیا اور التزامی کو اسواسطے کہ عقل اسبات پر بھی حکم کرتی ہے
کہ جب وہ شے کہ اوسکو کوئی اور شے لازم ہو ذہن مین حاصل ہو گئی وہ شے لازم بھی

ذہن مین حاصل ہوگئی دونون اصطلاحون مین فرق یہ ہے کہ منطقیون کے نزدیک
وضعیہ وعقلیہ دونون قسم مطلق دلالت کی ہین اور یہ تینون قسمین کہ جو علم بیان کی
اصطلاح کے موافق ہین وضعیہ مین داخل ہین اور علم بیان والون کی تقسیم کے موافق
وضعیہ اور عقلیہ ہر چند دونون ایک دوسرے کے مقابل ہون لیکن مطلق دلالت کی قسمین
نہین ہین اور جاننا چاہیے کہ ایک معنی کو ایسے چند طریق ہین ادا کرنا کہ بعض وضوح مین
واضح ہووے اور بعض اسکی نسبت کم وضوح تر دلالت مطابقی کے ساتھ نہین ہوسکتا
اسواسطے کہ الفاظ اپنے معانی پر دلالت مطابقی کے ساتھ ایک طرح سے دلالت کرتے ہین
یہ نہین ہوسکتا ہے کہ بعض کی دلالت اون مین سے بہت ظاہر ہوا اور بعضی کی کم اور
یہ امر بھی جب ہے کہ سننے والا یہ جانتا ہو کہ یہ الفاظ ان معنی کیواسطے بنائے گئے ہین
اور اگر یہ نجانتا ہوگا تو وہ الفاظ دلالت ہی نہین کرینگے مثلاً لفظ لیث اور اسد اور
غضنفر اور حارث یہ چارون لفظ شیر کے واسطے بنائے گئے ہین جب یہ معلوم ہوگیا
پس دلالت ہر واحد کی اوس معنی پر برابر ہے کچھ کم اور بیش نہین یا یون کہین کہ
رخسارہ اوسکا گلاب کی مانند ہے پس سننے والا جسوقت یہ جانتا ہوگا کہ رخسارہ اور گلاب
اور مانند کے معنے یہ ہین تو ممکن نہین کہ کوئی اور کلام اس معنی مین بشرطیکہ دلالت
مطابقی رکھتا ہو بہ نسبت اوس کلام کے واضح ہونے مین کم ہو یا زیادہ کیونکہ جسوقت
ہم ان سب لفظون کے قائم مقام اور لفظ اسی معنی مین لاوینگے مثلاً بجاے رخ کے
خد اور بجاے گلاب کے ورد اور بجاے مانند کے مشابہ تو سننے والا اگر ان لفظون کے
معنی جانتا ہوگا جیسا اُس کلام سے سمجھا تھا ویسا ہی اس کلام سے سمجھیگا اور ان مین
ہرگز کچھ تفاوت نہین ہوئیگا اس مقام مین ایک اعتراض وارد ہوتا ہے اور وہ یہ ہے

کہ نہین ہوسکتا کہ سننے والا اگر اون لفظون کے معنون سے آگاہ ہو تو وہ آن واضح
ہونے مین اختلاف نہو اسواسطے کہ شاید بعضے الفاظ خیال مین اسطرح سے موجود ہون
کہ اونکے معنی تھوڑی سی توجہ سے عقل مین آجاوین بسبب کثرت استعمال کے یا اس حد تک
کہ اوسکو سنے ہوئے عرصہ قریب ہوا ہے اور بعضے الفاظ خیال مین اسطرح سے ہون
کہ بڑی توجہ کے بعد اونکے معانی عقل مین حاضر ہون اور اکثر ہوتا ہے کہ باوجودیکہ
ہم پہلے جان چکے ہین کہ یہ لفظ فلانے معنی کے واسطے بنایا گیا ہے اور پھر اوس معنی کے
نکالنے کیواسطے بار بار فکر اور تامل کرنے کی حاجت پڑتی ہے اور یہ امر یا اس سبب سے ہوا کہ
کہ اوسکو سنے ہوئے بہت زمانہ ہوا ہے یا اوس لفظ کی تکرار کم ہوتی ان دونون صورتون مین
ظہور اور خفا ممکن ہے اسکا جواب یہ ہے کہ وضوح اور خفا مین اختلاف ہونے سے
یہ مراد ہے کہ یہ امر خود دلالت کی ذات مین پایا جاتا ہو نہ بواسطہ کسی اور شے کے
چنانچہ دلالت التزامی مین کہ اگر لوازم کسی شے کے قریب ہونگے تو اوسکی دلالت واضح
ہوگی اور اگر لوازم اوسکے بعید ہونگے تو دلالت اوسکی خفی ہوگی اور بیان اسکا آگے
مفصل آویگا پس یہ خفا اور ظہور نفس دلالت مین ہے اور دلالت مطابقی مین دلالت
خود برابر ہے گو بسبب بہت تکرار کے معنی کسی لفظ کے جلد ذہن مین حاضر ہو جاوین
یا بسبب تکرار نہونے کے یا مدت گذر جانے کے دیر کے بعد ذہن مین حاضر ہون بہر صورت
ایک معنی کا ادا کرنا طریقون مختلفہ مین دلالت مطابقی کے ساتھ ممکن نہین ہے
لیکن دلالت التزامی اور دلالت تضمنی کے ساتھ ہوسکتا ہے اسواسطے کہ دلالت التزام مین
ملزوم کے ساتھ لوازم کو لزوم ہوتا ہے اور اسیطرح سے دلالت تضمن مین کل کے ساتھ
اجزا کو لزوم ہوتا ہے اور ان دونون لزوم کے مرتبے مختلف ہوتے ہین یہ اختلاف

دلالت التزام مین اسطرح سے ہیکہ شاید ملزوم ایک ہو اور اوسکو لازم بہت ہون اور
اون لوازم مین سے بعضے بسبب کم ہونے واسطون کے ملزوم سے قریب ہون اور بعضے
بسبب زیادہ ہونے واسطون کے اوس ملزوم سے بعید ہون پس جسمین واسطے کم ہوینگے
وہ زیادہ واضح ہوگا اور جسمین واسطے زیادہ ہونگے وہ اوسکی نسبت کم واضح ہوگا
مثلاً لنبے قدوالے کو کہا جاوے طویل النجاد یعنے لمبے پرتلے والا کیونکہ نجاد و نون کسرہ
اور جیم اور آخر اوسکی دال تلوار کے پرتلہ کو کہتے ہین پس پرتلہ اوسیکا ہوگا جسکا قد
بہت لنبا ہوگا پرتلہ کے لنبے ہونے سے قد کے لنبے ہونے تک کوئی واسطہ نہین ہے اسی
سبب سے یہ عبارت اپنے مقصود پر صاف دلالت کرتی ہے اور سخی کو کہین کثیر الرماد یعنے
بہت راکھ والا اس مثال مین ملزوم تک واسطے بہت ہین اس سبب سے کہ بہت راکھ
بہت لکڑی جلنے سے ہوتی ہے اور لکڑیون کا بہت جلنا بہت کھانا پکنے سے ہوتا ہے
اور بہت کھانا پکنا موقوف ہے اوپر زیادتی مہمانون کے اور زیادتی مہمانون کی موقوف
ہے اوپر سخاوت کے یا کہین کہ جبان الکلب یعنے وہ شخص کہ جسکے گھر کے کتے نامرد ہین نامرد ہونا
کتون کا یہ ہے کہ بار کھاوین اور جاوین نہین اور یہ بات جب ہے کہ اونکو استخوان بہت
حاصل ہووین اور کتون تک بہت استخوان کا حاصل ہونا بہت گوشت ہونے پر موقوف
اور یہ اوپر بہت کھانا پکنے کے اور یہ اوپر بہت ہونے مہمانون کے علی ہذا القیاس پہلے
کی نسبت اسمین واسطے کچھ کم ہین یا کہین مهزول الفصیل یعنی وہ شخص کہ جسکی اونٹنیونکے
بچے دبلے ہین فصیل لدی ہوئے اونٹ کے بچہ کو اور ماسے جدا کیے ہوئے کو کہتے ہین
پس بچے کا دبلا ہونا جب ہوتا ہے کہ اوسکی ماکو پاس نرکھین اور یہ امر بسبب کثرت
اسباب کے ہے کہ اوسکے لانے کے واسطے بھیجا جاوے اور بہت اسباب اونٹون پر

لاؤ کر منگوانا بہت مہمانون کے واسطے ہوتا ہے ان سب عبارتون مین ایک دوسری کی
نسبت کچھ پوشیدگی ہے اور اسیطرح سے ہوسکتا ہے کہ لازم ایک ہو اور ملزوم بہت
شلاً سفیدی برف اور ہاتھی دانت اور شیر اور ربط اور گچ اور غیر اسکے بہت چیزون کی
ہوتی ہے جائز ہے کہ سفیدی کا لازم ہونا اون ملزومون مین سے بعض کے ساتھ
بہت ظاہر ہو اور بعض کے ساتھ کم اور دلالت تضمنی مین اسطرح سے ہے کہ شاید ایک
معنی کسی شے کا جزو ہو اور کسی دوسری شے کے جزو کا جزو ہو پس دلالت کرنا پہلی شے کا
جزو پر بہت ظاہر ہوگا اوس سے کہ دوسری شے اپنی جزو کے جزو پر دلالت کرے
شلاً جسم حیوان کا جزو ہے اور حیوان انسان کا جزو ہے پس جسم انسان کے جزو کا
جزو ہوا اسکا بیان یہ ہے کہ انسان کہتے ہین حیوان ناطق کو یعنے ایسی چیز کو جسمین
حیوان ہونا اور ناطق ہونا جمع ہو اور ناطق معنی اوس چیز کے ہے کہ کلیات کو
معلوم کرے اور حیوان جسم نامی حساس متحرک بالارادہ کو کہتے ہین یعنی ایسی چیز کو
کہ وہ جسم ہو اور ایسا جسم کہ بڑھنے والا ہو اور اوسکو ادراک ہو اور اپنی خواہش سے
حرکت کرتا ہو اس صورت مین انسان حیوان اور ناطق سے مرکب ہوا پس حیوان
انسان کا جزو ہوا اور حیوان جسم اور نامی وغیرہ سے مرکب ہوا پس جسم حیوان کا جزو ہوا
پس جسم حیوان کا خود جزو ہوا اور انسان کی جزو کا جزو ہے جب یہ بات ثابت ہوئی
تو معلوم ہوا کہ حیوان کا دلالت کرنا اپنے جزو پر یعنے جسم پر بہت واضح ہے بہ نسبت
اوسکے کہ انسان دلالت کرے اوسی جسم پر کہ وہ انسان کے جزو کا جزو ہے اس تقریر
سے معلوم ہوا کہ علم بیان مین معنی کے لوازم کو اعتبار کیا کرتے ہین دلالت التزام
مین لازم ایک امر خارجی ہوتا ہے اور یہ بات ظاہر ہے اور دلالت تضمنی مین

لازم کل کا جزو ہوتا ہے کسواسطے کہ پہلے بیان ہوچکا کہ جیسے لوازم کو ملزوم کے ساتھہ
دلالت التزام مین لزوم ہے اسی طرح سے جزو کو کل کے ساتھ دلالت تضمنی مین لزوم ہے
اور انھین لزوموں مین باعتبار وضوح اور خفا کے اختلاف ہوا کرتا ہے اور لزوم
بعضی جاے مین دونوں طرف سے ہوتا ہے جیسے امام اور مقتدی کا لزوم کہ امام
جب کہینگے کہ مقتدی موجود ہونگے اور مقتدی جب کہینگے کہ امام موجود ہوگا کسواسطے
کہ اگر امام نہو کس کے پیچھے کھڑے ہونے والے کو مقتدی کہین اور اگر مقتدی نہون
کسکے آگے کھڑے ہونیوالے کو امام کہا جاوے اور بعض جا ایک طرف سے لزوم ہوتا ہے
جیسے علم اور زندگی مین اس مثال مین ایک طرف سے لزوم ہے کسواسطے کہ علم کو
زندگی لازم ہے جس جگہہ ہوگا زندگی ضرور ہوگی کیونکہ علم بے زندگی نہین ہوتا
اور زندگی کو علم لازم نہین کیونکہ یہ ضرور نہین کہ جو زندہ ہو اوسکو علم بھی ہو اور دوسرا
لزوم بہادری اور شیر مین کہ شیر کو بہادری لازم ہے اور بہادر کو شیر کا ہونا ضرور نہین
بلکہ جائز ہے کہ سوا شیر کے مرد مین پائی جاوے تعداد وسکے یہ جاننا چاہیے کہ لفظ
جس معنی کے واسطے بنایا گیا ہے اگر اوس لفظ سے وہ معنے مراد نرکھین بلکہ وہ مراد رکھین
کہ اوسکے معنی کو لازم ہو پس دیکھنا چاہیے کہ کوئی قرینہ بھی ایسا پایا جاتا ہے کہ جس سے
یہ معلوم ہو کہ وہ معنے مراد نہین یا ایسا قرینہ نہین پایا جاتا اگر وہ قرینہ پایا جاتا ہے
تو اوس لفظ کو مجاز کہتے ہین اور اگر ایسا قرینہ نہین پایا جاتا تو اوسکو کنایہ کہتے ہین
وہان دونوں کے نام رکھنے کی وجہ انکی بحث مین معلوم ہوجاویگی اور قید قرینہ
دینے کی مجاز مین اور قرینہ نہونے کے کنایہ مین اسواسطے ہے کہ ان دونوں مین لزوم ہے
لزوم کی طرف انتقال ہوتا ہے اگر یہ قید نہو تو دونوں مین امتیاز حاصل نہو اور

جس شخص نے یہ کہا ہے کہ کنایہ مین لازم سے ملزوم کی طرف انتقال ہوتا ہے
یہ بات غلط ہے کسواسطے کہ دلالت التزامی لازم پر دلالت کرنے کا نام ہے نہ ملزوم پر
دلالت کرنے کا چنانچہ مفصل معلوم ہو چکا اور چونکہ مجاز مین فقط ارادہ لازم کا ہوتا ہے
اور کنایہ مین ملزوم دونون کا ارادہ جائز ہے پس مجاز حکم جزو رکھتا ہے اور کنایہ حکم
کل کا اور جزو کل پر مقدم ہوتا ہے اسیواسطے مناسب ہے کہ مجاز کی بحث کنایہ کی بحث
سے پہلے بیان کیجاوے اب جاننا چاہیے کہ مجاز کی قسمون مین سے ایک قسم کو
استعارہ کہتے ہین یعنی شبہ بہ کو ذکر کرین اور مشبہ مراد رکھین پس استعارہ کی بنا
تشبیہ پر ہے اسواسطے مناسب معلوم ہوا کہ مجاز کے بیان سے پہلے تشبیہ کو بھی بیان کرین
اس تقریر سے ثابت ہوا کہ علم بیان کے مقصد فقط دو چیزین مجاز اور کنایہ اور تشبیہ
مقدمہ ہے استعارہ کا کہ وہ مجاز کی ایک قسم ہے لیکن تشبیہ مین ازبسکہ فائدے بہت ہین
اور اوس سے بہت بحث کیجاتی ہے اسواسطے تشبیہ کو بھی ایک مقصد مقرر کردیا ہے اور
علم بیان کے تین مقصد ٹھہرائے ہین ایک تشبیہ دوسرا مجاز تیسرا کنایہ لیکن تشبیہ کے
مقصد ٹھہرانے کی یہ وجہ خوب نہین کہ جسطرح بہت بحث ہونے سے کوئی چیز مقاصد مین
داخل نہین ہوجاتی اور فی الحقیقت تشبیہ علم بیان کے مقاصد مین سے ایک مقصد ہے
نہ مقدمہ استعارہ کا پس یہ تقریر کرنی چاہیے کہ لفظ جس معنی کے واسطے بنایا گیا ہے
اگر اوس لفظ سے سوا اوس معنی اور شی مراد رکھین یہ دو حال سے خالی نہین یا یہ ہے
کہ ارادہ کرنا خلاف موضوع لہ کا موضوع لہ کے ارادہ کو منافی ہو یا موضوع لہ کے
ارادہ کو منافی نہو پس قسم اول یعنی جسمین ارادہ کرنا خلاف موضوع لہ کا موضوع لہ کے
ارادہ کے منافی ہوتا ہے اگر اوسمین علاقہ مشابہت کا ہے تو اوسکو استعارہ کہتے ہین

اور اگر سوا مشابہت کے کوئی اور علاقہ ہو اوسکو مجاز مرسل اور قسم دوسری یعنی جسمین ارادہ کرنا خلاف موضوع لہ کا موضوع لہ کے ارادہ کو منافی نہین ہے اوسمین بھی اگر علاقہ مشابہت کا ہے اوسکو تشبیہ کہتے ہین اور اگر سوا مشابہت کے کوئی اور علاقہ ہے اوسکو کنایہ کہتے ہین اس صورت مین علم بیان کے چار مقصد ہو گئے اور تشبیہ بذاتہ مقصد ٹھہر گئی یہ افادہ بعضے فضلا کا ہے کہ میر شریف قدس سرہٗ نے مطول کے حاشیہ مین نقل کیا ہے اور اگر کوئی کہے کہ تمھاری تقریر سے ثابت ہوا کہ تشبیہ مین بھی سوا معنی موضوع لہ کے اور شے مراد ہوتی ہے اور یہ غلط ہے کسواسطے کہ جب کوئی کہے کہ مونھہ اوسکا چاند کی مانند ہے صریحاً اوسمین دلالت مطابقی پائی جاتی ہے اوسکا جواب یہ ہے کہ بعضے فضلا نے لکھا ہے کہ جب کسی کو کہو کہ مونھہ کا اوسکے یعنی مونھہ اوسکا مانند چاند کے ہے مراد اوس سے یہ ہے کہ وہ شخص نہایت حسن اور لطافت رکھتا ہے پس معنی لازمی مراد ہو گئے لیکن معنی لازمی کا مراد ہونا یعنی موضوع لہ کے ارادہ کے منافی نہین ہے چنانچہ اوپر کی تقریر سے معلوم ہو چکا اب سننا چاہیے کہ علم بیان کی چار اصلین ہین اور ہم ان چارون اصل کو چار فصل مین بیان کرتے ہین اور ہر فصل کا نام شجرہ ہے حدائق البلاغت کی مناسبت سے

شجرہ پہلا تشبیہ کے بیان مین

تشبیہ لغت مین دلالت ہے اوپر اس بات کے کہ ایک شے دوسری شے کے ساتھ ایک معنی مین شریک ہے شے اول کو مشبہ کہتے ہین یعنی مانند کیا گیا اور دوسری شے کو مشبہ بہ یعنی اوسکے ساتھ مانند کیا گیا اور وہ معنے کہ جسمین وہ دونون شریک ہین اوسکو وجہ شبہ کہتے ہین یعنی وجہ مانند ہونے کی کیونکہ اگر وہ معنی اون دونون چیزونکو آپس مین مشابہت نہ دین اور علم بیان کی اصطلاح مین تشبیہ دلالت ہے دو چیز کی ایک معنی مین

شریک ہون یہ اصطلاح ہے کہ بطور استعارہ کے ہو اور استعارہ کا حال آگے آویگا اور بعد تجرید
تجرید کے بھی ہو اور تجرید علم بدیع کی اصطلاح مین یہ ہے کہ شے ذی صفت سے ایک
اور شی مانند اوسکے یعنی متصف اوسی صفت کے ساتھہ حاصل کرین واسطے مبالغہ کے
تاکہ یہ معلوم ہو کہ وہ شی ذی صفت بیچ اوس صفت کے ایسی کامل ہے کہ اوس سے
ایک اور شی موصوف بایں صفت حاصل ہو سکتی ہے اسکی مثالین عربی اور فارسی مین
بہت ہین اردو مین یہ مثال ہو سکتا ہے شعر آتش غم ایسی کچھ بھڑکی کہ دل مین ہو گیا
داغ دل سے آفتاب روز محشر آشکار۔ حاصل یہ ہے کہ اسجگہ مبالغہ منظور ہے سوزش میں
داغ دل کے یعنے داغ دل کا سوزش مین اس مرتبہ کو پہونچا کہ اوس سے آفتاب
حاصل ہو گیا ظاہر مین یون متبادر ہوتا ہے کہ داغ کو آفتاب سے تشبیہ دی ہے لیکن
چونکہ یہ بطریق تجرید کے ہے تشبیہ نہین ہے اور یہ ضرور ہے کہ مشبہ اور مشبہ بہ کسی ایک وجہ
باہم شریک ہون اور کسی اور وجہ سے آپس مین جدا ہون جیسے کوئی دو چیزین ایسی ہون
کہ اون دونون چیزون مین صفت ایک پائی جاتی ہو اور حقیقت اون دونون کی
جدا ہو جیسے بال اور درخت سنبل کا کہ حقیقت مین دونون جدا ہین اور سیاہی اور
باریکی اور پیچیدگی دونون مین ہے یا صفت دونون کی جدا ہو اور حقیقت دونون
کی ایک جیسے دو انسان اور اگر دونون مین کسی طرح سے جدائی اور غیریت نہو تو تشبیہ
باطل ہو جاویگی کیونکہ تشبیہ کو دو چیزین غیر چاہئین اور تشبیہ کے بیان مین
پانچ چیزون سے بحث ہوتی ہے اول مشبہ اور مشبہ بہ انکو طرفین تشبیہ کی کہتے ہین
ظاہر ہے کہ اگر یہ دونون نہون تو کسکو کسکے ساتھہ مانند کرین دوسری وجہ تشبیہ کی اور
یہ اگر بنائی جاوے تو ایک کو دوسرے سے مشابہت نہو تیسری وہ حرف کہ ایک کو

دوسری کو مانند کرنے کا واسطے چوتھی غرض تشبیہ کی کسواسطے کہ اگر کچھ غرض نہو تو تشبیہ
فعل عبث ہوجاوی اور ان چار امر کو تشبیہ کا ارکان کہتے ہین پانچوین تشبیہ کی
قسمین کسواسطے کہ بعضی تشبیہ ایسی ہوتی ہے کہ اوسمین مشابہت کی وجہ شتابی جلد
سمجھ مین آجاتی ہے اوسکو تشبیہ قریب کہتے ہین اور بعضی ایسی ہوتی ہے کہ اسمین
وہ وجہ بعد تامل کے معلوم ہوتی ہے اسکو تشبیہ بعید کہتے ہین اور اسیطرح سے حال ہے
تشبیہ کے مردود اور مقبول ہونیکا اسکا حال مفصل آگے آویگا اور بسبب ان حالات
کے تشبیہ کی بہت قسمین ہوجاتی ہین اور یہ پانچون چیزین پانچ فصل مین بیان کیجاتی ہین
اور ہر فصل کا نام فرع ہے کسواسطے کہ یہ پانچ قسمین ہین تجرہ کی اور تجرہ کو فرع یعنی شاخ لازم ہے

پہلی فرع تشبیہ کی دو طرف یعنی مشبہ مشبہ بہ کے بیانمین

معلوم کیا چاہیے کہ مشبہ اور مشبہ بہ یا ایسی ہوتی ہین کہ دونون کو پانچون حواس مین سے
کسی حس کے ساتھ معلوم کرسکین مراد پانچون حواس سے دیکھنا اور سننا اور چکھنا اور
سونگھنا اور چھونا کسی چیز کا ہے یا ان دونون کو حواس سے نہ معلوم کرسکین بلکہ
عقل سے یا دونون مختلف ہوین یہ دونون قسم پر ہے ایک یہ کہ مشبہ کو عقل سے معلوم کرسکین اور
مشبہ بہ کو حس سے دوسری یہ کہ مشبہ کو حس سے اور مشبہ بہ کو عقل سے پس مشبہ اور مشبہ بہ
باعتبار حسی اور عقلی ہونیکے چار قسم ہوگئے پہلی قسم یعنی دونون حسی ہون اوسمین سے
ایک یہ ہے کہ دونون دیکھنے سے معلوم ہون جیسے رخسار و مشبہ اور گل مشبہ بہ ان دونون کو
دیکھنے کو دخل ہے دوسری یہ کہ سننے سے محسوس ہون مثلاً ایک ضعیف آواز کو کہ پاس
بیٹھنے والا اوسکو سن سکتا ہے ایسی آواز نرم کے ساتھ تشبیہ دین کہ وہ مونھ سے بھی
باہر نکلی ہو تیسری یہ کہ سونگھنے سے معلوم ہو مثلاً ایک بو کو کسی اور بو کے ساتھ تشبیہ دین

جیسے کہین کہ معشوق کے آب دہن کا مزہ مانند شراب کے ہے پانچوین چھونا
جیسے بستر کی نرمی کو گل کی نرمی سے تشبیہ دیجاوے یا بدن کی ملائم جلد کو حریر سے
اوران پانچون کی مثال مین علی الترتیب اشعار ارد و کو لکھے جاتے ہین مثال دیکھنے کی
شعر سودا کا شعر سنکے یہ مژدۂ جان بخش جو مین کھولی آنکھ ؛ اشعۂ نور کی سی مجکو نظر آئی
جھلک ؛ معشوق کے حسن کو روشنی کے ساتھ تشبیہ دی ہے مثال سننے کی شعر سودا
کا شعر بلبل خوش نغمہ ہون لیک وس گلستان مین جہان ؛ نالۂ مرغ چمن سے کم نہین
فریاد زاغ ؛ زاغ کی آواز کو بلبل کی آواز سے تشبیہ دی ہے مثال سونگھنے کی شعر سودا کا
شعر چمن مین کسکی مدارات تھی بتا تو نسیم ؛ کہ صبح غنچون کو سب عطر دان کھولدیے ؛
غنچہ کی بو کو عطر کی بو سے تشبیہ دی ہے اور اگر عطر دان کی شکل مین تشبیہ اعتبار کرین تو
دیکھنے کی چیزون کی مثال مین داخل ہوجاوے مثال چکھنے کی شعر سودا کا شعر خون
جگر شراب تشحیح ہے چشم تر ؛ ساغر مرا اگر و نہین ابر بہار کا ؛ خون جگر کے مزہ کو تشبیہ دی ہے
شراب کے مزہ سے مثال چھونے کی شعر میر کا شعر جس کف پا کو برگ گل ہو خار ؛ حیف ہے
گر ہو خار سے وہ فگار ؛ برگ گل و ملایمت کو تشبیہ دی ہے خار کی سختی سے دوسری قسم
یعنی دونون عقلی ہون مثلاً علم کو زندگی سے تشبیہ دین اور جہل کو موت سے ان
ساری چیزون کے معلوم کرنے مین حواس کو دخل نہین بلکہ عقل سے معلوم ہوتی ہین
تیسری قسم یعنی مشبہ عقلی ہو اور مشبہ بہ حسّی مثلاً عمر کو رشتہ اور موت کو گرگ اور خلق
نیک کو عطر اور غضب کو آگ اور آہ کو کمند اور نالہ کو شرار اور خنجر اور ایمان کو شمع
اور کفر کو ظلمت سے تشبیہ دین مثال مین دو تین شعر سودا کے لکھتا ہون اشعار
نہین ہے بحث کو طوطی ترا دہن مجھسے ؛ سخن ہی سن لے تو رنگین ترا زمین مجھسے ؛

مری زبان ہے ملک سخن مین اک خیاط ٭ عروس معنی کا ہو ٹھیک پیرہن مجہ سے ٭
کب اوسکو گوش کرے تھا جہان مین اہل کمال ٭ یہ سنگریزہ ہوا ہے دُرِ عدن مجہسے ٭
پہلے شعر مین سخن کو باعتبار رنگینی کے چمن سے اور دوسرے شعر مین معنی کو عروس سے
اور تیسرے مین سنگریزہ یعنے سخن کو دُرِ عدن سے تشبیہ ہے اس جاے مین دو شبہ نظر مین
ہوتی ہین ایک تو یہ کہ سخن بسبب سنائی دینے کے چاہیے کہ مسموعات سے ہو اسکا جواب
یہ ہے کہ سنائی دینا شان سے صوت کی ہے اور سخن بواسطہ اوس صوت کی مدرک
ہوتا ہے عقل سے چنانچہ یہ بات عقلا پر واضح ہے اور دوسرے یہ کہ سنگریزہ اور دُرِ عدن
مین دونون طرف دیکھنے کی چیزون سے ہون یعنی دونون حسی نہ یہ کہ مشبہ عقلی اور
مشبہ بہ حسی اسکا جواب یہ ہے کہ سنگریزہ استعارہ ہے مشبہ بہ یعنی سنگریزہ مذکور ہے
اور مراد اوس سے مشبہ ہے یعنی سخن اور سخن کا عقلی ہونا ظاہر ہے چوتھی قسم یعنی مشبہ حسی
اور مشبہ بہ عقلی ہو مثلاً زلف کو سیاہی مین آہ یا گنہگارون کے نامۂ اعمال سے
اور چہرۂ معشوق کو نیکبختون کے نامۂ آمال سے یا گندھی ہوئی چوٹی مصرعۂ پیچیدہ سے
مشابہت دیوین معلوم کیا چاہیے کہ جیسے پانچ حواس ظاہر کے ہین چنانچہ سابق
دریافت ہوا اسیطرح سے پانچ حواس باطن کے ہین ایک اونمین سے حس مشترک ہے اوسکا
کام یہ ہے کہ جو شے حواس ظاہر سے محسوس ہوتی ہے وہ حس اسکو لے لیتی ہے
دوسری حس خیال ہے اور وہ حس مشترک کا خزانہ ہے کہ جو صورتین حس مشترک لیتی ہے
خیال مین رکھدیتی ہے تیسری متخیلہ ہے اور اوسکو متفکرہ بھی کہتے ہین ان دونامونکی
وجہ اپنے محل مین مذکور ہے اسکا کام یہ ہے کہ جو صورتین خیال مین جمع ہین کبھی اونکو
ایک دوسرے سے مرکب کرتی ہے اور کبھی ایک دوسرے سے علٰحدہ اور ایسے ہی اون

صورتوں مین جو معنی ہین مثلاً گرگ کی دشمنی گوسپند سے یا باپ کی دوستی بیٹے سے ان
مضمونوں کو مرکب کرے یا علٰحدہ مثلاً ایک آدمی دنش سر کاٹ ڈالے آمین ترکیب کر
یا آدمی بن سر کا آمین تخیل ہے اور علی ہذا القیاس اور کبھی بعضی چیزین کہ اونکی
کچھ اصل نہین ہی اپنی طرف سے اختراع کرتی ہے مثلاً سنا جاتا ہے کہ غول ایسی چیز ہو
کہ آدمیون کو راہ مین ہلاک کرتا ہے متخیلہ نے یہ اختراع کیا کہ وہ بشکل جانور درندہ
کے ہوگا اور اوسکے واسطے دانت تجویز کر لیے یا سنا جاتا ہے کہ فرشتے حق تعالے کی
تسبیح اور تہلیل بہت کرتے ہین متخیلہ نے یہ اختراع کیا کہ اونکے پاس تسبیح بھی ہوگی
کہ اوس پر پڑھتے ہونگے اور علی ہذا القیاس اور چوتھی حس وہم ہے اوسکا کام یہ ہے کہ
خاص صورتوں مین جو خاص معنی ہین اونکو ادراک کرے مثلاً کوئی بھیڑیا خاص جو
اوسکو کسی خاص گوسپند کے ساتھ عداوت نظر مین آئی ہو اوسکو معلوم کرے پانچوین
حس حافظہ اور وہ خزانہ وہم کا ہے جیسے خیال خزانہ ہی حس مشترک کا جب یہ معلوم ہو
اب سنا چاہیے کہ جس چیز کو متخیلہ نے مرکب کیا ہے اون چیزون سے کہ وہ حس مشترک کے
واسطے سے حاصل ہوئی ہین اوسکو خیالی کہتے ہین مثلاً ایک نیزہ تصور کرین کہ یاقوت
کا ہو یا ایسا جانور تصور کرین کہ اوسکے پر زمرد کے اور منقار یاقوت کی اور آنکھین
موتی کی ہون پس یہ دونون چیزین خارج مین نہین پائی جاتین اور معدوم ہین
لیکن متخیلہ نے اونکو جن چیزون سے مرکب کیا ہی مثلاً نیزہ اور یاقوت اور مرغ
اور پر اور منقار اور آنکھین اور زمرد اور یاقوت اور موتی وہ چیزین البتہ خارج مین
موجود ہین اور حس مشترک کی واسطے سے خیال مین پہونچی ہین اور جس چیز کو متخیلہ
اپنی طرف سے اختراع کرے کہ اوسکی کچھ اصل نہو اوسکو وہمی کہتے ہین مثلاً غول دانت

چنانچہ پہلے معلوم ہوا خیالی اور وہمی کی حقیقت یہ ہے جو بیان ہوئی اور خیالی اوس
صورت کو نہین کہتے کہ حس مشترک سے خیال مین حاصل ہوئی ہوا ورسیطرح سے وہمی
اون معانی کو کہ وہم اونکوادراک کیا ہو کسواسطے کہ حس مشترک سے زبرجد یا قوت اور مرغ
موصوف کی صورت خیال مین کبھی نہین پہونچی ہان مگر مادہ اونکا سویہ امر دوسرا ہے
اور نہ دشل سر کا آدمی اور نہ دانت غول کے اور نہ تسبیح فرشتون کی معنی جزئیہ ہین
کہ وہم سے ادراک ہوئی ہون کسواسطے کہ اگرچہ محسوس نہین ہوئی لیکن ایسے ہین کہ
اگر بالفرض پائی جاوین تو البتہ بصر سے مدرک کہ ہوسکین پس اس صورت مین
یہ بھی صورت ہوتی یعنی ترکیب خیالی کو علم بلاغت والون نے حسی مین داخل کیا
اسواسطے کہ حسی سے مراد وہ چیز ہے کہ یا وہ خود حواس سے ادراک کیجاتی ہو یا اوسکا
مادہ پس خیالی کا مادہ حواس سے مدرک ہوتا ہے چنانچہ معلوم ہوا اور وہمی کو عقلی مین
داخل کیا ہے کسواسطے کہ نہ وہ بھی مثل معقولات کے حواس سے ادراک نہین کیجاتی لیکن ہم
ایسی کہ اگر پائی جاوے تو البتہ حواس سے مدرک ہو اور اسی امر کی جہت سے عقلی او
وہمی مین امتیاز ہوتا ہے وگرنہ دونون ایک ہو جاوین مخفی نرہے کہ حدائق البلاغت
کے مصنف نے تشبیہ وہمی کی مثال مین تصور دشل سر کے آدمی کا غول کے تصور کے
ساتھ مذکور کیا اور بعد اسکے خود اس امر پر اعتراض کیا کہ بادی النظر مین ان دونون
قسم یعنی وہمی اور خیالی مین فرق نہین معلوم ہوتا کسواسطے کہ دشل سر آدمی کا
مثل علم یا قوت کے ہے کہ اجزا ان دونون قسمون کی محسوسات سے ہین ختم کلام ہم
کہتے ہین کہ دشل سر آدمی کی تصویر کو تشبیہ وہمی مین ذکر کرنا ضرورت نہین تھا
بلکہ یہ خیالی کی مثال ہے اور کسواسطے کہ خیالی وہی ہے کہ جسکو متخیلہ نے ترکیب دیا ہو اور

امور ہو کہ حواس سے مدرک ہوئے ہون اور آمین ہی ترکیب ہے اور متخیلہ کے اختراع کی
مثال وندان غول ہین کہ اوسکی اصل نہین حقیقۃً اور ذکر کرنا مثال وہمی مین شاید
اسواسطے کہ صاحب مطول نے جس جگہہ متخیلہ کے بیان مین ذکر کیا ہے کہ اوسکی شان ہے
ترکیب و تفصیل اور اختراع اون چیزون کا کہ حقیقت مین نہون تو اوس مثال کو
کولا اختراع الخ کے ذکر کیا ہے مصنف کو ذہن مین یہ آیا کہ یہ مثال اختراع کی ہے اور
واقع مین مثال ترکیب کی ہے اور اسپر دال ہے یہ کہ صاحب مطول نے دو چار سطر کے بعد
متخیلہ اختراع کی مثال مین غول کا شمع تصور کرنا بیان کیا ہے اور مثال ترکیب کی
چھوڑ دی ہے پس معلوم ہوا کہ ترکیب کے باب مین اوس مثال مذکورۂ بالا پر اعتماد کیا
اور چونکہ اختراع کی مثال نہ تھی اسواسطے بیان کر دی یہ بیان غایت توضیح کا ہے
وہمی اور خیالی کے باب مین اور بعضی چیزین ایسی ہین کہ اوسکو انسان دل مین پاتا ہے
مثلاً شیرین چیز کے کھانے سے یا ایک شی ملائم کے ہاتھ لگانے سے یا آواز ملائم اور پسندیدہ
کے سُننے سے یا ایک ملیح چیز کے دیکھنے سے یا خوشبو کو سونگھنے سے دل مین ایک مزہ اور لذت
حاصل ہوتی ہے یا ان چیزون کے مقابل سے دل مین ایک الم سے پہنچتا ہے اور مثلاً
بھوکا ہونا یا سیر ہونے کو ادراک کرنا ان سب امرون کو وجدانیات کہتے ہین یعنی
منسوب بوجدان اور وجدان واو مکسور سے بمعنی جاننے کے ہے اہل بلاغت نے مثل وہمیات
کے وجدانیات کو بھی عقلیات مین داخل کیا ہے جیسے اس شعر مین شعر زاہد کو کیا ہے
نعمت جنت کے ذکر سے ؁ جو لطف ہے شراب مین کوثر مین ہے کہان ؁ شراب کا لطف
وہ لذت ہے کہ اوسکے پینے کے بعد دل مین حاصل ہوتی ہے اور خیالی کا حسی مین
اور وہمی اور وجدانی کا عقلی مین داخل کرنا واسطے اختصار کے ہے تا کہ قسمین بہت

نہو جا مین اور اونکا ضبط کرنا طالبین کو سہل ہو والا ظاہر ہو کہ تینون قسمین نفس علمی ہو جو چیز ہین

فرع دوسری وجہ شبہ کو بیان مین

وجہ شبہ وہ معنی ہین کہ مشبہ اور مشبہ بہ دونون اوسمین شریک ہون مثلاً گل اور رخسار مین سرخی رنگ کی اور زید اور شیر مین شجاعت لیکن یہ تعریف ناتمام ہو واسطے کہ رخسار اور گل موجود ہو تو او رجسمیہ مین اور زید اور شیر وجود اور جسمیۃ اور حیوانیۃ مین بھی شریک ہین پس موافق تعریف کی لازم آتا ہے کہ یہ چیزین بھی وجہ شبہ ہون اور حالانکہ فقط رنگ اور شجاعت وجہ شبہ ہو اس صورت مین تعریف وجہ شبہ کی یون کرنی چاہیے کہ وجہ شبہ وہ معنی ہو کہ مشبہ اور مشبہ بہ بوجہ خصوصیت رکھتی ہو اور اون دونون کا اوسمین شریک ہونا قصد کیا جاوے اب معلوم کیا چاہیے کہ مشبہ اور مشبہ بہ یا حقیقت مین شریک ہوتی ہین اور صفت مین جدا جیسے دو جسم کہ ایک کالا ہو اور دوسرا سفید یا دو طولانی چیزین مثلاً ایک خط ہو اور دوسرا جسم مثال اول مین حقیقت دونون کی واحد ہے یعنی جسمیت اور صفت علحدہ ہو یعنی سیاہی اور سفیدی مثال دوسری مین صفت یعنی طول مین دونون متحد ہین اور حقیقت دونون کی جدی ہے کسواسطے کہ خط وہ ہے کہ فقط ایک جانب یعنی طول مین بٹ سکے اور جسم وہ ہو کہ تینون جانب یعنی طول اور عرض اور عمق مین بٹ سکتا ہو اور صفت کہ جسمین ان دونون کو اشتراک ہو یا افتراق تین طرح پر ہو پہلی صفت حقیقی یعنی ایسی ہیئۃ کہ ذات مین متمکن اور متقرر ہو دوسری صفت اضافی کہ ذات مین متمکن اور متقر نہو بلکہ دو چیزون سے متعلق ہو اور تیسری صفت اعتباری کہ اوسکا مفہوم واقع مین متحقق نہو بلکہ فقط عقل نے اوسکو اعتبار کر لیا ہو جب یہ معلوم ہو چکا تو اب سننا چاہیے کہ صفت حقیقی دو قسم ہے ایک حسی اور ایک عقلی

صفت حسی مثل کیفیت جسمانیہ کی اور مثل اون کیفیتون کے کہ جسم سے مختص ہون
مخفی نرہے کہ صفت کو منقسم ہونے سے بطرف حقیقی اور حسی کے اور صفت حسی کی مثال
مین کہنے سے یہ قول مثل کیفیات جسمانیہ کی معلوم ہوتا ہے کہ کیفیات جسمانیہ سے اصطلاح علم
معقول کی مراد نہین ہے بلکہ کیفیات جسمانیہ سے صفات جسمانیہ مراد ہین کسواسطے کہ اگر
کیفیت اصطلاحی مراد ہو پس مقادیر اور حرکات مین کہ اسجگہ وہ دونون مذکور ہوتی ہین
جیسے آگے آتا ہے اشکال واقع ہووے کسواسطے کہ مقدار کمیت ہے کہ وہ بذاتہ قسمت کو تقاضا
کرتی ہے اور حرکت اعراض نسبیہ سے ہے اور کیفیت نہ قسمت کو بذاتیہ تقاضا کرتی ہے
اور نہ نسبیہ کو اور یا مقادیر سے اوصاف مقادیر کے مراد ہون یعنی طویل اور عریض
اور قصر اور اسکے بیچ بیچ ہونا اور حرکت سے خود حرکت مراد نہو بلکہ وہ چیز کہ حرکت کو
لاحق ہوتی ہے مثل سرعۃ اور بطوء اور بیچ بیچ اسکے ہے کیفیت یہ کیفیتین باعتبار حواس کے
پانچ قسم ہین قسم اول یہ ہے کہ بصر سے ادراک کیجاوے مثل رنگ کے اور شکل کے اور شکل
اوس ہیئت کو کہتے ہین کہ جسم کی ایک نہایہ کو یا دو کو یا زیادہ کو احاطہ کرے اول
جیسے دائرہ اور دوسری جیسے آدھے دائرہ کی شکل اور تیسری جیسے مثلث یا مربع
یا مخمس علی ہذا القیاس اور مثل مقادیر کے اور مقدار عبارت ہے کمیت متصل ثابت الاجزا
سے کم سے مراد ایسا عرض ہے کہ وہ بالذات ٹکڑے ٹکڑے ہونے کو قبول کرے اور
متصل سے یہ کہ اوسکے اجزا کے واسطے حد مشترک ہووے کہ وہ اوسکے پاس سے ملتے ہون
اور ثابت الاجزا سے یہ کہ وہ اجزا فرض کیے ہوئے مستقر اور ثابت ہون اور مقدار
اگر طول اور عرض اور عمق مین منقسم ہوسکے اوسکو جسم تعلیمی کہتے ہین اور اگر فقط طول اور
عرض مین اوسکو سطح کہتے ہین اور اگر فقط طول مین اوسکو خط کہتے ہین اور مثل

حرکات کو اور حرکت جسم کی ایک جای سی دوسری جای مین حاصل ہونی کو کہتے ہین
اور مثل اون چیزون کے کہ ان امور کے قریب ہون جیسے حسن اور صبح کہ اون دونون
سے شخص متصف ہوتا ہی باعتبار حلقہ کے اور حلقہ عبارت ہی مجموع شکل اور لون سی
یا جیسے ہنسنا اور رونا کہ یہ دونون باعتبار شکل اور حرکت کی حاصل ہوتی ہین یا جیسے
سیدھا ہونا اور ٹیڑھا ہونا یا اوپر سے کپ نکلنا اور نیچے سے گر پڑنا کہ یہ بھی شکل کی
بحث مین داخل ہین قسم دوسری یہ ہے کہ گوش سے ادراک کیجاوی جیسے آواز
خواہ قوی ہو خواہ ضعیف خواہ اسکے بین بین قسم تیسری یہ کہ ذائقہ سے ادراک
کیجاوی مثل طعوم کے اور طعوم کے نو اصول ہین ایک حرافت یعنی تیزی دوسری تلخی
تیسری نمکینی چوتھی ترشی پانچوین کسیلا پن چھٹے قبض یعنی بستگی ساتوین دسومت یعنی
چکنائی آٹھوین مٹھاس نوین پھیکا پن قسم چوتھی یہ کہ قوت شامہ سی معلوم ہو مثل
خوشبو اور بدبو کے قسم پانچوین یہ کہ قوۃ لامسہ سی معلوم ہو جیسی خشونت یعنی کھردرا پن
کہ کہین اونچان اور کہین نچان ہو اور ملاست یعنی صاف ہونا کہ سارے اجزا
برابر ہون اور لینت یعنی نرمی اور ثقل اور یہ ایسی کیفیت ہی کہ بسبب اوسکے جسم
اپنے مرکز کی طرف کو مائل ہوتا ہی بشرطیکہ کوئی روکنے والا نہو مثلاً پتھر اگر اوپر سے
کوئی چیز اوسکو نروکے خود بخود نیچے آپڑے او حقیقت اور وہ ایک کیفیت ہے
کہ جسم اوسکے سبب سی اپنے محیط کی طرف مائل ہوتا ہی جیسے آگ اور حرارت یعنی گرمی
اور برودت یعنی سردی اور رطوبت یعنی تری اور یبوست یعنی خشکی صفت عقلی کیجسم
کیفیات نفسانیہ یعنی وہ کیفیتین کہ ذی نفس کی ساتھ مختص ہین یعنی اجسام مین سے
اوسی جسم مین پائی جاتی ہین کہ وہ ذی نفس ہو مثلاً ذکا ذال معجمہ کی فتحہ سی تو تمام

فہم کی تیزی اور مثل علم اور معرفت اور قدرت اور کرم اور سخاوت اور حلم اور غضب
اور شجاعت اور مثل انکے اور چیزین کہ عقل سے اورا ک کیجاوین یہانتک بیان
صفت حقیقی کا تمام ہوا صفت اضافی کہ ذات مین متمکن اور مستقر نہو بلکہ دو چیز وںسے
متعلق ہو مثلاً کوئی شخص دلیل کو آفتاب سے تشبیہ دے اس نظر سے کہ دونوں صفت ازالہ
حجاب کی ہے اور یہ صفت حجت اور آفتاب کی ذات مین مستقر نہیں بلکہ دونوں سے
متعلق ہے یا کوئی شے اس امر کے ساتھ متصف ہو کہ اوسکا وجود مطلوب ہے یا عدم
مطلوب ہے صفت اعتباری کہ اوسکا مفہوم واقع مین متحقق نہوا ور محض عقل نے
اوسکو اعتبار کر لیا ہو جیسے درندہ کی شکل اور دانت کا اختراع کرنا غول کے واسطے
کہ یہ مختص صورت وہمیہ ہے اور واقع مین اوسکے واسطے کچھ تحقیق نہیں اور صفت کبھی
کبھی ایک چیز ہوتی ہے اور کبھی کئی چیزیں اور اسیطرح حقیقت یعنی مفرد ہوتی ہے
اور یعنی مرکب اجزاء مختلفہ سے پس وجہ شبہ باعتبار ان انواع کے کئی نوع ہو جاتی ہے
جب یہ جان لیا اب سُنا چاہیے کہ وہ معنی کہ جسمین مشبہ اور مشبہ بہ شریک ہوں یا ایک
امر ہو یا کئی اور یہ کئی امر دو قسم پر ہین ایک یہ کہ سب آپسمین اکٹھی ہو کر بمنزلہ واحد کے
ہو جاوین یا ہر ایک اونمین سے علیحدہ تیسر ہوا ور ایسی ترکیب کہ جس سے کوئی شے
بمنزلہ واحد کے ہو جاوے یا حقیقی ہوتی ہے یا اعتباری حقیقی جیسی ترکیب کئی امور
مختلفہ سے مثلاً ترکیب حیوان اور ناطق کی کہ ان دونوں سے ایک شے بمنزلہ واحد کے
حاصل ہوئی یعنی انسان اور اعتباری جیسے کئی امور سے عقل ہیئۃ انتزاع کرلے اور
حقیقت مین وہ سب ملکر بمنزلہ واحد کے نہوئی ہوں اسکی مثال آگے آویگی معلوم
کیا چاہیے کہ وجہ شبہ مین دونوں ترکیب کا اعتبار کرنا مذہب مفتاح العلوم کے

مصنف یعنی سکاکی کا ہے اور حدائق البلاغت کے مصنف نے بھی سکاکی کی اتباع سے
ترکیب حقیقی کو اختیار کیا ہی چنانچہ کہا کہ یا در حکم واحد ہست بسبب آنکہ حقیقت از چند
چیز ترکیب یافتہ یعنی وجہ شبہ یا واحد کے حکم مین ہی اسکی سبب ہی کہ ایک حقیقت کئی چیز
سے مرکب ہوئی ہو لیکن تعجب یہ ہی کہ ترکیب اعتباری کو بالکل چھوڑ دیا بہرکیف
اعتبار کرنا ترکیب حقیقی کا اس جای مین محل نظر ہے اسواسطے کہ ایسی چیزونکو مرکب
نہین اعتبار کرتے بلکہ واحد مثلاً کہین کہ زید شیر کے مانند ہے تو یہ نکہین سکے کہ مشبہ
اور مشبہ بہ اسکے مرکب ہین بلکہ مفرد ہین اور مثلاً کہین کہ زید مانند عمرو کے ہے انسانیت مین
ہر چند انسانیت مرکب ہی حیوانیت اور ناطقیت سی لیکن یہ نکہین سکے کہ یہ وجہ شبہ
مرکب بمنزلہ واحد کے ہی بلکہ واحد ہی بہر صورت وجہ شبہ مین تقسیم ہے واحد یا بمنزلہ
واحد کے یا متعدد قسم پہلی یعنی وجہ شبہ واحد یا حسی ہوتی ہے یا عقلی اور وجہ شبہ حسی
مین لازم ہی کہ مشبہ اور مشبہ بہ بھی دونون حسی ہون اسواسطے کہ وجہ شبہ حاصل ہوتی ہی
مشبہ اور مشبہ بہ سے اور یہ بھی ظاہر ہے کہ عقلی سے جو چیز حاصل ہو گی عقلی ہو گی پس
اگر مشبہ اور مشبہ بہ عقلی ہون اور وجہ شبہ حسی یعنی ایسی چیز ہو کہ اوسکو حس کے
ساتھ ادراک کر سکین تو لازم آوے کہ حس سے عقلی کو بھی ادراک کر سکے ہین اور حال
یہ ہے کہ حس غیر حسی مین سے کسی شے کو ادراک نہین کر سکتے اور یہ لازم نہین کہ اگر
وجہ شبہ عقلی ہو تو مشبہ اور مشبہ بہ بھی عقلی ہون بلکہ عام ہے خواہ وہ دونون عقلی
ہون خواہ حسی خواہ ایک حسی ایک عقلی اسواسطے کہ یہ امر جائز ہی کہ کسی شی حسی کے
ساتھ بعضا وصف عقلی قائم ہو جیسے جرأت زید اور شیر مین کہ وہ صفت عقلی ہے اور
اون دونون کے ساتھ قائم ہے باوجودیکہ وہ دونون حسی ہین جیسا یہ معلوم ہو چکا

پس جاننا چاہیے کہ وجہ شبہ واحد حسی مثل سرخی کے رخسار اور گل کی تشبیہ میں اور
آواز کا پوشیدہ ہونا صوت ضعیف اور ایسی صوت کی تشبیہ میں کہ دہن سے باہر
نہ نکلی ہو اور خوشبو زلف و عنبر کی تشبیہ میں اور حلاوت شراب اور شکر کی تشبیہ
میں اور نرمی جلد بدن اور حریر کی تشبیہ میں اور وجہ شبہ واحد عقلی مثل جرأت
کی شجاع اور شیر کی تشبیہ میں اور ہدایت علم اور نور کی تشبیہ میں اور طبیعت کا خوش
ہونا عطر اور خلق کی تشبیہ میں قسم دوسری یعنی وجہ شبہ بمنزلہ واحد کہ ہو اسکو وجہ شبہ
مرکب بھی کہتے ہیں چنانچہ معلوم ہوا کہ وجہ شبہ مرکب وہ ہے کہ کئی چیزیں اکٹھی ہو کر صورت
واحد کی حاصل کریں اور یہ بھی یا حسی ہوتی ہے یا عقلی اور وجہ شبہ مرکب حسی کی دونوں
طرفین بھی مثل وجہ شبہ واحد حسی کے ہوتی ہیں اب معلوم کیا چاہیے کہ وجہ شبہ مرکب حسی
چار قسم ہے اول یہ ہے کہ دونوں طرف اوسکے مفرد ہوں جیسے انگور چشم خروس کے
ساتھ تشبیہ دیویں گول ہونے اور سرخی اور مقدار میں یہ تینوں چیزیں ہیئت
حاصل کرکے شبہ واقع ہوتی ہیں یا موتی اور ژالہ میں مدور ہونا اور سفیدی اور چکنا
اور مقدار خاص سب ہیئت مجموعی سے وجہ شبہ ہیں اسی قبیل سے ہے یہ شعر سودا کا
شعر رنجک سی بھڑ بھڑق اوڑا یا کرے ہے برق یہ گولی سی ڈھالتا ہے سحاب تگرگ کا
مصرع اول میں رنجک و برق دونوں مفرد ہیں اور اسیطرح سے مصرع ثانی میں گولی
اور تگرگ لیکن اول میں روشنی اور دفعتہً چمکنا اور پھر بعد اوسکے جاتی رہنا اور اسکا
انعکاس فضا میں اور اوس سے دیکھنے والوں کی آنکھوں کا جھپکنا پانچ چیزیں
مرکب ہو کر وجہ شبہ واقع ہوئی ہیں اور دوسرے میں مدور ہونا اور مقدار مخصوص
فقط دو چیزیں قسم دوسری یہ ہے کہ دونوں مرکب ہوں مثلاً لڑائی میں غبار کا بلند ہونا

اور اسمین شمشیرون کا چمکنا مشبہ ہوا اور شب تاریک ور اوسمین مبدم ساقط ہو شہاب
ثاقب کا مشبہ بہ دونون مرکب ہین اور ہر واحد سی ایک ہیئت مجموعی مشبہ مشبہ واقع
ہوئی ہے اور وجہ مشبہ اسمین ایک کالی چیز کی جوانب اور اطراف مین روشن چیزون
درانا اور پراگندہ کا حرکت کرنا یا معشوق صبح کا رقص کرنا اور اوسکا کبھی آگے بڑھنا
اور کبھی پیچھے ہٹنا اور ہاتھ دراز کرنا اور پھیری لینا اور سمٹ کر بیٹھ جانا مشبہ اور
آفتاب کا عکس دریا مین اور پانی کی حرکت مضطرب ہی اوسکا کبھی آگے جانا اور کبھی
پیچھے آنا اور کبھی دراز ہو جانا اور سمٹنا اسطرح کہ پھر وہ قرص سالم معلوم ہونے لگے
اور کبھی پھیلنا مشبہ بہ ہوا اوسمین ایک شی روشن کا کسی شی صاف مین نمودار ہونا حرکات
مختلفہ کو ساتھ وجہ شبہ ہی یہ مضمون شعر مین اسطرح سے موزون ہی شعر رقص مین
وہ مہروش ہی اسطرح سے جلوہ گر ✤ جیسے آب موج زن مین عکس ہو خورشید کا ✤ اسی
قبیل سی ہین یہ اشعار سودا کی شعر یون منعکس صفائی عمارت سی ہو چمن ✤ جو ایک دو
مکان ہو سو معلوم ہو دو درو ✤ چادر تلی ہو آب کی یون سنگ آبشار ✤ جیسے جبین
نقاب تلی جون رخ نکو ✤ پانی کی چادر اور سنگ ور گھلا ہونا سنگ کا مجموعہ مشبہ ہی
اور نقاب ور چین جبین اور رخ معشوق مشبہ بہ اور وجہ شبہ ظاہر ہی شعر یون جلوہ گر
سرو کا سایہ کہ جسطرح ✤ کوئی سیاہ مست پڑا ہو کنار جو ✤ یہ نسمجھا جاوے کہ مصرع اول مین
اس شعر کے سایہ سرو مشبہ مفرد ہی بلکہ از بس اوسکا جلوہ گر ہونا حوض پر منظور ہے
چنانچہ ان چند شعر کا حوض کی تعریف کے تحت مین وارد ہونا قرینہ قویہ ہی پس وہ
مرکب ہی ایضاً بخشتی ہی گل نو رستہ کو رنگ آمیزی ✤ پوشش ہیئت قلم کا ہر وشت
جبل ✤ تار بارش ...

آب جو گرد چمن اوٹھہ خورشید سی ہو ؛ خط گلزار کے صفحہ پہ طلائی جدول ؛ ان اشعار مین
مشبہ مشبہ بہ اور وجہ شبہ کا مرکب حسی ہونا شامل بظاہر ہو قسم تیسری یہ ہو کہ مشبہ مفرد
حسی اور مشبہ بہ مرکب حسی ہو جیسے آفتاب کو ایسے آئینہ سی تشبیہ دیتے ہین کہ رعشہ دار ہات
مین ہو آفتاب مفرد ہو اور آئینہ کا دست رعشہ دار مین ہونا مرکب ہو اور ایسی ہیات
کہ گول ہونی اور روشنی اور حرکت سریع سی حاصل ہوئی ہے اسمین وجہ شبہ ہے اور
حرکت کا ہونا مشبہ یعنی آفتاب مین بھی ظاہر ہے مثال اوسکی یہ شعر ہے شعر ہو چشم
اوسکی یا گل نرگس ہو باغ مین ؛ ہو زلف اوسکی یا کہین آتش پہ ہو دخان ؛ چشم اور
زلف مفرد ہو اور نرگس کا باغ مین ہونا اور دہوئین کا آگ پر ہونا مرکب اور
وجہ شبہ اسمین ہو ہونا ایک شے خوش مدور کا ایسی فضا مین کہ وہان طراوت اور شگفتگی
ہوا اور ہونا ایک شی سیاہ اور دراز او پیچیدہ کا ایک شی روشن پر قسم چوتھی کہ مشبہ مرکب اور
مشبہ بہ مفرد ہو اسکی مثال ہو یہ شعر سودا کا شعر شاخ مین گل کی نزاکت پہ یہم پہونچی یہانتک
شمع سان گرمی نظارہ سی جاتی ہے پگھل ؛ شاخ گل کی مرکب ہو باعتبار شاخ اور
گل کے اور شمع مفرد ہو اور اسمین وجہ شبہ ہو ہونا ایک شی کا راست اور دراز اور
اوسکے سر پر ایک شی سرخ کا نصب ہونا پوشیدہ نہ ہو کہ وجہ شبہ مرکب حسی مین سے نادر
اور بدیع وہ ہو کہ تشبیہ ایسی ہیئت مین واقع ہو وہ کہ اوسمین حرکات ہون اور
یہ دو طرح پر ہے کہ ساتھ حرکتون کے بعضے اوصاف جسم کے اور بھی شامل ہون جیسے
شکل مستدیر اور مستطیل اور عریض اور جیسے لون سرخ یا سفید مشرق یا سیاہ وغیرہ
اسکی مثال قسم دوسری یعنی اوس وجہ شبہ مین کہ مشبہ اور مشبہ بہ دونون مرکب
ہون بیان ہو چکی اور دوسری یہ ہے کہ فقط حرکت ہو اور اوصاف جسم کے اوسکے

ساتھ نمون اس صورت مین ترکیب جب متصور ہی کہ حرکتین مختلف ہو جائین شلاً
شلاً کسی شی کا حرکت کرنا کبھی بطرف چپ کے اور کبھی بطرف بالا کے اور کبھی بطرف
پائین کے شلاً رقص کی حرکتون کو تشبیہ دیجاوے شاخون کے ہوا سے متحرک
ہونے کے ساتھ اور جسکی حرکتون مین اتحاد ہوا وسین ترکیب نہین ہوسکتی جیسی حرکت
چکی اور دولاب کی اور تیر کی حرکت فقط اوپر جانے کی یا نیچے آنے کی اور اگر دونو
حرکت بالا و پست کو اعتبار کرین ترکیب ممکن ہی اور جیسی حرکتون کی ہیئت مین
ترکیب واقع ہوتی ہے چنانچہ معلوم ہوا اسیطرح کبھی سکون ہیئت مین بھی ترکیب
واقع ہوتی ہے شلاً کتے کا بیٹھنا مشبہ ہوا ور گوارون کا آگ کو تاپنے کو واسطے بیٹھنا
مشبہ بہ آہین کئی سکون واقع ہوئے ہین کسواسطے کہ بیٹھنے مین کئی کے ہر عضو کا ایک
موضع علیحدہ ہوتا ہی اور ایسے ہی آگ کو تاپنے کو واسطے بیٹھنا گوارون کا کہ اونکے
دونون پانون آگے پھیلے ہوئے اور موضع سُرین کا اوس سے تفاوت کے ساتھ یہ کئی
سکون مجتمع ہوئے ہین وجہ شبہ و مرکب عقلی جیسی فائدہ مند ہونا بڑی نطع کرنے والی
چیز سے باوجود متحمل ہونے مصائب کے اور کھینچنی لغت کو عالم زعمل کی تشبیہ مین ایسے
گدھے سے کہ اوسپر کتابین لادا کرتے ہون معلوم کیا چاہیے کہ وجہ شبہ جب مرکب
بمنزلۂ واحد کے ہو اس صورت مین چاہیے کہ کوئی جز اوسکا ترک نکرین اور سارے
اجزا مین شبہ کو مشبہ بہ سے تشبیہ ہو اور اگر ایسا نہو گا تو تشبیہ مین غلطی واقع ہوگی
جیسی وجہ شبہ مرکب کی دوسری قسم مین مذکور ہوا وہان غور کرین تاکہ خوب ذہن نشین
ہو جاوے یہان تک تمام ہو چکا بیان وجہ شبہ مرکب حسی کا ۔ وجہ شبہ متعدد تین قسم
ہی ایک قسم یہ ہی کہ وہ وجہین سب حسی ہون جیسے رخسار اور گل کی تشبیہ مین سُرخی

رنگ کی اور رعایت اور زلف اور سنبل کی تشبیہ مین شاخ کی درازی باریکی اور پیچیدگی
اور ساغر اور آفتاب کی تشبیہ مین مدور ہونا اور روشنی اور گردش دوسری قسم یہ ہے
کہ وہ سب عقلی ہون جیسے شعر سودا مین شعر بسان دانۂ روئیدہ ایکبار گرہ ٭ کھلی جو کام سے
میر مو پیچی ہزار گرہ ٭ وجہ شبہ اسمین قدری آسان ہونا ایک امر پہلی دفعہ اور بعد اوسکے
زیادہ تر ہو جانا یہ دو امر ہین علیحدہ علیحدہ اپنے کام کے دونون حال کو دانہ کے دونون حال
سے جدا جدا تشبیہ دی ہے نہ مجموع کو مجموع سے چنانچہ کہ زمیوالون پر مخفی نہین ہے
تیسری قسم یہ ہے کہ بعض اونمین سے حسی ہون اور بعض عقلی شعر سودا کا شعر یاد معجون
مبہی کی ہین ڈبیان دونون ٭ آتی ہے جان مین جسے دیکھ جنھین روح طباب ٭
پستان کو معجون مبہی کی ڈبیا سے تشبیہ دی ہے اور وجہ شبہ اسمین کئی چیزین ہین
ایک مدور ہونا اور دوسرے اوبھرا ہوا ہونا یہ دو امر حسی ہین اور رغبت دلانا مرد کو
عورت کی یہ امر عقلی ہے شعر آفتاب صبح محشر داغ پر دل کے ہے ٭ حکم رکھتا ہے طبیبون
مرہم کافور کا ٭ اسمین وجہ شبہ ہے سفیدی رنگ کی اور راحت کا پہونچانا پہلا امر
حسی ہے اور دوسرا عقلی اور شاید مدور ہونے کو بھی دخل ہو کیونکہ جب مرہم داغ پر
رکھتے ہین پھاہا مدور تراش کر رکھا کرتے ہین اس صورت مین دو امر حسی ہوسکے اور
ایک امر عقلی دانشمندان جسے پر ظاہر ہے کہ عادت اہل بلاغت کی اسطرح پر جاری ہوئی ہے
کہ کبھی دو شے کو ایک دوسرے کی ضد ہو اسمین تشبیہ دیتے ہین اور وہ معنی کہ مشبہ
مین موجود ہین اوسکو وجہ شبہ کرتے ہین اور مقصود اوس سے وہ معنی ہوتے ہین
کہ مشبہ مین ہے نہ وہ معنی کہ جسکو ظاہر ا وجہ شبہ کیا ہے اور اوسکو وجہ شبہ کرنا اس سبب
سے ہے کہ بطریق استہزا کے ٹھہرالیا ہے کہ یہ معنی مشبہ مین بھی ہے اور حالانکہ نفس الامر مین

اوسکے اندر نہین ہے مثلاً نامرد کو کہین کہ شیر ہے یا رستم ہے اور بخیل کو کہین کہ حاتم ہے
پس وجہ شبہ اس جگہ جرأت اور بخشش ہے اور دعوی اعتبار کے نہ اندر واقع نفس الامر کے
اور وہ ضدیت کہ اون دونون مین ہے اس جگہ بمنزلہ تناسب کے ہے نہ خود وجہ شبہ
کسواسطے کہ جب ہم کہینگے کسی نامرد کو کہ وہ شیر کی مانند ہے یا بخیل کو کہ وہ حاتم کے مانند اور
ارادہ کرینگے کہ وجہ شبہ کو بھی ظاہر کرین تو یہ نہ کہین گے کہ تضاد مین بلکہ یون کہینگے
کہ جرأت مین یا بخشش مین

فرع تیسری حرف تشبیہ کے بیانمین

حرف تشبیہ کے ہین مانند او رمثل اور ہندی مین جیون اور جیسے اور سوا اسکے

فرع چوتھی غرض تشبیہ کے بیان مین

معلوم کیا چاہیے کہ تشبیہ کی غرض اکثر مشبہ کی طرف راجع ہوتی ہے یعنی اکثر تشبیہ سے
غرض یہ ہوتی ہے کہ مشبہ کا حسن یا قبح یا اور امر بیان کیا جاوے اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے
کہ غرض مشبہ بہ کی طرف راجع ہوتی ہے قسم پہلی کئی قسم پر ہے اول یہ کہ غرض تشبیہ سے بیان
اس امر کا ہو کہ مشبہ کا وجود ممکن ہے اور یہ امر اوس جا سے پر ہوتا ہے کہ جس جگہ پر
اوسکے ممتنع ہونیکا بھی دعوے کر سکتے ہون اسکی مثال یہ دو شعر شیخ ابراہیم ذوق سلمہ
اللہ تعالے کے ہین شعر تجھسے دیکھا سبکو اور تجھکو نہ کیا چون نگاہ ٭ تو رہا آنکھون مین
اور آنکھون سے پنہان ہی رہا ٭ علم ہے کچھ اور رشتے اور آدمیت اور ہے ٭
کتنا تو نے کو پڑھایا پر وہ حیوان ہی رہا ٭ پہلے شعر مین یہ دعوی کیا ہے کہ معشوق
باوجود آنکھون مین ہونے کے آنکھون سے پوشیدہ ہے اور اس جا سے مین یون
کہہ سکتے ہین کہ یہ امر ممتنع ہے کیونکہ جو شے آنکھون سے ایسی قریب ہو کہ خود آنکھون مین ہو

یہ بعید ہو کہ وہ دکھائی نہ دے جب اگلا دسرا اوسکو تشبیہ دی وہ دعوی ثابت اور اوسکا
امکان معلوم ہو گیا اور دوسرے شعر مین یہ دعوی کیا کہ آدمیت کا حاصل ہونا علم کی
تحصیل پر موقوف نہین اور اس جگہہ بھی یہ کہہ سکتے ہین کہ یہ امر ممتنع ہے کسواسطے
کہ علم ہی سے آدمیت حاصل ہوتی ہے جب تو آز سے تشبیہ واقع ہوئی ثابت ہو گیا
کہ یہ امر ممکن ہے شعر زبان پیدا کرون چون آسیا سینہ مین پیکان سے ؛ دہن کا
ذکر کیا یان سر ہی غائب ہو گریبان سے ؛ ظاہر یہ امر ممتنع ہے کہ جسکا سر گریبان کے
پاس سے کٹ گیا ہو وہ شخص سینہ مین پیکان کی زبان بناکر گویائی پر قادر ہو جاے
پس امکان اسکا آسیا کی تشبیہ سے ثابت ہو گیا کسواسطے کہ آسیا کے بیچ کے حلقہ کو
گریبان سے تشبیہ ہے اور وہان سے اوسکے اوپر ایسی چیز نہین ہوتی کہ مشابہت
سر سے رکھتی ہو گویا گریبان کے پاس سے اوسکا سر کٹا ہوا ہے اور اوسکے سینہ یعنی
بیچ مین لوہے کی ایک کیل ہوتی ہے اوسکے سبب وہ پھرتی ہے اور اوس سے آواز
نکلتی ہے اس شعر مین کمال بلاغت ہے اور اوسکا حال تامل پر ظاہر ہے دوسرا یہ کہ
مشبہ کا حال بیان کرنا مقصود ہو جیسے ایک کپڑے کو دوسرے کپڑے سے سیاہی یا
سفیدی مین مثلاً تشبیہ دیجاوے اور اس قسم کے اندر مشبہ بہ مین وجہ شبہ نہایت ظاہر
اور مشہور چاہیے تاکہ حال مشبہ کا خوب واضح ہو جائے مثال اسکی شعر سودا کا ہے
آسمان کی مذمت مین شعر رکھتا ہے پر غرور کو جون نیزہ سر بلند ؛ جون جادہ خاکسار
کو دیہے زمین پہ ڈال ؛ پر غرور کی سربلندی رکھنے کا حال اور خاکسار کے زمین پہ
ڈالنے کا حال نیزہ اور جادہ کی تشبیہ سے واضح ہو گیا تیسرے یہ کہ مشبہ کے حال
کی مقدار کا بیان کرنا مقصود ہو کی تشبیہ سے واضح ہو گیا تیسرے یہ کہ مشبہ کے حال کی مقدار کا

بیان کرنا مقصود ہو کمی اور زیادتی اور قوت اور ضعف مین مثلاً کالے کپڑے کو زاغ کے
پر سے تشبیہ دیوین سیاہی کی شدت مین یا سفید کپڑے کو برف سے اور دہن معشوق
کو ذرہ سے کمی مین اور زلف کو عمر خضر سے درازی کی زیادتی مین اور چوتھے یہ کہ
تشبیہ دینے سے غرض یہ ہو کہ مشبہ کا حال سننے والے کے دلنشین کر دے مثلاً کسی
بیفائدہ کو پانی پر کھینچی ہوئی لکیر سے تشبیہ دیوین چونکہ بیفائدہ ہونا اور جلد مٹنا اس
لکیر کا ظاہر ہے ہرگاہ سعی کو اس سے تشبیہ دین اوسکا بیفائدہ ہونا ذہن مین خوب
متمکن ہو جائیگا اسکی وجہ یہ ہے کہ انسان کا نفس نسبت عقلی کے حسی کی طرف
بہت مائل ہوتا ہے اور اسی قبیل سے ہے کسی شخص کے اقرار واثق کے حق مین
کہنا کہ یہ بات پتھر کی لکیر ہے اسی قبیل سے ہے یہ شعر سودا کا شعر نہین ہون طالب
رزق آسمان سے کہ مجھے ﴿ یقین ہے کاسہ وارون مین کچھ نہین ہوتا ﴿ آسمان کا
نعمت سے خالی ہونا کاسہ وارون کی تشبیہ دلنشین ہو گیا پانچوین یہ کہ مشبہ کو
زینت منظور ہو سننے والے کی نظر مین یا برائی اور زشتی اوسکی اول جیسے دانتون
کی تشبیہ موتی سے اور لب کی یاقوت سے اور دوسری جیسے بدصورت کی تشبیہ
دیو سے چھٹے یہ کہ مشبہ کا نادر اور طرفہ ہونا ثابت ہو دوسری یا مشبہ کی ایسی صورت
بیان کیجائے کہ موافق عادت کی محال ہو مثلاً کوئلے بعضے افروختہ اور بعضے غیر افروختہ
ہون اونکو مشابہ کر دیا ہے تشبیہ دین کہ اوسکو موج سونے کی ہو ایسا دریا ازروئے
عادت کے محال ہے یہ شعر سودا کا شعر چہرۂ مہروش ہے ایک سنبل مشکفام دو ﴿ حسن
بتان کے دور مین ہے سحر ایک شام دو ﴿ دو شام مین ایک سحر کا ہونا طرفہ اور نادر
اور یہ بیشتر تشبیہ خیالی اور وہمی مین پایا جاتا ہے چنانچہ اہل فہم پر ظاہر ہے —

معلوم کیا چاہیے کہ مشبہ کا نادر اور طرفہ ہونا دو طرح سے ہوتا ہے ایک تو یہ کہ مشبہ بہ جسکے واسطے سے مشبہ نادر اور طرفہ ہو جاتا ہے فی نفسہ نادر اور طرفہ ہو جیسے مشک کا دریا کہ اوسمین سونے کی موج ہو چنانچہ پہلے بیان ہوا اور دوسرا یہ کہ فی نفسہ نادر اور طرفہ نہین بلکہ جسوقت مشبہ حاضر ہو اوسوقت اوسکی ندرت اور طرفگی متحقق ہو اور ظاہر ہے کہ جب مشبہ بہ نادر اور طرفہ ہو خواہ اسطرح سے ہو خواہ اسطرح سے مشبہ بھی طرفگی اور ندرت پیدا کریگا مثال دونون قسم کی یہ دو شعر میرزا رفیع السودا کے ہین شعر فندق پا لگی کسنے کہ نہ دیکھا ہوگا ٭ سرو کی بیخ سے پھولا گل اور نگ اب تک ٭ زلف یون بکھری ہوئی چہرہ پہ مانگے تھی دل ٭ جسطرح ایک کھلونے پہ ہین دو بالک ٭ سرو کی بیخ سے گل اور نگ کا کھلنا فی نفسہ نادر اور طرفہ ہے اور دو لڑکون کا ایک کھلونہ پہ ہٹ کرنا فی نفسہ کچھ نادر نہین لیکن جب زلفون کے دل مانگنے کا اور دو لڑکون کے ایک کھلونے پہ ہٹ کرنے کا تصور ہوا دو صورتین قباعدہ کے متصل ہونے سے ایک ندرت حاصل ہو گئی جاننا چاہیے کہ جب غرض تشبیہ کی یہ ہو کہ مشبہ ممکن ہونا یا اوسکا حال بیان کیا جاوے تو چاہیے کہ مشبہ وجہ شبہ کے ساتھ بہت مشہور ہو تا کہ مشبہ کے ممکن ہونے پہ دلیل ہو یا اوسکے حال پہ اوس سے آگاہی ہو اور جب غرض یہ ہووے کہ اوسکو حال کی مقدار بیان ہو تو چاہیے کہ مقدار مشبہ کی حال کی مشبہ بہ کی حال کے برابر ہو نہ کم نہ زیادہ تا کہ مشبہ حال کی مقدار جیسی ہے ویسی ہی معین کیجائے اور جس جگہہ مشبہ کو حال کو خاطر نشین سننے والے کی کرنا منظور ہو وہان چاہیے کہ وجہ شبہ اکمل اور اشہر ہووے کسواسطے کہ طبیعت کامل اور مشہور کی طرف زیادہ مائل ہوتی ہے اور جس جگہہ تشبیہ سے زینت اشتی یا ادا

اور بطرفہ ہو مشبہ کا مقصود ہو وہان نہ اکمل ہونا وجہ شبہ کا لازم ہو نہ سب مشہور ہونا کسواسطے
کہ مثلاً ہندی کے چہرہ کو کہ بہت سیاہ ہو آہو کی آنکھہ سے تشبیہ دینا زینت کے واسطے
صحیح ہے باوجودیکہ نہ سیاہی ہرن کی آنکھہ مین کامل ہے اور نہ ہندی کے چہرے کی
سیاہی کی بہ نسبت مشہور زیادہ ہو اور ایسی ہی تشبیہ دینا اسطرح کے چہرہ کو کہ داغ
چیچک او سپر بہت ہون ایسے سرگین سے کہ اوسمین جا بجا کسی جانور کے ٹھونگا مارنی
کے سبب سے سوراخ پڑ گئے ہون جو ہیئت کہ ان دونون مین مشترک ہو نہ وہ سرگین
مین اکمل ہے اور نہ سرگین اس ہیئت کے ساتھ بہ نسبت چیچک والی چہرہ کے مشہوری
زیادہ ہے اور جسقدر مشبہ بہ مخفی تر اور نادر تر ہو ویگا اوسیقدر مشبہ کی ندرت اور طرفہ
ہونے کی غرض زیادہ حاصل ہو گی اور حدائق البلاغت کے مصنف سے تعجب ہو کہ
تین چیزون مین وجہ شبہ کے اکمل اور شہرہ ہونے کو واجب لکھا ہو واللہ اعلم
صواب بہرکیف یہ بیان اون قسمون کا تھا کہ جنمین غرض تشبیہ کی مشبہ کی طرف
رجع ہوتی ہے قسم دوسری یعنی تشبیہ کی غرض کا مشبہ بہ کی طرف راجع ہونا یہ
طرح پر ہے اول یہ ہو کہ جب چیز مین وجہ شبہ ناقص ہو اوسیکو مشبہ بہ کرین اد۔
ل سے اس امر کا ادعا مقصود ہو کہ وہ ناقص کامل ہو جیسے اس شعر مین سودا
شعر آئینہ خانہ اوسمین ہوا ایسا کہ ایک بیت ؛ موزون نہ اس صفا سے گلستان مین
ہو ؛ گلستان اس شعر مین یعنی مشہور کے ہو حاصل یہ ہو کہ صفائی آئینہ خانہ مین
ست بیت شعر کے اکمل ہے اور بنا بر ادعا کے بیت کی صفائی کو کامل قرار دیا ہے
جگہہ ادعا اس بات کا ہو کہ بیت کی صفائی اس مرتبہ مین ہے کہ آئینہ خانہ کو
تشبیہ دے سکتے ہین اور اسیطرح سے ماہ اور آفتاب اور گل کے رخسار اور

سنبل کی زلف اور نرگس کی چشم سے مثلاً تشبیہ دینی اور دوسری یہ کہ جسکی طرف زیادہ
اہتمام ہو اوسی مشبہ کرین اور غرض تشبیہ کی بیان اوس اہتمام کا بیان کرنا ہے مثلاً
ہلال عید کو روٹی کے ٹکڑے سے تشبیہ دین اسکو اظہار المطلوب کہتے ہین جیسے میرزا رفیع سودا
کے ان شعرون مین کہ آسمان کی مذمت مین کہتے ہین شعر ہاتھ سے خست کے اسکے
جگ مین ہیش خاص و عام ؛ حال روشندل کرے یون مطلع ثانی بیان ؛ ماہ کی خاطر
منقر روقت شب ہر ایک نان ؛ پر جو یہ چاہے سدا ساری وہ ہو وسے سو کہان ؛
ایک لب نان کے لیے حیران ہوتے شہر شہر ؛ مثل ماہ نو پڑے پھرتے ہین عالی ہمتان
پوشیدہ نرہے کہ تشبیہ اس جاے مین متحقق ہوتی ہے کہ مشبہ باعتبار وجہ شبہ کے
مشبہ سے کامل تر ہو خواہ ازروے ادعا کے اور جہان وجہ شبہ بین مشبہ اور مشبہ بہ دونو
کا برابر ہونا مراد ہو اور یہ مقصود نہو کہ ایک زاید ہے اور دوسرا ناقص عام ہے
اس سے زیادتی اور کمی پائی جاوے یا نہ پائی جاے بہتر یہ ہے کہ وہان تشبیہ
ترک کرین کیونکہ تشبیہ مین ایک کی زیادتی اور ایک کو نقصان کا قصد ہوتا ہے
اور جہان دونون کو مساوات کا قصد ہو اوسکو تشابہ کہتے ہین یعنے یہ اوسکے
مشابہ ہے اور وہ اسکے کیونکہ تشابہ تفاعل کے وزن پر ہے اور یہ اشتراک کے
واسطے موضوع ہے مثال اسکی چنانچہ سودا کہتا ہے شعر جسکے تو پاس نہو تو
تو اوسے عالم مین ؛ مجلس و شادی و تنہائی و غم چارون ایک ؛ کر دیا ہے
کرشمہ نے ترے آنکھون کے ؛ مسجد و میکدہ و دیر و حرم چارون ایک ؛ اس
جاے مین تشبیہ مجلس کی تنہائی سے اور شادی کے غم سے منظور نہین ا
اسیطرح دوسرے شعر مین بلکہ دونون چیزون مین مساوات مقصود ہے ا

ان دونون شعرون مین زیادہ تر واضح ہے شعر ترے رو عرق آلودہ اور کانون کی موتی کا ؛ بیان کیا کیجیے ہر لطف دونون مین برابر کا ؛ گہر ہے تیرے کانون مین ویا قطرہ عرق کا ہے ؛ یہ ہے قطرہ عرق کا یا کہ ہے دانہ یہ گوہر کا ؛

فرع پانچوین تشبیہ کی قسمون کے بیان مین

معلوم کیا چاہیے کہ تشبیہ ازبسکہ باعتبار مشبہ اور مشبہ بہ اور وجہ اور غرض کے بیے نوع پر ہے اسواسطے انواع تشبیہ کی چند شعبون مین بیان کیجاتی ہے شعبہ پہلا تشبیہ کی تقسیم مین باعتبار مشبہ اور مشبہ بہ کے اور وہ کئی قسم ہے ایک یہ کہ مشبہ اور مشبہ بہ دونون مفرد ہون اور اون دونون مین کوئی قید نہ لگی ہو جیسے تشبیہ رخسار کی گل سے اور شجاع کی شیر سے اور علم کی نور سے دوسری یہ کہ وہ دونون مفرد ہون اور کچھ قید اون دونون کو ساتھ بھی ہو جیسے سعی بیفائدہ کی تشبیہ نقش روی آب سے مشبہ مین بیفائدہ کی اور مشبہ بہ مین روی آب کی قید ہے تیسری یہ کہ ایک اون دونون مین سے مفرد غیر مقید ہو اور ایک مفرد مقید خواہ اول مقید اور دوسرا غیر مقید اور خواہ دوسرا مقید اور اول غیر مقید مثلاً تشبیہ شرار جستہ کی شمشیر سے چوتھے یہ کہ دونون مرکب ہون اسکی مثال وجہ شبہ مرکب بحث مین ہو چکی اسی قبیل سے ہے یہ شعر سودا کا شعر ہر گل رنگ حنا پہ یون عرق دیوے ہے بہار ؛ لالہ زار اوپر ہو شبنم جسطرح گوہر فشان ؛ یہ شعر گھوڑے کی تعریف مین واقع ہوا ہے یعنے رنگ حنا کے جو گل اوسکے بدن پر ہین اونپر عرق اسطرح سے زیبا معلوم ہوتا ہے کہ جیسے لالہ زار پر شبنم رنگ حنا کے گل مع قطرات عرق کی تشبیہ مین اور لالہ زار مع شبنم کے مشبہ بہ پانچوین یہ کہ ایک مفرد ہو اور دوسرا مرکب

مثال اوسکی تشبیہ ایسی ہے کہ ایک تیر کہ خون اوسکی منقار سے ٹپکا ہوا اور اوسکے
لب و ناک سے بوند ٹپکتا ہوا اور جیسے اس شعر مین ۞ شعر ۞ نگہ ساقی نے بابل کر دیا میری
نظرون مین ۞ لگی ہے مثل خاکستر اوسمین آگ پنہان ہے ۞ ثنی یہ کہ دونون
متعدد ہون اور یہ قسم ہے اول یہ کہ کئی مشبہ ایکبار مذکور کرین اور بعد اوسکے کئی
مشبہ بہ چنانچہ میان نصیر غفر اللہ لہ کے شعر مین ۞ شعر ۞ نہا کے افشان جو چہرے پہ
نچوڑو زلفون کو بعد اوسکے ۞ دکھاؤ عاشق کو اس ہنر سے فلک پہ بجلی زمین پہ
باران ۞ ہے ہر گوشہ پہ یوسف آنکھ مین زیر دیوار رو رہا ہون ۞ عزیزو دیکھو مری
نظر سے فلک پہ بجلی زمین پہ باران ۞ اور اس شعر مین سودا کے ۞ شعر ۞ خورد و
بزرگ دہر مین نسبت جام و شیشہ جان ۞ بادہ انھون مین ایک ہی گو کہ ہوے
بنام دو ۞ اس قسم کو ملفوف کہتے ہین کسواسطے کہ لف معنی پیچیدہ کرنے کے ہے
اور اسمین کئی مشبہ اور کئی مشبہ بہ باہم پیچیدہ ہوتے ہین دوسری یہ ہے کہ ایک مشبہ
مشبہ بہ باہم ذکر کرین اور بعد اوسکے ایک اور مشبہ مشبہ بہ مذکور کرین علی ہذا القیاس
شعر ۞ زلف سنبل رخ ہے گل اور چشم بادام سیاہ ۞ قد ہے سرو بوستان و لب ہے
یاقوت ثمین ۞ ساتوین یہ کہ ایک واحد ہو اور دوسرا متعدد ۞ یہ دو قسم ہے پہلی قسم
یہ کہ مشبہ واحد ہو اور مشبہ بہ متعدد چنانچہ سودا کے شعر مین ۞ شعر ۞ سمور و قاقم و سنجاب
ہے سرما مین منعم کو ۞ رکھین ہین آسرا مسکین و لنج و لنگ آتش کا ۞ آتش کی اون
چند چیزون سے تشبیہ منظور ہے کسواسطے کہ اس شعر کے معنی یہ ہین کہ اگر منعم کے
پاس وہ اشیاء نفیس اور گرم موجود ہین غریب کو آگ ہی مثل اون چیزون کے
ہے ایضاً ۞ شعر ۞ اس چشم خونچکان کا احوال کیا کہون مین ۞ گر زخم ہے تو یہ ہے

نا مو سری تو یہ ہے چنانچہ اس قسم کو تشبیہ جمع کہتے ہین تو دوسری قسم یہ کہ مشبہ متعدد ہوا اور مشبہ
واحد ہو اسکی مثال یہ شعر سودا کا ہے شعر دل کو میان خط و زلف ہو رکھو ہے عادل شاہ
ایک یہ مرغ ناتوان جسکے لیے ہین دام دو یہ مشبہ یعنی خط و زلف دو چیزین ہین
اور مشبہ بہ یعنی دام ایک چیز ہے اس قسم کو تشبیہ تسویہ کہتے ہین تو دوسرا شعبہ تقسیم مین
تشبیہ کی باعتبار وجہ شبہ کی اور تقسیمین تشبیہ کی اس اعتبار سے چھہ ہوتی ہین تمثیل
غیر تمثیل مجمل مفصل قریب بعید تشبیہ تمثیل وہ ہے کہ وجہ شبہ او سمین کئی چیز سے
حاصل ہوئی ہو اسکی مثالین وجہ شبہ مرکب مین بہت بیان ہوتین اور سکاکی نے
کہا ہے کہ تمثیل وہ تشبیہ ہے کہ جسمین وجہ شبہ کئی امور سے حاصل ہوتی ہو اور
وصف حقیقی نہو یعنی وہ متوہم جیسے عالم بے عمل کی تشبیہ ہین ایسے گدھے سے
کہ اوسپر کتابین لادی ہون وجہ شبہ ہے فائدہ مند نہونا بڑے نفع کی چیز سے
باوجود متحمل ہونے مصائب کی اور کھینچنے تعب کی یہ امر ایک وصف ہے مرکب کئی چیز سے
ہوا اور حقیقی نہین ہے بلکہ توہم کیا گیا ہے اس صورت مین یہ تفسیر خاص ہوتی
اور پہلے عام اور شیخ عبد القاہر جرجانی نے کتاب اسرار البلاغت مین لکھا ہے
کہ تمثیل وہ تشبیہ ہے کہ جسمین وجہ شبہ مرکب ہو جسوقت وجہ شبہ عقلی نہوگی اوسکو
نہ کہین گے وہ تشبیہ کو متضمن ہے اور اوسکو تمثیل اور ضرب المثل نہ کہینگے
اور جبکہ عقلی ہوگی اوسوقت اوسپر اطلاق کرنا تمثیل کا درست ہے اس سے
معلوم ہوتا ہے کہ جب تشبیہ مین وجہ شبہ مرکب حسی ہو اوسکو تمثیل کہنا نچاہیے
تمثیل وہی ہے کہ جسمین وجہ شبہ عقلی ہو لیں اس شعر مین شعر ولا پر ور دکھاوے
آنکھ اوس رشک مسیحا کی جو مجھے یا کوٹ دو مرا کھرل میرہ سنگ موسی کی ؟

بقول شیخ کے تمثیل نہین ہر کسواسطے کہ اس شعر مین ما بین ایک سیاہ کے سفید چیز
براق کا محاط ہونا وجہ شبہ ہے اور یہ امر مرکب حسی ہے اور اسلیئے یہ وصف حقیقی ہو
سکاکی کے نزدیک بھی تمثیل نہین اور ان اشعار مین سوداکے شعر بلند ہمت اگر
ہون نہ زیر چرخ ضعیف ؛ ہلال عید ہو عالم کا کیونکہ روزہ کشا ؛ جو نا توان نہ کرین
دستگیری دشمن ؛ تو خار و خس نکرے شعلہ کو کبھو برپا ؛ فتادگی مین یہ عزت ہے
دیکھ اے سرکش ؛ کہ نیام بدلتی ہے النقش پا کو رادنما ؛ سب کے نزدیک تمثیل ہے
شیخ کے نزدیک باعتبار عقلی ہونے کے اور سکاکی کے نزدیک باعتبار غیر حقیقی ہونیکے اور جمہور کے
نزدیک سواسکے کہ اونکی تعریف مین یہ قیود معتبر نہین بلکہ عام ہر اس سے کہ حسی ہو یا عقلی حقیقی ہو
یا غیر حقیقی تشبیہ غیر تمثیل موافق جمہور کے یہ ہے کہ وجہ شبہ مرکب نہو اور سکاکی کے
نزدیک یہ کہ وہ مرکب نہو یا وصف حقیقی ہو اور شیخ کے نزدیک یہ کہ مرکب عقلی نہو
پس وہ عام ہے کہ واحد ہو یا متعدد یا مرکب حسی اور مثالین اسکی وجہ شبہ کی
بحث سے مثال پر واضح ہونگی تشبیہ مجمل وہ تشبیہ ہے کہ جسمین وجہ شبہ مذکور نہو
جیسے رخسار اوسکا گل ہے یا مثل گل کے ہے اور تشبیہ مجمل کئی قسم ہے ایک یہ کہ
وجہ شبہ اوسمین ابتداء سے نظر مین سب پر ظاہر ہوجاوے مثل جرأت اور رنگ کے
اس مثال مین کہ رخسار اوسکا گل ہے یا زید شیر ہے دوسرے یہ کہ وجہ شبہ پوشیدہ
ہو اور سوا خواص کے اوسکو کوئی معلوم نکر سکے مثلاً نالہ کی تشبیہ چادر سیاہ
سے یا تبسم کی برق سے اساتذہ فارسی کے کلام سے نسبت سیاہی کی نالہ طرف
مفہوم ہوتی ہے چنانچہ شیخ العارفین علی حزین طالب شرادہ کے ایک شعر مین
نالہ مشکین پیدا اور طالب آملی کے ایک شعر مین نالہ کے نیچے سیاہی مین غرق ہونا

دل کا اور ایک اور شعر مین تشبیہ نالہ کی شب دیز سے وارد ہی جو شخص دیکھا چاہے
بہار عجم مین نالہ کے لفظ کے معنی مین دیکھ لے اور تبسم معشوق کا از بسکہ بسبب
شوخی کے واقع ہوتا ہے یا بسبب اسکے کہ تبسم مین دندان کی سفیدی اور چمک
ظاہر ہو جاتی ہے اسواسطے اوسکو برق کے ساتھ تشبیہ دیتے ہین اور یہ امور بجز
خواص اور کوئی دریافت نہین کرسکتا تیسرے یہ کہ مشبہ اور مشبہ بہ مین سے کسی کا
وصف مذکور ہو اور وصف سے مراد وہ چیز ہے کہ وجہ شبہ پر اوس سے اشارہ ہو
جیسے زید شیر ہے یا زید فاضل شیر ہے پس فاضل ایسا وصف نہین ہے کہ
اوس سے جرأت پر اشارہ ہو چوتھے یہ کہ وصف مشبہ کا فقط مذکور کرین جیسے
روی روشن مثل آفتاب کے ہے یا موی سیاہ مانند شب کے ہے روشن اور سیاہ
دال ہے فروغ اور ظلمت پر کہ وجہ شبہ ہی پانچوین یہ کہ وصف مشبہ بہ کا فقط مذکور
کرین جیسے چہرہ اوسکا مثل گل شگفتہ کے ہی چھٹے یہ کہ وصف دونون کا مذکور
کرین جیسے روی منبسط اوسکا مانند گل شگفتہ کے ہی تشبیہ مفصل وہ تشبیہ ہی کہ وجہ شبہ
یا وہ چیز کہ وجہ شبہ اوسکو لازم ہو اوسمین مذکور کرین مثال اول کی رخسارہ اوسکا
شگفتگی مین گل کے مانند ہے اور زلف اوسکی سیاہی اور پیچیدگی مین مثل
سنبل کے مثال دوسری کی کلام فصیح شیرین مین مانند شہد کے ہے وجہ شبہ
اسمین رغبت ہی اور وہ شیرینی کو لازم ہی تشبیہ قریب مبتذل کہ وہ عام مین
بہت مستعمل ہوئی ہو اور وہ یہ ہی کہ مشبہ سے مشبہ بہ کی طرف خیال جلد جاوے
تشبیہ وجہ شبہ کے اظہر ہونے کی اور تشبیہ مبتذل کئی سبب سے ہوتی ہے ایک یہ ہے
کہ وجہ شبہ واحد ہو جیسے سیاہی زنگی کی تشبیہ مین کوئلے سے یا سفیدی شہد کی

تشبیہین برگی دوسرا یہ کہ مشبہ مشبہ بہ سے نسبت قریب رکھتا ہو جیسے بیر سیب سے تیسرا یہ کہ
مشبہ بہ اکثر ذہن مین گذرتا ہو جیسے زلف کی تشبیہ شب سے اور تشبیہ روی خوب
کی آفتاب سے حاصل کلام کا یہ ہے کہ تشبیہ قریب وہ ہے کہ اوسمین وجہ شبہ
تفصیل نہ رکھتی ہو اور اگر رکھتی ہو کم مثالین اول کی گذرین اور مثال دوسری کی
مثلاً تشبیہ آفتاب کی آئینہ سے گول اور روشن ہونے مین تشبیہ بعید غریب
وہ تشبیہ ہے کہ مشبہ سے مشبہ بہ کی طرف بعد فکر اور دقت کے ذہن منتقل ہوا اور اسباب
بعید اور غریب ہونے کے بھی کئی ہین ایک یہ کہ وجہ شبہ متعدد یا مرکب ہو چنانچہ
سابق معلوم ہوا دوسرا یہ کہ مشبہ بہ کو مشبہ کے ساتھ نسبت بعید ہو جیسے ابر کو زاغ
کے ساتھ بجز سیاہی کے اور کچھ نسبت نہین تیسرا یہ کہ مشبہ بہ ذہن مین ندرت کے
ساتھ حاضر ہو جیسے وہمی اور خیالی مین چنانچہ دانت غول کے اور نیزہ یاقوت کا
اور جاننا چاہیے کہ وجہ شبہ مین جسقدر ترکیب زیادہ ہوگی اوسقدر تشبیہ مین بُعد
اور غرابت بھی زیادہ ہوگی اور تشبیہ بلیغ وہی ہے کہ بعید اور غریب ہو اور قریب
مبتذل مین چندان لطف نہو اور کبھی تشبیہ مبتذل اندک تصرف کرلے سے
غریب ہو جاتی ہے جیسے زلف کو بسبب دوش پر افتادہ ہونے کے شب دیجور
کہین اور اگر تشبیہ مبتذل مین تصرف بطریق شرط کے ہوا اوسکو تشبیہ مشروط
کہتے ہین مثلاً یون کہین کہ تجکو سرو کہہ سکتے ہین اگر سرو مین ماہ کا ثمر لگتا ہو یا
تجکو ماہ کہہ سکتے ہین اگر ماہ مین سرو کا قد ہوتا تیسرا شعبہ تشبیہ کی تقسیم مین باعتبار
غرض کے یہ دو قسم ہے ایک مقبول دوسرا مردود تشبیہ مقبول یہ ہے کہ غرض
اوس سے اچھی طرح ظاہر ہو اور مردود وہ کہ ان امرون مین ناقص ہو جیسے

تشبیہ کی تقسیم مین باعتبار ادات کے اور حرف تشبیہ کو جس تشبیہ مین حرف تشبیہ
کے مذکور نہوون اوسکو موکد کہتے ہین اور جسمین مذکور ہون اوسکو مرسل اور موکد
دو طرح ہے ایک یہ کہ فقط حرف تشبیہ کے محذوف ہون جیسے رخسار گل سے ہے
اور دوسری یہ کہ حرف تشبیہ کو محذوف کرکے مشبہ بہ کی طرف اضافت کرین جیسے
گل رخسار اور تشبیہ مرسل جیسے رخسار اوسکا مانند گل کے ہے جب یہ بیان مفصل معلوم
ہوچکا اب سنا چاہیے کہ تشبیہ آٹھ قسم سے خالی نہین ہوتی اول یہ کہ مشبہ اور مشبہ بہ
مذکور کرین اور وجہ شبہ اور حرف تشبیہ کو محذوف مثلاً زید شیر ہے دوسرے یہ
کہ پوچھنے کے وقت مشبہ کو بھی حذف کرین مثلاً کوئی پوچھے زید کون ہے جواب
دیوین کہ شیر ہے تیسرے یہ کہ فقط حرف تشبیہ کو حذف کرین مثلاً زید شیر ہے
شجاعت مین چوتھے یہ کہ پوچھنے کے وقت مشبہ کو بھی حذف کرین مثلاً کوئی
پوچھے زید کون ہے جواب دیا جاوے کہ شیر ہے جرأت مین پانچوین یہ کہ وجہ
شبہ کو حذف کرین مثلاً زید مانند شیر کے ہے چھٹے یہ کہ پوچھنے کے وقت مشبہ کو بھی حذف
کرین مثلاً زید مانند شیر کے ہے ساتوین یہ کہ چارون کو مذکور کرین جیسے زید
مانند شیر کے ہے جرأت مین آٹھوین یہ کہ پوچھنے کے وقت مشبہ کو حذف کرین
جیسے پوچھنے کے وقت جواب دین کہ مانند شیر کے ہے جرأت مین اور ان آٹھ
قسمون مین سے قسم پہلی یعنی ذکر مشبہ مشبہ بہ کا فقط اور قسم دوسری یعنی
حذف کرنا مشبہ کا بھی پوچھنے کے وقت اقوی ہے اور دو قسم پچھلی یعنی چارون کا
ذکر کرنا اور وقت پوچھنے کے مشبہ کا حذف کرنا اضعف ہے اور بیچ کی قسمین
بین بین ہین قوی اور ضعف مین وجہ شبہ اور حرف تشبیہ کے حذف کرنے مین

قوت کی وجہ یہ ہے کہ جسوقت حرف ون کو حذف کیا اور کہا کہ زید شیر ہے کرنے مین
قوت کو وجہ شبہ جرات مین گویا زید کو بعینہ شیر فرض کر لیا اور جسوقت وجہ شبہ کو
حذف کیا اور کہا زید شیر ہے عمومیت حاصل ہوگئی پس جس تشبیہ مین ان دونوکو
ترک کرینگے وہ بہت قوی ہوگی اور جسمین ان دونون مین سے کوئی مذکور ہوگا
وہ بہ نسبت پہلی کے ضعیف ہوگی اور جسمین دونون مذکور ہونگے وہ سب سے زیادہ
ضعیف ہوگی یہ جو کچھ تحریر ہوا پورا بیان ہے تشبیہ کے باب مین کہ حق جل وعلی کے
تفضل سے انصرام کو پہونچا اور شجرہ پہلا تمام ہوا

شجرہ دوسرا استعارہ کے بیان مین

ازبسکہ استعارہ مجاز کی اقسام مین سے ایک قسم ہے اسواسطے لازم آیا کہ مجاز اور
حقیقت کی تعریف اول بیان کیجائے ہرچند علم بیان مین مقصد اصلی بحث
مجاز کی ہے اسواسطے کہ معنی واحد کا مختلف طریقون مین ادا کرنا مجاز مین ممکن ہے
نہ حقیقت مین لیکن عادت علما کی یون جاری ہوئی کہ حقیقت سے بحث کرتے ہین
اور حقیقت کو پہلے بیان کرتے ہین اسواسطے کہ حقیقت مین لفظ کو استعمال کرتے ہین
بمعنی موضوع لہ کے اور مجاز مین لفظ استعمال کرتے ہین اوس معنی مین کہ موضوع لہ
نہین ہے پس حقیقت اصل ہے اور مجاز فرع اور اصل فرع پر مقدم ہوتی ہے
حقیقت وہ کلمہ ہے کہ جس معنی کے واسطے وضع کیا گیا ہو اوسی معنی مین اوسکو
استعمال کرین اور وہ وضع کرنا اوس اصطلاح مین ہو کہ جس اصطلاح مین کلام
کرتے ہین نہ اور اصطلاح مین اور وہ اصطلاح کہ اوسمین کلام کرتے ہین مثلاً
اصطلاح لغت کی یا شرع کی حاصل کلام کا یہ ہے کہ اگر اصطلاح لغت مین مثلاً کلام

کرتے ہین پس جو لفظ اوسی اصطلاح مین کسی معنی کے واسطے بنایا گیا ہوا اور اوسی
معنی مین استعمال کرین وہ حقیقت ہے چنانچہ تفصیل اسکی آگے آتی ہے اب
سنا چاہیے کہ اس تعریف مین سے استعمال کی قید سے وہ لفظ نکل گیا کہ ابھی اوسی
استعمال مین مستعمل نہین ہوا اسواسطے کہ جو لفظ ابھی اوس اصطلاح مین مستعمل
نہین ہوا اوسکو نہ حقیقت کہتے ہین نہ مجاز اور وضع کی قید سے دو چیزون سے احتراز
ہوا اول اوس چیز سے کہ بھولے سے غیر موضوع لہ کے واسطے استعمال کی گئی ہو
جیسے سامنے رکھی ہوئی کتاب کو کوئی شخص گھوڑا کہے پس گھوڑا اس محل مین
معنی موضوع لہ کے غیر کیواسطے مستعمل ہوا اور جیسے مجاز نہین ایسے حقیقت بھی
نہین اور دوسرے اوس مجاز سے کہ موضوع لہ مین استعمال نہین کیا گیا نہ اوس
اصطلاح مین کہ جسمین کلام کرتے ہین اور نہ دوسری اصطلاح مین مثلاً استعارہ
اسد کا واسطے رجل شجاع کے اسد واسطے رجل کے کسی اصطلاح مین موضوع
نہین ہے اور اگر کہین کہ اسد علم بیان مین رجل شجاع کے واسطے موضوع ہے باعتبار
تاویل کے گو وضع باعتبار تحقیق کے نہین ہم کہتے ہین کہ لفظ وضع کا جب مطلق
ہوتا ہے اوس سے وضع تحقیقی سمجھی جاتی ہے نہ وضع تاویلی اور اس قید سے کہ
جس اصطلاح مین کلام کرتے ہون احتراز ہوا اوس مجاز سے کہ دوسری اصطلاح
مین معنی موضوع لہ مین مستعمل ہوا ہو جیسے صلواۃ کہ شرع کے استعمال مین دعا کے
معنی مین استعمال کرین لفظ اس معنی مین شرع کی اصطلاح مین حقیقت نہین ہے
بلکہ مجاز ہے کسواسطے کہ شرع مین معنی نماز کے وضع کیا گیا ہے اور لغت مین
دعا کے معنی مین موضوع ہے اور مجاز وہ کلمہ ہے کہ جس معنی کے واسطے وضع کیا گیا ہے

اوس معنی مین استعمال نکرین اور کوئی قرینہ ایسا قائم ہو کہ جس سے یہ معلوم ہووے
کہ وہ کلمہ معنی موضوع لہ کے غیر مین استعمال کیا گیا ہے اور از بسکہ حقیقت مین
وضع کا ہونا مجاز مین نہونا معتبر ہے وضع کے معنی کا جاننا بھی ضرور ہے پوشیدہ
نرہے کہ وضع لفظ کی معین کرنا ہے لفظ کا کسی معنی پہ دلالت کرنے کے واسطے
بذاتہ یعنی کسی قرینہ کے واسطہ سے اوس معنی پہ دلالت نکرے بلکہ خود بذاتہ دلالت
کرے بذاتہ کی قید سے وضع کی تعریف سے مجاز خارج ہو گیا اسواسطے کہ مجاز معنی مراد کو
بواسطہ قرینہ کے دلالت کرتا ہے اور معلوم کیا چاہیے کہ حقیقت بمعنی ثابت ہو فعیل سے
کے ہے اور اوس کلمہ کو کہ اپنے معنی موضوع لہ مین مستعمل ہو حقیقت اسواسطے کہتے ہین
کہ وہ اپنے مکان اصلی مین ثابت اور مکان اصلی کلمہ کا وہ معنی ہے کہ جسکے واسطے
وہ لفظ بنایا گیا ہے اور مجاز مصدر میمی ہے بمعنی اسم فاعل کے یعنی گذرنے والا اور
اوس کلمہ کو کہ اپنے معنی موضوع لہ کے غیر مین استعمال کیا گیا ہے مجاز اسواسطے
کہتے ہین کہ اوسنے اپنے مکان کو چھوڑ دیا ہے جاننا چاہیے کہ حقیقت اور مجاز
دونون چار قسم ہین قسمین حقیقت کی حقیقت لغوی حقیقت شرعی حقیقت
عرفی خاص حقیقت عرفی عام یعنی کوئی لفظ اگر لغت مین کسی معنی کے واسطے
وضع کیا گیا ہے اوسکو حقیقت لغوی کہتے ہین اور اگر شرع مین وضع کیا گیا ہے
اوسکو حقیقت شرعی کہتے ہین اور اگر کسی خاص فرقہ کی اصطلاح مین وضع کیا گیا ہے
جیسے نحوی یا صرفی یا منطقی یا سوا انکے اوسکو حقیقت عرفی خاص کہتے ہین اور اگر
کسی خاص فرقہ کی اصطلاح مین وضع نہین کیا گیا بلکہ عام اوس لفظ سے
وہ معنی سمجھے ہین اوسکو حقیقت عرفی عام کہتے ہین اور اسیطرح قسمے مین مجاز کی

یعنی کلمہ اگر لغت کی اصطلاح مین اوسکی موضوع لہ کے غیر مین استعمال کیا گیا ہو وہ مجاز لغوی ہے اور اگر شرع کی اصطلاح مین تھا ایک معنی کے واسطے اور استعمال کیا گیا کسی اور معنی مین وہ مجاز شرعی ہے اور اگر اصطلاح خاص مین کسی معنی کے واسطے موضوع تھا اور اوسکے غیر مین وہ مجاز ہوا وہ مجاز عرفی خاص ہے اور اگر عام کی اصطلاح مین موضوع تھا کسی اور معنی کے واسطے مستعمل ہوا اور معنی مین وہ مجاز عرفی عام ہے اوسکی مثال یہ ہے کہ شریعت مین جانور درندہ مشہور کیواسطے بنایا گیا ہے اس معنی مین استعمال کرنے کو حقیقت لغوی کہتے ہین اور معنی مرد بہادر کی استعمال کرنے کو مجاز لغوی اور لفظ صلوٰۃ کا شرع کی اصطلاح مین نماز کیواسطے موضوع ہو اور لغت مین بمعنی دعا کی شرع کی اصطلاح مین بمعنی نماز کے استعمال کرنا حقیقت شرعی ہے اور اوسی اصطلاح مین بمعنی دعا کے مجاز شرعی ہے اور لفظ فعل کا علم نحو مین موضوع ہے لفظ خاص کے واسطے یعنی ماضی اور مضارع اور امر اور نہی اور لغت مین بمعنی کرنی کے ہو پس نحو کی اصطلاح مین لفظ خاص کے معنی مین حقیقت عرفی خاص ہے اور کرنے کے معنی مین مجاز عرفی خاص اور لفظ دابہ کا عام کے نزدیک بمعنی چارپایہ کے ہے پس اس معنی مین حقیقت عرفی عام ہے اور بمعنی انسان کے مجاز عرفی عام جب یہ معلوم ہوگیا پس سنا چاہیے کہ لفظ کو معنی مجاز مین استعمال کرنیکے واسطے کسیطرح کا علاقہ ضرور ہو کیونکہ اگر معنی حقیقی اور معنی مجازی مین کوئی علاقہ نہو پس اوس معنی مین استعمال کرنا اوس لفظ کا غلط ہوگا مثلاً کتاب کی طرف اشارہ کرکے کہا جاوے کہ لے تو اس گھوڑے کو یہ استعمال غلط ہے کیونکہ کتاب اور گھوڑے مین کچھ علاقہ نہین ہے اور مجاز اور حقیقت مین

اگر علاقہ سوای مشابہت کے کوئی اور چیز ہے اوسکو مجاز مرسل کہتے ہین جیسے لفظ ہاتھ
کا ہندی مین اور دست کا فارسی مین معنی قدرت کے ہاتھ اور قدرت مین علاقہ سبب
کا ہے یعنی ہاتھ قدرت کا سبب ہو اسیواسطے ہاتھ کے لفظ کو قدرت کے معنی مین
مستعمل کرلیا ہے اور پتا ہندی مین نام خلط صفرا کا ہے اور مستعمل ہے عام مین
بمعنی غیرت کے اسواسطے کہ مزاج صفراوی مین حدت اور تیزی بہت ہوتی ہے
اور غیرت طبیعت کی حدت سے حاصل ہوتی ہے اور علی ہذا القیاس اور اگر علاقہ
مشابہت کا ہے اوسکو استعارہ کہتے ہین پس اگر مشبہ بہ کو مذکور کرین اور مشبہ کو
ترک اوسکو استعارہ بالتصریح کہتے ہین مثلاً ماہ یا آفتاب کہین اور اوس سے رخسارۂ
معشوق مراد ہو یا نرگس اور بادام اور صاد کہین اور چشم مراد ہو علی ہذا القیاس
چنانچہ اس شعر مین شعر صنم بتا تو خدائی مین تجکو کیا نہ ہوا ۞ ہزار حیف کہ تو بت ہوا
خدا نہوا ۞ صنم معنی بت کے ہے اور یہان مراد مشبہ ہو یعنی معشوق اسکو استعارہ
بالتصریح کہتے ہین اسواسطے کہ ناگاہ لینا لفظ صنم کا مثلاً واسطے معشوق کے صریح ہے
اور اگر مشبہ بہ کو ترک کرین اور مشبہ کو مذکور اوسکو استعارہ بالکنایہ کہتے ہین جیسے
اس شعر مین شعر جو سوئی جیب ہین ہم سرنگون سبب یہ ہی ۞ کہ دل کے زخم تو مژگان
سے ہین رفو کرتے ۞ ظاہر ہو کہ مژگان کو حقیقتہً صلاحیت رفو کرنے کی نہین ہے پس
معلوم ہوا کہ اوسکو سوزن سے تشبیہ دی ہے لیکن مشبہ بہ یعنی سوزن کو ترک کیا ہے
اور مشبہ یعنی مژگان کو مذکور اور اسکو استعارہ بالکنایہ اسواسطے کہتے ہین کہ اوسکا
استعارہ ہونا صریح نہین معلوم ہوتا ہے اور تصریح نکرنے کا نام کنایہ ہے پس یہ
استعارہ بطریق کنایہ کے ہوا اور اس استعارہ کی مثالین اسکے موقع مین آوینگی

معلوم کیا چاہیے کہ استعارہ مین مشبہ کو بعینہ مشبہ بہ ہونے کا ادعا کرتے ہین یعنی
زید کو بعینہ شیر ہونے کا دعوی کرتے ہین مشبہ بہ خواہ مذکور ہو جیسے استعارہ بالتصریح
مین خواہ متروک ہو جیسے استعارہ بالکنایہ مین اور دونون صورت مین مشبہ بہ کو
مستعار منہ کہتے ہین اور اوس لفظ کو کہ مشبہ بہ کے معنی پر دلالت کرے مستعار کہتے ہین
اور مشبہ کے معنی کو مستعار لہ کہتے ہین حاصل یہ ہے کہ شیر یعنی جانور درندہ معروف
مستعار منہ ہے یعنی مانگا ہوا اوس سے اور لفظ شیر کا مستعار یعنی مانگا ہوا ہے اسواسطے
کہ شیر اصل مین خاص ہے جانور معروف کے واسطے اور جب معنی شجاع کے کہا گویا
اس لفظ کو اوس سے مانگ لیا اور معنی زید کے یعنی شخص خاص مستعار لہ ہے یعنی
مانگا ہوا واسطے اوسکے اسواسطے کہ لفظ شیر کا زید کے واسطے مانگا گیا ہے اور زید کے
لفظ کا کچھ نام نہین پوشیدہ نرہے کہ علما کو اختلاف بڑا ہے اس امر مین کہ استعارہ
کونسا مجاز ہے آیا مجاز لغوی ہے یا عقلی اور مجاز عقلی سے یہ مراد ہے کہ ایک امر
عقلی مین تصرف کیا گیا ہو پس جمہور اس بات پر ہین کہ استعارہ مجاز لغوی ہے
یعنی وہ ایسا لفظ ہے کہ جس معنی کیواسطے بنایا گیا ہے اوس معنی کے غیر مین مستعمل
ہوا ہے مشابہت کے علاقہ سے اور اس بات پر دلیل یہ ہے کہ مثلاً جنے کسی کو
شیر کہا بسبب شجاعت کے پس لفظ شیر کا جانور درندہ معروف کیواسطے وضع کیا گیا
ہے نہ مرد شجاع پر بھی اوسکا اطلاق درست ہو اور شیر پر بھی بلکہ وہ لفظ شجاع کا ہے
کہ دونون پر صادق آتا ہے حاصل یہ ہے کہ شیر نہ معنی شجاع کے ہے اور نہ معنی فقط
مرد شجاع کے بلکہ معنی جانور درندہ معروف کے ہے اگر وہ لفظ اون دونون مین
سے کسی کے واسطے موضوع ہوتا اور نیز اطلاق اوسکا حقیقۃً ہوتا اور چونکہ وضع

اسکے واسطے جانور معروف کے ہے پس اطلاق اوسکا اوسپر باعتبار مجاز کے ہوا اور یہ اطلاق
اوس شے پر ہے کہ معنی لغوی کی غیر ہے پس مجاز لغوی ہوا اور بعضون نے یہ کہا ہے
کہ وہ مجاز عقلی ہے یعنی استعارہ امر عقلی مین تصرف کرنے کا نام ہے اسواسطے کہ جب
ہمنے کسیکو شیر کہا اوسکو بعینہ شیر ٹھہرالیا مانند شیر کے اس صورت مین گویا شیر کے
لفظ کا وہ شخص موضوع لہ ہوا پس یہ دعوی کرنا تعلق عقل سے رکھتا ہے نہ لغت سے
ماحصل یہ ہے کہ زید مثلاً واقع مین شیر نہ تھا اور اوسکو اپنے نزدیک شیر ٹھہرالیا ہے
اور جو چیز کہ واقع مین نہو اوسکو واقعی ٹھہرالینے کو مجاز عقلی کہتے ہین پس یہ استعارہ مجاز
لغوی نہوا بلکہ مجاز عقلی ہوا اور اگر مشبہ کو بعینہ مشبہ بہ نہ ٹھہراتے ہون تو بعضے مقام
مین تعجب کرنا اور بعضے مقام مین تعجب کو منع کرنا صحیح نہو مثلاً اگر معشوق شب کو عاشق
کے گھر مین آوے تو عاشق از روی تعجب کے کہے کہ آفتاب کا شب مین طلوع کرنا باعث
تعجب کا ہے اگر معشوق کو بعینہ آفتاب نہ ٹھہرایا تو اس جاے مین تعجب کرنا یعنی تھا
کسواسطے کہ جلوہ گر ہونا ایسے آدمی کا کہ جو مشابہت آفتاب سے رکھتا ہو شب مین
عجب نہین ہے بلکہ طلوع آفتاب ہی کا عجیب ہے یا معشوق کے شب کو جلوہ گر نہونیکو
تاویل کرین کہ اوسکے جلوہ گر نہونے سے تعجب کرنا سچا ہے کہ آفتاب شب مین جلوہ گر
نہین ہوتا اور اس مذہب کو علما نے اسیطرح رد کیا ہے کہ مشبہ کو بعینہ مشبہ بہ
ٹھہرانے سے یہ نہین لازم آتا کہ مشبہ موضوع لہ ہو جاوے کسواسطے کہ یہ امر ظاہر ہے
کہ لفظ آفتاب کا بنایا گیا ہے جرم روشن معروف کے واسطے اور شخص حسین کے معنی مین
استعمال کر لیا گیا ہے اور تعجب کرنا اور تعجب سے منع کرنا اسواسطے ہے کہ گویا مشابہت کے
قطعاً فراموش کیا ہے تاکہ مبالغہ کا حصہ ادا ہو جاوے اس سے ثابت ہوا کہ استعارہ

مجاز لغوی ہے یعنی معنی موضوع لہ کے غیر مین استعمال کیا گیا ہے معلوم کیا چاہیے
کہ استعارہ مین دو امر ہوتے ہین ایک تو یہ کہ مشبہ بہ کی جنس سے ٹھہر لیتے ہین بطریق
تاویل کے اور دوسرے یہ کہ ایک ایسا قرینہ قایم ہوتا ہے کہ اوس سے یہ معلوم ہو
کہ یہان جو شی متعارف ہے وہ مراد نہین بلکہ خلاف اوسکے مراد ہے یہ امر بہت توضیح
چاہتا ہے تاکہ حقیقت اوسکی بوجہ احسن ذہن نشین ہو جاوے معلوم کیا چاہیے کہ
مشبہ کو مشبہ بہ کی جنس سے قرار دینا اسطرح سے ہے کہ جو شخص شیر کی لفظ کو رجل شجاع
کے واسطے استعارہ کرتا ہے وہ شیر کی افراد کو بطریق تاویل کے دو قسم کرتا ہے ایک
قسم متعارف یعنی وہ کہ جسمین نہایت دلاوری ہے اس جسم اور ہیئت اور چنگل اور
دانت اور حملہ وغیرہ کے ساتھ اور دوسری قسم غیر متعارف کہ اوسمین نہایت جرأت اور
دلاوری ہے لیکن اوس بدن اور ہیئت وغیرہ کے ساتھ نہین ہے بلکہ بدن اور ہیئت
اور ہاتھ اور دندان وغیرہ مثل انسان کے ہین اور لفظ شیر کا موضوع ہے اوس
متعارف کے واسطے پس جب شیر کے لفظ کو استعمال کیا غیر متعارف کے واسطے کہ یہ
موضوع لہ نہین ہے تو یہ استعمال غیر موضوع لہ مین ہوا اور قرینہ سے معلوم ہوتا ہے
کہ موضوع لہ یعنی متعارف مراد نہین ہے بلکہ غیر متعارف مراد ہے جب یہ معلوم ہوگیا
تو اب جاننا چاہیے کہ کذب مین یہ دونون امر نہین ہوتے یعنی مشبہ کو مشبہ بہ کی
جنس سے ٹھہرانا اور متعارف کی مراد نہونے پر قرینہ قایم کرنا اور یہی فرق ہے استعارہ
اور کذب مین بعد فرق معلوم ہونے کے سنا چاہیے کہ قرینہ استعارہ کا کبھی ایک چیز
ہوتی ہے اور کبھی کئی چیزین اول کی یہ مثال ہے شعر آفتاب روز مشتاقان ہوا ہے
جلوہ گر شام تنہائی بسر ہوتی ہے کیونکر دیکھیے ؀ اور دوسری کی مثال یہ ہے شعر

بزم مین خورشید اپنا محو مدہوشی رہا ٭ شام سے تا صبح گرم شغل مے نوشی رہا ٭ پہلی
شعر مین روز مشتاقان اور دوسری مین بزم مدہوشی اور شام سے صبح تک گرم
مے نوشی رہنا قرینہ ہی اس امر کا کہ آفتاب اور خورشید سے معشوق مراد ہے
پوشیدہ نرہے کہ جیسے تشبیہ باعتبار چند چیزون کے کئی نوع ہو گئی تھی اسیطرح سے
استعارہ بھی چند چیزون کے اعتبار سے کئی قسم ہوتا ہے اول باعتبار مستعار اور مستعار لہ
کے دوسری باعتبار وجہ شبہ کے کہ اوسکو استعارہ کی بحث مین وجہ جامع کہتے ہین
تیسری باعتبار ان تینون کے چوتھی باعتبار اون چیزون کے کہ سوائے ان تین
کے ہین اور ہم ان چارون قسمون کو چار ثمرہ مین بیان کرتے ہین

ثمرہ پہلا

استعارہ کی تقسیم مین باعتبار دونون طرف یعنی مستعار منہ اور مستعار لہ کا اور یہ دو قسم ہی
اول یہ کہ مستعار منہ اور مستعار لہ ایک شی مین اکٹھی ہو سکتے ہون مثلاً لفظ زندگی کا کہیں
اور مراد اوس سے ہدایت ہو اور آنکھون والا کہین اور مراد اوس سے صاحب علم ہو کیونکہ زندگی اور
ہدایت یا آنکھین اور علم ایک شخص مین اکٹھی ہو سکتے ہین یعنی جائز ہے کہ ایک شخص
زندہ ہو اور ہدایت بھی رکھتا ہو یا ایک شخص آنکھین اور علم دونون رکھتا ہو اس
استعارہ کو وفاقیہ کہتے ہین اسواسطے کہ وفاق بمعنی موافقت کرنے کے ہی اور اس
استعارہ مین بھی مستعار منہ اور مستعار لہ ایک شی مین اکٹھی ہو سکتے ہین گویا ان
دونون مین موافقت ہی دوسری قسم یہ ہی کہ اون دونون کا ایک شی مین اکٹھا ہونا
محال ہو مثلاً ایک شخص مر گیا ہو اور اوسکو بسبب نام نیک اور شہرت کے زندہ کہین
اسکو عنادیہ کہتے ہین اسواسطے کہ عناد بمعنی دشمنی کے ہی اور مستعار منہ اور مستعار لہ

یعنی موت اور زندگی اس استعارہ مین ایک شی مین جمع نہین ہو سکتی گویا آپس مین
دشمنی رکھتے ہین اور عنادیہ کے قبیل سے ہو بخیل کو حاتم یا نامرد کو رستم کہنا اور مثلاً
کہا جاوے کسی شہر کے حاکم کو نوشیروان اور مراد اوس سے یہ ہو کہ ظالم ہے اور ایسا
بطریق ظرافت اور تمسخر کے ہوتا ہے اسکی تفصیل تشبیہ مین گذری

ثمرہ دوسرا استعارہ کی تقسیم مین باعتبار وجہ جامع یعنی وجہ شبہ کے

جاننا چاہیے کہ استعارہ باعتبار وجہ جامع کے چار قسم ہے قسم اول یہ کہ جامع مستعار منہ
اور مستعار لہ کے مفہوم مین داخل ہو یعنی مستعار منہ اور مستعار لہ کے معنی کا جز ہو مثلاً
دوڑنے کو استعارہ کرین اوڑنے کو ساتھ اور کہین کہ فلانا قاصد اوڑگیا یعنی دوڑ کر
گیا وجہ جامع آمین قطع مسافت ہو اور یہ دوڑنا اور اوڑنے دونون کو مفہوم مین
داخل ہے کیونکہ دوڑنا اور اوڑنا ایسی حرکت کو کہتے ہین کہ اوس سے جلد مسافت
قطع ہو لیکن اسقدر ہے کہ مستعار منہ مین شدید ہے اور مستعار لہ مین بنسبت اوسکو
ضعیف قسم دوسری یہ ہو کہ جامع اونکے مفہوم سے خارج ہو مثلاً استعارہ شیر کا
مرد شجاع کے واسطے پس شیر موضوع ہے واسطے حیوان مشہور کے اور شجاعت اوسکا
وصف ہو اور اوسیطرح سے مرد موضوع ہے واسطے مذکر کے اور شجاعت اوسکا
بھی وصف ہو پس یہ وصف دونون کے مفہوم سے خارج ہے اور اگر کوئی کہے
کہ لفظ مرد کا عرف مین معنی رجل شجاع کے ہو اس سے معلوم ہوا کہ شجاعت اوسکے مفہوم
مین داخل ہے اور تم کہتے ہو کہ شجاعت خارج ہم کہتے ہین کہ مرد اصل مین ترجمہ
رجل کا ہے او معنی رجل شجاع کے مجاز مستعمل ہے پس وہ وصف اوسکی مفہوم
مین داخل نہوا اور اگر خارج کی جگہ داخل نہونیکا لفظ کہا جاوے یعنی دوسری قسم

یہ کہ جامع اونکی مفہوم مین داخل نہو تو یہ زیادہ تر مناسب ہی کسواسطے کہ اگر جامع ایک کی مفہوم مین داخل ہوا اور دوسری کی مفہوم سے خارج ہو تو وہان بھی صادق آویگا کہ دونون کی مفہوم مین داخل نہین ہے مثلاً یہ مان لیوین کہ مرد بمعنی رجل شجاع کے موضوع ہے اور شجاعت اوسکا جز ہے یا کہین کہ مجموع رجل اور شجاع مستعمل ہو نہ تنہا رجل کہ موصوف ہو وصف شجاعت سے اور اوس صورت مین بھی شجاعت اوسکے مفہوم مین داخل ہوتی ہے تو بھی کہا جاویگا کہ دونون کے مفہوم مین داخل نہین ہے کسواسطے کہ اگر ایک کی مفہوم مین داخل ہے تو دوسری کی نہین ہے یہ مطلب دقیق ہے یہان تامل اور فکر کو کام فرمانا چاہیے اور اسی قبیل سے ہے گل کہنا رخسار کو اور لعل اور یاقوت لب کو اور سرو قد کو اور زنگی زلف اور خال کو علےٰ ہذا القیاس کہ اونمین سرخی اور راستی اور سیاہی بطریق لف ونشر مرتب کی جامع اور وہ ان سب چیزون کی مفہوم مین داخل نہین ہے قسم تیسری یہ ہے کہ جامع ابتدائے نظر مین معلوم ہوجاوی بغیر فکر اور غور کے جیسے تشبیہ مین گذرا مثلاً ماہ اور آفتاب استعارہ کرین رخسار کو یا گل سے اور علی ہذا القیاس یہ بات ظاہر ہے کہ روشنی اور نگینی جامع ہے اور اسی قسم سے استعارہ ہی سرو اور زنگی اور اسد وغیرہ کا قد اور زلف اور رجل شجاع کے واسطے اس استعارہ کو عامیہ اور مبتذلہ کہتے ہین عامیہ اسواسطے کہ وجہ جامع اسکی بسبب کمال ظہور کے سب پر ظاہر ہے اور مبتذلہ اسواسطے کہ ابتذال معنی خرچ کرنے اور بہت صرف مین لانے کو ہے اور ایسا استعارہ بھی بہت مستعمل ہوتا ہے اور کچھ نادر نہین ہوتا کہ سوا ایک دو جاے کی اور کہین استعمال نہ پایا ہو قسم چوتھی یہ کہ جامع کو سواے خواص اور اہل فہم اور کوئی دریافت

نکہ ایسے اس استعارہ کو غریبہ کہتے ہین مثلاً صراحی کی آواز کو ہچکی سے استعارہ کیا چنانچہ اس مصرع مین عم تری محفل مین شیشہ ہچکیان لے لے کے روتا ہے ؛ جامع آمین ہے آواز کا اچھی طرح سے نہ نکلنا اور بند ہو جانا اور یہ خوب ظاہر نہین ہے اسی قبیل سے ہے یہ شعر شعر ہوا یہ جوش مین سودا کہ میری آنکھون سے ؛ بجائے لعل نکلتے ہین اب سلیمانی ؛ جوش سودا سے سیاہ ہونے کے سبب اشک خونی کو دانہ سلیمانی سے استعارہ کیا ہے اور سودا ایک خلط ہے کہ اوسکا رنگ سیاہ ہے اور چونکہ دانہ سلیمانی قدرے سفیدی بھی رکھتا ہے اوسمین اشک کی رطوبت کا ہونا بھی منظور ہے یہ بات بجز خواص کے اور کسیکو معلوم نہین ہوتی اور یہ شعر شیخ ابراہیم ذوق سلمہ اللہ تعالیٰ کا شعر جسکی آواز سے ہون رونگٹے سوہان کے کھڑے ؛ وہ محبت ذو دیا سلسلہ ہا ہاکو سوہان کے دندانہ او بھرے ہوئے ہونے کو رونگٹے کے کھڑے ہونے سے استعارہ کیا ہے وجہ جامع آمین بن مو کا اندک اونچا ہو جانا رونگٹے کھڑے ہونیکے وقت چنانچہ یہ امر تجربہ اور مشاہدہ پر موقوف ہے اور اسطرح کی حالت سوہان اندر بعینہ پائی جاتی ہے اور خفا اسکا ظاہر ہے اور کبھی استعارہ عامیہ مبتذلہ مین ایک ایسا تصرف کرتے ہین کہ وہ غریب ہو جاتا ہے مثل تشبیہ کے کہ پہلے اس ہی مفصل مذکور ہو چکی اوسکی مثال ہے یہ شعر شعر نجانے قصد ہے کس خون گرفتہ کا کہ رہتی ہے ؛ علم شمشیر زہر آلودہ سر چشم فتان کے ؛ ابرو کو تیغ سے استعارہ کیا اور یہ استعارہ مبتذل ہے لیکن زہر آلودہ کہنے سے ایک گونہ غرابت اسمین ہم پہونچی کیونکہ زہر کو سبزی سے نسبت ہے اور سبزی اور سیاہی مین چندان تفاوت نہین ہے پس ابرو کو بسبب سیاہی رنگ کے تیغ زہر آلودہ سے استعارہ کرنا امر غریب ہے

ثمرۂ تیسرا استعارہ کی تقسیم مین

باعتبار ان تینون چیزون یعنی مستعار منہ اور مستعار لہ اور جامع کے معلوم کیا چاہیے کہ مستعار منہ اور مستعار لہ یا دونون حسی ہون اور اس قسم مین وجہ جامع حسی اور عقلی دونون ہو سکتی ہے اسواسطے کہ جو چیز حسی ہو اسمین امر عقلی کا ہونا منع نہین جیسے اسد مین جرأت اور رجل مین علم یا قدرت یا جہل تسپر یہ دو قسم ہے اول یہ کہ تینون حسی ہون دوسری یہ کہ دونون حسی ہون اور وجہ جامع عقلی یا مستعار منہ اور مستعار لہ دونون عقلی ہون یا مستعار منہ حسی اور مستعار لہ عقلی یا بالعکس اور وجہ جامع ان تینون قسمون مین حسی نہین ہوتی بلکہ عقلی ہوتی ہے یہ سب پانچ قسمین ہوئین اور بعضون نے ایک قسم چھٹی اسطرح سے حاصل کی ہے کہ مستعار منہ اور مستعار لہ دونون حسی ہون اور وجہ جامع مختلف یعنی وجہ جامع مرکب ہو بعض امر عقلی اور بعض امر حسی سے ہم ان چھہ قسمون کی مثالین بیان کرتے ہین قسم اول یعنی تینون حسی ہون جیسے گل سے یا آفتاب سے اور بادہ سے رخ کا شراب سے معشوق کے آب دہن کا اور آواز صورت صدای ہیبت ناک کا اور مشک سے بالون کا اور سطح آب سے شکم کا استعارہ کرین اول دیکھنے کی چیزون سے ہے اور دوسری چکھنے کی چیزون سے اور تیسری سننے کی چیزون سے اور چوتھی سونگھنے کی چیزون سے اور پانچوین چھونے کی چیزون سے کسواسطے کہ وجہ جامع پانچوین مین ملایمت ہے چنانچہ ان شعرون مین سودا کا شعر شعر

چمن مین تجکو آتے سنکر باد سحر یہ گھبرائی ❊ ساغر حباب لا دین لا دین تو ڑ سبو کو جام کیا ❊ اس شعر مین غنچہ کا استعارہ سبو سے اور گل کا جام سے ہے شکل اور ہیئت مین اور اسیطرح سے ہے شیخ ابراہیم ذوق کا شعر شعر گر تر ہے فریادیون کی نامہ پیچیدہ کو

لب پہ رکھکر پھونکیے پیدا ہونا نالہ صور کا ہو ذہن کی آواز کو صور کے نالے کے ساتھ تشبیہ دیا گیا ہے اور زیادہ مثالون کی کچھ حاجت نہین قسم دوسری یعنی دونون حسی ہون اور وجہ جامع عقلی جیسے استعارہ مرد شجاع کا شیر سے کہ جامع اسمین جرأت ہے علی ہذا القیاس قسم تیسری یعنی مستعار منہ و مستعار لہ عقلی اور وجہ جامع بھی عقلی ہو مثلاً کوئی شخص ایک امر کی تلاش سے بعد تردد دادُ ٹھانے کے باز آوے تو کہین کہ اب وہ شخص بیٹھ رہا بیٹھنا حسی ہے اور باز رہنا عقلی اور وجہ جامع اسمین سکونت اور اطمینان ہے اور اسی قبیل سے ہے استعارہ شراب کا کوثر سے بشرطیکہ وجہ جامع اسمین کمال مرغوب ہونا شراب کا ہو مثل کوثر کے اس صورت مین مستعار لہ یعنی کوثر اور وجہ جامع عقلی ہوئی ہین اور اگر مزہ ہو تو جامع چکھنے کی چیزون سے ہو جاویگی چنانچہ اس شعر مین شعر مجھے جنت سی ساقی کم نہین ہے بزم خوبان کی کہ یان حورون کے ہاتھون سے ملا ہے جام کوثر کا ٭ قسم چوتھی یعنی مستعار لہ حسی اور مستعار منہ اور جامع عقلی ہو مثلاً معشوق کے قد کا استعارہ قیامت سے اور قسم پانچوین یعنی تینون عقلی ہون مثلاً خواب کو موت سے استعارہ کرین قسم چھٹی یعنی دو حسی ہون اور وجہ جامع مرکب ہو بعض امر حسی اور بعض عقلی سے چنانچہ شخص جلیل القدر کو آفتاب سے استعارہ کرین حسن اور بزرگی شان کی مجموع وجہ جامع ہے

ثمرہ چوتھا استعارہ کی تقسیم مین باعتبار اور چیزونکے سوا ان تین کے

معلوم کیا چاہیے کہ استعارہ باعتبار لفظ مستعار کے دو قسم ایک اصلیہ اور دوسرا تبعیہ اصلیہ وہ ہے کہ لفظ مستعار یعنی وہ لفظ کہ جسکے معنی مشبہ بہ واقع ہوئی ہین اسم جنس ہو اور اسم جنس وہ ہے کہ دلالت کرے ایسی شے پر کہ اوسکو بہت چیزونپر

صادق آنے کی صلاحیت ہو بغیر اعتبار کسی وصف کے جیسے شیر اور گل اور سرو اور جب
اور مرد اور رسی مین داخل ہے مصدر مثل قتل اور ضرب وغیرہا اور اسم جنس کے
قبیل سے ہے کسی شخص خاص کا نام کہ بسبب کسی وصف کے تاویل کر کے اسم جنس مین
داخل کرین مثلاً حاتم اور رستم کہ اول کو معنی سخی کے اور دوسرے کو معنی بہادر کے
استعمال کرتے ہین مثلاً کہین کسی شخص کو حاتم یا رستم اور اسم جنس کا استعارہ واقع ہے
پہلی مثالون سے واضح ہے اور ایذاء شدید کو قتل سے استعارہ کرنا مصدر کی
مثال ہے اور اسکو استعارہ اصلیہ اسواسطے کہتے ہین کہ بنا استعارہ کی تشبیہ پر ہے
یعنی مستعار لہ کو تشبیہ ہوتی ہے مستعار منہ کے ساتھ اور یہ ظاہر ہے کہ تشبیہ شبہ کا
وصف ہوتا ہے اسواسطے کہ وہ مشبہ بہ کے ساتھ وجہ شبہ مین شریک ہو اور موصوف
ہونے مین حقائق اور ذاتین اصل ہوتی ہین مثلاً چشم سفید اور بیاض صاف
اور چونکہ شیر اور گل اور سرو وغیرہا ذاتین ہین اور تشبیہ کے وصف سے موصوف
ہوئی ہین اسواسطے اس استعارہ کا اصلیہ نام رکھا ہے اور استعارہ تبعیہ وہ ہے
کہ لفظ مستعار فعل ہو یا شبہ فعل یا حرف اور فعل اوس لفظ کو کہتے ہین کہ وہ
اپنے معنی پر اور تینون زمانون مین سے کسی زمانہ پر دلالت کرے یعنی یا گذرے
زمانہ پر مثلاً کہا اور سنا یعنی ملاحظہ زمانہ سابق ہین یا زمانہ آیندہ پر مثلاً کہیگا اور سنیگا
یعنی آگے گویا زمانہ حال پر مثلاً کہتا ہو یا سنتا ہے یا کہہ یا سن کہہ اور تشبیہ فعل
بمعنی اوس چیز کے ہو کہ فعل سے مشتق ہو یعنی اسم فاعل جیسے کہنے والا یا اسم مفعول
جیسے کہا گیا ہوا اور حرف اوسے کہتے ہین کہ جبتک کچھ اور شئے اوسکے ساتھ شامل
نہو معنی پر دلالت نکرے اور زمانہ بھی اوسمین نہ پایا جاتا ہو جیسے کلمہ سے کا کہ سند یا کر

ابتدا کے واسطے ہی یا مین ظرف کیواسطے یا تک انتہا کے واسطے جیسا کہ یون کہین
کہ بازار سے آیا اور گھر مین گیا یا دروازہ تک پہونچا تو ان حرفون سے فائدہ
نہ حاصل ہوگا پس فعل ماضی یا مضارع یا امر یا نہی یا اسم فاعل یا اسم مفعول یا حرف
کے مستعار واقع ہونے کو استعارہ تبعیہ کہتے ہین اور اوسکو تبعیہ اسواسطے کہتے ہین
کہ فعل حرف کے معنی کو یہ صلاحیت نہین کہ تشبیہ کے وصف سے موصوف ہوسکے
یعنی نہ فعل اور مشبہ فعل کے معنی مشبہ ہوتے ہین اور نہ حرف کے معنی بلکہ فعل کا
مصدر اور حرف کے معنی کا متعلق مشبہ ہوتا ہے پس فعل اور حرف کو تئین مستعار
کہنا بطریق تبعیہ کے ہے نہ بطریق اصالۃ کے یعنی فعل اور حرف مستعار ہو نہین
مصدر اور متعلق کے تابع ہے اور خود مستعار نہین ہوسکتے تفصیل فعل اور حرف
کے استعارہ ہونے کی یہ ہے کہ کبھی فعل ماضی یا مضارع یا نہی یا امر یا اسم فاعل
یا اسم مفعول کے ساتھ کسی معنی کو تعبیر کرتے ہین اور مقصود اوس سے وہ معنی
نہین ہوتے کہ جس معنی کے واسطے وہ بنائے گئے ہین بلکہ غیر اوسکا مقصود ہوتا ہے
اور ان لفظون سے غیر معنی موضوع لہ کا مستعار ہونا باعتبار اونکے مصدر کے
ہوتا ہے مثلاً کہین کہ فلان شخص نے اوسکو مار ڈالا اور مراد یہ ہو کہ اوسکو
ایذا ے شدید پہونچائی یا کہین کہ ہمنے اوسکو بھگا دیا یعنی الزام دیا اور اوس قیاس پر
مضارع وغیرہ جانے مین حقیقۃ تشبیہ دونون کی مصدرون مین ہے یعنی ایذا
دینے کو مارنے سے اور الزام دینے کو بھگانے سے یا کہین کہ اوسکا چہرہ کہے دیتا ہے
یعنی دلالت کرتا ہے اور علی ہذا القیاس اور کبھی حرف مذکور کرتے ہین اور اوسکے
معنی جس سے متعلق ہوتے ہین وہ مستعار لہ ہوتا ہے اور کوئی اور سے مستعار منہ

اور حرف کے معنی کا متعلق وہ شے ہے کہ حرف کے معنی بیان کرنے کے وقت اوس
چیز سے تعبیر کرین اوس معنی کو مثلاً کہتے ہین کہ لفظ سے کا ابتدا کے واسطے ہے
اور مین ظرفیت کے واسطے اور تک انتہا کے واسطے اور لفظ تو کا نے مفتوح سے
غرض کے واسطے پس ابتدا اور ظرفیت اور انتہا اور غرض اون حرفون کے معنی کا
متعلق ہین یعنی اونکے معنی اونسے تعلق رکھتے ہین اسکی مثال جیسے کہین کہ ہمنے
اپنے مطلب سے ہاتھ دھویا اس مقام مین لفظ سے کا ابتدا کے واسطے نہین ہے
بلکہ دور کرنے کے معنی مین ہے چنانچہ فارسی آز اور عربی مین عن کا لفظ اس مقام
مین آتا ہے اور یہ بات دونون فن کے جاننے والون پہ واضح ہے مراد اس جگہ
یہ ہے کہ ہمنے اپنے مطلب کو دور کیا پس مستعار لہ اسجگہہ مطلب کا دور کرنا ہے
کہ متعلق ہے لفظ سے کا اور ہاتھ دھونا مستعار منہ ہے یعنی باعتبار ظاہر کے یہ ہے
کہ لفظ سے کا مستعار لہ ہے پس سے کا کلمہ متعلق کے اتباع سے مستعار لہ کہا گیا اور
یا مثلاً زید آیا ہو تحصیل علم کے واسطے اور بسبب لہو ولعب مین مشغول رہنے کے
جاہل رہا تو اوسکو کہین کہ تو یہان آیا تو جاہل رہنے اوسکی غرض آنے سے تحصیل علم
تھی اور غرض کو بطریق استہزا کے علم حاصل نہونے سے استعارہ کر لیا اور یہ اوس
قبیل سے ہے کہ تشبیہ مین مفصل بیان ہو چکا یعنی کبھی دو ضدون کو آپس مین
تشبیہ دیتے ہین چنانچہ مطالعہ کرنیوالون پہ واضح ہوگا اور اسی قبیل سے ہے
یہ شعر شعر بات ہمسے تونگری اور غیرون سے تپاک ٭ ہم مگر اس بزم مین آئے تھے
ذلت کے لیے ٭ اس شعر مین کا حرف غرض کے واسطے موضوع ہے پس مستعار لہ
ظاہر مین لیے کا حرف ہے اور واقع مین غرض بزم مین آنے کی یعنی عزت اور

مستعار منہ ذلت ہو یہ استعارہ بھی بطریق استہزا کے واقع ہوا ہے معلوم کیا چاہیے
کہ تقریر کرنا اسطرح سے کہ مستعار لہ متعلق کو اور مستعار منہ مثلاً ہاتھ ہونے یا ذلت کو
ٹھہرانا حدائق البلاغت کے مصنف کی تقریر کے موافق ہے یعنی اوسنے بھی متعلق کو
کہ وہ باعتبار لفظون کے متروک ہوتا ہے مستعار لہ قرار دیا ہے اور جو لفظ کہ اوسکے
مقابل مین واقع ہوا ہے اوسکو مستعار منہ چنانچہ یہ امر اون لوگون پر کہ جنھون نے
اوس کتاب کو دیکھا ہے واضح ہے اور تلخیص المفتاح کے مصنف نے متعلق کو کہ
متروک ہو مشبہ بہ اور اوس لفظ کو کہ مذکور ہے مشبہ قرار دیا ہے لیکن چونکہ اوسکے مذہب
کے موافق استعارہ بالتصریح مین خواہ اصلیہ ہو خواہ تبعیہ مشبہ متروک ہوتا ہے
اور مشبہ بہ مذکور غایت یہ ہے کہ استعارہ تبعیہ مین بعینہ لفظ کے مفہوم مین تشبیہ
نہین ہوتی اور اصلیہ مین ہوتی ہے چنانچہ اوپر کی مثالون سے ظاہر ہے پس
متعلق متروک کو مشبہ بہ قرار دیتے ہین استعارہ بالتصریح متصور نہین ہوتا ہو اسلئے
کہ مشبہ کا متروک ہو جانا چاہیے اور مشبہ بہ کا مذکور ہونا البتہ استعارہ بالکنایہ
ہو سکتا ہے کسواسطے کہ استعارہ بالکنایہ مین مشبہ مذکور ہوتا ہے اور مشبہ بہ متروک
اور وہ چیز مشبہ بہ کے ساتھ اختصاص رکھے اوسکو مشبہ کے ساتھ مذکور کرتے ہین
اسیطرح سے ہم بیان کہ مشبہ بہ یعنی متروک ہو اور مشبہ یعنی ذلۃ وغیرہ مذکور ہے اور
جو چیز کہ خاص مشبہ بہ کے واسطے ہو یعنی حرف کہ دلالت کرتا ہے اوس مشبہ بہ پر مشبہ کے
ساتھ مذکور کیا گیا ہے اس صورت مین یہ استعارہ تبعیہ نہوا بلکہ بالکنایہ ہوا اور
یہی ہے مذہب سکاکی کا اور صاحب مطول نے اوسکو تبعیہ مین داخل کرنے
کے واسطے ایک تقریر کی ہے اوسکا بیان بیان کی مثالون کے موافق یہ ہے

ارشاد ایند کا حاصل ہونا بزم مین وارد ہونے کے بعد مشبہ ہے اور عزت کا حاصل ہونا
بزم مین آنے کے بعد مشبہ بہ ہے یعنی بزم مین آنے کے بعد ذلت حاصل ہوئی جیسے
بعد آنے کی عزت حاصل ہوتی ہے پھر مشبہ یعنی ذلت کے ساتھ وہ حرف مذکور کیا کہ مشبہ بہ
یعنی عزت کے حاصل ہونے پر دلالت کرتا ہے یعنی حرف لیے کا کہ غرض کے واسطے موضوع
اس صورت مین پہلے استعارہ جاری ہوا ہے علت اور غرض ہونے مین یعنی غرض
ہونا عزت کا مشبہ بہ ہے بعد اوسکے استعارہ کے اتباع سے حرف مین استعارہ ہوا یعنی
لیے کے حرف کو مثلاً استعارہ کیا ایسی شے کے واسطے کہ جو غرض ہونے سے تشبیہ
دی گئی ہے یعنی ذلت کا حاصل ہونا حاصل ہے کہ لیے کے حرف سے موضوع لہ
نہ سمجھا گیا بلکہ وہ چیز سمجھی گئی جو اوس سے تشبیہ رکھتی ہے جیسے شیر کے لفظ سے استعارہ
مین جانور درندہ نہین سمجھا جاتا بلکہ وہ چیز سمجھی جاتی ہے کہ جو اوس سے تشبیہ
رکھتی ہے یعنی شجاع خلاصہ کلام کا یہ ہے کہ اگر تشبیہ اوس چیز مین فرض کرین کہ جسپر
حرف آتا ہے یعنی لفظ مذکور استعارہ بالکنایہ اور حرف کا مذکور ہونا اس استعارہ کا
قرینہ ہو جاویگا اور اگر اس حرف کے معنی متعلق مین کہ متروک ہے تشبیہ فرض کرین
استعارہ تبعیہ ہوگا یہ مطلب مشکل ہے اسکے سمجھنے کے واسطے غور اور تنکر دقیق چاہیے
اب سنا چاہیے کہ فعل کا فاعل یا فعل کا مفعول استعارہ تبعیہ کا قرینہ ہوتا ہے مثلاً
اوسکا چہرہ کہے دیتا ہے یا فلانے بادشاہ نے ستم کو مار ڈالا ہے اور عدل کو جلایا
پہلی مثال مین چہرہ کہنے کا فاعل ہے اور دوسری مثال مین مار ڈالنے کا مفعول
ستم اور جلانے کا مفعول عدل ہے اور یہ ظاہر ہے کہ کہنے کی صلاحیت چہرہ
اور مرنے اور جینے کی صلاحیت ستم اور عدل کو حقیقت مین نہین ہے اس سے

معلوم ہوا کہ اون فعلون مین استعارہ واقع ہوا ہے اور کبھی مضاف الیہ بھی اس
استعارہ کا قرینہ ہوتا ہے مثلاً جب دشمن مقید ہو جاوے تو کہین کہ ہماری طرف
سے مقید ہو جاوے مقید ہونے کی مبارکباد پہونچے اس مثال مین مبارکباد مقید
ہونے کی طرف مضاف ہے اور تشبیہ مبارکباد کی طرف قید کی ظاہر ہے کہ باعتبار
حقیقت کے ممکن نہین مگر بسبیل استعارہ کے اور استعارہ سوا ان امور مذکورہ کے
تین قسم اور ہر قسم پہلی یہ ہے کہ اوسمین نہ مستعار لہ کی مناسبات مذکور ہون اور نہ
مستعار منہ کی اس قسم کو مطلقہ کہتے ہین مثلاً کہین کہ ہمنے ایک شیر دیکھا تھا اور مراد
شیر سے بہادر ہو قسم دوسری وہ ہے کہ فقط مستعار لہ کی مناسبات مذکور کرین اسکا نام
کو مجردہ کہتے ہین جیسے یہ کہ ہمنے میدان جنگ مین شیر دیکھا تھا لفظ میدان جنگ کا
مناسب شیر کے اسی قبیل سے ہے یہ شعر سودا کا شعر گل نے شبنم سے الماس تو کیا
لیکن ؛ ہاتھ مین غنچہ لالہ کے ابھی افیون ہے ؛ داغ افیون سے استعارہ کیا ہے
اور فقط مناسب مستعار لہ کا مذکور ہے یعنی لالہ قسم تیسری وہ ہے کہ فقط مستعار منہ
کی مناسبات مذکور کیجاوین اور اوسکو مرشحہ کہتے ہین جیسے اس شعر مین سودا کے
شعر دکھلا ئیے جا کر تو تجھے مصر کا بازار ؛ جہان کوئی خواہان نہین اس جنس
گران کا ؛ بازار اور گران مناسب مستعار منہ یعنی جنس کے ہے اور کبھی تجریدیہ اور
ترشیح دونون ایک جا مین جمع ہو جاتی ہین یعنی مستعار لہ اور مستعار منہ دونون
کی مناسبات مذکور ہوتی ہین چنانچہ اس شعر مین سودا کے شعر تیرا ہے بزر مہر
خریدار فلک پر ؛ یوسف کی نہ تھی گرمی بازار فلک پر ؛ مستعار لہ شعاع آفتاب ہے
اور مستعار منہ زر ہیں مناسب مستعار لہ کے فلک اور مہر ہے اور مناسب مستعار منہ کا

خریدار بعد گرمی بازار اسی قبیل سے ہے یہ شعر بھی سودا کا کہ پہلے بھی اور امر کی مثال مین
مذکور ہو چکا ہے شعر چمن مین تجکو آتے سنا ریا د سحر یہ گھبرائی ٭ ساغر جب تک لاوین
لاوین ہین تو ہر سبو کو جام کیا ٭ مستعار لہ غنچہ اور گل ہے اور مستعار منہ سبو اور جام
مناسب اول کے ہے چمن اور باد سحر اور مناسب دوم کے ہے معشوق کا آنا کہ شراب خوری
اوسکو لازم ہے اور ذکر ساغر کا اور جاننا چاہیے کہ استعارہ مین بہ نسبت تجرید کے
ترشیح مین زیادہ تر بلاغت ہے کسواسطے کہ مستعار لہ کی مناسبات کو ذکر کرنیکو کہتے ہین
اور ترشیح مستعار منہ کی اور یہ معلوم ہے کہ استعارہ مین مشبہ کو بعینہ مشبہ بہ ٹھہراتے ہین
جب مشبہ بہ کی مناسبات مذکور کی گئی اوس ادعا مین زیادہ تر تاکید ہو گئی اور
ایک قسم استعارہ کی ہے کہ اوسکو تمثیل بسبیل استعارہ کہتے ہین اسواسطے کہ اِمین
ذکر مشبہ بہ کا اور ارادہ مشبہ کا ہوتا ہے اور یہی طریق ہے استعارہ کا اور کبھی مطلق
تمثیل بھی کہتے ہین بے قید استعارہ کے اور اسی کو مجاز مرکب کہتے ہین بہرکیف تمثیل وہ
استعارہ ہے کہ اوسکی وجہ جامع کئی چیز سے حاصل ہو اور اوس استعارہ مین مستعار لہ
اور مستعار منہ بھی کئی چیز سے حاصل ہوتے ہین مثلاً کوئی شخص ایک امر کا کبھی اقبال
کرے اور کبھی انکار تو اوسکے حق مین کہین کہ وہ کبھی گریز کرتا ہے اور کبھی پھر مستعد
ہوتا ہے اوسکے قبول اور انکار کی نیت مجموعی کو ایسی حالت سے استعارہ کیا ہے کہ
کوئی شخص کبھی میدان جنگ سے بھاگ جاوے اور کبھی پھر مقابلہ مین آمادہ ہووے
اور اسی قبیل سے ہے یہ مثل مشہور کہ اوسنے اونگلی کے پکڑتے پہونچا پکڑا یہ ایسے محل پر
کہتے ہین کہ کوئی شخص کسی سے اول ایک امر سہل طلب کرے جب وہ اوسکو انصرام
کردے تو وہ بعد اوسکے اوس سے زائد اور سوال کرے یا کہین کہ اوسکا کچہری کے

کهانے سے پہونچا اوترا یہ ایسے محل مین کہتے ہین کہ تھوڑے سے بوجھ اوٹھانے سے
ضعف پیدا ہوجاوے اون حالتون کو ایسی حالتون کے ساتھ استعارہ کیا ہے
یا کہین کہ چلتی گاڑی مین روڑا اٹکا یہ ایسے موقع مین کہتے ہین کہ کوئی کام اچھی طرح
جاری ہوا ور ناگہان اوسمین ہیچ واقع ہوجاوے اسی قبیل سے ہے چھاتی پر مونگ
دلنا یعنی مشقت پہونچانا اور ہمارا وار چلگیا یعنی ارادہ پورا ہوا اور اوسکا چراغ گل
ہوگیا یعنی اقبال جاتا رہا اور سنگ آمد وسخت آمد یعنی بہت مشکل درپیش آئی اسی
قبیل سے ہے یہ شعر شعر سر اوترتے ہی سبکدوش ہوئے ورنہ ہنوز * اپنا سا منہ لیے
پھرتے تھے خجل قاتل سے * شعر میر کا شعر تھی لاگ اوسکی تیغ کو ہمسے عشق زدہ
دونون کو معرکہ مین گلے سے ملا دیا * پہلے شعر مین سبکدوش ہونا عبارت ہے خجالت
کے رفع ہونے سے اور توجیہ شعر کی یہ ہے کہ چونکہ سر ہمارا اوسکے کام نہین آیا تھا سو
ابتک قاتل سے انفعال تھا اور جب سر اوترگیا وہ انفعال رفع ہوگیا اور خجالت دور
ہونے کی حالت کو بوجھ کے سر سے اوترنے کے ساتھ استعارہ کیا ہے اور سر کے
اوترنے سے سبکدوش ہونا باعتبار معنی حقیقی کے مناسبات سے ہے چنانچہ متامل پر
ظاہر ہے اور دوسرے شعر مین تلوار کے گلے پر رکھنے کو گلے ملنے سے استعارہ کیا ہے
بیان استعارہ بالکنایہ کا پوشیدہ نرہے کہ جسوقت کہ مشبہ بہ کو ترک کرین اور مشبہ کو
مذکور اور وہ شے کہ مشبہ بہ سے خصوصیت رکھتی ہے اوسکو ثابت کرین مشبہ کیواسطے
اوسکو بالکنایہ کہتے ہین مثلاً کہین کہ موت کے چنگل سے بچنا محال ہے موت کی
تشبیہ منظور ہے جانور درندہ کے ساتھ اور جو چیز درندہ سے خصوصیت رکھتی ہے
یعنی چنگل اوسکو موت کے واسطے ثابت کیا ہے پس مشبہ بہ متروک کے ساتھ ولین

تشبیہ دیکر اوسکو استعارہ بالکنایہ کہتے ہین یعنی استعارہ بکنایہ کے ساتھ اسواسطے کہ
مشبہ بہ کی تصریح نہین کی اور اوسپر اوسکے لوازم سے دلالت کی ہے اور تصریح
نکرنے کا نام کنایہ ہے یہ وجہ بالکنایہ کہنے کی ہوئی اور استعارہ کہنا اوسکا مناسبت
سے خالی ہے اور مشبہ بہ کی خواص کو مشبہ کیواسطے ثابت کرنے کا نام استعارہ تخییلیہ
اسکو استعارہ اسواسطے کہتے ہین کہ وہ امر کہ مشبہ بہ کے خواص سے تھا مانگا گیا ہو
مشبہ کیواسطے اور تخییلیہ اسواسطے کہ وہ مانگا گیا ہے بسبب اس تخییل کے کہ مشبہ
مشبہ بہ کی جنس سے ہو جب یہ خیال مین ٹھہرا کہ موت جنس سے درندہ کے ہے
پس چنگل کہ خصوصیت درندہ سے رکھتا ہے بالضرورت اوسکے واسطے ثابت ہوا اسی
قبیل سے ہے یہ شعر شعر بجانے دلمین ترے کیون نہین اثر ورنہ ؛ یہ آہ وہ ہے
کہ پتھر کے پار ہوتی ہے ؛ آہ کو تیر سے تشبیہ دی ہے جب یہ معلوم ہو چکا تو اب
سنا چاہیے کہ وہ لوازم مشبہ بہ کہ مشبہ کے واسطے ثابت کیے جاتے ہین تین طرح
ہوتی ہین اول یہ کہ وجہ شبہ بدون اون لوازم کے مشبہ بہ مین کامل نہین ہو سکتی
جیسے ذکر چنگل کا مثال مذکور مین کسواسطے کہ جبتک چنگل درندہ کے نہو پکڑنا اور
دابنا شکار کا اچھی طرح سے نہین ہو سکتا اور دوسری یہ کہ وجہ شبہ مشبہ بہ مین
بغیر اونکے قایم نہین ہو سکتی مثلاً کہین کہ اوسکا چہرہ کہے دیتا ہے بشرطیکہ کہنے
استعارہ تبعیہ مقصود نہو اس صورت مین چہرہ مشبہ ہوا اور شخص بولنے والا مشبہ بہ
اور کہنا بولنے والے کے لوازم سے ہو کہ وجہ شبہ کو مشبہ بہ مین قایم رکھتا ہے
کسواسطے کہ وجہ شبہ دلالت ہو اور دلالت قایم ہوتی ہے بولنے سے اور
تیسری قسم یہ ہے کہ اون لوازم کو نہ وجہ کے کامل کرنے مین کچھ دخل ہو اور

نہ قائم کرنے میں ہے اس شعر میں شعر بہنسا زلف خود آرایان بزم حسن میں جاکرؔ
بنایا شانہ طوبی پر ہے دل نے آشیان اپنا ؛ دل کو اپنے نزدیک شاعر نے مرغ سے
تشبیہ دی ہے اور اوسکے واسطے آشیانہ ثابت کیا اور آشیانہ کو کچھ وجہ شبہ کی
تکمیل اور قوام میں دخل نہیں کسواسطے کہ وجہ شبہ یہان بیقراری اور جلد پہونچنا ہے
اور بعض استعارہ تخیلیہ ایسا ہوتا ہے کہ اوسمین احتمال استعارہ تحقیقیہ اور تخیلیہ دونون
کا ہوتا ہے اس استعارہ کو محتملہ للتحقیق والتخییل کہتے ہین یعنی ایسا استعارہ ہے کہ
احتمال تحقیق اور تخییل دونون کا رکہتا ہے مثلاً یہ لفظ عوام کے زبان پر ہے کہ اوسکو
اجل کا تھپیڑا لگا تھپیڑا سر زد ہوتا ہے ہاتھ سے اور ہاتھ شخص کے ساتھ مختص ہے
پس اجل کو پہلے دل مین استعارہ شخص کے ساتھ کرکے اوسکے واسطے ہاتھ ثابت کیا
اور قرینہ ہاتھ ثابت کرنے کا لفظ تھپیڑے کا ہے کسواسطے کہ ہاتھ سبب ہی تھپیڑے کی
واسطے یہان سے معلوم ہوا کہ استعارہ تخیلیہ مین جو چیز کہ مشبہ بہ کے ساتھ مختص ہی بجای
اوسکے اوسکا سبب بھی قرینہ کے واسطے مذکور ہو سکتا ہے پس یہان اگر استعارہ
اجل کا شخص مین فرض کرین استعارہ بالکنایہ ہے اور ہاتھ اوسکے واسطے ثابت
کرنا استعارہ تخیلیہ ہے اور اگر اجل کے صدمہ کو تھپیڑے سے تشبیہ دیوین یہ استعارہ
تحقیقیہ ہو جاویگا اور استعارہ بالکنایہ باقی نہین رہیگا کسواسطے کہ مثل سابق کے
یہان کسی کے واسطے ہاتھ ثابت نہین کیا اور اسی قبیل سے ہی یہ شعر شعر عشق نے
جب سے کی جگہہ دل مین ؛ عقل کے واسطے جگہہ نہ رہی ؛ اگر عشق کو شخص فرض کرین
اور اوسکے واسطے گہر ثابت کرین استعارہ بالکنایہ اور تخیلیہ ہے اور اگر عشق کے
ثبات اور تمکن کو گہر کرنے سے تشبیہ دیوین استعارہ تحقیقیہ ہو جانا چاہیے کہ ایسی

صورتون مین استعارۂ تحقیقیہ کے احتمال کے وقت استعارہ بالکنایہ کا باقی رہنا
تلخیص المفتاح کے مصنف کے مذہب کے موافق ہے کسواسطے کہ اونکے نزدیک استعارہ بالکنایہ
کا قرینہ سوای تخییلیہ کے اور کوئی چیز نہین ہوسکتی اور جنکے نزدیک استعارۂ تحقیقیہ بھی
استعارہ بالکنایہ کا قرینہ ہوسکتا ہے اونکے نزدیک استعارہ بالکنایہ باقی رہتا ہے
مثلاً یہ کہین کہ اوسنے عہد توڑ دیا اس سے عہد کا باطل ہونا مراد ہے عہد کو ذہن
مین رسّی سے تشبیہ دی ہے اور باطل ہونا امر تحقیقی ہے کہ عہد اور ٹوٹی ہوئی رسّی
دونون مین متحقق ہے جب یہ معلوم ہوگیا اب معلوم کیا چاہیے کہ استعارہ بالکنایہ
اور تخییلیہ مین مشبہ بہ کو کرنے سے ثابت ہوا کہ یہ دونون امر مجاز مین داخل ہین کسواسطے
کہ مشبہ اور وہ امر کہ مشبہ بہ سے مختص ہے اپنے معنی حقیقی مین مستعمل ہوتے ہین اور
مجاز اوس لفظ کو کہتے ہین کہ معنی غیر حقیقی مین استعمال کیا جائے مثلاً اجل اور
ہاتھ سے اوپر کی مثال مین بھی اجل اور ہاتھ مراد ہے پس استعارہ بالکنایہ اور تخییلیہ کا
ذکر ذیل مین مجاز کے بوجہ ہے لیکن اسواسطے مذکور کیا ہے کہ استعارہ کو جن جن معنی پر
اطلاق کرتے ہین اونکی تکمیل ہوجائے لیکن قدما نے قرار دیا ہے کہ جو چیز متروک
ہوتی ہے وہ مشبہ بہ اور جو مذکور ہے وہ مشبہ ہے یعنی جانور درندہ کے ساتھ اجل کو تشبیہ
دی ہے پس لفظ مستعار جانور درندہ ہے اور مستعار منہ معنی اوسکے اور مستعار لہ
اجل بعینہ جیسے اسد کا استعارہ واسطے رجل شجاع کے ہے مگر لفظ مستعار کی تصریح
نہین کی اور فقط اوسکا لازم مذکور کیا ہے تاکہ اوسکے سبب سے اوسکی طرف ذہن
منتقل ہوجاوے اور تصریح نکرنا شان سے کنایہ کرنے ہے پس اب درندہ استعارہ
بالکنایہ ہوا نہ وہ تشبیہ ٹھہرائی ہوئی دل مین جیسے پہلے مذکور ہوا اور سکاکی

مفتاح العلوم کے مصنف نے استعارہ بالکنایہ کے معنی یہ کیے ہین کہ مشبہ مذکور ہو اور مشبہ بہ
مراد ہو بایں معنی کہ یہ مذکور وہی مشبہ بہ ہو مثلاً اجل ذکر کرین اور اوسکو یہ سمجھین کہ یہ
جانور درندہ ہے اور یہی سمجھکر اوسکی طرف چنگل کو مضاف کرین یہ سمجھکر کہ مشبہ
اور مشبہ بہ کے لوازم اسکے واسطے ثابت کیے گئے ہین اس تقریر سے پہلے معنی مین
اور اسمین فرق ثابت ہوا اور اوس فاضل نے استعارہ تخییلیہ کو استعارہ بالتصریح
کی قسم ٹھہرائی ہے اور کہا ہے کہ استعارہ بالتصریح دو قسم ہے تحقیقیہ اور تخییلیہ تحقیقیہ
یہ کہ مشبہ متحقق ہو خواہ باعتبار حس کے خواہ باعتبار عقل کے اور تخییلیہ یہ کہ اوسکے معنی
نہ باعتبار حس کے متحقق ہون اور نہ باعتبار عقل کے جیسے چنگل اس استعارہ مذکورہ
مین کیونکہ چنگل کے معنی مشبہ مین متحقق نہین نہ باعتبار حس کے اور نہ باعتبار عقل کے
اور یہ تحقیق بہت تفصیل رکھتی ہے اس مقام کے مناسب نہین بیان اسی قدر کافی
ہے خلاصہ یہ ہے کہ استعارہ بالکنایہ اور تخییلیہ کی تحقیق مین تین قول ہین ایک قول
تلخیص المفتاح کے مصنف کا دوسرا قول قدما کا تیسرا قول سکاکی کا اول مفصل
بیان ہوا دوسرے اور تیسرے قول کا خلاصہ مذکور ہوا اور اگر تفصیل چاہیے علامہ
تفتازانی کے مطول مین مطالعہ کرلین اوسقدر تفصیل اور جای مین ظاہر اممکن نہین

شجرۂ تیسرا مجاز مرسل کے بیان مین

مجاز مرسل اوس لفظ کو کہتے ہین کہ اوسکو استعمال کیا ہو ایسے معنی مین کہ وہ معنی
موضوع لہ کے غیر ہے اور اون دونون معنی مین سوا مشابہت کے کچھ اور علاقہ ہو
مثلاً کہین کہ اوسکا ہاتھ نہین پہونچتا یعنی مقدور ظاہر ہے کہ لفظ ہاتھ کا بنایا گیا ہے
واسطے ایک عضو کے اور قدرت کے معنی مین استعمال کیا گیا ہے ان دونون

معنی مین علاقہ سبب اور مسبب کا ہر کسواسطے کہ ہاتھ سبب ہو قدرت کا اور قدرت
مسبب ہو یعنی ہاتھ سے ایسے افعال صادر ہوتے ہین کہ قدرت پر دلالت کرتے ہین
اب معلوم کیا چاہیے کہ مجاز مرسل کا علاقہ کئی قسم ہے ایک قسم یہ کہ جو لفظ جزر کیواسطے
موضوع ہے اوسکو کل پر اطلاق کرین یعنی چیز پر اوسکے ٹکڑے کا نام رکھدین شلاً
لفظ بارود کا وضع کیا گیا ہے بمعنی شورہ کے اور اب اوسکو کہنے لگے ہین کہ شورہ
اور کوئلہ اور گندھک ملکر بنتی ہے اور اسی قبیل سے ہو سر بمعنی سردار کے دوسری
قسم یہ ہے کہ جو لفظ کل کے واسطے وضع ہوا ہو اوسکو جزر پر اطلاق کرین مثلاً
کوئی شخص کہے کہ میرے ہاتھ یا پانون یا سر مین چوٹ لگی ہے ظاہر ہے کہ سارے
عضو مین چوٹ نہین لگی بلکہ ایک جزر مین اوسکے چوٹ لگی ہوگی یا کہین کہ اوسنے
رعد کی آواز سے ڈر کر اونگلی کان مین دی یا تاسف سے اونگلی دانت مین دابی
یہ ظاہر ہے کہ ساری اونگلی نہ کان مین دی ہے اور نہ دانت مین دابی ہے بلکہ
جزر اوسکا یعنی پورا اونگلی کی تیسری قسم یہ کہ مسبب پر سبب کا نام رکھین جیسے ہاتھ
بمعنی قدرت کے کہ اول مذکور ہو چکا یا کہین کہ یہ بادل خوب برسا برسانا شان سے
پانی کے ہو اور بادل پانی کے برسنے کا سبب ہو چوتھی یہ کہ سبب پر مسبب کا نام
رکھین یہ سابق کا عکس ہو جیسے بعضے آدمی روزمرہ مین کہتے ہین بوقت مینہ برسنے
کے یہ اناج برستا ہے ظاہر ہے کہ پانی برستا ہے لیکن پانی کا برسنا سبب ہو اناج کے
اوگنے کا پانچوین قسم یہ کہ کسی چیز پر کسی اسم کا اطلاق کرین باعتبار زمانہ
سابق کے مثلاً حاکم جب یتیم کا مال بسبب اونکے صغر سن کے اپنے خزانہ مین
امانتاً رہنے دیوے اور بعد اونکے بالغ ہونے کے اپنے کارکنون سے کہے

کہ یتیمون کا مال اونکو حوالہ کرو ظاہر ہے کہ بعد بالغ ہونے کے یتیم نہین رہے بلکہ پہلے بالغ ہونے سے یتیم تھے اسی قبیل سے ہے یہ امر کہ کوئی شخص سابق مین شلاً عرب مین متوطن تھا اور ایک مدت سے ہند مین اگر بود و باش اختیار کرے اسکو عرب کہا کرتے ہین اور ہندوستانی نہین کہتے سوا اسکے اسی قیاس پر چھٹی قسم کہ کسی شے پر کسی ایسے نام کا اطلاق کرین کہ زمان آیندہ مین وہ نام اوسپر صادق آجاویگا مثلاً کوئی شخص سونے یا چاندی کی کان کھودے اور کہے کہ مین اس کان مین سے سونا یا چاندی نکالتا ہون ظاہر ہے کہ بالفعل اوسمین سے خاک نکلتی ہے اور بعد عمل مقرری کے اوس سے جو حاصل ہوگا اوسکا نام سونا یا چاندی رکھا جاتا ہے ساتوین یہ کہ جاے مذکور کرین اور مراد وہ شے ہو کہ اوس جاے مین ہے شلاً ہمارا حال سارا شہر جانتا ہے یعنی سارے شہر کو رہنے والے جانتے ہین اور اسی قبیل سے ہے نہر کا جاری ہونا یا پرنالہ کا چلنا کیواسطے کہ جاری حقیقت مین پانی ہوتا ہے آٹھوین قسم یہ کہ جاے مین ہونے والی چیز مذکور کرین اور جاے مراد رکھین جیسے نشہ سے شراب شلاً یون کہین کہ وہ شخص نشہ پیے ہوے تھا ظاہر ہے کہ نشہ شراب مین ہے اور شراب پی جاتی ہے نوین قسم یہ کہ واسطہ اور آلہ کسی چیز کا مذکور کرین اور اوس سے وہ چیز مراد ہو شلاً زبان سے سخن مراد ہو چنانچہ روزمرہ مین متعارف ہے کہ ولایتون کی زبان فارسی ہے یا ہندوستانیون کی زبان اردو ہے ظاہر ہے کہ زبان آلہ سخن کا ہے اور اوس سے سخن مراد ہوتا ہے اور علی ہذا القیاس

تبصرہ چوتھا کنایہ کے بیان مین

معلوم کیا چاہیے کہ کنایہ لغت مین پوشیدہ سخن کہنے کو کہتے ہین یعنی بات کھولکر

تنبیہ کو اوپر علم بیان کی اصطلاح مین کنایہ دو چیز کو کہتے ہین اول معنی مصدری یعنی ذکر
کرنا لازم کا اور مراد ہونا ملزوم کا مع جائز ہونے ارادہ لازم کے اور دوسرا وہ لفظ ہے
کہ اوسکے معنی مراد نہ ہون بلکہ وہ چیز مراد ہو کہ اوسکے معنی کو لازم ہے اور اگر اوسکے
معنی بھی مراد لین تو بھی جائز ہو جیسے لفظ طویل النجاد کا عربی مین اور اوس کتاب
کی ابتدا مین اسکا ذکر کیا گیا ہے کہ نجاد معنی پرتلے کے ہے اور طویل معنی دراز کے اور
طویل النجاد معنی اوس شخص کو جسکا پرتلا لنبا ہو اور لنبے پرتلے کو لازم ہے قد کا لنبا
ہونا پس مراد طویل النجاد سے لنبی قد والا ہے اور اگر اوس مراد کے ساتھ پرتلے کی
درازی بھی مراد ہو تو بھی ہو سکتا ہے اور بعضون نے کہا ہے کہ کنایہ مین معنی حقیقی
اور لازم دونون اکٹھے مراد ہوتے ہین لیکن ہم دیکھتے ہین کہ بعضے وقت طویل النجاد
دراز قد کو باوجودیکہ پرتلا نرکھتا ہو بھی کہنا درست ہے اس صورت مین دونون کا
مراد ہونا منتفی ہے پس پہلا مذہب حق ہے اور جن لوگون نے کہا ہے کہ کنایہ مین
لفظ سے معنی مراد ہوتے ہین اور اوسکا لازم مراد رکھنا بھی جائز ہوتا ہے یہ محض غلط ہے
کسواسطے کہ طویل النجاد سے درازی قد کی مراد ہے نہ درازی پرتلے کی اور بعضون نے
اونکا کلام کرنے کے واسطے یہ تاویل کی ہے کہ معنی سے لازم مراد ہے کیونکہ لفظ سے
لازم کا ارادہ کرتے ہین اور لازم سے معنی حقیقی مراد ہے کسواسطے کہ لزوم دونون
طرف سے ہوتا ہے پس لازم ایک وجہ سے ملزوم ہوا اور جب وہ ملزوم ہوا معنی حقیقی
اوسکے واسطے لازم ہوگئے لیکن یہ تاویل بہت بعید ہے اور شاید اون لوگون کی
یہ مراد ہو کہ نظر اول مین معنی حقیقی مراد ہوتے ہین اور اوس سے انتقال ہوتا ہے لازم کی
طرف لیکن یہ بھی رکاکت سے خالی نہین بہر صورت کنایہ اور مجاز مین فرق یہ ہے کہ کنایہ مین

لازم مراد رکھتے ہین اور اگر ملزوم مراد رکھین تو بھی جائز ہے اور مجاز مین فقط لازم ہوتا ہے
اب معلوم کیا چاہیے کہ کنایہ تین قسم پر ہے قسم اول یہ کہ کنایہ سے ذات موصوف کی
مطلوب ہو اور یہ دو قسم پر ہے قریب اور بعید قریب یہ کہ ایک صفت کسی موصوف
معین سے خصوصیت رکھتی ہو اس قسم کو قریب اسواسطے کہتے ہین کہ بسبب اوسکے
ہونے صفت کے انتقال موصوف تک دشوار نہین جیسے عرف مین کالے سر کا آدمی کو
کہتے ہین اور بعید یہ ہے کہ کئی صفت ایسی ہین ملکر سب کی سب ایک موصوف کے
ساتھ مختص ہون اگرچہ الگ الگ اور مین بھی پائی جاوین اور اوسکو بعید اسواسطے
کہتے ہین کہ کئی صفت سے موصوف کی طرف انتقال سہولت سے نہین ہو سکتا مثلاً
انسان کو کہین ایسا حیوان کہ قد اوسکا سیدھا اور ناخن اوسکے چوڑے ہین ظاہر ہے
کہ یہ سب چیزین اکٹھی انسان مین ہین اگرچہ علیحدہ علیحدہ اور شے مین بھی پائی جاتی
ہین مثلاً حیوان سوا انسان کے فرس اور بقر اور غنم وغیرہ اور سیدھا قد بن مانس
کا بھی ہوتا ہے کہ اوسکو فارسی مین نسناس کہتے ہین اور ناخن چوڑے ہاتھی
کے بھی ہوتے ہین مگر یہ سب اکٹھے بجز انسان کے اور مین نہین ہین مثال اول
کی یہ شعر ہے شعر تیرا نظیر وہ ہے جسکو تو آئینہ مین ؛ کہتا ہے دیکھ اللہ ایسے بھی
آدمی ہین ؛ ظاہر ہے کہ معشوق جسکو آئینہ مین دیکھکر ان الفاظ سے یاد کرتا ہے
وہ آپ ہی ہے اور مثال دوسرے کی یہ شعر ہے شعر ساقی وہ دے ہمین کہ ہون
جسکے سبب بہم ؛ محفل مین آب و آتش و خورشید ایک جا ؛ ظاہر ہے کہ یہ ساری
چیزین شراب مین ہین کسواسطے کہ شراب خود پانی ہے اور باعتبار سرخی رنگ اور
گرمی کے آتش ہے اور باعتبار روشنی کے اور پیالہ مین بشکل مدور بگڑنے کے آفتاب ہے

اوسکو تشبیہ ہوتی ہے چنانچہ فارسی جاننے والون پر یہ بات اچھی طرح سے ظاہر ہے
قسم دوسری یہ کہ کنایہ سے فقط صفت مطلوب ہو جیسے بخشش اور کرم اور شجاعت
اور قد کی درازی اور شرارت اور مثل انکے اور منفتین یہ بھی دو قسم پر ہے قریب
اور بعید قریب وہ ہے کہ لازم اور ملزوم مین کچھ واسطہ نہو یعنی اسطرح نہو کہ لازم
اول کچھ اور چیز سمجھین اور بعد اوسکے ملزوم بلکہ لازم سے ملزوم ہی سمجھا جاوے
اور یہ بھی دو طرح پر ہے واضح اور خفی واضح یہ ہے کہ لازم سے ملزوم تک ذہن بے تامل
پہونچ جاوے جیسے سفید ریش کے لفظ سے سمجھنا پیری کا اسی قبیل سے ہے یہ شعر لقا کا
دیکھو جو آئنہ کہتا ہے کہ اللہ رے مین ؛ اوسکا مین چاہنے والا ہون لقا واہ رے
مین ؛ اور یہ شعر ممنون کا شعر آج آفت قہر ہے یون خشمگین تو کب نہ تھا ؛ آستین
البیدہ تو چین برجبین تو کب نہ تھا ؛ آئینہ دیکھ کر وہ لفظ کہنا کمال غرور پر دال ہے
اور آستین مالیدن آستین چڑھانے کو کہتے ہین اور آستین چڑھانا اور چین بجبین
ہونا خشم اور غضب مین ہوتا ہے اور یہ امور واضح ہین اور خفی یہ کہ انتقال ذہن کا
ملزوم تک بعد تامل کے ہو مثلاً کہین لنبے قد کا آدمی یا ٹھنگنے قد کا یا کیری آنکھ والا
یا کوتہ گردن اول سے احمق اور باقی سے شریر مراد ہے اسواسطے کہ کہتے ہین کہ دراز
قد بد الا احمق اور ٹھنگنے قد اور چھوٹی گردن اور کیری آنکھون والا شریر ہوتا ہے
اور یہ ہر ایک کو نہین معلوم ہوتا لیکن ان مثالون مین یہ بھی شرط ہے کہ معنی حقیقی
بھی پائے جاتے ہون اگرچہ کنایہ مین یہ امر لازم نہین اور بعید وہ ہے کہ لازم
اور ملزوم مین واسطہ ہو یعنی اول کچھ اور چیز سمجھی جاوے اور بعد اوسکے ملزوم
اسکی مثال کثیر الرماد اور مہزول الفصیل ہے کہ کتاب کی ابتدا مین انکا مفصل بیان

ہو چکا قسم تیسری یہ ہے کہ کسی امر کا اثبات یا نفی اوسکی مطلوب ہو مثال اثبات کی
مثلاً جب زید کی سی فتنہ گری عمرو مین ثابت کرنی منظور ہو تو کہین کہ وہ دونون
ایک سانچے کے ڈھلے ہوئے ہین یعنی ویسی فتنہ گری اسمین بھی ہے یا کہین کہ لباس
فقیر کا شیر کا ہے یعنی فقیرون مین صفت شیر کی ہے اور یہ قدرت سے خالی نہین
ہوتی یا جسوقت کوئی کسی شخص کی کمال حمایت اور رعایت کرے اور ہر کلام اوسکی
بھلائی مین کہتا رہے تو کہین کہ یہ تو اوسی کا جامہ پہنے ہوئے ہے یا کسی کی نامردی
کے ثابت کرنے کے واسطے کہین کہ اسنے بالکل جامہ عورت کا پہن لیا اسی
قبیل سے یہ شعر میر کا ہے شعر اب کے جنون مین فاصلہ شاید نہ کچھ رہے ؛ دامن
کے چاک اور گریبان کے چاک مین ؛ دونون چاکون مین فاصلہ نہ رہنے سے
مراد یہ ہے کہ گریبان پھٹ پھٹ جاوے مثال نفی کی یہ مثل مشہور کوئین مین بھنگ
پڑی ہے اسکو ایسے محل مین کہتے ہین کہ ایک جا ہی مین سب لوگ ایک امر نامعقول
پر متفق ہو جاوین اور اوسکی قباحت کسی کے ذہن مین نہ آوے اس سے مراد
یہ ہوتی ہے کہ عقل کسی مین نہین اسواسطے کہ جب بھنگ کوئے مین پڑیگی اوسکا اثر پانی
مین آویگا اور وہ پانی وہان کے سب رہنے والے پئین گے اور پینے سے سب کو
نشہ حاصل ہوگا اور نشہ سے سب کی عقل زائل ہو جاویگی پوشیدہ نہ رہے کہ اگر کنایہ
مین موصوف مذکور نہو اوسکو تعریض کہتے ہین مثلاً جب کسی شخص سے حرکتین
نالائق سرزد ہون تو کہین کہ آدمی وہ ہے کہ جسمین آدمیت ہو یا کسی دوست سے
اذیت پہونچے اوسوقت کہین کہ دوست وہ ہے کہ جس سے کچھ فائدہ پہونچے ان
دونون مثالون سے مقصود یہ ہے کہ اوسمین آدمیت ہے اور نہ اسمین فائدہ رسانی

بھیجے کو جیسے زلف کی درازی سے کہین کہ اس نے ناز کیا یا تشبیہ مین تشبیہ وجہ
ویسا ہے اسکو تعریض اور اصطلاح کہتے ہین کہ مطلب بالغرض بن لذت و جانب کرتے
ہو یا اشارہ کی جانب کرتے ہین اور مراد وہ جانب ہوتی ہے اور اگر کنایہ مین لزوم
کثرت سے بہت ہون جیسے کثیر الرماد وغیرہ چنانچہ اوپر کی مثالون مین بیان ہوا
اوسکو تلویح کہتے ہین اور تلویح کے معنی ہین دور سے اشارہ کرنا چونکہ اسمین واسطون
کی کثرت و لزوم در پڑ جاتا ہے اسواسطے اسکا نام تلویح رکھا ہوا اور اگر واسطے
بہت نہین ہین لیکن کچھ تھوڑی سی پوشیدگی ہے اوسکو رمز کہتے ہین اور رمز کے
معنی نزدیک سے اشارہ کرنے کے ہین بطریق پوشیدگی کے اور یہ مثال جیسے عریض القفا
یا عریض الوسادہ وغیرہ کے چنانچہ پیچھے بیان ہوا اور اگر اوسمین نہ کچھ پوشیدگی ہو
اور نہ کثرت واسطون کی اوسکو ایما اور اشارہ کہتے ہین جب یہ معلوم ہو چکا اب جاننا
چاہیے کہ مجاز مین بہ نسبت حقیقت کے اور کنایہ مین بہ نسبت صریح بیان کرنے کے اور
استعارہ مین بہ نسبت تشبیہ کے بلاغت زیادہ ہے اسواسطے کہ مجاز مین معنی حقیقی مراد
نہین ہوتے بلکہ اوسکا لازم مراد ہوتا ہے اور حقیقت مین معنی حقیقی جسکو موضوع لہ
کہتے خود مراد ہوتے ہین مثلاً کوئی کہے کہ مین نے سرو دیکھا تھا یعنی قد معشوق کو
اور ایک کہے کہ مین نے قد معشوق کا دیکھا تھا پس ظاہر ہے کہ اول مین بہ نسبت دوسرے کے
بلاغت بہت ہو اور اسیطرح کنایہ مین ملزوم سے لازم مراد ہوتا ہے پس گویا یہ دونون بمنزلہ
ایسے دعوی کے ہین جسکا ساتھ گواہ کے ہو کس واسطے کہ ملزوم اپنے لازم کے ہونے پر گواہ
یعنی ملزوم کا ہونا تقاضا کرتا ہے اس امر کا کہ اوسکا کوئی لازم ہے یہ نہین ہو سکتا
کہ ملزوم ہو اور لازم نہو اور تشبیہ مین وجہ شبہ مشبہ کے اندر بہ نسبت کامل تر ہوتی ہو

اور استعارہ مین مشبہ کو بعینہ مشبہ بہ ٹھہرا لیتے ہین اور تشبیہ کی بو بھی اوسمین نہین
ہوتی ہے اور ایک قرینہ ایسا ہوتا ہے کہ معنی موضوع لہ کے مراد نہونے پر دلالت
کرے پس یہ امر بھی منزلہ ایسے دعوے کے ہوا کہ مع گواہ کے ہو یہان تک پہلا حدیقہ
تمام ہوا اور کیفیت علم بیان کی مفصل ہو چکی اب حدیقہ دوسرا شروع ہوتا ہے

حدیقہ دوسرا علم بدیع مین

بدیع ایک علم ہے کہ اوس سے چند امور ایسے معلوم ہوتے ہین کہ وہ کلام کی خوبی کے
باعث ہین اور ان امور سے خوبی کلام کی جب ہے کہ پہلے علم معنی اور علم بیان کے قواعد
سے مزین ہو چکا ہو کس واسطے کہ اگر کلام ایسا نہو گا تو اون امور کا کلام مین استعمال کرنا
ایسا ہے کہ جیسے ایک بدصورت کو زیور پہنا دین بیت زشت باشند دیقی و دیبا ٭
کہ بود بر عروس نازیبا ٭ اور یہ کہنا کہ وہ امور کلام کی خوبی کے باعث ہوتے ہین
کہ پہلے کلام صفات مذکورہ سے متصف ہوئی اس واسطے کہ یہ بات معلوم ہو جاوے کہ استعمال
ان امور کا واجب نہین بلکہ مستحسن ہے کیونکہ باوجود پہلی زینت کے اگر یہ زیور بھی اوسکے
ہمراہ ہو گا تو کلام کی زینت دوچند ہو جاویگی اور اگر یہ نہوگا تو زینت پہلی اوسکے
واسطے بہت ہے جیسے عروس خوبصورت پر زیور موجب زیادتی رونق کا ہے والا
حسن خداداد بھی دلربائی کی بات مین کم نہین ہے بہرکیف ان امور کو صنائع اور
بدائع بھی کہتے ہین اور صنائع اور بدائع دو قسم پر ہین قسم پہلی صنائع معنوی کہ
اون سے معنی مین خوبی حاصل ہوتی ہے قسم دوسری صنائع لفظی کہ اون سے
لفظ مین خوبی حاصل ہوتی ہے اور چونکہ لفظ معنی کا تابع ہوتا ہے اسواسطے
کہ مقصود واصلی معنی ہے اور لفظ اوسکے واسطے بنایا جاتا ہے اسواسطے کہ صنائع

معنوی کو پہلے بیان کرنا چاہیے اور صنائع لفظی کو بعد اوس کے پس یہ صنائع اور بدائع
دو قسم پر ہیں اس حدیقہ میں دو فصل کی گنجائش ہے اور ہر فصل کا نام حدیقہ کی مناسبت
سے چمن رکھا گیا ۞

چمن پہلا صنائع معنوی میں

صنعت طباق اسکو تطبیق اور مطابقت اور تکافو اور تضاد بھی کہتے ہیں یہ صنعت
اسطرح سے ہے کہ ایسے دو لفظ کہ ایک کے معنی دوسرے کے معنی کے مخالف ہوں ایک جا
میں ذکر کریں خواہ دونوں فعل ہوں خواہ دونوں اسم خواہ ایک اسم اور دوسرا
فعل اور صنعت طباق کبھی دو حرفوں میں بھی پائی جاتی ہے اس صورت میں
یہ صنعت چار قسم پر ہوئی اور پھر صنعت طباق دو قسم پر ہے طباق ایجابی اور طباق
سلبی طباق ایجابی وہ ہے کہ باوجود دو لفظ متضاد کے حرف کو حرف نفی کا نہو خواہ
دونو فعل ہوں خواہ اسم خواہ حرف اور طباق سلبی وہ ہے کہ دو فعل ایک مصدر سے
نکالے ہوئے مذکور کیے جائیں اور اون دونوں میں سے ایک مثبت ہو اور دوسرا
منفی یا ایک امر ہو اور دوسرا نہی مثال اوس طباق کی کہ دونوں فعل مثبت ہوں
اور دو فعل مثبت کہ موجب طباق کا ہو دن ایک مصدر سے مشتق نہ ہو سکتے
جیسے آیا اور گیا اور اوٹھا اور بیٹھا اور اوترا اور چڑھا اور سویا اور جاگا جرأت کا
شعر ہم آئے گھر میں تو جا بیٹھے بام پر تم واہ ۞ لگا جو دل کو بتانے لگے اوتار چڑھاؤ ۞
شاہ نصیر غفر اللہ کا شعر تو نے یکبار نہ دیکھا سر خوبان افسوس ۞ ہم ترے مجرے کو
سو بار اوٹھے اور بیٹھے ۞ اور مثال طباق سلبی کی یہ شعر سودا کا شعر فرماؤ گے
جو تم تو اوٹھا دونگا میں پہاڑ ۞ پر غیر کی نہ اوٹھائیگی مجھسے اوٹھائی بات ۞ یہ پیچ کے مصرع میں

اوٹھانا ثابت ہوا اور دوسرے مصرع مین نہ اوٹھا یا جانا منفی اور نیز شعر غزل قبیب سے
اور مجھ سے مل اری نادان ؛ بھلے برے کا سمجھنا ہی آدمیت ہے ؛ نہ مل نہی اور مل امر
اور حدائق البلاغت کے مصنف نے طباق سلبی نام رکھنے پر اعتراض کیا ہے اور کہا ہے
کہ اثبات اور نفی کو اگر کلام مین جمع کرین بسبب اختلاف کے اوسکو طباق کہنا صحیح ہے
اور فقط اثبات یا لفظ نفی کو طباق ہونے مین کچھ دخل نہین اسکا جواب یہ ہے کہ
جسوقت دو فعل کہ ایک مصدر سے مشتق ہون کہ ایک جای مین جمع کیے جاوین جبتک
ایک ثبت اور ایک منفی یا ایک امر اور دوسرا نہی نہوگا اوسکو طباق کہنا درست
نہین ہو نیکا خلاف دو اسم یا ایک اسم اور ایک فعل کے یا اون دو فعلون کے کہ
دو مصدر سے مشتق ہون جیسے آیا اور گیا ان مین طباق کے واسطے نفی اور اثبات
کی کچھ حاجت نہین انکا اختلاف خود طباق کے باب مین کافی ہے پس چونکہ اون
دونون فعلون مین طباق بجز نفی اور سلب کے ممکن نہین تھا اسواسطے اوسکا نام
طباق سلبی رکھا اور از بسکہ اور ون مین نفی اور سلب کو طباق مین کچھ دخل نہین ہوتا
اوسکے مقابل مین طباق ایجابی نام رکھا اور فقط ایجاب یا فقط سلب کو طباق مین
کچھ دخل نہین اور نہ کوئی اسکا ہے بہرصورت مثال اوس طباق کی کہ دو
اسمون مین ہو یہ شعر سودا کا ہے کہ تیغ کی تعریف مین لکھا ہے شعر یا دمین اوسکو
گر صد ود کھیے اپنے باپ کو ؛ ماسے کہو سمجھے ہے حلال ایک حرام دو ؛ اور اسی قبیل
سے ہے چار عنصر کا ذکر کرنا شعر نخشم ہے آگ تیغ آب اور عدو ہے برگ کاہ ؛ اسپ تیز
ہوا ہے اور خصم ہے خاک ناتوان ؛ مثال اوس طباق کی کہ فعل اور اسم مین پایا جاے
جیسے اس شعر مین شعر بیٹھنے سے مرے وہ بزم سے اوٹھا جلدی ؛ مین ہون ناکام

تو اغنیا بھی ناکام رہتے ہیں ٭ پیٹنا امر ہے اسواسطے کہ متعدی ہے اور اوٹھنا فعل لازمی
شعر مین حاجت بیان اسکی کی ہے حضرت سیما کی ٭ یہ مردے جی اوٹھے گر تو ذرا
ہونٹھون کو جنبش دیوے ٭ مثال اوس طباق کی کہ دو حرفون مین پائی جاوے
اسکی مثال اردو مین یہ ہوسکتی ہے کہ ایک کلام مین ایسے دو حرف مذکور کرین
کہ ایک کے معنی دوسرے کے معنی کے ضد ہون مثلاً لفظ سے کا ابتدا کے واسطے ہے
اور تک انتہا کے واسطے اور ابتدا اور انتہا مین تضاد ہے سودا کا شعر ٭ شعر ٭ مرغ
ناتوان ہون کہ سن چمن سے مین ٭ لے زبان پہونچ سکون آشیان تک ٭
واللہ اعلم بالصواب ٭ اور طباق کی ایک قسم اور ہے کہ اوسکو تدبیج کہتے ہین اور
تدبیج یعنی آراستہ کرنے کو ہے اور تدبیج کا طریق یہ ہے کہ درمیان تعریف یا ہجو کے
کئی رنگ ذکر کرین اور اوس سے بطریق کنایہ کے یا بطریق ایہام کے مقصود حاصل ہو
کنایہ کی حقیقت اول معلوم ہوچکی اور ایہام اسے کہتے ہین کہ کسی لفظ کے دو معنی
ہون ایک قریب اور دوسرے بعید قریب سے مراد یہ ہے کہ وہ معنی اوس مقام کے
مناسب ہوا اور بعید سے یہ کہ اوس مقام کو مناسب نہو اور شاعر کو معنی قریب
مقصود نہو بلکہ معنی بعید مقصود ہو مثلاً ماہ اور آسمان اور صبح اور کواکب کے
ذکر مین لفظ مہر کا مذکور کرین اور مہر کے معنی دو ہین آفتاب محبت پس آفتاب
معنی قریب ہوا اسواسطے کہ مناسب مقام کے ہے اور محبت معنی بعید ہوا اسواسطے کہ مناسب
مقام کے نہین جب یہ معلوم ہوچکا جاننا چاہیے کہ از بس ایک رنگ دوسرے
رنگ کی ضد اور مقابل ہوتا ہے مثلاً سیاہ اور سفید یا سرخ اور زرد اسواسطے
تدبیج کو طباق کے اقسام مین سے شمار کرتے ہین مثال اوس تدبیج کی کہ بطریق کنایہ کے

مقصود حاصل ہوئے شعر ہے شعر اوس مست لب کا جام رنگ اپنا ہوا سرخ و سفید ؏ اور
بزم دلربا مین منہ ہوئے لقنون کے زرد ؏ سرخ اور زرد مین طباق ہے اور مقصود
بطریق کنایہ کے حاصل ہوا کیونکہ رنگ کا سرخ اور سفید ہونا کنایہ ہے بشاش ہونے سے اور
اور موتھ کا زرد ہونا کنایہ ہے خوف کرنے سے اور مثال اوس تدبیج کی کہ بطریق ایہام
کے مقصود حاصل ہو یہ ہے شعر دیکھنا منہ لال ہو جاویگا اب کسکے ابھی ؏ سامنے
میرے جو برگ سبز پان تونے دبا ؏ منہ لال ہونے کو دو معنی ہین ایک قریب
یعنی سرخ ہونا منہ کا بسبب پان کے اور دوسری بعید یعنی مونھ کا لال ہونا طمانچہ
سے اور یہی مراد ہے جاننا چاہیئے کہ طباق کی دو قسمین اور ہین قسم اول یہ کہ دو امر
ایسے کلام مین جمع ہون کہ اونکو آپسمین مقابلہ اور تضاد نہین ہے بلکہ ایک کو
اون دونون مین سے دوسری کی ضد کے ساتھ کسی طرح کا علاقہ ہے مثال شعر
اسقدر دل سخت مت کر دیکھ تو چلکر اوسے ؏ رحم کے قابل ہے اب حالت تری بیمار کی
رحم اور سخت مین تضاد نہین بلکہ مقابل سخت کی نرم ہے لیکن رحم کو نرمی کے ساتھ
ایک علاقہ ہے یعنی نرمی سبب اور رحم مسبب اسی قبیل سے یہ شعر درد کا شعر اون
لبون جنکے نہ کی مسیحائی ؏ جنہنے سو سو طرح سے مر دیکھا ؏ مرنے کے مقابل مین لفظ
مسیحائی کا واقع ہوا ہے اور ظاہر ہے کہ مرنے اور مسیحائی مین کچھ تضاد نہین بلکہ
مرنے اور جینے مین تضاد ہے اور جلانے کے ساتھ مسیحا کو علاقہ ہے یعنی جلانا حضرت
مسیحا کا معجزہ ہے قسم دوسری یہ ہے کہ ایسے دو امر جمع کرین کہ اونکو آپسمین تضاد
نہین ہے لیکن اونکو ایسے الفاظ سے تعبیر کرین کہ اونکے معنی حقیقی مین تضاد ہے
جیسے یہ شعر مصحفی کا شعر مجھے خندۂ گل پہ آتا ہے رونا ؏ کہ اسطرح ہنسنے کی خو تھی کسو کی

بیان جمع ہین کھانا گل کا اور رونا عاشق کا اور ظاہر ہے کہ ان دونون مین تضاد نہین اور چونکہ کہانے کو خندہ کے ساتھ تعبیر کیا ہے اوسکے معنی حقیقی رونے کے ساتھ تضاد رکھتے ہین اور اسیطرح ہے یہ قطعہ سودا کا قطعہ ایک جو مانند گل اس باغ مین ٭ خرم و خندان ہو گذر گیا ٭ انکی شبنم کی طرح دوسرا ٭ شام سحر رو رو کے سحر کر گیا ٭ گل کی شگفتگی اور شبنم کے ٹپکنے کو ایک جا مین جمع کیا ہے اور اون دو امر مین تضاد نہین لیکن چونکہ اول کو خندہ اور دوسرے کو رونے کے ساتھ تعبیر کیا ہے باعتبار ان دونون کے معنی حقیقی کے تضاد حاصل ہو گیا لیکن پہلے شعر اور اوس قطعہ مین فرق یہ ہے کہ شعر مین ایک کے معنی مجازی اور دوسرے کے معنی حقیقی کو جمع کیا ہے اور اوس مجاز واسطے کے معنی حقیقی کو دوسرے کے معنی حقیقی کے ساتھ تضاد ہوا ہے اور قطعہ مین دونون کو معنی مجاز کو جمع کیا ہے اور دونو کے معنی حقیقی کے اعتبار سے تضاد بہم پہونچا ئی اس قسم ثانی کو ایہام تضاد کہتے ہین کسواسطے کہ ایہام وہم مین ڈالنے کو کہتے ہین اور اس جا مین بھی الفاظ مذکورہ کے ساتھ تعبیر کرنا تضاد کا وہم دلاتا ہے صنعت مقابلہ وہ ہے کہ دو معنی یا زیادہ کہ ایک دوسرے کی ضد اور مخالف ہو ایک جا مین ذکر کرین اور بعد اوسکے اور دو معنی ایسے ہون کہ علی الترتیب ایک پہلے کی اور ایک دوسرے کی ضد ہو اور یہ مقابلہ کبھی دو دو معنیون مین اور کبھی تین تین اور کبھی چار چار معنیون مین ہوتا ہے مثال دو دو کی یہ شعر میر کا شعر صبح گذری شام ہونے آئی میر ٭ تو نچیتا دن نہایت کم رہا ٭ صبح کے مقابل شام اور گذرنے کے مقابل ہونا ہے اس شعر مین بعضے شخص گذرنے کی جگہ پیری کا لفظ پڑھتے ہین اس صورت مین مثال

درست نہین ہوگی شعر سودا کا شعر میرکو مہروش ہو ایک سنبل مشکفام دو چشن کے دو رہین ہے سحر ایک شام دو ونیہ سحر کے مقابل شام ہے اور ایک کو مقابل دوا اور اسی قبیل سے ہے یہ مصرع اسی قصیدہ کا جو ان سے کہ تجھے حلال ایک ہو اور حرام دو ونیہ تمام شعر پہلی طباق کی مثال مین بھی گذر گیا ہے مہر کے مخمس کا ایک بند گویا کی غزل پر بند خمسہ ای غفلت عمر کو کھو یا بہت ٭ مہرجاگا بخت کم سویا بہت ٭ کاتب اعمال بھی رویا بہت ٭ بار عصیان سر پہ ہو گویا بہت ٭ کیا اوٹھا ئین سر جھکے جاتے ہین ہم ٭ جاگنے کو مقابل مین سویا اور کم کے مقابل مین بہت ہو اور اسی مخمس کی غزل کا شعر ترک مطلب نے کیا ہے بے نیاز ٭ ہاتھ کھینچا پانون پھیلائے ہین ہم ٭ ہاتھ کے مقابل پانون اور کھینچنے کو مقابل پھیلانا مقابلہ تین تین اور چار چار کا اشعار اردو مین بہت کم ہے اسواسطے مثال نہین لکھی معلوم کیا چاہیے کہ تلخیص المفتاح کے مصنف نے اس صنعت کو علحدہ قسم نہین قرار دیا بلکہ طباق کی قسم قرار دیا ہے اور سکاکی نے اسکو قسم علحدہ مقرر کر کے طباق سے جدا بیان کیا ہے اور حق یہ ہے کہ یہ صنعت ایک قسم طباق کی ہے اسواسطے کہ اس جای مین بھی تضاد معتبر ہوتا ہے خواہ دو امر مین ہو خواہ زیادہ مین صنعت مراعاۃ النظیر اسطرح پر ہے کہ کئی چیزین ایسے کلام مین مندرج ہون کہ اونکو باہم مناسبت ہو جیسے باغ اور گلشن اور بلبل اور گل اور نرگس اور نسرین اور صبا یا شمس اور قمر اور ستارہ اور فلک علی ہذا القیاس اس صنعت کو تناسب اور توفیق اور ایتلاف اور تلفیق بھی کہتے ہین تلفیق کے معنی دشمن کو اکٹھا کرنا اور باقی الفاظ کے معنی ظاہر ہین اسکی مثال ہے یہ بند سودا کے مخمس کا

بند مخمسہ جو گرد چہرہ کے اوس شاخ گل نے خط کو رکھا ؛ چمن چمن مین پڑا شور ہر طرف غوغا ؛ ہر ایک مرغ نے ہو باغ باغ دی یہ دعا ؛ شکر فروش کہ عمرش دراز باد چرا ؛ تفقدی نکند طوطی شکر خارا ؛ چمن چمن اور مرغ مرغ اور باغ باغ اور طوطی مناسب ایک دوسرے کے ہین اور اسی صنعت کی قبیل سے ہے وہ صنعت کہ جسکو بعضے تشابہ الاطراف نام رکھتے ہین یہ وہ ہے کہ کلام کو ایسی شے کے ساتھ تمام کرین کہ ابتدا کے ساتھ مناسبت رکھتی ہووے جیسے یہ شعر ذوق کا شعر ؎ جو دیکھا سبکو اور تجھکو نہ دیکھا جون نگاہ ؛ تو رہا آنکھون مین اور آنکھون سے پنہان ہی رہا ؛ آنکھون مین رہنا مناسب اس قول کے ہے تجھسے دیکھا سبکو اور آنکھون سے پنہان رہنا مناسب اس قول کے تجکو نہ دیکھا کسواسطے کہ جو چیز ایسی ہووے کہ آدمی سبکو دیکھے تو وہ چاہیے کہ آنکھون مین رہے اور آنکھون مین رہنا اردو مین محاورہ ہے بمعنی قریب کے اور جو چیز کہ دکھائی نہ دیوے چاہیے کہ وہ آنکھون سے پنہان ہووے یہ شعر سابق کسی اور امر کی مثال مین بھی مذکور ہو چکا ہے میر کا شعر ہے صحرا ہی گریبان چاک ؛ جبتک ہاتھ پانون چلتے ہین ؛ ہاتھ کا چلنا مناسب ہے چاک گریبان کے اور پانون کا چلنا مناسب صحرا کے لیکن سقم اک ہے کہ ان دونون کا ذکر بطریق لف ونشر غیر مرتب کر ہے اور مراعاۃ النظیر کے قبیل سے ہے وہ صنعت بھی کہ اوسکو ایہام تناسب کہتے ہین اور یہ اسیطرح پر ہے کہ ایسے دو معنی کلام مین جمع کرین کہ اونکو آپس مین کچھ مناسبت نہین مگر ان دو معنی کو جن دو لفظون کے ساتھ تعبیر کرین اور اون دونون مین سے دوسرا لفظ ایسے ایک اور معنی رکھتا ہو کہ اس معنی کو پہلے لفظ کے معنی کے ساتھ مناسب ہو

مثلاً فرہاد اور شیرین مذکور کرین اور شیرین سے معنی میٹھے کی مراد ہو ظاہر ہے کہ
اوس معنی کو فرہاد کے معنی سے کچھ مناسبت نہین مگر شیرین کو بمعنی معشوقہ مشہور کے
فرہاد کے ساتھ مناسبت ہو یا مشک اور چین زلف چین بمعنی شہر معروف کو مشک سے مناسبت
ہے یا بازار اور سودا بمعنی دیوانگی کے اور دوسرے معنی یعنی خریداری کو بازار کے
مناسبت ہی اور جیسے اس شعر مین سودا کے شعر سرو گلشن ہی نہ کچھ مفتون ہے
بید بھی قد کا ترے مجنون ہے ۞ اس شعر مین درخت مذکور اور مجنون کے معنی
یعنی دیوانہ کو باہم جمع کیا ہے اور اون دونون مین کچھ مناسبت نہین لیکن
مجنون کے دوسرے معنی یعنی ایک قسم بید کی کہ جسکو بید مجنون کہتے ہین بید کے
البتہ مناسبت رکھتی ہے اسی قبیل سے معلوم ہوتا ہی یہ شعر سودا کا شعر کہتا ہی واعظ
کہ اسیئے تو یہ منع ہے ۞ کہنے ہی کی بات ہی اسکو سنا کیجیے ۞ سنا کیجیے محاورہ مین
ایسی جاے استعمال کرتے ہین کہ کوئی شخص بے اصل اور بے اعتبار بات کہے مراد اوس سے
یہ ہے کہ وہ بات بے اصل ہے یہ معنی بطریق کنایہ کے حاصل ہوئے ہین ظاہر ہے
کہ اوس جاے مین یہی معنی مقصود ہے کسواسطے کہ بے اصلی اور بے اعتباری زاہد
کے کلام کی ثابت کرنی منظور ہے اور یہ معنی ذکر کے ساتھ کچھ مناسبت نہین رکھتے
اور معنی حقیقی یعنی تاکید سنیے پر البتہ مناسبت ہے سوا اوراسے ایہام تناسب
اسیواسطے کہتے ہین کہ تناسب فی الحقیقت نہین ہے لیکن دوسرے معنی تناسب کا
وہم دلاتی ہے جیسے ایہام تضاد مین معلوم ہوا صنعت مشاکلہ وہ ہے کہ دو
چیزین ایک جا ذکر کرین اور جن لفظون سے پہلی چیز کو تعبیر کیا ہے اونہین
لفظون سے دوسری چیز کو بھی تعبیر کرین ایک جاے مین مذکور ہونے کی مناسبت سے

مثلاً اوس شخص کو کہ بسبب بدکاری کے عذاب مین گرفتار ہو جاوے کہین کہ بدلہ
برائی کا برائی ہے عذاب کو برائی تعبیر کیا اور جیسے پانچوان مصرع سودا کے مخمس
کے بند کا مولوی ندرت کشمیری کی ہجو مین بند مخمسہ مولوی جی سے جا کے اب
کوئی میرا پیام دو ۔ کہنا کہ یہ غزل پڑھنے کو اذن عام دو ۔ لکھنے آہ ہر ایک کو
صبح سے تا بشام دو ۔ مجھسے جو لو چھپو شعر بھی کہنے کو انصرام دو ۔ گھوڑے کو دو ندو
لگام مونچھ کو ذرا لگام دو ۔ خاموش رہنے کو گھوڑے کی مناسبت سے مونچھ کے لگام
دینے کے ساتھ تعبیر کیا ہے صنعت مزاوجہ لغت مین مزاوجہ دو چیز کے ملانے کو کہتے ہین
اور اصطلاح مین وہ ہے کہ ایسے دو معنی شرط اور جزا مین واقع ہوویں کہ پہلے معنی پر
جزا مترتب ہووے وہی دوسرے معنی پر بھی وہی مترتب ہو جیسے اس شعر مین سعادت یار خان
رنگین کے شعر آہ کیجے تو آن جاتی ہے ۔ ورنہ کیجے تو جان جاتی ہے ۔ آہ کرنا
اور نکرنا دو امر ہین اور ان دونون امر پر کسی شے کا جانا مترتب ہوا ہے یعنی
اول پر آن کا جانا اور دوسرے پر جان کا جانا صنعت ارصاد لغت مین ارصاد
رستہ مین نگہبان بٹھانے کو کہتے ہین اور اصطلاح مین وہ ہے کہ شعر مین ایسا لفظ
لاوین کہ اوس سے یہ معلوم ہو جاوے کہ مصرع ثانی کے آخر مین فلان لفظ ہوگا اگر
یہ امر جب ہے کہ اوس شعر کے قافیہ کا حرف اخیر معلوم ہوا اور اگر نہ ہوگا تو لفظ اخیر کا
معلوم ہونا پہلی لفظ سے نہ ہو سکے گا جیسے ان دو شعرون مین شعر شہرہ ہے ترے
جفا و جور کا عالم کے بیچ ۔ دھوم ہے ترے ستم کی قاف سے تا قاف ۔ مختلف
ہین یار سے یار آشنا سے آشنا ۔ عشق نے تیرے یہ ڈالا سب دلون مین
اختلاف ۔ جب معلوم ہوا کہ اس زمین مین مدار قافیہ کا حرف

نے پر ہے کہ سب جا مین مثل قاف اور معاف وغیرہ کے قافیہ کیا جائیگا و دوسرے
شعر کے مصرعۂ اول مین لفظ مختلف سے یہ معلوم ہوا کہ یہان قافیہ ضرور اختلاف
ہوگا کیونکہ مختلف سب کا ہونا بسبب اختلاف کی ہوتا ہے صنعت عکس و تبدیل
یہ صنعت اسطرح پر ہے کہ پہلے ایک چیز کو کسی چیز پر مقدم کرین اور پھر پہلی کو پیچھے
کردین اور پچھلی کو پہلے جیسے اس شعر مین شعر تو ہوا ور صبر بخت کی خوبی ؛ خوبی
بخت دیکھیے تو سہی ؛ پہلے لفظ بخت کا خوبی پر مقدم تھا اور پھر بخت پر خوبی کو مقدم
کر دیا اور جیسے اس شعر مین شعر اعتبار حسن سے ممتاز ہے خوبان مین تو ؛ اور ہین
عشاق مین رکھتا ہون حسن اعتبار ؛ صنعت رجوع اسطرح پر ہے کہ کلام اول کو باطل
کر کے دوسرے کلام کی طرف مصروف ہو وین کسی فائدہ اور نکتہ کے واسطے شعر
رخ ہے تیرا ماہ یا خورشید پر ہے یہ غلط ؛ دلستانی اسقدر مہ مین کہان خور مین کہان
قد ہے تیرا اک صنوبر باغ عالم مین ولی ؛ راستی جو ہے ترے قد مین صنوبر مین کہان
فائدہ اس رجوع کا ترقی ہے معشوق کے چہرہ اور قد کی خوبی کی صنعت توریہ
اور اس صنعت کو ایہام بھی کہتے ہین لغت مین توریہ بمعنی جدا کرنے کے ہے اور
ایہام بمعنی وہم مین ڈالنے کے ہے اور اصطلاح مین وہ ہے کہ ایک لفظ اسطرح کا مذکور
کرین کہ اوسکے دو معنی ہون ایک قریب اور دوسرے بعید اور مراد کہنے والے کی
معنی بعید ہو اور معنی کے قریب اور بعید ہونے کی حقیقت اول بیچ صنعت طباق
کے تدبیج کے بیان کے اثنا مین مفصل مذکور ہو چکی ہے اور معنی بعید کا مراد ہونا
کسی قرینہ کے اعتماد پر ہوتا ہے پوشیدہ نرہے کہ یہ صنعت دو طرح پر ہے ایک یہ
معنی قریب یعنی جو معنی کہ مراد نہین اوسکی مناسبات مین سے کچھ کلام مین مذکور نہو

اسکو ایہام مجردہ کہتے ہین جیسے اس شعر مین شعر عشق بیٹھا ہے دل مین اک بت کا ؛
ہم تو یار و خدا کے بھی نہ رہے ؛ دل مین غم کا بیٹھنا یعنی غم کے موجود ہونے کے ہے
دل مین اور مناسبات بیٹھنے کی کہ معنی قریب ہین کچھ مذکور نہین اور دوسری یہ کہ معنی
قریب کے مناسبات مذکور ہون اسکو ایہام مرشحہ کہتے ہین جیسے اس شعر مین شعر
دل جو دیکھا تو صنم خانہ سے بدتر نکلا ؛ لوگ کہتے تھے کہ اس گھر مین خدا رہتا ہے ؛
رہنا خدا کا بمعنی متصرف ہونے کے ہے اور مناسبات رہنے کی یعنی بود و باش کے گھر
اور صنم خانہ ہے صنعت استخدام وہ ہے کہ کسی لفظ کے دو معنی ہون اور ان دونون
سے ایک معنی بواسطہ اوس لفظ کے مراد لین اور پھر ضمیر اوس لفظ کی طرف رجوع
کر کے دوسرے معنی کا ارادہ کرین جیسے ان شعرون مین شعر سایہ فگن ہو مین نے
کہا ہم پہ اے پری ؛ بولا کہ اوسکے سایہ سے پرہیز چاہیے ؛ ایضاً مین نے کہا کہ
اے گل مرتے ہین ہم الم سے ؛ بولا کہ اوسکو کیا ہے مرنے سے بلبلون کو ؛ پہلے شعر مین
پری اور دوسرے مین گل سے معشوق اور بواسطہ ضمیر یعنی اوسکے پری اور گل
کے معنی حقیقی مراد ہے کس واسطے کہ سایہ سے پری کے پرہیز کرتے ہین اور مرنے سے
بلبل کے گل متعارف کو غم نہین ہوتا ہے صنعت لف و نشر لغت مین بمعنی لپیٹنے کے
اور نشر بمعنی پراگندہ کرنے کے اور اصطلاح مین وہ ہے کہ پہلے کئی چیزین مذکور کرین
اور بعد اوسکے ہر ایک کے منسوبات اور متعلقات بغیر تعیین کے بیان کرین اور تعیین
کا نکرنا اس اعتماد پر ہے کہ سننے والا ہر منسوب کو اوسکے منسوبات الیہ سے متعلق
کریگا پہلے امر کا نام لف اور دوسرے کا نشر ہے اور یہ صنعت دو قسم پر ہے مرتب اور غیر مرتب
مرتب اسطرح پر ہے کہ جس ترتیب سے لف ہے اوسی ترتیب سے نشر بھی ہو جیسے اس شعر مین

سودا کی شعر یار و مہتاب و گل و شمع ہم چارون ایک ؛ ہین کتان بلبل و پروانہ یہ ہم چارون ایک ؛ اپنے تئین یار کے ساتھ اور کتان کو مہتاب کے اور بلبل کو گل کے اور پروانہ کو شمع کے ساتھ منسوب کیا ہے علی الترتیب اور جیسے دوسری شعر مین اسی قصیدے کے شعر ہر مجھے ابر و ہوا شیشہ و جام اب ساقی ؛ گریہ و نالہ و دل دیدہ ہم چارون ایک ؛ گریہ مشابہ ابر کے اور نالہ ہوا کے اور دل شیشہ کے اور دیدہ جام کے ہم اور بہترین انواع اس قسم مین وہ ہے کہ ایک کلام مین کئی لف اور کئی نشر جمع ہون چنانچہ ایک نشر نسبت دوسری نشر کے لف بن جاوے جیسے اس شعر مین شعر کیونکہ چین آوے کہ رہتا ہے ہمیشہ ہجر مین ؛ سوز و نالہ داغ و غم سے دل کو جان زار کو ؛ سوز سبب داغ کے دل کو ہے اور نالہ بسبب غم کے جان کو اور لف و نشر غیر مرتب وہ ہے کہ جس ترتیب سے لف ہو نشر اوس ترتیب سے نہو یہ دو قسم ہے قسم اول یہ کہ ترتیب نشر کی اولٹی ہو یعنی لف مین جو سب سے اخیر ہے سب سے پہلے مذکور کرین اسیطرح سے باقی کے منسوبات تمام مذکور کرین اسکو معکوس الترتیب کہتے ہین شعر روے و زلف و قد صنم دیکھو ؛ سرو شمشاد و گل بہم دیکھو ؛ سرو مناسب قد کے اور شمشاد مناسب زلف اور گل مناسب چہرہ کے ہے معلوم کیا چاہیے کہ شمشاد ایک درخت سیدھا ہے کہ اوس سے معشوق کے قد کو تشبیہ دیتے ہین مثل سرو کے اور بمعنی مردہ کے بھی ہے جب قد کو اوس سے تشبیہ دیتے ہین وہ درخت سیدھا مثل سرو کے مراد ہوتا ہے اور جب زلف اور خط کو اوس سے مشابہ کرتے ہین مردہ مراد ہوتا ہے چنانچہ لغت اور اصطلاح کی کتاب خصوصاً بہار عجم سے یہ بات ظاہر ہے اور اس شعر مین کہ مثال مین مذکور ہوا اوس سے

مرد وہی مراد ہو قسم دوسری یہ کہ نشر کی ترتیب نہ لف کی ترتیب کے مطابق ہو اور نہ
اولٹی ہو بلکہ اوسکی ترتیب درہم برہم ہو جیسے اس شعر مین شعر داغ دل اور
قطرۂ اشک آہ صبح گاہ ٭ شبنم سے مجکو اور گل و سنبل سے کم نہین صنعت جمع اوسکو
کہتے ہین کہ کئی چیز کو ایک حکم کے تحت مین جمع کرین جیسے اس شعر مین سودا کے
شعر سبزہ و ابر و ہوا گل نہ سدا ہون یکجا ٭ ساقیا جام کہ ہین یہ کوئی دم چارون
ایک ٭ سبزہ اور ابر اور ہوا اور گل کو ہمیشہ یکجا ہونے کے حکم مین جمع کیا ہے ۔
صنعت تفریق ایک طرح کی دو چیزون مین فرق ظاہر کرنے کو کہتے ہین جیسے
اس شعر مین سودا کے شعر ابر قسم ہے تجھے رونے کی ہماری ٭ ٹپکا تری
آنکھون سے کبھی لخت جگر بھی ٭ آنکھ اور ابر پانی کی گرانی مین مشابہ ایک دوسرے کے
ہین لیکن اسمین باعتبار لخت جگر ٹپکنے کے فرق ظاہر کر دیا صنعت تقسیم اوسے کہتے ہین
کہ پہلے کئی چیزین ذکر کرین اور پھر جو جو شے اونکے ساتھ نسبت رکھتی ہو اوسکو
مذکور کرین بطریق تعین کے اس صنعت مین اور لف و نشر مین یہی فرق ہے کہ
لف و نشر مین ذکر منسوبات کا بطریق تعین کے نہین ہوتا چنانچہ پہلے معلوم ہو چکا
اور یہان بطریق تعین کے ہوتا ہے چنانچہ اس قطعہ مین قطعہ زلف اوس مہوش
کے رخ پر اک دخان ہے آگ پر ٭ اور رخ اوس مہروش کا شعلہ ہے زیر دخان ٭
ہائے یون ہو اوس دخان سے تیرہ اپنا روز عیش ٭ اور اوس شعلہ سے یون
روشن ہو شام دشمنان ٭ مقصود بالتمثیل اس قطعہ مین مذکور ہونا دخان اور آتش کا
اور پھر مذکور ہونا تیرہ ہونے روز عیش کا دخان سے اور روشن ہو شام دشمنونکا
شعلہ سے ہے اور ذکر زلف اور رخ اور مہ اور مہر اور دخان اور شعلہ اور تیرہ

اور روشن مہ چیزون کا مراعات النظر کی قبیل سے اور روز او رشام طباق کے قبیل سے ہے سو یہ دونون صنعتین پہلے مذکور ہو چکی ہین اور اسی صنعت کی قبیل سے ہے کسی شے کی تمام قسمون کو ایک جا مین اکٹھا مذکور کرنا جیسے اس شعر مین شعر ہم اونکے بزم مین اپنے تئین یون خوار کرتے ہین ؞ کبھی نظرون سے گرتے ہین کبھی دل سے اوترتے ہین ؞ خواری کی قسمین مصرع ثانی مین مذکور ہین صنعت جمع و تفریق وہ ہے صنعت جمع اور صنعت تفریق کو ایک جا مین اکٹھا کرین شعر مسلمان اور کافر سجدہ سب کرتے ہین پتھر کو ؞ او سے وہ کعبہ کہتے ہین اسکو بت نام کرتے ہین ؞ مصرعہ اول مین مسلمان اور کافر کو جمع کیا ہے سجدہ کرنے کے حکم مین اور مصرعہ ثانی مین دونون کا فرق بیان کیا ہے اسی قبیل سے ہے یہ شعر ممنون کا شعر تفاوت قامت یار و قیامت مین ہے کیا ممنون ؞ وہی فتنہ ہے لیکن یان ذرا سانچے مین ڈھلتا ہے ؞ اول قامت اور قیامت کو فتنہ ہونے کے حکم مین جمع کیا اور پھر اون دونون مین فرق ظاہر کیا سانچے مین ڈھلنے کی صنعت جمع و تقسیم صنعت جمع اور صنعت تقسیم کے اکٹھا کرنے کو کہتے ہین جیسے اس شعر مین شعر تجھے اور تیرے دشمن کو سدا ہے اوج عالم مین ؞ تجھے تخت خلافت پر اوسے دار ریاست پر ؞ مصرعہ اول مین صنعت جمع اور دوسرے مین صنعت تقسیم ہے صنعت جمع و تفریق و تقسیم تینون صنعتون کے اکٹھا کرنے کو کہتے ہین جیسے اس قطعہ مین قطعہ مری آہ اور تراطرہ ہے سنبل شکل مین لیکن ؞ وہ خار سوختہ یہ شاخ سرو جوئباری کی ؞ سدا اوس خار سے دوزخ کو ہے امید آتش کی ؞ سدا اس شاخ سے جنت کو خواہش آبیاری کی ؞ مصرع اول شعر اول مین

صنعت جمع اور دوسرے مصرعہ مین تفریق اور دوسرے شعر مین تقسیم ہے صنعت تجرید
یہ صنعت اس طرح سے ہو کہ ایک شے ذی صفت سے ایک اور شے مانند اوسکے متصف
اوسی صفت کے ساتھ حاصل کرین واسطے مبالغہ کے تاکہ یہ معلوم ہو کہ پہلی شے اوسی
صفت مین ایسی کامل ہے کہ اوس سے ایک اور شے موصوف باین صفت حاصل
ہو سکتی ہے یہ صنعت عربی مین بہت طرح سے مستعمل ہوتی ہے اور علی ہذا القیاس
فارسی مین بھی لیکن اردو مین بھی کئی طرح سے اسکا استعمال پایا جاتا ہے اول یہ کہ
بسا چیزے کوئی چیز اور اوسی صفت کی حاصل کرین اوسکے ساتھ حرف سے کا کہ
اردو مین حرف از کا ترجمہ ہے مذکور کرین جیسے اس شعر مین شعر آتش غم ایسی
کچھ بھڑکی کہ دل مین ہو گیا ؛ داغ دل سے آفتاب روز محشر آشکار ؛ حاصل یہ ہے
کہ بھڑک کے دل کے داغ کی سوزش مین مبالغہ منظور ہے یعنی داغ دل کا سوزش
اس مرتبہ کو پہونچا ہے کہ اوس سے آفتاب حاصل ہو گیا ہے اور یہ قسم ظاہر مین تشبیہ
معلوم ہوتی ہے لیکن جو معنی مشابہ کو بطریق تجرید کے مستفاد ہوئے اوسکو اصطلاح
مین تشبیہ نہین کہتے چنانچہ یہ حال تشبیہ کی بحث مین مفصل معلوم ہو چکا ہے دوسری
قسم یہ کہ جب کسی شے سے کچھ اور شے حاصل کرین اوس شے کو حاصل ہونے والی چیز کا
ظرف ٹھہراوین جیسے اس شعر مین شعر ہے کوچۂ جانان مین جنت کا سراغ اونکو
عشاق ثواب وان سے مر کر بھی نہ نکلین گے ؛ مراد یہ ہے کہ کوچۂ جانان خود جنت ہے
لیکن کوچۂ جانان سے جنت کو حاصل کیا ہے بطریق اس صنعت کے گویا جنت اس کوچہ
آمادہ اور مہیا ہے تیسری قسم یہ ہے کہ کسی حرف کا واسطہ نہو خواہ مین ہو خواہ سے
جیسے اس شعر مین شعر مجھے دیکھکر تیغ کو دیکھتے ہین ؛ غرض یہ کہ ہو خون ناحق کسی کا

یعنی غرض یہ ہے کہ ہو خون ناحق میرا حاصل یہ ہے کہ اپنے تئین ناحق کشتہ ہونے کی
صفت مین ایسا کامل قرار دیا کہ اپنے سے اور شخص حاصل کیا اور یہان واسطہ
کسی حرف کا نہین نہ حرف ظرف کا یعنی مین اور نہ کسی اور حرف کا شامل سے کے
جیسے اوپر کی دو مثالون مین تھا چوتھی قسم یہ کہ کوئی شے بطریق کنایہ کو حاصل ہو
جیسے اس شعر مین شعر دیکھنا آئینہ ہر دم کا نہین ہے بے وجہ ؛ ظاہر اوہ بھی ہین عاشق
کسی مہ پارہ کے ؛ آئینہ دیکھکر کسی مہ پارہ پر عاشق ہونا ظاہر ہے کہ اپنے اوپر
عاشق ہونا ہے کیونکہ آئینہ مین صورت اپنی نظر آتی ہے پس معشوق سے ایک اور
مہ پارہ ایسا حاصل کیا کہ وہ اوسپر عاشق ہوا ہے پانچوین قسم یہ ہے کہ کوئی شخص
اپنے سے آپ باتین کرے مثلاً پہلے کسی ایسی شے کا عزم کرے کہ وہ ممکن الحصول
نہو اور پھر سمجھکر اپنے آپ سے کہے کہ تیری مجال کیا ہے کہ اوسکو حاصل کرے اسی
قبیل سے ہے اکثر مقطع مین اپنا تخلص مذکور کرکے اپنے سے خطاب کرنا مثلاً یہ مقطع سودا کا شعر
سودا تری فریاد سے آنکھون مین کٹی رات ؛ اب آئی سحر ہونے کو ٹک تو کہین مر بھی
ایضاً سودا کبھو نہ مانیو واعظ کی گفتگو ؛ آوازۂ دہل ہے خوش آیند دور کا ؛ ؛
مقطع میر تقی کا شعر سچ تبلاؤ میر جی صاحب کیا ہو اگر یہ سانگ نہین ؛ ؛ گرمی
سبزہ رنگون سے اور گھر مین بھونی بھانگ نہین ؛ مقطع شیخ ابراہیم ذوق
سلمہ اللہ تعالی کا شعر میکدہ مین ایک پگڑی ہوتی تھی رہن می ؛ ذوق وہ تیری ہی
دستار فضیلت ہو تو ہو ؛ صنعت مبالغۂ مقبولہ معلوم کیا چاہیے کہ مبالغہ یہ ہے
کہ کسی وصف کو شدت یا ضعف مین اس حد تک پہونچا دین کہ اوس حد تک
اوسکا پہونچنا بعید ہو یا محال ہو تاکہ سننے والے کو یہ گمان نہ رہے کہ اس وصف کی

شدت یا ضعف کا کوئی مرتبہ باقی ہے اور اوس وصف کا اوس حد تک پہونچنا
تین حال سے خالی نہین ایک یہ کہ موافق عقل اور عادت کے ممکن ہو یعنی اوس حد تک
پہونچنا نہ عقل کے نزدیک ممتنع ہو اور نہ عادت سے باہر ہو اوسکو تبلیغ کہتے ہین اسکی
مثال یہ شعر ہے سودا کا شعر ہوچکے ہم آرزوے وصل مین نزدیک مرگ ؛ ہے سو تو
مشکل ملاقات بہت دور ہے ؛ کسی شے کی آرزو مین مرگ کے نزدیک پہونچنا
نہ موافق عقل کے محال ہے اور نہ باعتبار عادت کے دوسرا یہ ہے کہ باعتبار عقل
کے ممکن ہو اور باعتبار عادت کے محال ہو اوسکو اغراق کہتے ہین چنانچہ اس قطعہ مین
سودا کے قطعہ استقدر رکھتی ہے صولت اوسکی شمشیر و سپر ؛ گر صف اعدا مین جاکر
کھینچے اسکا بیان ؛ ڈال دے روئین تن اوس ہنگام میدان مین سپر ؛ ہووے
باریک اپنی گردن کو بنا دین سرکشان ؛ شمشیر اور سپر کے ذکر سے میدان مین
روئین تن کا سپر ڈالدینا اور سرکشون کا گردن حاضر کرنا باعتبار عادت کے
نہین ہوسکتا لیکن عقل اس امر کو ممکن جانتی ہے اسی قبیل سے یہ شعر حسین تسکین کا
کہ راقم کے دوستون مین سے ہے شعر اب یہ حالت ہے کہ اون سا بیدرد ؛ میرے
بچنے کی دعا مانگے ہے ؛ ایسے شخص کا کہ کمال بیدرد ہو ایسے کے حق مین کہ وہ بیدرد
اوسکا دشمن بھی ہو بچنے کی دعا مانگنا باعتبار عادت کے بعید ہے لیکن باعتبار عقل کے
ممکن ہے تیسرا یہ کہ باعتبار عقل کے اور عادت کے محال ہو اسکو غلو کہتے ہین جیسے
اس شعر مین سودا کے شعر بندوبست ایسا ہی عالم مین کہ تار عنکبوت ؛ گر گردن
کے واسطے رکھتا ہے حکم ریسمان ؛ ایضاً بجا ہے کہ لہو کا دریا بہاؤن ؛ یہ کشتی
فلک کی لہو مین ڈباؤن ؛ ظاہر ہے کہ کرسی کے جالے کو گردن کے واسطے

ریمان کا حکم رکھنا اور گرمہ سے لہو کا ویا بہانا اور کشتی فلک کو اوس میں ڈوبانا
نہ باعتبار عقل کے امکان رکھتا ہے اور نہ باعتبار عادت کے جب یہ معلوم ہو چکا تو اب
جاننا چاہیے کہ ان تینون قسمون مین سے تبلیغ اور اغراق دونون مقبول ہین
اور تیسری قسم جب مقبول ہوتی ہے کہ کوئی ایسا لفظ ذکر کرین کہ اوسکو قرین صحت
کے کر دے جیسے اس شعر مین سودا کے شعر اس گلشن ہستی مین عجب دید ہے لیکن ؛
جب چشم کھلی گل کی تو موسم ہے خزان کا ؛ مقصود بیان ہے اس امر کا کہ
بہار اس گلشن دنیا کی آنکھ کھولنے کے عرصہ مین جاتی رہتی ہے اور یہ امر قرین صحت کے
نہین ہو سکتا کسواسطے کہ ایک ساری فصل کا اس عرصۂ قلیل مین بسر ہو جانا نہ باعتبار
عادت کے ہے اور نہ عقل مین آتا ہے لیکن جب آنکھ کھلنا گل کی طرف منسوب کیا وہ امر
مقرون صحت ہو گیا کسواسطے کہ گل بعد کھلنے کے تو گر پڑتا ہے اور یہی امر اوسکے واسطے
خزان ہے ایضاً عشق کی بھی منزلت کچھ کم خدائی سے نہین ؛ ایک سا احوال یان
بھی ہے گدا و شاہ کا ؛ عشق کی منزلت اور مرتبہ مین مبالغہ حد سے زیادہ بڑھ گیا اور
یہ امر قرین صحت کے نہ تھا لیکن جب یہ کہا کہ یہان بھی گدا اور شاہ کا ایک سا احوال ہے
وہ امر مقرون بصحت ہو گیا کسواسطے کہ حق جل و علی کے نزدیک بھی گدا اور شاہ برابر ہین
یا مبالغہ کے ساتھ خیالات نازک اور لطیف ہون تاکہ اون خیالات نازک اور لطیف کی لذت
اور حسن کے سبب وہ مبالغہ باوجود قرین صحت نہونیکے بلغا کی طبیعت مین مقبول ہو جاوے جیسے
سودا کا شعر شعر یاد مین او سکے گر عدو دیکھے لڑا پنے باپ کو ؛ ماں سے کہے سمجھے حلال ایک ہے اور
حرام دو ؛ اس شعر مین مبالغہ ہے تلوار کی تیزی مین یعنی اوس تلوار کی یاد کر جائین اگر دشمن
موج کا اپنے باپ کو دیکھلے اوس تلوار کی یاد کر اثر سے اوسکی نگاہ مین اسقدر تیزی ہم پہونچے

تمام اوس تیری نگاہ سے اوسکو پاپ کرد و گر مرجاوین ہر چند یہ امر البعد ا ز اعتبار رعایت
او عقل سے ممتنع ہے لیکن از بسکہ خیالات نازک اور لطیف مین بنا رعایت کی ہے
بہت اچھا معلوم ہوتا ہے یا مبالغہ بطور ہزل کے واقع ہوا ہو جیسے ان شعرون
سودا کے کہ گھوڑے کی ہجو مین کہے ہین شعر گرم وہ ہے اسقدر کہ اگر اوسکی نعل کا بنا لو
گلا کے تیغ بناوے کبھو لمار بہر دلاکو یہ یقین کہ وہ تیغ روز جنگ ۞ رستم کے ہاتھ سے
نہ چلے وقت کارزار ۞ گر باندھکر سے منزل سے چہنکا دین اوسے ۞ چھپکے نقیر بناکر
زنہار ۞ پہلے دو شعرون مین مبالغہ گرمی مین ہے اور یہ ظاہر ہے کہ ایسا نہین
ہو سکتا کہ گرمی کی تاثیر مین نعل مین وہ اثر ہو جاوے کہ اوسکے لوہے کی تلوار ہی نہ
چل نہ سکے اور تیسرے شعر مین مبالغہ ہے گھوڑے کی صنعت مین اور یہ ظاہر ہے
کہ باندھکر ڈالدینے کے وقت بسبب صنعت کے زمین تھپکے لیکر اوترنا ممکن نہین کیونکہ ما گرنا
گرنا بے اختیاری ہے اور صنعت مین توقف کرنا اختیار سے ہوتا ہے لیکن از بسکہ
یہ بطور ہزل کے ہے طبیعت کو پسند آتا ہے صنعت مذہب الکلامی وہ ہے کہ کلام دلیل اور
برہان پر مشتمل ہو یعنی اوس سے بطور دلیل کے نتیجہ مطلوب کا حاصل ہو جاوے جیسے
اس شعر مین سودا کے شعر اگر عدم سے نہو ساتھ فکر روزی کا ۞ تو آب و دانہ کو لیکر
گہر نہو پیدا ۞ اس شعر مین دلیل کی صورت اسطرح پر ہے کہ اگر عدم سے فکر روزی کا
ساتھ نہو تو گوہر آب و دانہ لیکر عدم سے پیدا نہو لیکن وہ آب اور دانہ لیکر پیدا ہوتا ہے
اس سے نتیجہ حاصل ہوا کہ فکر روزی کا عدم سے ساتھ ہے اسیطرح سے ہین یہ دو شعر
اسی قصیدہ کے سے بلند ہمت اگر ہو ان نہ زیر چرخ ضعیف ۞ ہلال عید ہو عالم کا کیوں
روزہ کشا ۞ جو ناتوان نکرین دستگیری دشمن ۞ تو خار و خس نکرے شعلہ کو کبھو برپا ۞

صورت دلیل کی ان دونون شعرون مین اسطرح پر ہے کہ اگر ضعفا بلند ہمت نہوون
تو ہلال عید باین ضعف اور ناتوانی عالم کی روزہ کشائی نکرے لیکن روزہ کشائی
کرتا ہے پس معلوم ہوا کہ ضعیف بلند ہمت ہین اور اگر ناتوان دشمن کی دستگیری نکرین
تو خار و خس باین ناتوانی شعلہ کو کہ دشمن ہے برپا نکرے لیکن کرتا ہے پس نتیجہ یہ حاصل ہوا
کہ ناتوان دشمن کو دستگیر ہین لیکن اس صنعت کا لطف جبتک کہ علم معقول مین کچھ
دستگاہ نرکھتا ہو حاصل ہونا بہت دشوار ہے اور راقم کے خیال مین آیا تھا کہ اس مقام مین
چند اصطلاحین منطق کی بھی لکھے تاکہ اوسکو سمجھکر دلیل کی حقیقت اور اوس سے نتیجہ کا
نکالنا معلوم کرین لیکن بعد تامل کے معلوم ہوا کہ بجز طول کلام کے اور کچھ فائدہ نہوگا
اسواسطے ترک کیا صنعت حسن التعلیل اوسکو کہتے ہین کہ کسی وصف کے واسطے کسی
شے کو علت ٹھہراوین اور وہ شے حقیقت مین اوسکی علت نہو معلوم کیا چاہیے کہ وہ
وصف کہ جسکی شے کو علت ٹھہرایا ہو یا فی نفسہ ثابت ہو یا نہین اگر وہ وصف فی نفسہ
ثابت ہو تو وہان اوس وصف کے واسطے فقط علت کا ثابت کرنا مقصود ہوتا ہے
اور اگر وہ وصف فی نفسہ ثابت نہین تو وہان علت کے بیان سے اوس وصف کا
ثابت کرنا مقصود ہوتا ہے اور وہ وصف کہ فی نفسہ ثابت ہو اور اوسکے واسطے علت کا
ثابت کرنا مقصود ہو وہ دو طرح پر ہے اول یہ ہو کہ سوا اوس علت ٹھہرائی ہوئی کے
اوس وصف کے واسطے کوئی اور علت بھی ظاہر ہو دوسرا یہ ہو کہ سوا اوسکے کوئی
اور علت ظاہر نہو اور وہ وصف کہ فی نفسہ ثابت نہین اور علت کے بیان کرنے سے
ثابت کرنا اوس وصف کا مقصود ہو وہ بھی دو طرح پر ہے ایک یہ کہ اوس صفت کا
موجود ہونا ممکن ہو اور دوسرا یہ کہ محال ہے پس اس صنعت کی چار قسمین ہین قسم پہلی یہ

وہ صنعت ثابت ہو۔ دو صنعت مذکورہ کو مستلزم اور صنعت غیر خواہ وہ قسم دوسری ہو کہ دو
صنعت ثابت ہو اور مسلم ہو اور جس علت کو دلیل ہوئی ہے کہ نفی وہ صفت ثابت تو وہ قسم ثانی
ہے کہ دو صنعت ثابت ہو اور دو صنعت غیر ثابت ہو اور جس صنعت کو ممکن ہو وہ قسم ثالث ہے
اور دو صنعت ثابت ہو اور دو غیر ثابت ہو اور جس صنعت کو محال ہو مثال قسم اول کی یہ شعر شیفتہ
کا ہے نہ کہ ہمت نہیں شعر ... ہو یاس تو شوق ہے کہ نومید نہ ہو ... ہو
شیفتہ کے ... جب ... کا ایک صنعت ثابت ہے اور ...
کہ وہ سبب شاعر کے ہے لیکن شاعر نے اوسکی علت ... اور ...
بہت خوب ہوا تھا لیکن چونکہ مصنف نے ایک اور تشبیہ کے سلسلے ... لیا
اور مضمون تبدیل ہوگیا اور وہ یہ ہے کہ چنار کا بستان جہان میں ... جب ... خشک ہو
جاتا ہے چنار اور ... کل ... جو نکلتے ... اور اس جا ... بھی چنار ...
ظاہر ہے کہ سبب اسبات کو ہے کہ چنار کا مزاج گرم ہوتا ہے اور شاعر نے علت اوسکی
حسد اور تپش کو قرار دیا اسی قبیل سے ہے یہ شعر سودا کا شعر کے میں ...
دیدۂ نمناک ہنوز ... سوت میں پانی کو ترے خاک ہنوز ایضاً ابر و صبا کے خاک
بھی ہے میری در بدر ... باقی نہیں ہے ... تری جستجو ہنوز ایضاً اے شمع کچھ ...
شمع پروانے تجکو ... دیکھ تو ... چشم لگن ہنوز ... یعنی اوسکے
درد کا ... پگھلی ہوئی چیز کے سبب ... شمع ... ہے اور شاعر نے
علت اوسکی اور ... کی سودا نے علامہ کو ایضاً یہ دو شعر ایک بند کے
شعر کھولی جو کرے دنیا میں ... پامال ... جادو کیا ... دست ...
پامال ... چادر کا اس سبب سے ہے کہ لوگ اوسپر بیٹھتے ہیں اور اس امر میں کچھ ...

اور دشمنی کو دخل نہین لیکن شاعر نے نیکی کرنے کو اوسکی علت ٹھہرایا شعر فتادگی مین
یہ عزت ہو دیکھ اسے سرکش ✽ کہ نیک و بد لیا نقش پا کو راہنما ✽ نقش پا کو راہ نما کرنا
اس سبب ہو کہ اوسکے نشان سے منزل تک پہونچ جا سکتے ہین اور شاعر نے
اوسکی افتادگی کو سبب گردان دیا ہے ایضاً جاذب طوفان نہ زمین سے ہوتا ✽
کسی کی تشنہ لبی مدفون سے ✽ جاذب طوفان حقیقت مین بسبب امر الٰہی کے تھا چنانچہ
قرآن مین آیا ہو یا ارض ابلعی مائک یعنی اسے زمین فرو کرلے تو اپنے پانی کو
شعر عیان ہو شوق ملنے کا مرے نامہ کے کاغذ سے ✽ کہ جب کھولا ہے تو اوسکو تو وہ
لپٹا ہی جاتا ہے ✽ لپٹنا خط کے کاغذ کا حقیقت مین بسبب پیچیدگی کے ہو نہ اوس علت
سے کہ شاعر نے مذکور کی مثال دوسری قسم کی ✽ شعر سودا کا شعر چمن ہے کسکے
رفتار زلف و کاکل کا ✽ کہ ہنوز ہو پریشان حال سنبل کا ✽ سنبل کا پریشان ہونا
ایک وصف ثابت ہو اور یہ ظاہر نہین ہو کہ وہ پریشان کس واسطے ہے لیکن شاعر نے
یہ ٹھہرایا کہ چمن کسی کے زلف پر عاشق اور سنبل اس سبب سے پریشان ہو مثال
تیسری قسم کی ✽ شعر مومن خان سلمہ اللہ تعالی کا شعر اوس نقش پا کے سجدہ نے
کیا کیا ذلیل ✽ مین کوچۂ رقیب مین بھی سر کے بل گیا ✽ معشوق کے نقش پا کو
سجدہ کرنا اوسکی تعظیم ہے اور ظاہر او متعارف یہ ہو کہ کسی معتقد فیہ کی تعظیم سے ذلیل
نہو لیس تعظیم سے ذلیل ہونا ایک وصف ہو کہ فی نفسہ ثابت نہین لیکن محال بھی
نہین بلکہ ممکن ہو کہ وہ امر کسی کے حق مین موجب ذلت کا ہو جاوے اور ازبسکہ
یہ امر غیر ثابت تھا اسیواسطے مصرع ثانی مین اوسکی علت بیان کی یعنی معشوق
کوچۂ رقیب مین تھا اور جب عاشق نے اوس جگہہ نقش پاے معشوق کو سجدہ کیا

ترتیب کو کوچہ مین سرکے بل جانا واقع ہوا اور ایسے مقام مین حضرت کے اوپر ہو
مین آنا موجب ننگ کا ہوا اوسی قبیل سے ہے یہ شعر امام بخش ناسخ کا شعر مرتبہ کم
حرص رفعت سے ہمارا ہو گیا ٭ آفتاب آسمان چڑھا اونچا کہ تارا ہو گیا ٭ رفعت کی حرص کرنا
سے افزونی ہو لیکن یہ امر امکان رکھتا ہے اور اوسکی علت مصرعہ ثانی مین مذکور ہے
یعنی آفتاب اپنی حد سے اور زیادہ اونچا ہو جاوے تو البتہ بہت خرد معلوم ہو لیکن
پس حرص رفعت سے مرتبہ کا کم ہونا ثابت ہو گیا مثال چوتھی قسم کی یہ شعر ہے شعر دن
دن بھی بنا ہے شب ہجر جب تو اوٹھ کے جاتا ہے ٭ کہ شب ہوتی ہے جب خورشید
اپنا منہ چھپاتا ہے ٭ دن کا شب ہو جانا ایک وصف غیر ثابت ہے اور محال ہے
لیکن وہ علت کہ مصرعہ ثانی مین مذکور ہوئی ثبت اوس وصف کی ہے واللہ اعلم
بالصواب صنعت تاکید المدح بما یشبہ الذم یعنی تعریف کی تاکید کرنا ایسے الفاظ سے
کہ وہ مشابہت ہجو سے رکھتے ہوں یعنی وہ لفظ ظاہر مین ہجو پر دال ہوں لیکن فی الحقیقت
مدح پر تاکید کرتی ہیں اور یہ صنعت دو طرح پر ہے قسم اول یہ ہے کہ بری صفت کسی چیز
مین سے نفی کریں اور اوس بری صفت مین سے ایک اچھی صفت بری صفت مین
داخل ٹھہرا کر اوس چیز کے واسطے علیحدہ کر لیں تاکہ اول یہ متوہم ہو کہ شاید بواسطہ
حرف استثنا کوئی بری صفت اوسمین ثابت کریگا اور فی نفسہ دیکھا تو مدح ہے جیسے
کہیں کہ فلانے شخص مین کچھ عیب نہیں الا یہ کہ ہمیشہ مفلس رہتا ہے بسبب کثرت
عطا کے اول جمیع عیب کی اوس سے نفی کی پھر ایک اچھی صفت کو اون عیبوں کی جنس
سے علیحدہ کیا الا کے لفظ کے ساتھ اس سے یہ مفہوم ہوا کہ شاید اوسکے عیب بیان
کرنے کی طرف متوجہ ہوا کیونکہ مفلسی بھی عیوبہا مین سے ایک عیب ہے باعتبار ظاہر

اور عرف کو لیکن جب غور کیا تو معلوم ہوا کہ یہ مفلسی کمال ہنر ہے کسواسطے کہ اوس سے
مبالغہ سخاوت مین پایا گیا اسی قبیل سے ہے یہ شعر شعر نہین ہے مجھہ مین برائی کچھ
اور اوسکے سوا ؛ کہ مین برا ہون رقیبون کی چشم بد بین مین ؛ کسی کی آنکھون مین
برا ہونا باعتبار عرف کہ ایک امر بد ہے لیکن جب یہ شخص رقیبون کی آنکھہ مین برا ہی
ثابت ہو گیا کہ واقع مین اچھا ہے کسواسطے کہ رقیب بنا بر حسد کہ برا جانا کرتے ہین نہ
باعتبار نفس الامر کے قسم دوسری یہ کہ ایک صفت مدح کی کسی چیز کے واسطے ثابت
کرین اور پھر حرف استثنا کا یعنی لیکن یا مگر یا سوا وغیرہ لاوین اور بعد اوسکے
پھر ایک صفت مدح کی اور مذکور کرین جیسے اس شعر مین شعر رخ دلبر اگرچہ ماہ چرخ
حُسن ہے لیکن ؛ رخ خورشید چھپتا ہے جو وہ بے پردہ ہوتا ہے ؛ اسی قبیل سے ہو سکتا ہے
ممنون کے شعر کا مصرع ثانی بھی شعر تفاوت یار کے قد اور قیامت مین ہے کیا
ممنون ؛ وہی فتنہ ہے لیکن یان ذرا سا نیچے مین ڈھلتا ہے ؛ پہلے کہا وہی فتنہ ہے
اور بعد اوسکے کہا لیکن اوس سے وہم ہوا کہ اب شاید کچھ اوس سے کم کہنا منظور ہے
جب بعد اوسکے کہا کہ یہان ذرا سا نیچے مین ڈھلتا ہے اس سے معلوم ہوا کہ قیامت سے
بھی زیادہ ہے اور قید لفظ مصرع ثانی کی اس مقام مین اسواسطے کی ہے کہ مع مصرع
اول کے صنعت جمع اور تفریق کی مثال ہو جاویگا چنانچہ اوس مقام مین بھی یہی
شعر مذکور ہو چکا ہے اور کبھی صنعت دوسری اسطرح واقع ہوتی ہے کہ ظاہر
مین ہجو ہو لیکن جب غور کرین تو معلوم ہو کہ وہ کمال مدح ہے چنانچہ اس شعر مین
شعر تا عدل سا رہے جہان پر ہے لیکن ؛ رہبر ہے تا ظلم دائم ستم پر ؛ دائم ظلم رہنا
اسلوب ہجو کا ہے لیکن ستم پر ظلم کا رہنا کمال عدل ہے تاکید الذم بما یشبہ المدح یعنی

ہم کو ایک کوڑی مین [illegible] کے [illegible] مشابہت سے تجنیس ہوئی
[illegible] صفت [illegible] کسی چیز کے [illegible] کرین [illegible]
[illegible] صفت مین [illegible] کرکے اوسکے واسطے [illegible] چنانچہ
شعر [illegible] مین [illegible] کی [illegible] کرتا ہے
[illegible] کسی چیز کے واسطے ایک صفت ہجو کی ثابت کرین
اوسکے ایک صفت ہجو کی [illegible] کرین مع اوسکے ساتھ چنانچہ دوسرا مصرع
شعر مذکور کا [illegible] جہان کو [illegible]
معلوم کیا چاہیے کہ شعر [illegible] صفت مین تصرف کرکے
اور [illegible] کی سبب [illegible] لطف بیان سے [illegible]
کہ کسی چیز کے واسطے ایک صفت مدح کی ثابت کرین اور پہر اوسکے ساتھ ایسی کچھ
شامل کردین کہ وہ صفت مدح کی بعینہ ہوجاوے جیسے اس شعر مین شعر
سب ہر [illegible] آب [illegible] خوبان کو [illegible] خون جگر پیتے ہو
آب و خورش سے خوبان کو [illegible] صفت مدح کی سب [illegible]
مصرع مین مذکور ہوا کہ کہائے گوشت ہے اور پیئے خون جگر وہ مدح بعینہ ہو

صنعت استتباع وہ ہے کہ کسی شخص کی ایسی طرح مدح کرین کہ وہ اس مدح سے
ایک اور مدح شامل ہوجاوے جیسے اس قطعہ مین سودا کے [illegible]
کہ حضرت امام صادق علیہ السلام کی مدح مین لکھا ہے قطعہ [illegible]
[illegible] اقبال ناصیان [illegible] آتش غضب [illegible]
[illegible] زمین اور آسمان [illegible] قطعہ مین [illegible]

حیا کی ہے اور اوسکو اسطرح سے بیان کیا کہ مدح غضب کی بھی حاصل ہو گئی صنعت ادماج
وہ ہے کہ کلام میں ایک مدعا متضمن دوسرے مدعا کا ہووے خواہ مدح ہو خواہ
سوا مدح اور کچھ اس صنعت میں اور استتباع میں یہی فرق ہے کہ اوسمیں مدح کی
خصوصیت ہے اور اسمیں مدح کی خصوصیت نہیں پس یہ صنعت عام ہوئی اور استتباع
خاص اور حدائق البلاغت کے مصنف نے بیان کیا ہے کہ اسطرح کا کلام جب مدح
مین واقع ہو اوسکو استتباع کہتے ہین اور جب غیر مدح مین واقع ہو اوسکو ادماج
کہتے ہین اس صورت میں ادماج بھی ہو جاتا ہے اور ادماج اور ایہام مین یہ فرق ہے
کہ ایہام مین ایک لفظ مشتمل دو معنی یا زیادہ کا ہوتا ہے چنانچہ اوس صنعت کے موقع مین
مفصل بیان ہو چکا اور ادماج مین سارا کلام دو معنی کا فائدہ دیتا ہے بہرکیف
مثال ادماج کی یہ شعر ہے شعر وصل کی شب ہر آج تو ایسی کردون اتنی بات تو کر ؎
آٹھ برس کے بعد ملے ہین آٹھ پہر کی رات تو کر ؎ مدت مدید کے بعد وصل کا حال
بیان کیا اور اوسکے ضمن مین آسمان کی شکایت بھی اس امر کی مذکور کی کہ شب وصل
کے دراز ہونے کو نہیں چاہتا اور یہ امر سیاق کلام سے معلوم ہوتا ہے اور اسی
قبیل سے ہے یہ شعر بھی سودا کا حضرت امام مہدی علیہ السلام کی تیغ کی تعریف مین
شعر اوسکی برش کر ہے ملک الموت جب خیال ؎ بے اختیار ہو کے پکارے کہ الامان ؎
اس شعر مین سے دو مطلب نکلتے ہین ایک یہ کہ اوس شمشیر کی برش اس غایت مین
ہے کہ ملک الموت باوجودیکہ ساری جہان کی جان کا خواہان ہے لیکن اوسکی برش
سے حال عالم پر رحم کھا کر بے اختیار پکارے کہ الامان یعنی اس سے زیادہ اب قتل
مت کر اور دوسرا یہ کہ اوسکی برش سے ملک الموت بھی اپنی جان کا خوف کرکے

الامان بچا رہی صنعت توجیہ اور اس صنعت کو محتمل الضدین بھی کہتے ہین اسواسطے
کہ اسمین دو ضد کا احتمال ہوتا ہے چنانچہ آگے معلوم ہوگا یہ صنعت اسطرح پر ہے کہ کلام
مین دو وجہ مختلف کا احتمال ہوسکتا ہو یعنی ایک کلام سے معنی مدح اور ہجو کے دونون
محتمل ہوسکتے ہون مثلاً کسی سے کسی کو ایک طرح کا رنج پہونچا اور وہ دونون ایک محفل مین
حاضر ہون تو یہ شخص اوسکے حق مین بظاہر دعا کرے اور کہے کہ اس بزم مین تیرا جام
لبریز ہوا ایک معنی یہ ہو کہ شراب سے تیرا جام لبریز ہو اور دوسرے یہ کہ تو مرجاوے
صنعت الہزل الذی یراد بہ الجد ہزل مسخر کرنے کو کہتے ہین اور جد جیم کے کسرہ سے
درستی اور کوشش کو یعنی ایسی مسخرگی کہ اوس سے مراد جد ہوا اور یہ صنعت اسطرح ہے
کہ کلام بطور مسخرگی اور ٹھٹھول کے ہو لیکن مراد اوس سے ہزل نہو بلکہ خلاف ہزل
کے مراد ہو سے اہل دنیا کو خواہش زر ہے سدا ؛ اور سر مین خمار ہے ہمیشہ مے کا ؛
زر جیفہ ہے اور طالب اوسکا ہے سگ ؛ اور بادہ ہے خون حیض زال دنیا ؛ ظاہر ہے
یہ کلام بطور ہزل کے ہے اور واقع مین سراسر فائدہ اور پند ہے ایسی قبیل سے ہوسکتی ہے
یہ رباعی شیخ ابراہیم ذوق کی سے یہ کہکے ملائک ہین فلک پر روتی ؛ اے کاش
کہ انسان سے ہم بھی ہوتے ؛ غفلت مین بھی یہ رہے ہے اتنا ہشیار ؛ شیطان کو
چلا دیتا ہے سوتے سوتے ؛ اور ازبسکہ اغلب اوقات احتلام کے وقت شیطان عورت
کی صورت مین اپنے تئین حاضر کرتا ہے مصرع رابع کا لطف زیادہ تر ہو گیا
صنعت تجاہل العارف شی معلوم کو نامعلوم کے قائم مقام کرنا اسواسطے تجاہل کے معنی
ہین جانکر انجان بننا اور عارف کو معنی ہین جاننے والا اور سکاکی مفتاح العلوم
کے مصنف نے اسکا نام سوق المعلوم مساق غیرہ رکھا ہے اور کہا کہ چونکہ یہ صنعت

کلام اللہ مین بھی مستعمل ہے اسواسطے تجاہل کی لفظ کے ساتھ اسکا نام لینا مین اچھا
نہین جانتا ہر کیف تجاہل عارف سے کوئی فائدہ اور نکتہ منظور ہوتا ہے چنانچہ
مثال مین معلوم ہوویگا جیسے یہ شعر جرأت کا شعر صنم کہتے ہین تیرے بھی کمر ہے ؛
کہان ہے کسطرف ہے اور کدھر ہے ؛ اس جاے مین کمر کے باریک ہونے مین مبالغہ
منظور ہے شعر سودا کا شعر پیارے نہ برا مانو تو اک بات کہون مین ؛ کس لطف کی
امید پہ یہ جور سہون مین ؛ ہر چند یہ شخص جانتا ہے کہ معشوق کو عاشق پر جور کرنا
اور لطف نکرنا اپنا معلوم ہے لیکن اس گمان مین کہ شاید اوسکے خیال سے یہ بات
گذر گئی ہے تنبیہاً اوسکو یاد دلاتا ہے گویا کہ وہ اپنے جور کرنے اور لطف نکرنے پر مطلع
نہین ہے اور یہ منظور ہے کہ شاید اس امر پر متنبہ ہوکر لطف کرنے لگے ایضاً رنگیا ہے
سر نو عید کا کسکے پیارے ؛ کھول کر ہاتھ تمناے ہم آغوشی مین ؛ ہر چند اپنے نزدیک
یہ یقین جانتا ہے کہ سر نو معشوق ہی کی تمناے ہم آغوشی مین ہاتھ کھول کر رنگیا ہے
لیکن تجاہل کرکے پوچھتا ہے اور غرض اس سے یہ ہے کہ معشوق اپنی زبان سے
اس امر کو بیان کرے صنعت القول بالموجب یہ صنعت دو قسم پر ہے قسم اول یہ ہے کہ
غیر کے کلام مین ایک صنعت ایسی واقع ہو کہ وہ غیر اوس صفت کو جب کسی شے کے
واسطے ثابت کرے تو اوس صفت کو سوا اس شے کے تو کسی اور شے کیواسطے ثابت کرے
مثلاً جسوقت کوئی شخص متکبر اور دولتمند غرور و نخوت سے کسی جاے مین اسواسطے
آوین کہ از رہ غضب کے غربا کو اوس مکان سے جلا وطن کردین اور وہ لوگ
اونسے جلا وطن اور ذلیل نہوسکین تو ایسے محل مین تو کہے کہ وہ لوگ کہتے تھے
کہ ہم وہان جاتے ہین تاکہ حق حقدار کو پہونچا دین اور حق حقدار ہی کو پہونچا

یعنی اون لوگون نے حق دار البطریق کنایہ کے اپنے تئین قرار دیا تھا اور توسے سوا اونکے حق دار ہونا غربا کے واسطے ثابت کیا قسم دوسری یہ کہ جو لفظ غیر کے کلام مین واقع ہو تو اوس لفظ سے ایسے معنی مراد رکھیے کہ اوس غیر کو وہ معنی مراد نہین مثلاً کوئی شخص کسی بخیل کے گھر مہمان جاوے اور کھانے کے وقت وہ کہے کہ مین نے ہاتھ دھو لیا تو یون کہے سچ ہے تو نے کھانے سے ہاتھ دھو لیا اوسکی مراد یہ تھی کہ مین نے ہاتھ پانی سے دھو لیا ہے اب کھانا کھاؤنگا اور راوس لفظ سے تو نے یہ مراد رکھی کہ وہ کھانے سے ابوس ہو اسی قبیل سے یہ مشہور شعر لوگ مرنے بھی کہتے ہین وصل یہ اگر سچ ہے تو مر جاتے ہین ہم ؁ قایل نے وصال سے معشوق کی ملاقات مراد رکھی ہو اور لوگ حق سے واصل ہونا مراد رکھتے ہین جرأت کا شعر شعر وہ نہ آئے تو یہ ہو جاے خلط ؁ کہ بن آئے نہین مرتا کوئی ؁ بن آئے نہ مرنے سے مراد یہ ہو کہ بغیر موت کے آئے کوئی نہین مرتا اور قایل نے اس شعر مین بن آئے مرنے سے بغیر معشوق کے آئے مرنا مراد رکھا ہے صنعت اطراد یہ صنعت اسطرح سے ہو کہ ممدوح کا نام مع آبا و اجداد ممدوح کے علی الترتیب بیان کرین مثلاً زید ابن فلان ابن الخ غیرہا اور کبھی ابا و اجداد سے شروع کرتے ہین اور بعد اونکے ذکر کے ممدوح کا نام لیتے ہین مثلاً پوتا فلان کا اور بیٹا فلانے کا زید صنعت تعجب اسطرح سے ہو کہ کلام مین کسی چیز پر تعجب ظاہر کرین اور اس سے کوئی غرض منظور ہو جیسے اس شعر مین شعر یہ نالے وہ ہین کہ پتھر کے پار ہوتے ہین ؁ عجب ہے دل مین ترے کچھ اثر نہین ہوتا ؁ فائدہ تعجب کا اس شعر مین مبالغہ ہو معشوق کی سنگدلی مین صنعت اعتراض وہ ہو کہ کلام مین ایسا لفظ مذکور کرین کہ کلام بغیر اوسکے بھی تمام ہو سکتا ہو اوسکو

حشو بھی کہتے ہین اور حشو کی تین قسمین ہین اول یہ کہ کلام اوسکے سبب سے
بے لطف اور کم رتبہ ہو جاوے اوسکو حشو قبیح کہتے ہین قسم دوسری یہ کہ کلام مین
اوس سے حسن اور لطف زیادہ ہو جاوے تو اوسکو حشو ملیح کہتے ہین قسم تیسری یہ کہ
نہ چندان قبیح ہو اور نہ چندان ملیح بلکہ حسن اور قبح مین متوسط ہو لیکن حشو قبیح
کہ جسکے سبب سے کلام بے لطف اور کم رتبہ ہو جاوے فصحا کے کلام مین واقع مین تہا
اس صورت مین یہ محسنات کلام سے نہوا اور حشو ملیح کہ حسن کلام کا موجب ہے کثیر الوقوع
ہے جیسے اس شعر مین سودا کے شعر اس آستان فلک مرتبت کو تا ابد ہر رہے کنیز
شب قدر روز عید غلام ۔ لفظ فلک مرتبت کا کلام کے اتمام مین کچھ دخل نہین رکھتا
کس واسطے کہ حاجت اسکی فقط اسقدر ہے شب قدر کنیز اور روز عید غلام اس آستان
کا ہے اور جیسے اس شعر مین شعر حضرت ناسخ سے یہ کہدو کہ اب کیا کیجیے ۔ دل جو
بندہ تھا خدا کا سو بتون کا ہو رہا ۔ مطلب یہ ہے کہ دل بتون کا ہو رہا اور لفظ بندہ
تھا خدا کا حشو ہے مگر بتون کی مناسبت سے ذکر اسکا لطف سے خالی نہین پوشیدہ
نرہے کہ اس مقام تک صنائع معنوی تمام ہوئین اب آگے صنائع لفظی کی اقسام
شروع کیجاتی ہین حق جل وعلی سے امید ہے کہ جسطرح سے صنائع معنوی کو بانجام
پہونچایا اسیطرح سے صنائع لفظی کو بھی زیور اتمام پہنا دیوے واللہ ولی التوفیق

چمن دوسرا صنائع لفظی مین

صنعت جناس وہ ہے کہ دو لفظ تلفظ مین مشابہ ہون اور معنی مین متغائر
اوسکو تجنیس بھی کہتے ہین اور انواع تجنیس کی کئی قسمین ہین قسم اول
تجنیس تام اور وہ یہ ہے کہ دو لفظ متفق ہون نوع یا عدد مین یا ہیئت مین یا

دونون کی علیحدہ ہو یعنی ایک اسم ہو اور دوسرا فعل اوسکو تجنیس مستوفا کہتے ہین
مثلاً لفظ راکھہ کا ایک جگہہ بمعنی خاکستر کے اور دوسری جگہہ امر رکھنے سے کسواسطے
کہ عوام کی زبان مین رکھنے کو راکھنا بھی کہتے ہین اسی قبیل سے ہر سویا بمعنی
ساگ معروف اور صیغہ ماضی کا سونے سے اور پیا بمعنی معشوق یا شوہر کا اور صیغہ ماضی کا
پینے سے اور دیا بمعنی چراغ کے اور صیغہ ماضی کا یا بمعنی امر کے یعنی دیکر جاویا آ
اور جلا بمعنی صیقل کے اور امر جلانے سے جیسے اس شعر مین شعر شمشیر کو اپنی جب
جلا دے ٭ سوفتنۂ مردہ کو جلا دے ٭ اور ایسی دو لفظون مین سے اگر ایک
مفرد ہو اور دوسرا مرکب اسکو جناس ترکیب اور تجنیس مرکب کہتے ہین پس یہ دو لفظ
یعنی مفرد اور مرکب اگر کہنے مین موافق ہون تو اسکو تجنیس مرکب متشابہ کہتے ہین
اور اگر متشابہ نہون تو اوسکو تجنیس مرکب مفروق کہتے ہین متشابہ اسواسطے کہ
دونون لکھنے مین ایک دوسرے کی مانند ہین اور مفروق اسواسطے کہ دونون
لکھنے مین جدا ہین مثال تجنیس مرکب متشابہ کی جیسے جانا ایک جگہہ بمعنی مصدر کے
اور دوسری جگہہ بمعنی نہی کے یعنی جامت مصدر لفظ مفرد ہے اور نہی کے معنی
مین مرکب ہے جا اور نا سے کہ حرف نفی کا ہے اور لکھنے مین دونون کی ایک صورت ہے

مثال تجنیس مرکب مفروق کی جیسے رسا یعنی رسن اور رس کے مانند اول رسا رستے
اور سین مشدد اور الف سے ہے اور دوسرے کو اسطرحسے لکھتے ہین رس سا یعنی
رس الگ اور سا الگ اور اگر ایک لفظ دوسری لفظ کے جزو سے مرکب ہوکر کسی لفظ
کے ساتھ مجانست پیدا کرے اوسکو تجنیس مرفو کہتے ہین جیسے اس شعر مین شعر پروانہ
ہین تمہارے رخ شمع سان پہ ہم ؛ پروا نہین ہے جان کے جانیسے بھی ہمین ؛ لفظ
پروا کا نہین کے نون سے ملکر پروانہ سے مشابہ ہوگیا ہمین اور تجنیس مرکب مین
یہ فرق ہے کہ اسمین ایک لفظ تمام اور دوسرے لفظ کی جزا سے اور تجنیس مرکب مین
تمام دو کلموں سے ترکیب حاصل ہوتی ہے اور اگر دونون لفظ حرفون کی ہیئت
مین مختلف ہون اور نوع اور عدد اور ترتیب مین متفق یعنی دونون لفظ ایک
نوع سے ہون مثلاً دونون اسم ہون اور دونون کے حرف برابر ہون اور حرکت
پہلے لفظ مین جس مقام مین ہون دوسرے لفظ مین بھی وہی ہون اسکو تجنیس محرف
کہتے ہین اسواسطے کہ دونون لفظون کو ہیئت مین آپس سے انحراف ہے اسکی مثال یہہ
مصرع ہے ع جو نہ ہو محرم ہین ہرگز محرم کعبہ نہین ؛ اول مین میم کو زبر ہے اور دوسرے
مین میم کو پیش اور اسی سبب سے دونون لفظ کی ہیئت مختلف ہے اور اگر حرفون
کے عدد مین اختلاف ہو یعنی ایک مین دوسرے کی نسبت کوئی حرف زیادہ ہو
خواہ لفظ کے اول مین خواہ بیچ مین خواہ آخر مین اسکو تجنیس ناقص کہتے ہین اور
زائد بھی ناقص باعتبار کم حرف والی کے اور زائد باعتبار زیادہ حرف والی کے
مثال اول کی زیادتی کی شعر شکوہ کو دکو ہے تیرے حلم سے نہین کچھ باوجود
تو بھی ہے تری سخاوت سے ؛ مثال بیچ کی زیادتی کی شعر دیکھتا تو نہین عالم فو وگرنہ تکو

دیکھو دوسرے ترمہ دوسرے کو چکتے دیکھا ۔ مثال آخر کی زیادتی شعر او صنم تم اوٹھے اود حشر کے
تم اوٹھے نکالم ۔ جدائی زہر جبینون کی زہر ہے کہو ۔ زہرہ اور زہر مقصود با التمثیل
اور اسی قبیل سے ہین یہ الفاظ آمین اور آئینہ دید اور دیدہ اور باد اور
بادل اور علی ہذا القیاس اور آخر مین زیادتی دو حرف کی بھی ہو سکتی ہے جیسے
یم بمعنی دریا کے اور یمین بمعنی قسم کے جس مین ایک حرف اخیر مین زاید ہوا اوس قسم کو
مطرف اور جسمین دو حرف اخیر مین زاید ہون اوسکو مذیل دال نقطہ دار سے کہتے ہین
اور اگر دونون لفظ کے حرف مختلف ہون پس دیکھا چاہیے کہ وہ حرف مختلف قریب المخرج
ہین یا نہین اگر قریب المخرج ہین اوس قسم کو تجنیس مضارع کہتے ہین ضاد نقطہ دار سے
اور مضارع بمعنی مشابہ کے ہے اور اگر قریب المخرج نہین اوس قسم کو جناس لاحق
کہتے ہین لاحق بمعنی ملنے والے کو ہے اور یہ دونون قسمین تین حال سے خالی نہین
کسواسطے کہ وہ حروف یا اول مین واقع ہوئے ہین یا بیچ مین یا آخر مین مثال
ہر تین قسم تجنیس مضارع کی حال اور ہال اور بحر اور بہر اور راہ اور راح
اور یہ دونون صورتون کو جامع ہے صحو اور سہو مثال اول کی صاد اور
سین اور مثال ثانی کی حاے حطی اور ہاے ہوز اوسکی مثال مین اشعار لانے کی
کچھ ضرورت نہین اور سبب طول کلام ہے اور مثال ہر تین قسم جناس لاحق کی
اول جیسے جنگ اور سنگ اور درد اور زرد اور زخم اور شخم اور مثال
دوسرے کی عمر اور عسر درد اور دزد اور مثال تیسری کی شاد اور شاد
کار اور کاو شراب اور شرار اور علی ہذا القیاس اور اگر دونون لفظ حرفون
کی ترتیب مین مختلف ہون اس قسم کو تجنیس قلب کہتے ہین پس اگر حرف کلمہ کے

علی الترتیب مقلوب ہووین اوسکو قلب کل کہتے ہین جیسے رام اور مار تار اور
رات تاب اور بات ہم اور مہ راہ اور یار اور اگر حرف کلمہ کے علی الترتیب
مقلوب نہون اوسکو قلب بعض کہتے ہین جیسے مرحوم اور محروم اور بدرہ اور بردہ
معلوم کیا چاہیے کہ تجنیس قلب کی دو قسمین اور ہین سوا اقسام مذکورہ کے ایک
یہ کہ کسی عبارت کی قلب سے وہی عبارت حاصل ہوجاوے مثلاً یہ عبارت آناجاما
اگر اسکو آخر سے پڑھین توبھی یہی عبارت حاصل ہوگی دوسری یہ کہ اوس عبارت کی قلب کرنے
سے ایک عبارت اور حاصل ہوجاوے لیکن دوسری عبارت بھی ایسی ہو کہ اگر اوسکو
قلب کرین تو وہ عبارت اول حاصل ہوجاوے جیسے یہ دو عبارتین وہ آیا ہے
اور یہ آیا ہو اول کے قلب کرنے سے دوسری عبارت اور دوسری کی قلب کرنے سے
اول عبارت حاصل ہوتی ہے ان دونون قسمون کو قلب مستوی کہتے ہین انکی مثالیں
فارسی مین بہت ہین اردو مین بھی بعد تلاش کے بہم پہونچ سکتی ہین جب یہ
معلوم ہوچکا اب جاننا چاہیے کہ اگر اون دو لفظون مین سے ایک بیت کے اول مین
اور دوسرا بیت کے آخر مین واقع ہو اوسکو تجنیس مجنح کہتے ہین کسواسطے کہ جناح
اول مین جیم مفتوح اور آخر مین حاے حطی بمعنی بازو اور جانب کے ہے گویا یہ دو لفظ
بیت کے دو بازو و یا دو طرف ہین جیسے اس شعر مین شعر رام ہوتا نہین فسوس سے
بھی ٭ ہے وہ کافر تمہاری زلف کا مار ٭ اور اگر ایسے دو لفظ پاس پاس ہون
اوسکو تجنیس مزدوج اور تجنیس مکرر اور تجنیس مردد کہتے ہین شعر بات غیرون کی
نہ سنو ابت بدخو ہمکو ٭ بات کی تاب نہین ہوتی کی مہرو ہمکو ٭ بات اور تاب اور
مہ اور ہم مقصود بالتمثیل ہے اور اگر دو لفظ لکھنے مین ہمشکل ہون اوس قسم کو

تجنیس خطی کہتے ہین جیسے رحم اور زخم زور اور روز شاک اور سنگ جنگ اور جنگ وغیرہا اور دو چیزین اور ہین کہ وہ بھی تجنیس سے ملحق ہین ایک یہ کہ دو لفظ ایسے کلام مین جمع کیے جاوین کہ دونون ایک مادہ سے مشتق ہون اور دونون باعتبار معنی کے بھی متفق ہون جیسے یون کہین کہ بادشاہ کا مقرب ہونا زید کا قریب الوقوع ہے مقرب اور قریب دونون قرب سے مشتق اور معنی دونون کے متحد ہین اور دوسرے یہ کہ دونون لفظ ایک دوسرے سے مشابہ ہون لیکن دونون کا مادہ علیحدہ ہو اس قسم کو شبہ اشتقاق کہتے ہین جیسے دید اور دود اور شام اور شوم وغیرہ اور ایک قسم تجنیس کی یہ ہے کہ اشارہ سے حاصل ہو جیسے ریش موسیٰ کی اوسکے نام سے مونڈی یعنی استرہ سے کسواسطے کہ موسا استرہ کو بھی کہتے ہین ایک موسا لفظون مین مذکور تھا اور دوسرا نام کے اشارہ سے حاصل ہوا اور جیسے کہین کہ رجب اپنی چھلنی مین آیا تھا رجب نام شخص کا اور لینے کی لفظ سے پھر رجب مراد ہے کہ نام چھلنی کا ہے اور علی ہذا القیاس بحث صنعت کی تمام ہوئی واللہ اعلم بالصواب رد العجز علی الصدر یعنی پھیرنا عجز کا پہلی لفظون پر اور ازبسکہ اس صنعت کا سمجھنا عروض کی چند اصطلاح کے معلوم کرنے پر موقوف ہے اسواسطے طالبین کے فائدہ اور بصیرت کے لیے لکھی جاتی ہین پوشیدہ نرہے کہ عروض کے علم کی اصطلاح مین پہلے مصرع کے جزو اول کو صدر کہتے ہین اور اوسی مصرع کے جزو اخیر کو عروض اور دوسرے مصرع کے جزو اول کو ابتدا کہتے ہین اور اوسی مصرع کے جزو اخیر کو ضرب اور عجز اور مصرع اول مین مابین صدر اور عروض کے اور مصرع ثانی مین ابتدا اور عجز کے جو الفاظ ہین اونکو حشو کہتے ہین اس مناسبت سے کہ حشو وہ روئی ہے کہ جسکو تکیہ کے اندر بھرتے ہین اور یہ الفاظ بھی

بیچ مین ہین مثال ان اجزا کی شعر مین ناسخ کے شعر مرا سینہ ہی مشرق آفتاب داغ
ہجران کا ؛ طلوع صبح محشر چاک ہی میرے گریبان کا ؛ لفظ مرا سینہ مفاعیلن کے
وزن پر صدر ہی اور لفظ ہجران کا داغ کے لفظ کی غامین کے ساتھ مفاعیلن کے
وزن پر عروض ہے اور طلوع صب اوسی وزن پر ابتدا ہے اور گریبان کا عجز ہے
جب یہ معلوم ہو چکا تو اب سننا چاہیے کہ تعریف اس صنعت کی یہ ہی کہ جو لفظ کہ بیت
کی عجز یعنی لفظ اخیر مصرع ثانی مین واقع ہو وہی صدر یا حشو یا عروض یا ابتدا مین
بھی واقع ہو یہان سے معلوم ہوا کہ اس صنعت کے نام مین لفظ صدور کا مطلق پہلی
لفظون کے معنی مین ہے اور وہ لفظ خاص اصطلاحی مراد نہین کسواسطے کہ اگر وہ
لفظ خاص مراد ہوتا تو عجز کے جزو اول مصرع اول واقع ہونے کا نام رد العجز علی الصدر
ہوتا اور اوس لفظ کا حشو یا عروض یا ابتدا مین واقع ہونے کا یہ نام نہ ہوتا اور
ازبسکہ وہان یہ لفظ خاص مراد نہین اسیواسطے نام مین صدور جمع مذکور کیا اور
صدر مفرد نہ کہا تاکہ اوس لفظ خاص کا وہم نجاوے اور حشو وغیرہ کو صدور
اسواسطے کہا ہے کہ وہ الفاظ بہ نسبت عجز کے پہلے ہین اور یہ الفاظ یا بعینہ مکرر
ہووین یا ایک دوسری کی تجنیس ہو یا دوسری سے مشتق ہوا ہو یا شبہ اشتقاق ہو
پس باعتبار اون چار اجزا مین واقع ہونے اور چار طرح پر ہونے الفاظ کے
اس صنعت کی سولہ قسم ہوتی ہین یعنی جو لفظ عجز مین ہو وہی لفظ یا بعینہ صدر مین
واقع ہو یا اوسکی تجنیس ہو یا اوس سے مشتق ہوا ہو یا مشابہ اشتقاق کے ہو یہ
چار قسمین ہوئین اور اسیطرح سے یہی حال اوس لفظ کا حشو اور عروض اور ابتدا مین
واقع ہونیکا [illegible]

بعینہ صدر مصطلاحی پر اسکو رد العجز علی الصدر مع التکرار کہتے ہین شعر ہو چکا است
حضرت ناصح بس اب کچھ فائدہ ؛ دل دو چار ناوک مژگان خوبان ہو چکا ؛ مثال
پھیرنے عجز کی تجنیس کے ساتھ صدر پر اسکو رد العجز علے الصدر مع التجنیس کہتے ہین
شعر درد دل کا ہے ہویدا فائدہ اخفا سے کیا ؛ اب کہہ دیتے ہین آئینہ پر اشک سرخ
رنگ زرد ؛ یہان صاف لاحق ہے مثال پھیرنے عجز کی صدر پر اسطرح سے کہ دونون
لفظ ایک مادہ سے مشتق ہون اوسکو رد العجز علی الصدر مع الاشتقاق کہتے ہین
شعر قرین صدق ہے ملنا تمھارا غیرون سے ؛ رقیب کیتو ہین گھر سے تمھارے
گھر متقرون ؛ مثال پھیرنے عجز کی صدر پر اسطرح سے کہ دونون لفظ مین مشابہ اشتقاق
کے ہو اسکو رد العجز مع شبہ الاشتقاق کہنا چاہیے شعر دیار و ماب سے ہمکو کسی کے
ہے کیا کام ؛ ہم اور تیری گلی سر ہے اور تری دیوار ؛ مثالین دوسری چار قسمونکی
یعنی پھیرنا عجز کا حشو پر اس تفصیل سے ہو خواہ حشو مصرع کا تعمیم واسطے اختصار کے ہم
ڈالا چاہیے کہ آٹھ مثالین مذکور کیجا دین مثال مکرر شعر دل دیوانہ پری رخون کا
جو نصیحت کرے سو دیوانہ ؛ مثال تجنیس کی شعر دل کو آہنگ ہین ترے گھر کے
ہے سدا نالہ نغمہ و آہنگ ؛ مثال اشتقاق کی شعر کچھ ہمیں نہین لطف ترا ورنہ ہمیشہ
وہ کون ہے جس شخص پہ تیرا نہین الطاف ؛ مثال شبہ اشتقاق کی شعر قیبون کے
سوا کسکو میسر ہمنشین ہونا ؛ نہین ملتا ہے قرنون سے ہمین تجھ تک قرین ہونا ؛
یہ شعر مثال ہے رد العجز کی مصرع ثانی کے حشو مین مثالین پھیرنے عجز کی عروض پر
اس تفصیل سے مثال مکرر کی یہ شعر سودا کا شعر ترا دل مجھسے نہین ملتا مرا دل رہ
نہین سکتا ؛ غرض ایسی سعیبت ہے کہ مین کچھ کہہ نہین سکتا ؛ اور سب مطلع

کہ ردیف رکھتی ہون وہ اسی صنعت کی مثال ہین مثال تجنیس کی شعر مری نظرون
مین ہے صورت تری جیسی شیرین : کوہکن کی بھی نہین نظرون مین ویسی شیرین ؛
مثال اشتقاق کی ؛ شعر مو کشی کرنا ہمیشہ ہو تری عشرت پہ دال ؛ اور رہنا
خون دل میرا سدا غم پر دلیل ؛ شعر مثال شبہ اشتقاق کی شعر تیرے دل مین تھی
ذرا سختی ؛ یہ فقط دشمنون ہی کی تھی ساخت ؛ مثال جیسے عجز کی ابتدا پر اس
تفصیل سے مثال مکرر کی شعر کہا مین کب کہ مرے نالہ رسا سے ڈر ؛ خدا سے ڈر ارے
ظالم ذرا خدا سے ڈر ؛ مثال تجنیس کی شعر نہ پوچھین ہمکو کبھی اور پوچھین غیر کو
دلال غنج ہے خوبان کی سب ستم پہ دلیل ؛ مثال اشتقاق کی شعر خود ہو میرا حال
میری حال برہم پہ دلیل ؛ دال آنسو خون دل پر خون دل غم پہ دلیل ؛ مثال
شبہ اشتقاق کی ؛ شعر نہین چھپتا ہے آنسو سے غم دل ؛ قران کرتا ہے یہ غم کا قرینہ
اور شعرا نے بیت کو ہر مصرع مین بھی اس صنعت کی رعایت کی ہے ظاہرا ہر مصرع کے
جزو اول اور جزو اخیر کو صدر اور عجز قرار دے لیا ہے اور اگر یہ کہین کہ مصرع ثانی مین
رد العجز علی الابتدا ہے اور مصرع اول مین رد العروض علی الصدر صنعت علیحدہ ہوگی
ہم کہتے ہین کہ اس صنعت کا علم بدیع کی کتابون مین کہین نام نہین پس بہتر قول
اول ہے مثال اسکی یہ شعر شعر نقاب چہرہ سے ظالم او ٹھا نہ ڈال نقاب ؛ شتاب
کہ ہے یان جان کو سفر مین شتاب ؛ مصرع اول مین جزو اول اور اخیر نقاب ہے
دوسرے مین شتاب مکرر واقع ہوا ہے بطور اس صنعت کو صنعت لزوم ما لا یلزم یعنی
لزوم ایسی چیز کا کہ وہ لازم نہین ہے یہ صنعت کئی طرح پر ہے ایک قسم یہ ہے کہ قافیہ
مین حرف روی یعنی حرف اخر سے پہلا کسرہ ... [illegible]

حال قافیہ اور حب روی کا قافیہ کی بحث مین مفصل آچکا اور یہ بھی معلوم ہوچکا
کہ روی سے پہلے کونسے حرف کی تکرار واجب ہے اور کونسے حرف کی نہین اس
مقام مین مثال اسکی لکھنی چاہیے جیسے افسر و سر مین سین یا ساحل و کاہل
مین الف یا عاقل اور ناقل مین قاف کو سارے قصیدہ یا ساری غزل کے قافیہ
مین لازم کرلین اور اگر اسکی التزام نکرین تو قافیہ افسر کا ور اور ساحل کا دل
اور عاقل کا جاہل کے ساتھ بھی کرنا درست ہے دوسری قسم یہ کہ کلام مین سے کسی
حرف معین کو ترک کرین بطریق التزام کے جیسے ان شعرون مین الف کو ترک کیا ہے
شعر ہجر و درد عشق مین کہنے لگی ۔ یہ مرض وہ ہے نہین بچنے کے تم ۔ حضرت دل کی
غضب ہے رنج ہجر ۔ فکر مین کبھی ہو کہین بچنے کے تم ۔ تیسری قسم یہ کہ کلام مین ذکر
کسی چیز معین کا واجب کرلین جیسے ذکر سر کا اس رباعی مین شعر سر تو جو میرے
سر کی تمنا ہے تمہین ۔ یہ سر وہ ہے جس سر کی بھی پروا ہے تمہین ۔ جون شمع کے
سر اپنا اور تم دیکھو ۔ سر کا کٹنا مرا تماشا ہے تمہین ۔ اسی قبیل سے ہے لازم کرنا ہر
مین دو لفظون کا اس قصیدہ مین سودا کے شعر دیکھا جو دیر و کعبہ ہمسنگ تنگ
ڈھنگ ۔ کچھ ایک سا رکھتے ہین ہم سنگ نگ سے ڈھنگ ۔ کرتا پرستش اونکی جو پایا
اونھون کے بیچ ۔ یار و دوتار دل کے ہین ہمسنگ تنگ ڈھنگ ۔ اور ایک قصیدہ
مین التزام کیا ہے ذکر چار چیز کا ۔ شعر یار و مہتاب و گل و شمع ہم چارون ایک سے
مین کہتا ہین بلبل و پروانہ ہم چارون ایک ۔ ہر جگہ ابر و ہوا شیشہ و جام و ساقی
گریہ و نالہ و دل و دیدہ ہم چارون ایک ۔ آہ کس کس سے چھپے دل کہ ہوئے ہین تیر
غمزہ و ناز و ادا و عشوہ چشم چارون ایک ۔ اسی صنعت کے قبیل سے ہے صنعت منقوطہ

اور غیر منقوطہ اور رقطا اور خیفا صنعت منقوطہ وہ ہی کہ بیت کے سب لفظ نقطہ دار ہون
جیسے اس شعر مین شعر جب تب شب غضب بخش بنی ؛ بخشش فیض جشن تخت نشین
صنعت غیر منقوطہ کہ اوسکو صنعت مہملہ بھی کہتے ہین وہ ہے کہ بیت کے سب لفظ
بے نقطہ ہون جیسے اس شعر مین شعر ہو سرور اور کو مہ کامل ؛ دکھ ہوا اور درد
ہو سوا اس دل کو ؛ صنعت رقطا وہ ہی کہ ہر نقطہ دار اور ایک بے نقطہ ہو شعر
دی صبا بوسے رخ جانان کی ؛ رہی کب تک مری سوزش جان کی ؛ صنعت خیفا
وہ ہے کہ سارا ایک کلمہ منقوطہ اور ایک سارا کلمہ غیر منقوطہ ہو شعر شب کو جشن
سرور تخت رہا ؛ کار فیض مدار بخت رہا ؛ اور لزوم مالا یلزم کے قبیل سے ہے
مقطع اور موصل صنعت مقطع وہ ہی کہ ساری حرف لکھنے مین علیحدہ ہوین اور صنعت
موصل وہ ہی کہ ساری حرف لکھنے مین ملے ہوئے ہون جیسے یہ شعر فیض کا کہ مصرع
اول مثال ہے صنعت مقطع کی اور دوسرا مثال ہے موصل کی شعر درد و داغ و
رخ زرد اور وہ دل ؛ فیض مٹی مین گئے ہین سب رل ؛ صنعت سجع سجع لغت
مین کبوتر اور قمری کی آواز کو کہتے ہین اور علم بدیع کی اصطلاح مین دو چیز پر
اطلاق کرتے ہین ایک پہلے فقری کے آخر کا کلمہ کہ دوسری فقرہ کے آخر کے کلمہ سے
موافق ہو حرف اخیر مین اور دوسرا ان دو فقرون مین دونون اخیر کے کلمون
کا حرف اخیر مین موافق ہونا یعنی معنی مصدری سکاکی نے کہا ہے کہ سجع نثر مین
ایسا ہی جیسا قافیہ نظم مین یعنی جیسا قافیہ حرف اخیر مین موافق ہوتا ہے اسیطرح
لفظ اخیر فقرہ کا اپنے حرف اخیر مین موافق ہوتا ہے یہان سے معلوم ہوتا ہے
کہ سجع مختص نثر کے ساتھ ہی لیکن بعضون نے کہا ہی کہ سجع نثر کے ساتھ مختص نہین ہے

یا نظم مین بھی جاری ہوتا ہے اور سجع کی تین قسمین ہین اول مطرف اور یہ اسطرح پر ہے
کہ فقرہ یا شعر کے کلمات اخیر وزن مختلف رکھتے ہون مثلاً نثر مین کہین کہ قاصد
تمہارا خط لایا اور تمہارا پیغام سنایا لایا اور سنایا کو وزن مین اختلاف ہے یا کہین
کہ خط اوسکا سنا مین محبت پر اشتمال رکھتا ہے اشتمال اور کمال کا وزن مختلف ہے اور
نظم مین اسطرح یہ کہا شعر جس کف پاکو برگ گل ہو خار دشت حبیب ہو وہ کیونکر نہ سرو وہ
فگار دوسری ترصیع کہ پہلے فقرے یا پہلے مصرع مین جو جو الفاظ واقع ہوئے ہون
دوسرے فقرے یا مصرع کے سارے الفاظ یا بیشتر کے ساتھ ہموزن اور حرف اخیر مین متفق
ہون مثلاً کمال محبت کا اوسکے حال سے ظاہر ہے اور جمال مودت کا اوسکے
قال سے باہر ہے شعر گل و بلبل اور بوستان عجیب ✣ مل قلقل اور دوستان غریب
تیسری متوازی اور یہ اسطرح پر ہے کہ فقرہ اول یا مصرع اول کے سارے لفظ دوسرے
فقرے یا مصرع کے سارے لفظ یا اکثر لفظون کے موافق نہون بلکہ مختلف ہون اور
یہ اختلاف خواہ باعتبار وزن اور حرف اخیر کی موافقت کے ہو مثلاً دوست کے
دل کا حال معلوم اور دشمن کی زبان کا سخن مفہوم دوست دشمن کے اور دل
زبان کے اور حال سخن کے مقابل ہے لیکن وزن اور حرف اخیر مختلف ہے خواہ
فقط باعتبار وزن کے ہو مثلاً نیاز عاشق کا مطلوب جانتا ہے اور ناز معشوق کا
طالب پہچانتا ہے نیاز ناز کے اور عاشق معشوق اور مطلوب طالب کے اور جانتا پہچانتا
کے مقابل ہے اور یہ الفاظ وزن مین مختلف اور حرف اخیر مین متفق ہین خواہ
باعتبار حرف اخیر کے مثلاً عالم کو سب جا مین اقبال ہے اور جاہل کو ہر حال
مین اشکال ہے معلوم کیا چاہیے کہ سجع کی تین قسمین اور ہین سوا ان اقسام کے

کہ وہ نظم کے ساتھ خصوصیت رکھتی ہین قسم اول یہ ہی کہ ہر مصرع مسجع ہوا و سجع اول مصرع
کے دوسری مصرع کے سجعون سے مخالف ہون اس قسم کو تشطیر کہتے ہین کس واسطے کہ
تشطیر مشتق ہے شطر سی اور وہ شین منقوطہ سے بمعنی حصہ کی ہے اور چونکہ بیت کا ہر مصرع
جدا جدا مسجع ہوتا ہے گویا کہ بیت حصہ حصہ کی گئی ہے مثال اسکی یہ شعر سینہ ہی داغ
عشق سی اپنا شگفتہ باغ ٭ اور دل ہے رنج ہجر سے سو غم کا ایک گنج ٭ اول حصہ مین
ہی عین اور دوسرا جیم پر قسم دوسری یہ کہ مصرع اول کا پہلا جزو کہ اوسکو صدر کہتے ہین
مصرع ثانی کی جزو اخیر کے ساتھ کہ اوسکو ضرب کہتے ہین حرف اخیر مین موافق ہو اس قسم کو
تصریع کہتے ہین پہلے صاد اور بعد صاد کے رے مثلاً شعر دل اس رنجور کا عشق بتان
مین ٭ سدا رہتا ہے درد و غم کی منزل ٭ مقصود با تمثیل دل اور منزل ہے ۔
قسم تیسری یہ کہ قصیدہ یا غزل مین تین تین سجع ایک طرح کے مذکور کرین اور چوتھا قافیہ
اصل قصیدہ یا غزل کا ہو جیسے اس شعر مین شعر کیسا ہی مین فرزانہ ہون عشق مین
دیوانہ ہون ٭ تو شمع مین پروانہ ہون اے رشک خوبان جہان ٭ اصل مین لفظ
خوبان کا مطابق قافیہ غزل کے ہی یعنی گلستان اور گمان اور شان وغیرہا اور لفظ
جہان کا ردیف ہی اس بیان سی معلوم ہوا کہ سجع کی چھہ قسمین ہین لیکن پہلی تین
قسمین نثر اور نظم مین مشترک اور تین قسمین اخیر کی مختص نظم کے ساتھ صنعت موازنہ
وہ ہی کہ دونون فقرہ یا دونون مصرع کے الفاظ اخیر کے باعتبار وزن کے موافق
اور باعتبار حرف اخیر کے مختلف ہون مثلاً دل معاد سی غافل ہی اور جان ذکر سے
فارغ ۔ چشم ساغر ہی اشک خون ہے شراب ۔ جان آتش ہی سوز آہ شرار ۔ اگر
فقرہ اول یا مصرع اول کی سارے الفاظ یا اکثر دوسری فقرہ یا مصرع کی سارے الفاظ

یا اکثر کے وزن مین مانند ہون اوسکو مماثلت کہتے ہین پس یہ نوع موازنہ مین ایسی ہی جیسے سجع مین ترصیع بہرکیف مثال اسکی یہ ہی فقرہ حال عاشق کا تنگ ہی اور کار حاسد کا بلند ہی شعر یار مہرو بن نکو سیر بہار ٭ شوخ گلرخ بن نرپلی جام شراب ٭٭ معلوم کیا چاہیے کہ جن لوگون نے یہ گمان کیا ہے کہ موازنہ مین سے مماثلہ مختص شعر کے ساتھ ہے یہ غلط ہے اور جن لوگون نے یہ توہم کیا ہے کہ وہ مختص نثر کے ساتھ ہے یہ بھی محض بیجا ہے کسواسطے کہ وہ نثر اور نظم دونون مین جاری ہوتی ہے جیسے نثر اور نظم کی مثال سے واضح ہوگیا اور توہم نثر سے خصوصیت رکھنے کا اس سبب سے ہے کہ عربی کی کتابون مین اس صنعت کی تعریف مین لکھا ہے کہ وہ مساوی ہونا دو فصلون کا ہے وزن مین اور فاصلہ نثر کے الفاظ اخیرہ ہی کو کہتے ہین اور یہ نجانا کہ ذکر فاصلہ کا بطریق احتراز کے نہین ہی تاکہ اوس سے نظم خارج ہوجاوے بلکہ بطریق مثال کے ایک کا ذکر کردیا ہے اور بنابر اختصار کے مصرع کا ذکر چھوڑ دیا ہے اور چونکہ یہ صنعت نظم مین بھی جاری ہوتی ہے شرح کرنے والون نے فاصلہ کے آگے لفظ مصرع کا بھی لاحق کردیا ہے یہان سے معلوم ہوا کہ حدائق البلاغت کے مصنف نے جو یہ کہا ہے کہ یہ صنعت نظم مین بھی نہین آتی کیونکہ نظم کے آخر مین قافیہ واجب ہے از روے سہو کے ہی اور یہ نہ خیال کیا کہ آخر مین نظم کے قافیہ کا ہونا اس صنعت کے نظم مین جاری ہونے کی منافی نہین جیسے اوس شعر سے کہ اس صنعت کی مثال مین مذکور ہوا واضح ہی جب یہ معلوم ہوا سنا چاہیے کہ اس صنعت کی تعریف میں اگر الفاظ اخیرہ کے فقط وزن مین موافق ہونے سے یہ مراد ہے کہ موازنہ مین الفاظ اخیر کا حرف اخیر مین مخالف ہونا واجب ہی تو پس اس صورت مین سجع اور موازنہ

نا بین ہوا یعنی صنعت سجع کی موازنہ پر صادق آویگی اور نہ صنعت موازنہ کے سجع پر
سوا سطی کہ سجع مین حرف اخیر کی موافقت واجب ہو اور یہان مخالف اور اگر یہ مراد
کہ موازنہ مین وزن کی موافقت شرط ہو اور حرف اخیر کی موافقت شرط نہین یعنی
ہو یا نہ ہو تو اس صورت مین ایک جا می مین سجع اور موازنہ دونون صادق آتا ہے
جیسے وصال دوست کا محض خیال ہے اور رحم کرنا رقیب کا محال ہے شرط سجع اور
موازنہ کی دونون پائی جاتی ہین یعنی موافقت حرف اخیر کی اور یہ شرط سجع کی ہے
اور موافقت وزن کی اور یہ شرط موازنہ کی ہے اور ایک جا می موازنہ پایا جاویگا
بدون سجع کے جیسے موازنہ کی مثال مین مذکور ہوا اول سعادت سے غافل ہے اور
جان ذکر سے فارغ اور ایک جا می مین سجع پایا جاویگا بدون موازنہ کے جیسے ولین
رقیب کی طرف سے خار ہے اور سینہ دوست کی جو رسے افگار ہے خار اور افگار بطور سجع
کے ہین نہ بطور موازنہ کے اور حدائق البلاغت کی صنعت سے تعجب ہے کہ موازنہ کی
تعریف مین آپ ہی لکھتا جاتا ہے کہ موازنہ وہ ہے کہ دو فقرون کے الفاظ اخیرہ
وزن مین متحد ہون اور حرف اخیر مین مختلف اور پھر اسکو ایک قسم سجع کی قرار دی ہے
حالانکہ سجع مین شرط یہ ہے کہ حرف اخیر مین موافقت ہو نہ مخالفت واللہ اعلم بالصواب
صنعت ذو قافیتین۔ ایسے شعر کو کہتے ہین کہ اوسمین دو قافیہ ہون جیسے اس
شعر مین شعر صبا اوڑا کے نہ لیجا مرا غبار کہین ٭ کہ مجھ سے چھوٹے تمکی آستان یار
نہین ٭ اور کسی مین تین تین قافیہ بھی ہوتے ہین شعر آجلد کہ اب عاشق
ہجران مین نہین تاب ٭ اور نام کو باقی نہین مژگان مین کہین آب ٭ اور کبھی
دو قافیون کے بیچ مین ردیف بھی لاتے ہین اور قافیہ کو بیچ مین لاتی ہے

جیسے اس شعر میں شعر اشک خونین کو جہان ہم روتے ؛ جا بجا لالہ ستان ہم بوتے ؛
ہم کا لفظ ردیف ہے کہ درمیان دونون قافیون کے ہے یعنی جہان اور روتے اور
لالہ ستان اور بوتے کے ؛ صنعت متلون اوس شعر کو کہتے ہین کہ کئی بحر مین پڑھا جا
جیسے یہ شعر شعر دیکہا اوس چہرۂ مہوش کا حسن ؛ آپ مین آتے نہین ہیں دن
مین ہم ؛ یہ شعر دو بحر مین پڑھا جاتا ہے اول بحر سریع مفتعلن مفتعلن فاعلان ؛
اور دوسری رمل فاعلاتن فاعلاتن فاعلات ؛ مگر آتا ہے کہ مصرعۂ ثانی مین رمل
کا جزو اخیر فاعلن ہے اور مصرعہ اول مین سریع کا جزو اخیر فاعلان اور رمل کا
فاعلات اور حال مفصل اسکا عروض کے فن مین معلوم ہوجاویگا —
صنعت تلمیح - یہ اسطرح پر ہے کہ کلام شعر مین کسی واقعہ مشہور یا ایسی چیز پر اشارہ
کیا جاوے کہ کتب متداولہ مین مذکور ہو جیسے شعر سودا کا شعر دکھلائیے جا کر تو مصر
مصر کا بازار ؛ یہ دان کوئی خواہان نہین اس جنس گران کا ؛ اس شعر مین اشارہ
طرف قصۂ حضرت یوسف کی کہ وہ مشہور ہے اور یہ شعر فقیر محمد خان گویا کا شعر
منہ دکھانا تو کہان باتین تھین اوسکی مجھ تک ؛ لن ترانی کی بھی آئی نہ صدا
میرے بعد ؛ اس شعر مین حضرت موسیٰ کے قصہ کی طرف اشارہ ہے حق یہ ہے کہ
جو لوگ کہ چاشنی انصاف اور مذاق شعر سے بہرہ رکھتے ہین اونکے نزدیک یہ شعر جواب
نہین رکھتا اور جیسے یہ شعر شعر خزان مین اسلیے لوٹے ہے خاک پہ غنچہ ؛ کہ یہ علاج
اوسکا جسے ہو استسقا ؛ اس شعر مین اشارہ ہے طرف مسئلہ طب کے —
صنعت سیاقۃ الاعداد اسطرح پر ہے کہ کلام مین اعداد مذکور کرین خواہ ترتیب سے
خواہ بغیر ترتیب کے جیسے یہ شعر سودا کا شعر چہرۂ مہروش ہے ایک سنبل مشکنا مو دو

سخن بنان کے دور مین ہر سحرا ایک شام دو ؛ مصرع شیخ ابراہیم ذوق کا مصرع
دو تین ٹکڑے سر کے ہوئے پس کے چار پانچ ؛ اور بعضے شعرا نے عدد ایک سے
دس تک ذکر کیے ہین علی الترتیب اور بعضون نے دس سے ایک تک کی ترتیب
یہ دونون لطف سے خالی نہین اسی قبیل سے ہے شعر انشاء اللہ خان کا
شعر ایک دو تین چار پانچ چھ سات ؛ آٹھ نو دس ہوئے بس التشابس ؛
صنعت تنسیق الصفات ۔ یہ اسطرح پر ہے کہ ایک موصوف کی کئی اوصاف
پے در پے مذکور کرین شعر تیری شمشیر خصم پہ ہے میدان مین ؛ صاعقہ برق بلا
قہر خداوند تعال ؛ صنعت توشیح وہ ہے کہ اگر چند شعر ہر مصرع یا ہر بیت کے
حرف اول کو جمع کرین اوس سے کوئی عبارت یا نام حاصل ہو جاوے اور کبھی
عبارت مین ابیات کے بیچ یا آخر کے حرفون سے بھی حاصل کرتے ہین ہر کیف مثال
اسکی یہ دو شعر ہین شعر درد و غم داغ ہجر رنج فراق ؛ وقف دل ہی بڑ حوصلہ
دل کا ؛ سخت ہے یہی ہر اب کردن کس سے ؛ تجھ سوا ہجر مین گلا دل کا ؛ ہر مصرع
کے حرف اول جمع کرنے سے لفظ دوست کا حاصل ہوتا ہے علم بدیع کا تمام ہوا

حدیقہ تیسرا علم عروض مین

معلوم کیا چاہیے کہ شعر اصطلاح مین ایسے کلام کو کہتے ہین کہ اوزان مقرری مین
سے کسی وزن پر ہو اور قافیہ رکھتا ہو اور کہنے والے نے اوسکی موزونی کا قصد
کیا ہو اول کلام کے معنی بیان کیے جاتے بعد اوسکے تعریف کی قیدون کا فائدہ
بیان کیا جاویگا سنا چاہیے کہ کلام اوسے کہتے ہین کہ دو کلمہ سے مرکب ہو مع اسناد
کے یعنی ایک کلمہ کو دوسرے کلمہ سے ایسی نسبت ہو کہ کہنے والا اگر کہکر خاموش ہو جائے

تو سننے والے کو فائدہ کامل حاصل ہوجاوے اور پھر انتظار باقی نرہے مثلاً کوئی کہو
کہ زید آیا ہے پس سننے والا اوس سے مطلب بالکل سمجھ لے گا اور کلام کے تمام کرنے کا
منتظر نرہیگا جب یہ معلوم ہوگیا اب سننا چاہیے کہ کلام کی قید سے ایک کلمہ خارج ہوگیا
اگرچہ ارکان بحورمین سے کسی رکن کے وزن پر ہو مثلاً طوطی فعلن کے وزن پر ہے
لیکن چونکہ شعر کے واسطے کلام شرط ہے اور یہ ایک کلمہ ہے اسواسطے یہ شعر نہین ہے
اور سخن یعنی بھی خارج ہوگیا اسواسطے کہ سخن یعنی سے سننے والے کو کچھ فائدہ نہین
حاصل ہوتا لیکن یہ امر باقی رہگیا کہ بعضا ایسا سخن موزون اور مقفی ہوتا ہے کہ اوس مین
نسبت مذکورہ نہین ہوتی جیسے یہ شعر داغ ہجران سے باہر دیون کے ٭ آتش غم سے
تند خویون کے ٭ یہ سخن جب تمام ہوتا ہے کہ اتنا سخن اوسکے ساتھ اور شامل کیا جاے
مثلاً ہم جان طلب ہین پس کلام کی شرط سے چاہیے کہ اوسکو شعر نہ کہین اور حال یہ ہے
کہ اسکو بھی شعر کہتے ہین اسکا جواب یہ ہوسکتا ہے کہ کلام سے کلام اصطلاحی یعنی وہ
جو پہلے بیان کیا گیا مراد نہ رکھنی چاہیے بلکہ کلام لغوی مراد رکھنی چاہیے یعنی سخن
اور سخن عام کہ نسبت مذکورہ اوس مین پائی جاوے یا نہین لیکن اس صورت مین
ایک کلمہ بھی تعریف مین داخل ہوجاتا ہے پس بہتر یہ ہے کہ کہا جاوے کہ نہین ہوسکتا
کہ کہنے والا فقط اتنے سخن پر کفایت کرے کسواسطے کہ اوس سے کچھ فائدہ حاصل
نہین ہوتا پس ضرور ہے کہ اوسکے آگے بھی کچھ اور کہیگا اور جب آگے اوسکے کچھ
اور کہا تو وہ سخن اور یہ سخن شامل ہوکر شعر ہوگیا نہ سخن پہلا لیکن فقط اوس سخن
کو کہنا باعتبار مجاز کے ہے جیسے الفاظ موزون مقفی بے معنی کو بھی باعتبار مجاز کے
شعر کہتے ہین چنانچہ مشہور ہے کہ کسی شاعر نے مولوی نظامی کی خمسہ کی جواب مین

بموجب فرمایش کسی بادشاہ کے ایک خمسہ بمعنی کہا تھا اور قطع نظر اسکے جس شعر کے معنی کچھ نہین ہو سکتے تو کہا کرتے ہین کہ یہ شعر بےمعنی ہے پس بےمعنی پر بھی شعر کا اطلاق کرتے ہین اور قید موزون ہونے کی اسواسطے ہے کہ جو کلام اوزان مقررہ مین سے کسی وزن پر نہو گا وہ نثر ہے شعر نہین ہے اور قافیہ کی قید اسواسطے ہے کہ بغیر قافیہ کے بھی موافق اصطلاح کے شعر نہین ہے اور قید قصد کی اسواسطے ہے کہ اگر کسی سے بغیر اس بات کے کہ وہ ارادہ موزونی کا کرے کلام موزون سرزد ہو جاوے تو اوسکو شعر نہین کہینگے چنانچہ بعضی آیتین کلام اللہ کی اور بعضی حدیثین موزون ہین علی الخصوص بسم اللہ بحر سریع مین ہے لیکن شعر نہین ہے بلکہ شعر کا اطلاق کرنا اوپر منع ہے معلوم کیا چاہیے کہ اس مقام مین کئی امر اور باقی ہین اونمین سے ایک امر یہ ہے کہ کلام کی قید سے یہ معلوم ہوا کہ ایک مصرع پر بھی اطلاق شعر کا بموجب اصطلاح کے درست ہے لیکن مصرع کو کوئی شعر نہین کہتا بلکہ شعر دو مصرع کا نام ہے اسمین دو احتمال ہین ایک یہ کہ از بس کہ عادت شعرا کی اکثر بیت کہنے پر جاری ہے اور ایک مصرع تنہا کم کہتے ہین باعتبار مجاز کے بیت ہی کو شعر کہنے لگے ہین اور دوسرا یہ کہ شاید یہ اصطلاح علیحدہ ہو یعنی باعتبار ایک اصطلاح کے مصرع اور بیت شعر ہین اور باعتبار دوسری اصطلاح کے دو فقرۂ موزون کا نام شعر ہے اور ایک کا نام مصرع دوسرا امر یہ ہے کہ ہم لوگ کہ سراسر نقصان اور غفلت سے لبالب اور بالا مال ہین ہرچند بسا اوقات مشاہدہ کرتے ہین کہ ہرگز موزون کرنے کی طرف متوجہ نہین ہوئے اور وزن کا ہرگز خیال نہین ہے قصد کلام موزون سرزد ہو گیا بلکہ ایسا ہوتا ہے کہ بجرد سرزد ہونے کے کچھ خیال نہین ہوا کہ یہ موزون ہے اور بعد دو تین روز کے

جب اوسمین تامل واقع ہوا تو معلوم ہوا کہ خود بخود یہ کلام موزون سرزد ہو گیا ہے لیکن یہ امر حق تعالی کی طرف نسبت نہین کر سکتے کہ آیات کو موزون ہونا اوس جناب مقدس سے بارادہ ہوا اور اوسکے موزون ہونے پر اوسکو اطلاع نہ ہو گیا والعیاذ باللہ اس صورت مین لازم آیا کہ وہ آیتین موزونی کے ساتھ متکلم کے قصد سے حاصل ہوئی ہیں پس اوس پر شعر کی تعریف صادق آئی اور حالانکہ شعر نہین ہے پس بہتر یہ ہو کہ قصد کو موزونی کے ساتھ متعلق نہ کیا چاہیے بلکہ شعر کے ساتھ متعلق کرنا چاہیے یعنی اگر کہنے والا شعر کے ارادہ سے موزون کرے تو شعر ہے والا شعر ہے اس صورت مین آیتون پر سے اطلاق شعر کا اوٹھ گیا اسواسطے کہ حق سبحانہ تعالی نے آیتون کو شعر کے ارادہ پر نہین فرمایا اور یا چونکہ شعر مین اغلب مبالغہ اور کذب ہوتا ہے اور کلام آلہی اور حدیث شریف ان امور کے شائبہ سے پاک ہو اس سبب سے از روے ادب کے اون پر اطلاق شعر کا منع ہے گو کہ تعریف شعر کی اون پر صادق آتی ہے اور باعتبار اصطلاح کے شعر ہے اور اوسمین کچھ قباحت نہین کسواسطے کہ مبالغہ اور کذب کو نفس شعر کے تحقق ہونے مین کچھ دخل نہین کیونکہ اگر کوئی کلام موزون مقفی کہے اور اوسمین کچھ مبالغہ نہو بلکہ سب باتین راست اور سچ ہون وہ شعر ہے اور مبالغہ اور کذب کا شعر مین استعمال کرنا بسبب اسکے ہے کہ طبائع کو ایسی چیزون کیطرف رغبت بہت ہوتی ہے اور تیسرا امر یہ ہے کہ بعضون نے قافیہ کو شعر کی تعریف مین داخل نہین کیا اور کہا ہے کہ قافیہ نفس شعر کے تحقق ہونے کیواسطے نہین ہے بلکہ ایک امر عارض ہے کہ واسطے ہے اور وہ یہ ہے کہ قافیہ سے یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ شعر مطلع ہے یا نہین اگر دونون مصرع مین قافیہ ہے تو معلوم ہوا کہ وہ شعر مطلع ہے اور اگر

ایک مصرع مین قافیہ ہے پس معلوم ہوا کہ سواے مطلع کے غزل یا قصیدے کے باقی اشعار
مین سے کوئی شعر مصرع ہے اور سکاکی نے مفتاح العلوم مین اس قول کو غلبہ دیا ہے
معلوم کیا چاہیے کہ شعر لغت مین بمعنی جاننے کے ہے اور اصطلاح مین کلام موزون مقفی
کو کہ اوسکی تعریف بیان کی گئی اسواسطے کہتے ہین کہ وہ جانا جاتا ہے پس مصدر
بمعنی مفعول کے ہے یعنی جانا گیا اور شعر کو بیت بھی کہتے ہین اور بیت بمعنی گھر کے ہے
اور گھر کے دروازہ کو دو کواڑ ہوتے ہین اسیطرح ہر بیت کو دو مصرع ہوتے ہین غالبًا
اور مصرع بمعنی کواڑ کے ہے اور شاید اسواسطے بیت نام رکھا ہے کہ گھر صحرانشینان عرب کا
اکثر کمل کا ہوتا ہے بطور رپال کے اور وہ گھر مرکب ہوتا ہے رسی اور میخ اور ستونون سے
اور بیت بھی مرکب ہے سبب اور وتد اور فاصلہ سے اور لغت مین سبب رسی کو
کہتے ہین اور وتد میخ کو اور فاصلہ ستون کو اور ان اجزا کا حال آگے معلوم ہوگا
اور اوسکی وجوہات کتابون مین اور بھی لکھی ہین لیکن یہان اونکا لکھنا بجز طول
کلام اور کچھ فائدہ نہ دیگا اب معلوم کیا چاہیے کہ بیت کے پہلے مصرع کے جزو اول کو صدر
کہتے ہین کسواسطے کہ صدر بمعنی اول اور ابتدا کے ہے اور یہ کلمہ بھی سب اجزا سے
اول ہوتا ہے اور اوسی مصرع کے اخیر جزو کو عروض کہتے ہین کیونکہ عروض بمعنی
طرف کی ہے اور یہ جزو بھی گوشہ اور طرف ہے مصرع کا اور دوسرے مصرع کے پہلے جزو
کو مطلع اور ابتدا کہتے ہین اور اوسکی وجہ ظاہر ہے اور اسی مصرع کے اخیر جزو کو
ضرب اور عجز کہتے ہین ضرب بمعنی قسم کے ہے اور قسم کسی شے کی اوسکا ٹکڑا اور پارہ
ہوتا ہے اور یہ جزو بھی ٹکڑا ہے مصرع کا اور عجز عین بے نقطہ مفتوح اور جیم مکسور
یا مضموم اور زا معجمہ بمعنی سرین کے ہے اور وجہ تسمیہ اس لفظ کی ترجمہ سے

ظاہر ہے اور جو چارون اجزا کے درمیان مین ہین اونکو حشو کہتے ہین اور حشو
اوس روئی کو کہتے ہین کہ تکیہ وغیرہ مین بھری جاوے اور یہ الفاظ بھی درمیان
اجزا کے ہین اور بعضی کہتے ہین کہ عروض یعنی ستون خیمہ کو ہے جسطرح خیمہ کی بنا اور ثبات
ستون پر ہوتی ہے مصرع کی بنا اس رکن پر ہوتی ہے اور ضرب یعنی مانند اور مثل
کے ہے چونکہ جزو اخیر دوسرے مصرع کا اخیر مین واقع ہونے کی اندریا باعتبار موافقت
قافیہ کو عروض کے مانند ہے اسواسطے اسکا نام ضرب رکھا ہے اور بعضی کتابون مین
علم عروض کی وجہ تسمیہ مین لکھا ہے کہ مصرع اول کے جزو اخیر کو عروض کے فن مین
اوسکا بہت ذکر آتا ہے اسواسطے اس علم کا نام عروض ہی رکھا ہے ہم کہتے ہین کہ
شاید معاملہ بالعکس ہو یعنی اصل مین عروض نام علم کا ہے اور عروضی وہ شخص ہے
کہ عروض سے بہت بحث کرے چونکہ عروضی اس جزو سے بھی بہت بحث کرتے ہین
اسیواسطے اس جزو کا نام بھی عروض رکھا باعتبار کثرت بحث اور کثیر الوقوع
ہونے کے گویا یہی جزو عروض ہے واللہ اعلم بالصواب معلوم کیا چاہیے کہ شعر
کے وزن مین کبھی غلطی واقع ہو جاتی ہے ہو اسطے عقلا نے چند قاعدے مقرر کیے ہین
کہ اوس سے شعر کا موزون اور ناموزون ہونا معلوم ہو جاوے اور اونکا نام عروض
ہے اور اس علم کو خلیل ابن احمد بصری نے اول استخراج کیا ہے اور بعد اوسکے
اورون نے بھی بعض بحور اوسی کے قیاس پر استخراج کر لیے ہین چنانچہ اسکا
حال معلوم ہو جائیگا اور چونکہ عروض نام مکہ معظمہ کا ہے اور یہ علم جب مستخرج
ہوا تھا خلیل ابن احمد اوس زمانہ مین مکہ معظمہ مین تھا اس علم کو تیمنا مکہ کے
نام کے ساتھ موسوم کر دیا اور اس تسمیہ کی وجہین کتابون مین اور بھی لکھی ہین

لکھنا اوسکا تطویل کلام کا موجب ہی بہرکیف ان مطالب کو ہم پانچ فصل مین مذکور کرتے ہین اور ہر فصل کا نام خیابان ہر حدیقہ کی مناسبت سے

خیابان پہلا بحور اور دوائر کے بیان مین

پوشیدہ نرہی کہ بیت جس وزن پر ہوتی ہے اوس وزن کو بحر کہتے ہین کیونکہ بحر بمعنی دریا کے ہی اور چونکہ دریا سے نہرین بہت پھوٹتی ہین بحر سے بھی زحافون کو واقع ہونے سی بہت شعبہ حاصل ہوتے ہین چنانچہ حال زحاف کا اور بحر کے شعبون کا آگی مفصل آویگا اور بحر جن لفظون سی مرکب ہوتا ہی اون لفظون کو اصول اور ارکان اور افاعیل اور تفاعیل اور مفاعیل اور افعال اور مثل اور امثال اور اجزا اور موازین اور اوزان عروض کہتے ہین اور ارکان دس ہین دو اونمین سے پانچ حرف کا اور آٹھہ سات حرف کی پانچ یہ ہین فعولن اور فاعلن اور سات حرف کی یہ مفاعیلن۔ فاعلاتن مستفعلن۔ مفاعلتن متفاعلن مفعولات۔ تے کو پیش سے بغیر تنوین کے اور فاع لاتن مستفع لن یعنی عین ان دونون رکنون کے لاتن اور لن سی منفصل یعنی جدا ہی اور پہلی فاعلاتن اور مستفعلن کے متصل ہے اور وجہ متصل ہونے کی آگی معلوم ہوجاویگی پس ان چارون رکنو نمیرہ فرق اعتباری ہی اور ترکیب ارکان کی تین جزو مین منحصر ہی سبب اور وتد اور فاصلہ سبب دو حرفی کلمہ کو کہتے ہین پس اگر پہلا حرف متحرک اور دوسرا ساکن ہوا اوسکو سبب خفیف کہتی ہین جیسے کر اور بر کہ کاف اور بی متحرک ہی اور رے ساکن اور اگر دونون متحرک ہون اوسکو سبب ثقیل کہتے ہین جیسے حلبی کی پہلے دو حرف وتد سہ حرفی کلمہ کو کہتے ہین پس اگر دو حرف متحرک اور تیسرا حرف ساکن ہوا

اوسکو وتد مقرون کہتے ہین بسبب نزدیک ہونے دو حرف متحرک کے اور وتد مجموع بھی
کہتے ہین بسبب اکٹھے ہونے دو حرف متحرک کے مثلاً اگر اور سفر اور اگر دو حرف اول
اور اخیر کے متحرک ہون اور بیچ کا حرف ساکن اوسکو وتد مفروق کہتے ہین اس سببسے
کہ حرف ساکن نے دونون متحرک مین فرق کر دیا ہے اسکی مثال مین تین حرف پہلے
آہن من اور برہن ہین کے فاصلہ چار حرف یا پانچ حرف کے کلمہ کو کہتے ہین اگر تین حرف
متحرک اور چوتھا ساکن ہو اوسکو فاصلہ صغری کہتے ہین جیسے جلبی سار اللفظ کہ تین
حرف متحرک ہین اور چوتھا حرف ساکن ہو اور اگر چار حرف متحرک ہون اور پانچوان ساکن
اوسکو فاصلہ کبری کہتے ہین جیسے سمکتن صغری بمعنی چھوٹے کے اور کبری بمعنی بڑے کے ہے
چونکہ چار حرف کا لفظ پانچ حرف کے لفظ سے چھوٹا تھا اسواسطے اول کا نام صغری رکھا
دوسرے کا کبری اور بعضی چار حرفی کو فاصلہ صادی نقطہ کو کہتے ہین اور وتد اور فاصلہ
کوئی علیحدہ جزو نہین کسواسطے کہ چار حرف کا لفظ سبب ثقیل اور سبب خفیف سے مرکب ہے
اور پانچ حرف کا لفظ سبب ثقیل اور وتد مقرون سے اور حق یہی معلوم ہوتا ہے لیکن جو کچھ
اس جزو ثالث کا بھی اعتبار کیا ہے بہرکیف جب یہ معلوم ہو چکا اب ارکان کے
ان اجزاسے مرکب ہونے کی حقیقت بیان کیجاتی ہے پوشیدہ نرہے کہ فعولن مین اول
وتد مجموع ہے اور بعد اوسکے سبب خفیف اور فاعلن مین اسکا عکس اور مفاعیلن مین
پہلے وتد مجموع ہے اور بعد اوسکے دو سبب خفیف اور مستفعلن متصل ہین دو سبب پہلے
اور بعد اوسکے وتد مجموع اور فاعلاتن مین اول سبب خفیف ہے اور بعد اوسکے وتد
مجموع اور بعد اوسکے سبب خفیف دوسرا یعنی دو سبب خفیف کے بیچ مین ایک وتد مجموع ہے
اور مفاعلتن مین اول وتد مجموع ہے اور بعد اوسکے فاصلہ صغری اور جو لوگ فاصلہ کو


قائل نہیں ہین اونکو نزدیک بعد وتد مجموع کے ایک سبب ثقیل اور دوسرا سبب خفیف ہے اور متفاعلن مین اسکا عکس ہے یعنی فاصلہ یا دو سبب ثقیل اور خفیف اول مین اور وتد مجموع آخر مین اور مفعولات مین دو سبب خفیف اول اور وتد مفروق بعد اونکے اور فاع لاتن منفصل مین وتد مفروق پہلے اور دو سبب خفیف بعد اوسکے اور یہہ مفعولات کا عکس ہے اور مستفع لن منفصل مین ایک سبب خفیف اول اور دوسرا اخیر مین اور وتد مفروق بیچ مین ہے۔ معلوم کیا چاہیے کہ خلیل ابن احمد اس فن کا ماہر اور جمع کرنیوالا ہے اوسنے کلام عرب مین تجسس اور تلاش کرکے معلوم کیا کہ اشعار عرب پندرہ بحرمین موزون ہوتی ہین اور وہ یہ ہین طویل مدید بسیط کامل وافر ہزج رمل رجز منسرح مضارع سریع خفیف مجتث مقتضب تقارب اور بعد اوسکے ابوالحسن اخفش نے سولھوین اور ایجاد کی اور اوسکا نام متدارک رکھا اونمین سے بحر طویل اور بحر مدید اور بحر بسیط اور بحر وافر اور بحر کامل عربی شعرون کے ساتھ مختص ہین یعنی اہل عجم اونمین شعر نہین کہتے بحر عرب کی اسواسطے کہ وہ وزن نامطبوع اور نامرغوب ہین اور باقی بحر عجم اور عرب کے اشعار مین مشترک ہین اور تین بحرین خلیل بن احمد کے بعد نکالی گئی ہین اور وہ یہ ہین جدید۔ قریب مشاکل۔ یہ تینون عجم کے اشعار کے ساتھ خصوصیت رکھتی ہین اور عرب ان مین شعر نہین کہتے بہرکیف یہ سب انیس بحر ہوئین معلوم کیا چاہیے کہ اون بحرون مین سے بعضی ایک رکن کی تکرار سے حاصل ہوتی ہین اور بعضی دو رکن کی ترکیب سے جو بحرین کہ ایک رکن کی تکرار سے حاصل ہوتی ہین یہ ہین ہزج رجز رمل کامل وافر متقارب متدارک۔ اور جو دو رکن کی ترکیب سے حاصل ہوئی ہین یہ ہین

طویل ۔ مدید ۔ بسیط ۔ سریع ۔ خفیف ۔ مجتث ۔ منسرح ۔ مضارع ۔ مقتضب ۔
اصل بحر ہزج کی مفاعیلن ہے آٹھ بار اور اصل رجز کی مستفعلن آٹھ بار اور اصل
رمل کی فاعلاتن آٹھ بار اور اصل کامل متفاعلن آٹھ بار اور اصل وافر کی مفاعلتن
آٹھ بار اور اصل متقارب کی فعولن آٹھ بار اور اصل متدارک کی فاعلن آٹھ بار ۔
اور اصل طویل کی فعولن مفاعیلن فعولن مفاعیلن دو بار اور اصل مدید کی فاعلاتن
فاعلن فاعلاتن فاعلن دو بار اور اصل بسیط کی مستفعلن فاعلن مستفعلن فاعلن
دو بار اور اصل سریع کی مستفعلن مستفعلن مفعولات دو بار اور اصل خفیف کی فاعلاتن
مستفعلن فاعلاتن دو بار اور اصل مجتث کی مستفعلن فاعلاتن مستفعلن فاعلاتن
دو بار اور اصل منسرح کی مستفعلن مفعولات مستفعلن مفعولات دو بار اور اصل مضارع کی مفاعیلن فاعلاتن
مفاعیلن فاعلاتن دو بار اور اصل مقتضب کی مفعولات مستفعلن مفعولات مستفعلن دو بار اور اصل بحر جدید
کی فاعلاتن فاعلاتن مستفعلن ہے دو بار اور اس بحر کو غریب بھی کہتے ہین اور اس بحر کو
بزرجمہر نے نکالا ہے اور اصل قریب کی مفاعیلن مفاعیلن فاعلاتن ہے دو بار کہتے ہین
کہ مولانا یوسف عروضی نیشاپوری نے یہ بحر نکالی ہے اور یہ وہ شخص ہے
کہ فارسی مین علم عروض پہلے اسی شخص نے تصنیف کیا ہے اور یہ شخص خلیل ابن احمد سے
دو سو برس کے بعد پیدا ہوا ہے اور اصل بحر مشاکل کی فاعلاتن مفاعیلن مفاعیلن
ہے دو بار ان بحور کی وجہ تسمیہ ہر ایک کے ذکر مین بیان ہو جاویگی پوشیدہ نرہے
کہ ہر چند حدائق البلاغت مین ذکر انھین سولہ بحر کا ہے لیکن چونکہ ان تین بحر کی
بھی مطلع ہونا علم عروض کے شائقین کو ضرور ہے اسواسطے میری رائے ناقص
مین مناسب معلوم ہوا کہ انکو بھی انھین کے ساتھ مذکور کرے لیکن جیسے وجوہ انکا

بحر کے بعد ہی چاہیے کہ ذکر بھی اونکے بعد کیا جاوے تو اب معلوم کیا چاہیے کہ اصل میں
ان سب بحرون کے آٹھ آٹھ جزو ہین بجز سریع اور خفیف کے کہ اصل مین اونکے چھہ
جزو ہین جس بحر کے آٹھ جزو ہین اوسکو مثمن کہتے ہین اور اگر دو جزو اوسمین سے
گرا دیوین اوسوقت اوسکو مسدس کہینگے اور اگر چار جزو گرا دیوین اوسکو مربع
کہینگے اور عربی کے شعرون مین تین اور دو جزو کی بھی بحر ہوتی ہے اور مثلث یعنی
تین جزو والی بحر کو بعضون نے بمنزلہ پہلے مصرع کے شمار کیا ہے اور اوسکے پہلے
جزو کو صدر اور اخیر کے جزو کو عروض اور بیچ کے جزو کو حشو اور بعضون نے بمنزلہ دوسرے
مصرع کے تصور کیا ہے اور اوسکے پہلے جزو کو ابتدا اور اخیر کے جزو کو عجز اور بیچ کے جزو
کو حشو اور ایسی ہی مثنے یعنی دو جزو والے کے دو اعتبار کیے ہین لیکن اسمین حشو نہین ہے
اور فارسی اور اردو مین مثمن اور مسدس کے سوا اور مثمن نہین ہوتا اور یہ معلوم ہو چکا
ہے کہ ان سولہ بحرمین سے سریع اور خفیف اصل مین مسدس ہین اور باقی تیرہ بحرین مثمن
اور مثمن مین سے جب دو جزو کم کر کے مسدس بنا لیتے ہین اوسکو مجزو زے نقطہ دار اور
واو مشدد سے کہتے ہین اس سبب سے کہ ہر مصرع سے ایک جزو کم ہو گیا ہے اور اصل
اون تین بحرون کی بھی مسدس ہے یعنی واضع نے اونکو چھہ جزو پر بنایا ہے ـــ
پوشیدہ نرہے کہ ان بحرون کے سبب اور وتد اور فاصلہ مین اگر تقدیم اور تاخیر کیجاوے
تو ایک بحر سے دوسری بحر نکل سکتی ہے اور دوسری بحر نکلنے کے یہ معنی ہین کہ اوسکے
وزن پر الفاظ حاصل ہو جاتے ہین یعنی وہ بحر جتنے سبب اور وتد اور فاصلے سے
مرکب ہے وہی سب اجزا اوسی ترتیب سے بیان ہوتے ہین اور بحر اصل مین انھین
متحرک اور ساکنون کا نام ہے کہ جنسے وہ اجزا مرکب ہوئے ہین لیکن چونکہ اون بحرون کی


تقدیم اور تاخیر سے جو الفاظ اوس وزن پر حاصل ہو وینگے البتہ مبنی ہو وینگے اور
بہتر یہ ہے کہ حتی المقدور رعایت معنی وار الفاظ کی کیجاوے تو عادت عروضیون کی
اسطرح پر ہے کہ وہ الفاظ کو اوس دوسری بحر مین مستعمل ہوتے ہین اونکی جگہ پر
رکھدیتے ہین چنانچہ اسکی حقیقت مفصل معلوم ہو جاویگی اور ایک بحر سے دوسری
بحر کے نکلنے کو فک بحور کہتے ہین اور جتنی بحرین کہ ایک دوسرے سے نکلتی ہین اونکے
حق مین کہتے ہین کہ یہ ایک دائرہ کی ہین اور اونکے واسطے ایک ایک دائرہ بھی
کھا کرتے ہین تاکہ نکالنا اون بحور کا اوس سے خوب ظاہر ہو جاوے مثلاً مفاعیلن
مین اول وتد مجموع ہے اور بعد اوسکے دو سبب خفیف اور مستفعلن مین دو سبب
خفیف پہلے ہین اور بعد اونکے وتد مجموع یہ عکس ہے مفاعیلن کا اور فاعلاتن مین ایک
سبب خفیف اول اور دوسرا سبب خفیف اخیر مین اور بیچ مین وتد مفروق ہے
اگر مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن کے مفا سے شروع اور لن پر تمام کرین بحر
ہزج ہے اور اگر عیلن سے شروع اور مفا پہ تمام کرین یہ صورت ہو جاویگی عیلن
مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفا یہ بحر رجز ہے کیونکہ وہ وزن ہے مستفعلن مستفعلن
مستفعلن مستفعلن کا اگر لن سے شروع اور عی پہ تمام کرین اور کہین لن مفاعی لن
مفاعی لن مفاعی لن مفاعی بحر رمل ہو جاویگی کہ اوسکا وزن یہ ہے فاعلاتن
فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن اسی طرح سے مستفعلن اور فاعلاتن سے تینون بحرین
حاصل ہوتی ہین یعنی اگر مس سے شروع اور لن پہ تمام کرین رجز ہے اور علن سے
شروع اور مستفع پہ تمام کرین ہزج اور تفعلن سے شروع اور مس پہ تمام کرین رمل
اور ایسے ہی فا سے شروع اور تن پہ تمام کرنا رمل اور علاتن پہ تمام کرنا ہزج

اور تن سے فاعلاتن تمام کرنا رجز ہے پس یہ تینوں بحر ایک دائرہ سے ہین اور ان اوزان
کو خط دائرہ پہ لکھنے کا یہ فائدہ ہے کہ بسبب مدور ہونے کے ایک رکن کے جزو اخیر کا
دوسرے رکن کے جزو اول کے ساتھ متصل ہونا بے تکلف معلوم ہو جاتا ہے اس دائرہ کی
صورت یہ ہے اس دائرہ کو مجتلبہ کہتے ہین لا انفتوح سے اور جلب بمعنی کھینچنے کے اور



کسی شے کو ایک جای سے دوسری جای مین لیجانے کو ہے اور مفاعیلن بحر طویل کا
اور مستفعلن بحر بسیط کا اور فاعلاتن مدید کا جزو ہے اور یہ تینون بحرین دائرہ مختلفہ
سے ہین کہ اوسکا بیان آگے آویگا گویا ان تین رکن کو دائرہ مجتلبہ مین دائرہ مختلفہ سے
کھینچ کرلے آتی ہین اور عجم اس دائرہ کو موتلفہ کہتے ہین اسواسطے کہ گویا ان تین
رکنون کو باعتبار ترکیب کے آپس مین الفت ہے اور مستفاعلن مین پہلے فاصلہ صغرے
اور وتد مجموع اوسکے بعد اور مفاعلتن اسکا عکس ہے پس اگر مستفا سے شروع کرکے علن پہ


تمام کرین بحر کامل ہو جاوے اور اگر علن سے شروع کرکے متفا پر تمام کرین متفاعلتن کا
وزن حاصل ہوا اور یہ بحر وافر ہے ایسی ہی متفاعلتن کے دونون جزو کی تقدیم و تاخیر
سے وافر حاصل ہوتا ہے پس یہ دونون بحر ایک دائرہ سے ہین اس دائرہ کی یہ صورت ہے



اس دائرہ کا نام مؤتلفہ ہے لام مکسور
سے اسواسطے کہ ان دو بحر کے ارکان
کو آپسمین الفت ہے یعنی دونون
سات حرف کے ہین اور مرکب ہین
وتد مجموع اور فاصلہ صغری سے
اور فعولن مین پہلے وتد مجموع ہے
اور بعد اوسکے سبب خفیف اور فاعلن مین پہلے سبب خفیف ہے اور بعد اوسکے وتد
مجموع یعنی اوسکا عکس ہے پس فعولن فعولن فعولن فعولن بحر متقارب ہے اور لن سے
شروع کرکے فعو پر تمام کرنا یعنی لن فعولن فعولن فعولن فعو بحر متدارک ہے اور الفاظ
مستعمل اوسکے یہ ہین فاعلن
فاعلن فاعلن فاعلن پس یہ دونو
ایک دائرہ سے ہین اور صورت
دائرہ کی یہ ہے پس اس دائرہ کو
متفقہ کہتے ہین فا مکسور سے اسواسطے
کہ اس دائرہ کے ارکان پانچ حرف
کے ہین اور وتد مجموع اور سبب خفیف سے مرکب ہونے مین آپسمین اتفاق رکھتے ہین اور

فعولن
لن فعو فاعلن
متفقہ


فعولن مفاعیلن اگر ارکان کو ارکان ترتیب سے پڑھیں بحر طویل ہے اور اگر فعولن
کے لن سے شروع کرکے مفاعیلن کو مفاعی پر تمام کریں اور پھر مفاعیلن کے لن سے
شروع کرکے فعو پر تمام کریں یہ وزن حاصل ہوویگا لن مفاعی لن فعولن مفاعیلن فعو
بحر مدید ہوا اسکے الفاظ مستعمل یہ ہیں فاعلاتن فاعلن فاعلاتن فاعلن اور اگر مفاعیلن
کے عیلن سے شروع کرکے فعولن کے فعو پر تمام کریں اور فعولن کے لن سے شروع کرکے
مفاعیلن کے مفا پر تمام کریں یہ وزن حاصل ہوگا عیلن فعولن مفاعیلن فعولن مفا
یہ بحر بسیط ہوا اور اسکے الفاظ مستعمل یہ ہیں مستفعلن فاعلن مستفعلن فاعلن پس تینوں بحر
ایک دائرہ سے ہیں اور صورت دائرہ کی یہ ہے اس دائرہ مختلفہ لام مکسور سے کہتے ہیں



اور بعضے لام مفتوح سے اسواسطے
اس دائرہ کے ارکان باعتبار
حرف کے مختلف ہیں یعنی بعضو کے
سات حرف ہیں اور بعضو کے پانچ حرف
اسیطرح سے بحر سریع اور خفیف اور بحر مجتث
اور بحر مضارع اور بحر منسرح اور
بحر مقتضب یہ چھہ بحریں ایک دائرہ
سے نکلتی ہیں لیکن اس شرط سے کہ سوا سریع اور خفیف کی چار بحر باقی بھی مسدس
ہوں کسواسطے کہ وہ دو بحر اصل میں مسدس ہیں اور اونکا اجزا چھہ سے زیادہ نہیں ہو تو
پس یہ چاروں ہمراہ اون دو کی ایک دائرہ سے جب حاصل ہونگی جب چھہ جزو کی ہونگی
امر کی تفصیل یہ ہے کہ لفظ مستفعلن مستفعلن مفعولات کی اگر اسی ترتیب سے پڑھیں تو جاوے

بحر سریع ہے اور اگر دوسرے مستفعلن سے شروع کرکے پہلے پہ تمام کرین تو تفعلن مفعولا
مستفعلن حاصل ہو جاوے کہ یہ بحر منسرح مسدس ہے اور اگر دوسرے مستفعلن کے
دوسرے سبب خفیف یعنی تف سے شروع کرین اور پہلے مستفعلن کے مس پہ تمام کرین
تفعلن مست مفعولات مس تفعلن حاصل ہو جاوے کہ یہ بحر خفیف ہے اور بحر خفیف کے الفاظ
مستعمل یہ ہین فاعلاتن مس تفع لن فاعلاتن یعنی تفعلن مست فاعلاتن کے
وزن پر ہے اس واسطے وتد مجموع دو سبب خفیف کے بیچ مین ہے اور عولات مس تفع لن
منفصل کے وزن پر اس واسطے کہ عولات مس مین دو سبب خفیف اول اور آخر مین ہین
اور ایک وتد مفروق بیچ مین پس عولات مس کے وزن پر مس اور لن اور لات
کے وزن پر تفع اس رکن کو منفصل ہونے کی وجہ اس بحر مین یہی ہے اور تفعلن مس
فاعلاتن کے وزن پر ہے اور اگر دوسرے مستفعلن کو وتد مجموع یعنی علن سے شروع
کرین اور پہلے مستفعلن کے تف پر تمام کرین علن مفعولات مستف علن مستف
حاصل ہووے اور یہ بحر مضارع مسدس ہے اسکے الفاظ مستعمل یہ ہین مفاعیلن
فاعلاتن مفاعیلن کیونکہ علن مفعو کے وزن پر مفاعیلن ہے اور لات مستف کے
وزن پہ فاع لاتن منفصل بسبب وتد مفروق ہونے لات کے اور یہی وجہ ہے
لاتن کو منفصل ہونے کی بحر مضارع مین اور علن مستف کے وزن پر مفاعیلن اور
اگر مفعولات سے شروع کرکے پہلے مستفعلن پر تمام کرین مفعولات مستفعلن مستفعلن
حاصل ہووے اور یہ بحر مقتضب مسدس ہے اور اگر مفعولات کو دوسرے سبب خفیف
یعنی عو سے شروع کرکے مف پہ تمام کرین عولات مس تفعلن مستفعلن مف حاصل ہووے
اور یہ بحر مجتث مسدس ہے الفاظ مستعمل اس بحر کے یہ ہین مس تفع لن فاعلاتن

چونکہ تفعلن مقابل لات کو واقع ہوا ہی اسی واسطے مس تفع لن اس بحر مین بھی منفصل آتے
پس فاعلاتن اور مستفعلن انھین تین بحر مین منفصل آتی ہین اور باقی بحر
زمین متصل صورت دائرہ کی یہ ہی اس دائرہ کو مشتبہ بہ کسرہ سو کہتے ہین



اسیواسطے کہ ان چھہ بحور کے ارکان آپس سو اشتباہ رکھتے ہین یعنی بحر خفیف اور
بحر مجتث مین مس تفع لن اور بحر مضارع مین فاع لاتن منفصل ہے اور باقی مین
متصل پس منفصل اور متصل ایک دوسری سو مشتبہ ہین اور بعضون نے اس
دائرہ کا نام وتار رکھا ہی یعنی ایسا دائرہ کہ جسمین وتد مفروق واقع ہی پس وتد
سے مراد وتد مفروق ہی کسواسطے کہ وتد مفروق سوا اس دائرہ کے اور کسی دائرہ مین
نہین واقع ہوتا یہان تک دائرون کا حال تمام ہوا

خیابان دوسرا زحافونکے بیان مین

زحاف زے نقطہ دار مکسورہ سے زحف کی جمع ہے اور زحف لغت مین کسی چیز کے اصل سے
گر جانے کو کہتے ہین چنانچہ اوس تیر کو کہ نشانہ سے دور گر پڑے تیر زاحف کہتے ہین
اور علم عروض کی اصطلاح اون تغیرات کو کہتے ہین کہ بحور کے ارکان مین واقع ہوئین
اور عروضیون کی عادت اس امر پر جاری ہے کہ ایک تغیر کو بھی زحاف کہتے ہین
اگرچہ لفظ جمع کا ہے بہر صورت ارکان متغیر ہوتا تین طرح پر ہے اول یہ کہ کسی حرف
متحرک کو ساکن کرین دوسرے یہ کہ ارکان مین سے بعض حرف کم کرین تیسرے یہ کہ
ارکان مین کچھ اور زیادہ کردین یہ سب زحافات پینتیس ۳۵ ہین بعضے ایسے ہین کہ مختص
ایک رکن سے ہین اور بعضے کئی رکن مین واقع ہوتے ہین ہم ان زحافون کو جس جس
بحر سے تعلق رکھتے ہین بیان کرتے ہین اور زحافون کے بیان سے پہلے یہ معلوم کیا چاہیے
کہ اگر رکن بسبب زحاف کے ایسا ہو جاوے کہ کلام عرب مین اوس لفظ کا استعمال نہین ہے
تو عروضی اوسکی جگہہ اور لفظ مستعمل رکھدیا کرتے ہین اور حتی الوسع رعایت اس
امر کی کرتے ہین کہ لفظ بے معنی نہ آوے اسکا حال مفصل آتا ہے بیان زحافون کا یہ ہے
اضمار متفاعلن کے ت ساکن کرنے کو کہتے ہین اور چونکہ متفاعلن بسکون تا مستعمل
نہین ہے اسواسطے اوسکی جگہہ مین مستفعلن رکھدیتے ہین اور یہ زحاف بحر کامل سے
مختص ہے کیونکہ متفاعلن سوا بحر کامل کے اور بحر مین نہین آتا اور جس رکن مین
اضمار واقع ہوتا ہے اوسکو مضمر کہتے ہین عصب مفاعلتن کی لام کے ساکن کرنے کو
کہتے ہین اور مفاعلتن بسکون لام کے بجای مین مفاعیلن رکھدیتے ہین یہ زحاف
مختص بحر وافر سے ہے کیونکہ یہ رکن بھی سوای بحر وافر کے اور بحر مین نہین واقع ہوتا

بس رکن مین عصب واقع ہوتا ہے اوسکو معصوب کہتے ہین - وقف مفعولات کی تے کے
ساکن کرنے کو کہتے ہین اور اوسکی جاے مین مفعولات رکھتے ہین یہ زحاف تین بحر مین
آتا ہے سریع اور منسرح اور مقتضب اس زحاف والی رکن کو موقوف کہتے ہین - خبن
خے نقطہ دار سے رکن کے پہلے سبب خفیف کے گرانے کو کہتے ہین پس جب فاعلن سے
الف گراوین فعلن رہجاوے مخبون کو کسرہ سے اور فاعلاتن متصل سے فعلاتن اور
سبب مستفعلن سے خواہ متصل ہو خواہ منفصل سین دور کرین متفعلن رہجاوے اور اسکی
جاے مین مفاعلن رکھدینگے اور مفعولات سے جب فا دور کرینگے معولات باقی رہیگا
اسکی جاے مین فعولات رکھدینگے اور یہ زحاف فاع لاتن منفصل مین واقع نہین
ہوسکتا کسواسطے کہ اس رکن مین وتد مفروق ہے اور وہ زحاف سوا سبب خفیف
کے اور کہین نہین واقع ہوتا یہ زحاف بحر رمل اور رجز اور مدید اور بسیط اور متدارک
اور سریع اور خفیف اور منسرح اور مجتث اور مقتضب مین آتا ہے جس رکن مین یہ زحاف
ہو اوسکو مخبون کہتے ہین طی رکن کی پہلے دو سبب خفیف کے چوتھے حرف ساکن گرانے
کو کہتے ہین پس مستفعلن سے فے کے گرانے سے مستعلن باقی رہتا ہے اسکی جگہہ مفتعلن
رکھتے ہین اور مفعولات واو کے دور کرنے سے مفعلات عین کے
پیش کے ساتھ رہتا ہے اسکی جگہہ فاعلات تے کے پیش سے رہتے ہین یہ زحاف بحر بسیط
اور رجز بسیط سریع اور منسرح اور مقتضب مین آتا ہے اور بحر خفیف اور مجتث مین
نہین آتا کسواسطے کہ ان مین مستفعلن منفصل ہے اور چوتھا حرف ساکن وتد مین
واقع ہوا ہے نہ سبب خفیف مین اور اس زحاف مین چاہیے کہ چوتھا ساکن دو سبب
خفیف ہو، کا موا اسلیے ارکا نو ، اکہ مطوی رکھتے ہو ، کف سا تو ، حرو ساکن ہے

گرانے کو کہتے ہین بشرطیکہ وہ ساکن سبب خفیف مین واقع ہوا ہو پس مفاعیلن
نون کے گرنے سے مفاعیل لام مضموم سے رہتا ہے اور فاعلاتن خواہ متصل ہو خواہ
منفصل فاعلات تو مضموم سے اور ان رکنون کی جگہ اور رکن نہین رکھتے کیونکہ سواے
اسکے یہ رکن مستعمل باقی رہتے ہین اور یہ زحاف بحر طویل اور مدید اور ہزج اور رمل
اور خفیف اور مجتث اور مضارع مین آتا ہے اور ان ارکانون کو مکفوف کہتے ہین
قبض پانچوین حرف ساکن کے گرانے کو کہتے ہین پس مفاعیلن یے کو دور کرنے سے
مفاعلن اور فعولن نون کو گرانے سے فعول لام مضموم سے رہتا ہے اور یہ زحاف
بحر طویل اور ہزج اور متقارب اور مضارع مین آتا ہے اور انھین ارکانون کو مقبوض
کہتے ہین تشعیث فاعلاتن وتد مجموع سے حرف متحرک کو گرانے کو کہتے ہین اور
اس متحرک مین اختلاف ہے بعضون کے نزدیک عین گرتا ہے بعضون کے نزدیک
لام اور بعضے کہتے ہین کہ یہ زحاف وہ ہے کہ وتد مجموع کے حرف ساکن یعنی الف گر جاوے
اور اسکے بعد حرف متحرک کہ اس سے پہلے ہے یعنی لام ساکن ہو جاوے پہلی صورت مین
فالاتن اور دوسری صورت مین فاعاتن اور تیسری صورت مین فاعلتن
لام ساکن سے ہوتا ہے تینون صورت مین مفعولن اوسکی جاے مین رکھتے ہین
یہ زحاف بحر مدید اور خفیف اور رمل اور مجتث مین واقع ہوتا ہے اور بحر مضارع
مین یہ زحاف واقع نہین ہوتا اسواسطے کہ اس بحر مین وتد مفروق ہے اور اس
زحاف کو واسطے وتد مجموع چاہیے اس رکن کو مشعث کہتے ہین قصر قاف اور صاد
بے نقطہ کے ساتھ وہ ہے کہ رکن اخیر سے سبب خفیف کے حرف ساکن کو گرا دین اور اسکے
پہلے حرف کو ساکن کر دین جیسے مفاعیلن ہنا سے لن کے نون کو گرا کر لام کو
ساکن

ساکن کرین پس مفاعیل لام کے سکون کے ساتھ باقی رہیگا اور فاعلاتن سے خواہ متصل ہو خواہ منفصل فاعلات اور فعولن سے فعول اور مستفع لن منفصل سے مستفعل حرف اخیر کے سکون کے ساتھ باقی رہیگا لیکن مستفعل کی جگہ مین مفعولن رکھتے ہین اور باقی الفاظون کو ویسا ہی استعمال کرتے ہین اور یہ زحاف بحر طویل اور مدید اور ہزج اور رمل اور متقارب اور مضارع اور خفیف اور مجتث مین آتا ہے اور ان ارکانونکو مقصور کہتے ہین قطع وہ ہے کہ رکن کے آخر سے وتد مجموع کے حرف ساکن کو گرا کر اوسکے پہلے حرف کو ساکن کرین پس مستفعلن سے مستفعل اور فاعلن سے فاعل اور متفاعلن سے متفاعل لام کے سکون کے ساتھ باقی رہتا ہے لیکن بجاے اول کے مفعولن اور بجاے دوسرے کے فعلن عین ساکن کے ساتھ اور بجاے تیسرے کے فعلاتن عین کے کسرہ سے رکھتے ہین بیان سے معلوم ہوا کہ مفعولن مستفعل سے بدلے ہوئے دو ہین ایک وہ ہے کہ مستفعلن متصل مین قطع کے واقع ہونے سے مستفعل باقی رہا اور اوس سے مفعولن حاصل ہوا اور دوسرا وہ ہے کہ مستفعلن منفصل مین قصر کے واقع ہونے سے مستفعل ہوا اور اوسکی جگہ مفعولن رکھا گیا اور یہ زحاف رکن فاعلاتن متصل مین اسطرح سے ہے کہ اوسکے آخر سے سبب خفیف گرا دین اور اوسکے وتد مجموع یعنی علا کے حرف ساکن کو گرا کر لام کو ساکن کر دین پس فاعل باقی رہیگا لام ساکن کے ساتھ اوسکو فعلن کے ساتھ بدل لینگے یہ زحاف بحر رجز اور کامل اور رمل اور متدارک اور بسیط اور مدید اور سریع اور خفیف اور مقتضب مین واقع ہوتا ہے اور بحر مجتث مین سوا فاعلاتن کے اور کسی رکن مین نہین آتا کسواسطے کہ مستفعلن اس بحر مین منفصل ہے اور منفصل کے آخر مین سبب خفیف ہے اور یہ زحاف

وتد مجموع مین واقع ہوتا ہے اور بحر مشاکل مین بھی بسبب وتد مفروق ہونے کے
نہین آتا پس اگر بحر مجتث اور مشاکل مین مفعولن ہو تو معلوم کیا چاہیے کہ وہ مقصور ہے
اور اگر سوا اسکے بحور مذکورۂ بالا مین واقع ہو تو معلوم کیا چاہیے کہ مقطوع ہے
اور اسیطرح سے فعلان بحر متدارک مین بدلا ہوا ہوگا فاعلن سے اور باقی فاعلاتن مستفعلن
ان ارکان کو مقطوع کہتے ہین وقص متفاعلن مضمر کے مخبون کرنے کو کہتے ہین متفا
اوسکی تے متحرکہ بسبب اضمار کے ساکن ہوئی بسبب خبن کے گرا دین پس مفاعلن ہوگیا
اور اس صورت مین مستفعلن مخبون سے مشتبہ ہو جاویگا کسواسطے کہ جب مستفعلن
سے بسبب خبن کے سین گر گیا متفعلن باقی رہا پس اوسکی جگہ مین مفاعلن رکھا
لیکن ان دونون مین فرق یہ ہے کہ مفاعلن متفاعلن موقوص سے بدلا ہوا سوا
بحر کامل کے اور کسی بحر مین نہین آنے کا کسواسطے کہ متفاعلن بھی بحر کامل سے
مختص ہے عقل مفاعلتن معصوب کو مقبوض کرنے کو کہتے ہین یعنی لام مفاعلتن
کا بسبب عصب کے ساکن ہوا تھا اور مفاعیلن سے بدلا گیا تھا جب مفاعیلن ہو
مین یا کو بسبب قبض کے گرا دیا مفاعلن رہگیا پس مفاعلن مقبوض سے مشابہ
ہوگیا لیکن چونکہ یہ زحاف یعنی عقل مختص مفاعلتن سے ہے پس جب مفاعلن بحر
وافر مین ہوگا تو معلوم ہوگا کہ معقول ہے مقبوض نہین ہے خزل مطوی کرنا
متفاعلن مضمر کا یعنی پہلے متفاعلن مین سے بسبب اضمار کے تے کو ساکن کرین اور
پھر بسبب طی کے جو چوتھا حرف ساکن کو گرا دین پس متفعلن باقی رہا اسکی جگہہ مفتعلن رکھا
یہ زحاف بحر کامل سے مختص ہے۔ کسف سین بے نقطہ سے مفعولات مین وقف اور کسف
کے جمع کرنے کو کہتے ہین یعنی مفعولات کی تے کو اول بسبب وقف کے ساکن کرین اور

پھر بسبب کف کے گرا دین پس مفعولا باقی رہے اوسکی جگہ مفعولن رکھینگے اور یہ زحاف
بحر سریع اور منسرح اور مقتضب مین آتا ہے یہ لفظ شین نقطہ دار سے بھی درست ہے
شکل شین نقطہ دار سے بھی فاعلاتن متصل مین خبن اور کف کے جمع کرنیکو کہتے ہین
پس جب الف فا کا بسبب خبن اور نون بسبب کف کے گرا دیوین فعلات عین
مکسور اور مضموم کے ساتھ باقی رہے اور یہ زحاف بحر رمل اور مدید اور خفیف اور
مجتث مین واقع ہوتا ہے اور بحر مضارع مین اس زحاف کا واقع ہونا ممکن نہین
اسواسطے کہ اس بحر مین فاع لاتن منفصل ہے اور اسمین خبن نہین آسکتا —
حذف رکن کے آخیر سے سبب خفیف کے گرانے کو کہتے ہین پس فعولن اور مفاعیلن
اور فاعلاتن سے فعو اور مفاعی اور فاعلا باقی رہتا ہے اور انکی جا مین فعل اور
فعولن اور فاعلن رکھتے ہین یہ زحاف بحر مدید اور خفیف اور ہزج اور رمل اور مضارع
اور مجتث اور طویل اور متقارب مین آتا ہے جذ جیم مفتوح اور ذال نقطہ دار سے رکن کے
آخر سے وتد مجموع کے گرانی کو کہتے ہین پس مستفعلن سے مستف اور متفاعلن سے
متفا اور فاعلن سے فا باقی رہتا ہے اور ان کی جگہہ فعلن سکون عین کے ساتھ اور فعلن عین
کے کسرہ کے ساتھ اور رفع رکھتے ہین جاننا چاہیے کہ جس رکن مین یہ زحاف واقع ہوتا ہے اوسکو
اجذ الف اور جیم مفتوح سے کہتے ہین اور یہ زحاف بحر بسیط اور کامل اور رجز اور متدارک
مین بہت آتا ہے اور باقی بحور مین سے گو اونمین مستفعلن متصل ہووے یہ زحاف کم آتا ہے
اور مستفع لن منفصل مین ہرگز نہین آتا کسواسطے کہ اسمین وتد مفروق ہے وتد مجموع نہین ہے
صلم صاد بے نقطہ سے مفعولات مین سے وتد مفروق کے گرا دینے کو کہتے ہین پس مفعو
باقی رہتا ہے اور اوسکی جگہہ فعلن سکون عین کے ساتھ رکھتے ہین اور اس رکن کو

اعضم کہتے ہین یہ زحاف بحر سریع اور منسرح اور مقتضب مین آتا ہو قطف رکن مفاعلتن
مین عصب اور حذف کو جمع کرنیکو کہتے ہین جب لام مفاعلتن کا بسبب عصب کے
ساکن ہوا اور سبب خفیف آخر مین بسبب حذف کے گر گیا مفاعل باقی رہا اور اسکی جگہ
فعولن رکھا جائیگا یہ زحاف بحر وافر کے ساتھ مختص ہی بتر فعولن مین حذف اور قطع
کے جمع کرنیکو کہتے ہین جب لن بسبب حذف کے اور واو فعو کی بسبب قطع کے ساقط
ہوا فا باقی رہا معلوم کیا چاہیے کہ مفاعیلن مین جسوقت زحاف جب اور خرم دونو
جمع کرتے ہین اوسکو بھی بتر کہتے ہین اسکا بیان آگے آتا ہو انشاء اللہ تعالے اور
ایسے ارکان کو ابتر کہتے ہین یہ زحاف بحر متقارب اور ہزج مین واقع ہوتا ہو اور
مضارع اور طویل مین پایا نہین گیا شاید آتا ہو تسبیغ سین بے نقطہ اور عین نقطہ دار
سے یہ ہو کہ سبب خفیف مین کہ رکن کے اخیر مین واقع ہوا ہو ایک الف زیادہ کرین
پس مفاعیلن اور فعولن اور فاعلاتن سے خواہ متصل ہو خواہ منفصل مفاعیلان
اور فعولان اور فاعلاتان ہوجاتا ہے لیکن فاعلاتان کی جگہہ فاعلیان کہتے ہین
اور یہ زحاف بحر ہزج اور رمل اور مضارع اور متقارب اور خفیف اور مدید اور طویل
اور مجتث مین آسکتا ہو اور رجز مین ممکن نہین کس واسطے کہ مستفعلن متصل کے اخیر مین
وتد مجموع ہے سبب خفیف نہین ہو اسیواسطے بحر مضارع مین آتا ہے کیونکہ اوسمین
مستفع لن منفصل ہو اور اوسکے اخیر مین سبب خفیف ہو ایسے ارکان کو مسبغ کہتے ہین
اذالہ وتد مجموع مین کہ رکن کے اخیر مین واقع ہوا ہو الف زیادہ کرنیکو کہتے ہین
پس مستفعلن اور فاعلن اور متفاعلن سے مستفعلان اور فاعلان اور متفاعلان
ہوجاتا ہے ان ارکان کو مذال کہتے ہین یہ زحاف بحر رجز اور متدارک اور بسیط

اور کامل اور سریع اور منسرح اور مقتضب مین واقع ہوتا ہے اور عروض اور ضرب مین اکثر
آتا ہے اور حشو مین کم اور صدر اور ابتدا مین نہین آتا - ترفیل وتد مجموع کے اندر کہ
رکن کے اخیر مین واقع ہوا ہو سبب خفیف زیادہ کرنیکو کہتے ہین پس مستفعلن اور فاعلن
اور متفاعلن سے مستفعلاتن اور فاعلاتن اور متفاعلاتن ہو جاتا ہے لیکن یہ زحاف
فارسی مین بہت کم آتا ہے ان ارکان کو مرفل کہتے ہین - جدع دال بے نقطہ سے
رکن مفعولات کے دو سبب خفیف کے گرانے کو کہتے ہین اس صورت مین لات باقی رہیگا
اور اسکی جگہ مین فاع رکھدینگے اور جب فاع الف کے گرانے سے فع رہجاوے اوسکو
منحور کہینگے اور جدع جس رکن مین واقع ہوا ہو اوسکو مجدوع کہتے ہین یہ زحاف
بحر سریع اور منسرح اور مقتضب سے علاقہ رکھتا ہے - جب جیم مفتوح سے مفاعیلن سے
دونون سبب کے گرانے کو کہتے ہین اوس صورت مین مفا باقی رہتا ہے اور فعل
لام ساکن کے ساتھ بدل لیتے ہین یہ زحاف بحر ہزج کے سوا اور بحر مین نہین آتا
اور جس رکن مین یہ زحاف ہو اوسکو مجبوب کہتے ہین - خرم خے نقطہ دار سے وہ ہے
کہ وتد مجموع سے کہ رکن کے اول مین ہو حرف متحرک اول کو گرا دیوین اور یہ زحاف
اکثر صدر اور ابتدا مین واقع ہوتا ہے پوشیدہ نرہے کہ اس زحاف کا نام ہر موضع
مین علیحدہ ہو جاتا ہے اون مواضع کی تفصیل یہ ہے کہ اگر یہ زحاف فعولن مین واقع ہو
عولن باقی رہیگا اوسکو فعلن سے بدل لینگے اس صورت مین اس زحاف کا نام
اثلم رکھینگے اور اگر فعولن ہی مین خرم کو قبض کے ساتھ جمع کرین یعنی فی کو سبب
خرم کے اور نون کو سبب قبض کے گرا دیوین عول لام مضموم سے باقی رہیگا اوسکو
فعل لام مضموم کے ساتھ بدل دینگے اس مقام مین اس زحاف کو اثرم ثے نقطہ والی

اور رے بے نقطہ سے کہینگے اور اگر اسی رکن مین خرم اور عصب کو جمع کرین یعنی میم بسبب
خرم کے گرا دین اور لام کو بسبب عصب کے ساکن کرا دین پس فاعلتن لام ساکن سے
باقی رہیگا اور اوسکو مفعولن سے بدلینگے اس جامے مین اس زحاف کو قصم کہتے ہین
اور اگر خرم کو عقل کے ساتھ اوسی رکن مین جمع کرین یعنی مفاعلتن کہ بسبب عصب کے
لام اوسکا ساکن ہوکر اور بسبب قبض کے گرکر مفاعلتن رہا تھا اور مفاعلن کے
ساتھ بدلا گیا تھا اب بسبب خرم کے اوسکے میم کو گرا کر فاعلن کرلین اس صورت مین
اس زحاف کو اجم کہینگے اور اگر مفاعیلن مین خرم کرین یعنی اسکی میم گرا دین اوسکو
اخرم کہینگے اور جب میم گر جائیگی فاعیلن باقی رہیگا اوسکو مفعولن سے بدلینگے اور
جب اسی رکن مین خرم اور قبض جمع کرین یعنی میم بسبب خرم اور یاے تحتانی
بسبب قبض کے گرا دین فاعلن باقی رہے اس صورت مین اس رکن کو اشتر کہینگے
اور جب اسی رکن مین خرم کو کف کے ساتھ جمع کرین یعنی میم بسبب خرم کے اور نون
بسبب کف کے گرا دین فاعیل لام مضموم سے باقی رہیگا اوسکی جگہہ مفعول رکھینگے
اس صورت مین اس رکن کو اخرب کہینگے خے نقطہ دار سے اور رے بے نقطہ سے اور
جسوقت اوسی رکن اخرم کو جب کے ساتھ جمع کرین یعنی میم بسبب خرم کے اور دونون
سبب کو بسبب جب کے گرا دین فا رہیگا اور اوسکو فع سے بدلینگے اس رکن کو اتبر
کہینگے یہ زحافات بحر متقارب اور طویل اور ہزج اور وافر اور مضارع مین بہت مستعمل
ہوتا ہے پوشیدہ نرہے کہ جب مفاعیلن مین حذف اور قصر کو جمع کرینگے یعنی لن
بسبب حذف کے گرا دین اور یاے تحتانی کو بسبب قصر کے گرا کر عین کو ساکن کرین
مفاع باقی رہیگا اوسکو اہتم کہینگے اور جب اہتم کو خرم کے ساتھ جمع کرین یعنی میم مفاع کی

گرا دین فاع باقی رہے عین ساکن کو ساتھ بیان ختم تک تمام ہوا بیان زحافات کا اور اغلب یہ ہے کہ کوئی بات اس امر مین باقی نہین رہی معلوم کیا چاہیے کہ کبھی ارکان جزو سے اکٹھا دو حرف کا گرانا جائز نہین ہوتا اس امر کو معاقبہ کہتے ہین اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ نہ ایک دفعہ دونون کا گرا دینا جائز ہے اور نہ اکٹھا ایک جا دونون کو ثابت رکھنا جائز ہے اس امر کو مراقبہ کہتے ہین بانشاء اللہ تعالی ان دو امر کی طرف بحور کی شالون کو ذکر مین اشارہ کیا جائیگا واللہ خیر الموفقین

خیابان تیسرا تقطیع کے بیان مین

معلوم کیا چاہیے کہ لغت مین تقطیع معنی ٹکڑے ٹکڑے کرنے کو ہے اور علم عروض کی اصطلاح مین بیت کے اجزا کو بحر کے اجزا کے ساتھ برابر کرنے کو کہتے ہین اور وہ برابر کرنا اسطرح پر ہو کہ حروف متحرک اور ساکن بیت کی بحر حروف متحرک اور ساکن کے مقابل ہو جاوین اور تخصیص حرکت کی واجب نہین یعنی یہ واجب نہین کہ کسرہ کو مقابل کسرہ اور فتح کے مقابل فتح اور پیش کو مقابل پیش ہو جیسے طوطی فعلن کے وزن پر ہے اگر تخصیص حرکت کی ضرور ہوتی پس وہ اس وزن پر نہوتا کیونکہ طوطی مین پہلے حرف کو ضمہ اور تیسرے کو کسرہ ہے بخلاف فعلن کے اور تقطیع مین اون حرفون کا اعتبار ہے گو بولنے مین آتے ہین مثلاً آمد یا آدم فعلن کے وزن پر ہے کسواسطے کہ الف کو بسبب کھینچکر پڑھنے کو دو الف اعتبار کرینگے جیسے خوان دل فاعلن کے وزن پر ہے کسواسطے کہ واو بسبب پڑھی نجاذی کے تقطیع سے گر پڑی اور کبھی حرکت کو بجای حرف کے اور کبھی حرف کو بجای حرکت کو شمار کرتی ہین جیسے گل خوشبو او پر وزن مفاعیلن کی ہے کسواسطے کہ زیر لام کا بسبب کھینچکر پڑھنے کے مثل الف کو مقابل

شمار مین آیا ہو اور جیسے دو منزل اوپر وزن فعولن کے کہ واو دو کا بمنزلہ متحرک کے
شمار مین آیا ہو اور اگر مصرع کے بیچ مین دو حرف ساکن واقع ہووین پس اگر پہلا ساکن
حرف مدہ کا ہووے اور دوسرا نون پس نون کو تقطیع مین گرا دینگے اور اگر پہلا حرف
ساکن خواہ مدہ ہو خواہ سوا مدہ کے اور حرف لیکن دوسرا حرف نون نہو بلکہ نون کے
سوا اور حرف ہو اوس دوسرے کو متحرک کر دینگے اور حرف مدہ تین حرف کا نام ہے
الف اور ایسی واو کہ اوسکے پہلے پیش ہو اور ایسی یاے تحتانی کہ اوسکے پہلے کسرہ ہو
مثل کار اور دور اور دیر مثال سبکی یہ شعر ہے شعر کہون کیا خون مرا کس نے کیا ہے
یہ کام اوس مہروش کا ہے سنا ہے ؛ کہون کیا خون مفاعیلن مرا کس نے مفاعیلن کیا ہے
فعولن + یہ کام اوس مہ مفاعیلن روش کا ہے مفاعیلن سنا ہے فعولن ؛ مصرع اول
مین کہون اور خون مین دو حرف ساکن جمع ہوئے واو اور نون دونون کو تقطیع
مین گرا دیا اور دوسرے مصرع مین کام مین اول الف اور دوسرا میم اور مہر مین اول
ہے اور دوسرا رے میم اور رے کو متحرک کر دیا اور اگر دو ساکن اخیر مین مصرع کے
واقع ہووین خواہ اول مدہ ہو اور دوسرا نون خواہ غیر اوسکے ان دونون کو بحال
رکھتے ہین مثال نون کی شعر جدائی مین زبس رو رہا ہون ؛ نہین ہے آنکھ مین
ایک قطرہ خون ؛ مفاعیلن مفاعیلن مفاعیل اور مفاعیل کی جگہ فعولن بھی موزون
ہے بنظر اسکے کہ نون پڑھا نہین جاتا مثال غیر نون کی شعر کام آیا نہ کچھ اپنا تن زار
آخر کار ؛ سمجھے تھے اکسیر نکلا یہ غبار آخر کار ؛ فاعلاتن فاعلاتن فعلات فعلات
حرف رے فعلات کی تے کے مقابل ہے اگر مصرع کے بیچ مین تین ساکن جمع ہووین
تیسرے ساکن کو گرا کر دوسرے کو متحرک کر دیتے ہین مثلاً شعر دوست اپنا نہوا اپنے

بہت سہی پھکا ؛ فعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن ؛ سین متحرک ہوکر علا کے عین کے
مقابل ہوا اور اب مقابل لا کی او ر تو گر پڑی اگر وہ تینوں ساکن مصرع کے اخیر مین
واقع ہوئی ہوں تیسری ساکن کو گرا دیتے ہین اور اول اور دوسری کو بحال رکھتے ہین جیسے
اس مصرع مین شعر سبت ہوئی ہین ملنے کی تیری غیر سے سوخت ؛ مفاعلن فعلاتن
مفاعلن فعلات ؛ الف اکثر لفظون کے اول مین آتا ہے اگر پڑھا نجاوے تو تقطیع مین
گرا دینگے جیسے اس مصرع مین ع تم اب کمی نکرو قتل مین مری یاری ؛ کہ لفظ تم اب
تمی مفاعلن کے وزن پر ہے چونکہ الف پڑھنے مین نہین آتا اسواسطے اسکو گرا کر
لفظ تم کے میم کو بسے ملا کر لکھتے ہین اس صورت سے تمب کمی اور گر پڑھا جاوے تو تقطیع مین
نہین گرنے کا مثلاً ع تم اب ہماری قتل کی تدبیر کر چکے ؛ کہ تم اب مفعول کے وزن پر ہے
چونکہ الف تلفظ مین آتا ہے اسواسطے مفعول کے عین کے مقابل واقع ہوا ہے حاصل
کلام کا یہ ہے کہ جو حرف تلفظ مین نہ آویگا اوسکو شمار نکرینگے اگرچہ لکھا جاتا ہو اور جو
لفظ کہ پڑھنے مین آویگا اوسکو تقطیع مین شمار کرینگے اگرچہ لکھنے مین نہ آتا ہو جیسے دو
اور نو اور جو اور گریہ اور خندہ مثلاً اگر دال کے پیش کو کھینچ کر پڑھین ندو گانی
مفاعیلن کے وزن پر ہے اور اگر پیش کو کھینچکر نہ پڑھین تو فعلاتن کے وزن پر ہو جاوے
اور اگر بے کے کسرہ کو کھینچکر پڑھین گریہ دل فاعلاتن کے وزن پر اور اگر کھینچکر
نہ پڑھین مفتعلن کے وزن پر ہو جاوے

خیابان چوتھا بیچ بیان بحور کے
اور ہر بحر کی مثال بھی اوسکے ضمن مین مذکور کیجاویگی

معلوم کیا چاہیے کہ جس بحر مین زحاف واقع نہین ہوا اوسکو سالم کہتے ہین اسواسطے

کہ اپنی اصل سے گر گیا ہے اور بسبب تغیرات کی اور زحافات کے بحر کی صورتین اور شکلین متعدد ہو جاتی ہین اور بعضی صورتین ایسی ہین کہ اوسکو شعرای عجم استعمال کرتے ہین اور بعضی کو شعرای عرب کسواسطے کہ شعرای عجم زحافات کو بعضی جا ایسے اجزا مین استعمال کرتے ہین کہ شعرای عرب اون اجزا مین وہ زحاف نہین استعمال کرتے اور بعضی مقام مطابق شعرای عجم کے بھی ہوتی ہین اس کتاب مین جو بحر اور زحاف کہ شعرای عجم بہت مستعمل کرتے ہین وہی بیان کیے جاتے ہین معلوم کیا چاہیے کہ شعرای عجم نے سلف مین بحور دائرۂ مختلفہ کو یعنی طویل اور مدید اور بسیط اور بحور دائرہ مؤتلفہ کو یعنی کامل اور وافر ہرگز استعمال نہین کیا اور متاخرین مین سے پہلے مولوی جامی نے بحر کامل مین فارسی شعر کہا ہے اور بعد اونکے یہ بحر شعرای فارس مین مستعمل ہو گئی اور باقی دائرون کی بحرین شعرای عجم مین بہت مستعمل ہین سوا مقتضب کے کہ دائرہ مشتبہ سے ہے اسکو استعمال کم کیا ہے جو بحور کہ شعرای عجم نے اونکو ترک کیا ہے وہ یہ ہین مدید اور بسیط اور وافر اور مقتضب اور جو بحور کہ اونکے نزدیک بہت مستعمل ہین یہ ہین ہزج اور رجز اور رمل اور سریع اور خفیف اور مجتث اور مضارع اور منسرح اور متقارب اور متدارک اور بحر کامل کو سالم استعمال کرتے ہین اور مزاحف استعمال نہین کرتے بحر ہزج معلوم کیا چاہیے کہ ہزج لغت مین آواز خوش آیندہ اور گانے کی طرح کی آواز کو کہتے ہین اور چونکہ عرب مین اکثر اشعار کہ اونکو آواز خوش سے گاتے ہین اسی بحر مین ہین اس مناسبت سے اس بحر کا نام بھی ہزج رکھا ہے اصل اس بحر کے آٹھ رکن ہین مگر دو رکن کم کرکے مسدس بھی استعمال کرتے ہین چنانچہ معلوم ہو جاویگا۔ ہزج مثمن سالم شعر شیخ اہی شیرازی

یان سودا کا دل انکا ؛ اسیر ناتوان ہے یہ ندمی زنجیر کو جھٹکا ؛ تقطیع - نہ کھینچ اے وشا
مفاعیلن نہ ان زلفون مفاعیلن کو یان سودا مفاعیلن کا دل انکا مفاعیلن ؛؛
اسیری نا مفاعیلن تواہے یہ مفاعیلن ندمی زنجی مفاعیلن رکو جھٹکا مفاعیلن - ہزج مثمن اخرب جو اید لیا
نکر اوس خط کا نظارہ کہ ہے افعی ؛ تقطیع - اے دل ان مفعول کر اوس خط کا مفاعیلن
نظارہ مفعول کہ ہے افعی مفاعیلن - اس بحر مین صدر اور ابتدا اخرب ہے اور عروض
اور ضرب سالم ہے اور حشو مین ایک رکن اخرب اور ایک رکن سالم - ہزج مثمن
اخرب مکفوف محذوف - شعر مقدور نہین اوسکی تجلی کے بیان کا ؛ جون شمع سراپا
ہو اگر صرف زبان کا ؛ تقطیع - مقدور مفعول نہین اوسکی مفاعیل تجلی کے مفاعیل
بیان کا فعولن ؛ جون شمع مفعول سراپا ہو مفاعیل اگر صرف مفاعیل زبان کا فعولن
اس شعر مین صدر اور ابتدا اخرب ہے اور عروض اور عجز محذوف ہے اور حشو مکفوف
ہزج مثمن اشتر - شعر بزم غیر سے اوٹھنا یار کا تعجب ہے ؛ معتقد ہون مین اپنے
جذبہ محبت کا ؛ تقطیع - بزم غی فاعلن رسے اوٹھنا مفاعیلن یار کا فاعلن تعجب ہے
مفاعیلن ؛ معتقد فاعلن ہون مین اپنے مفاعیلن جذبہ فاعلن محبت کا مفاعیلن ؛
صدر اور ابتدا اشتر ہے کس واسطے کہ مفاعیلن سے میم بسبب خرم کے اور یاے تحتانی
بسبب قبض کے گر کر فاعلن باقی رہا اور انھین دونون زحاف کے جمع کرنے کو
اشتر کہتے ہین اور عروض اور ضرب سالم ہے اور حشو مین ایک رکن اشتر اور ایک
سالم ہے - ہزج مقصور محذوف - ع نہ کھینچ آہ نہ کھینچ آہ دل یار ہے نازک ؛ تقطیع
نہ کھینچ آہ مفاعیل نہ کھینچ آہ مفاعیل دل یار مفاعیل ہے نازک فعولن مفاعیل
مقصور اور فعولن محذوف ہے اور اس مصرع کے ساتھ اگر مصرع ثانی اخرب مکفوف مسبغ

لگا دیوین شعر ناموزون نہ ہوویگا اور باقی اوزان ہزج مثمن کے رباعی کی بحث
مین بیان کیے جاوینگے - ہزج مسدس مقصور شعر نہ کھینچ اے شانہ زلف یار کو
آہ ٭ کہ دل بھی ہے اسی زنجیر مین قید ٭ تقطیع ٭ نہ کھینچ اے شا مفاعیلن نہ زلف یا
مفاعیلن رکو آہ مفاعیل ٭ کہ دل بھی ہے مفاعیلن اسی زنجی مفاعیلن رمین قید
مفاعیل ٭ اگر اس وزن مین عروض اور ضرب مختلف ہوجاوے اس طرح کہ ایک مقصور
اور دوسرا محذوف ہو شعر ناموزون نہین ہوگا - ہزج مسدس اخرب مقبوض اشتر
شعر کہتا ہے کہ اب نہ کھینچ تو آہین ٭ ہین دل سے ترے تو ہم تنگ راہین ٭ تقطیع ٭
کہتا ہے مفعول کہ اب نہ کھین مفاعلن یچ تو آہین مفاعیلان ہین دل سے مفعول
ترے تو ہم مفاعلن تنگ راہین مفاعیلان - اور اگر نون کو بسبب غنہ ہونے کے
اعتبار نکرین رکن مفاعیلن کا سالم ہوجاویگا پس یہ وزن اخرب مقبوض باقی رہیگا
اور کبھی اس وزن مین زحافات بدل بھی جاتے ہین جیسے اس شعر مین شعر بیٹھا
وہ رقیب کی جو پہلو مین ٭ اوٹھا یہ درد دل کہ کھینچی آہ ٭ تقطیع ٭ بیٹھا وہ مفعول
رقیب کی مفاعلن جو پہلو مین مفاعیلن ٭ اوٹھا یہ مفعولن درد دل فاعلن کہ کھینچی
آہ مفاعیلان ٭ صدر اخرب اور ابتدا اخرم اور عروض سالم اور ضرب مسبغ اور
پہلے مصرع کا حشو مقبوض اور حشو دوسرے مصرع کا اشتر ہے - ہزج مسدس اخرب مقبوض
شعر کہتے ہین کہ وہ نگار آتا ہے ٭ کیا فائدہ جی ہی تن سے جاتا ہے ٭ تقطیع ٭ کہتے ہین
مفعول کہ وہ نگا مفاعلن ر آتا ہے مفاعیلن ٭ کیا فا مفعول جی ہے تن مفاعلن سے
جاتا ہے مفاعیلن ٭ ہزج مسدس اخرب مقبوض محذوف شعر دیوانہ روسے
یار ہون مین ٭ اس کام مین ہوشیار ہون مین ٭ اس کا وزن یہ ہے

مفعول مثالاتن فعولن ۔ ہزج مسدس اخرم محذوف واشتر شعر دیکھا ہے روی یار مین نے ؛ دیکھی ہے اک بہار مین نے ؛ وزن مفعولن فاعلن فعولن ؛ ہزج مسدس اخرب مقبوض مقصور شعر ہتا ہر سلسلہ بال دلدار ؛ فی طالب باغ ہون نہ گلزار ؛ وزن مفعول مفاعلن مفاعیل ؛ ان دو تین صورتون کے باہم جمع کرنے سے شعر ناموزون نہین ہوتا ۔ بحر رجز ۔ رجز لغت مین بمعنی اضطراب اور شتابی کے ہر اور اس بحر کو رجز اسواسطے کہتے ہین کہ عرب اکثر شعرا اپنے فخر اور بیان شجاعت مین معرکہ اور میدان اسی بحر مین پڑھتے ہین اور وہ مقام اضطراب اور شتابی کا ہے اور شاید اسواسطے اوسکا نام رجز ہو کہ رجز اون اشعار فخریہ کا نام ہے کہ معرکہ مین پڑھتے ہین پس چونکہ اکثر وہ اشعار اسی بحر مین ہوتے ہین اس مناسبت سے اس بحر کا نام بھی رجز رکھدیا لیکن قایل کو یہ پہونچتا ہے کہ کہے کہ معاملہ بالعکس ہے یعنی چونکہ وہ اشعار اکثر اسی بحر مین ہوتے ہین اون اشعار کا نام اسی مناسبت سے ہوگیا بعضے کہتے ہین کہ رجز حرف رے کے کسرہ سے اور جیم کے سکون کے ساتھ ایسے اونٹ کو کہتے ہین کہ کانپتا ہوا چلے اور ایک دفعہ حرکت کرے اور پھر ٹھہر جاوے اور اس بحر مین ارکان کے اول مین دو سبب خفیف ہین پہلے ایک حرکت ہے اور اسکے بعد سکون ہے اس مناسبت سے اس بحر کا رجز نام رکھا ہے یہ وجہ ظاہرا اچھی معلوم ہوتی ہے اصل اس بحر کی مستفعلن ہے رجز مثمن سالم ۔ شعر ساغر می گلرنگ کا بھر کر مجھے دے ساقیا ؛ زہد و ورع جھگڑا ہے کیا عہد جوانی مفت ہے ؛ تقطیع ؛ ساغر می مستفعلن گلرنگ کا مستفعلن بھر کر مجھے مستفعلن دے ساقیا مستفعلن ؛ زہد و ورع مستفعلن جھگڑا ہے کیا مستفعلن عہد جوا مستفعلن نی مفت ہے مستفعلن ؛ شعرای فارس مین سے بعضون نے اس بحر مین

آٹھہ آٹھہ رکن کا مصرع بھی کہا ہے لیکن اردو مین سکو ہرگز استعمال نہین کرتے ہو اور
اسکی مثال نہین لکہی گئی — رجز مثمن مطوی مخبون شعر خون ہو گیا ہے بیگانہ تو نے مرا وائے
جگر پیتے ہین تجہے جشمہ رنج اپنے پہ اتمام ورد ؛ تقطیع ؛ خون ہو گیا مفتعلن ہے بیگانہ
مفاعلن تو نے مرا مفتعلن وائے جگر مفاعلن ؛ اور اسی طرح سے دوسرا مصرع ادا کرکے
مخبون کو مطوی پر مقدم کرین تو یہ وزن ہو جاویگا مفاعلن مفتعلن مفاعلن مفتعلن
اس وزن مین اشعار اردو دیکھنے نہین گئی بہرحال مثال اسکی یہ ہے دل و جگر خون
ہوا سرشک خون بہے سدا ؛ تقطیع ؛ دل و جگر مفاعلن خون ہوا مفتعلن سرشک
خون مفاعلن بہے سدا مفتعلن ؛ رجز مثمن مطوی مفتعلن مفتعلن مفتعلن مفتعلن مثال
ع چہرہ کو اوس بت کے قمر دیکھے تو جاجا دے وہین ؛ تقطیع ؛ چہرہ کو او مفتعلن س بت کو
قمر دیکھے تو جل مفتعلن جاوے وہین مفتعلن رجز مسدس سالم مستفعلن مستفعلن مستفعلن دوبار مثال
ہمکو ملا جو لطف کوہ بار کا ؛ کب وہ صبا کو لطف ہے گلزار کا ؛ رجز مسدس مطوی
مفتعلن مفتعلن مفتعلن دوبار مثال شعر ظلم کا اب اوس سے گلا لطف ہو گیا ؛ جو یہ سے
شکوہ کا کیا فائدہ ہے ؛ بحر رمل ؛ رمل لغت مین بوریا بننے کو کہتے ہین اور اس بحر کا
اسواسطے رمل نام رکہا ہے کہ بیان دو سبب کے درمیان مین وتد ہے اور سبب مبنی تھی
کے ہے پس جیسے بوریہ کو رسی سے بنتے ہین اوسیطرح سے وتد کو دو سبب کے ساتھ بنا ہے
اور بعضی کہتے ہین کہ رمل ایک قسم راگ کی ہے اور وہ اسی بحر کے وزن پر ہے اوس مناسبت
سے اس بحر کا نام بھی رمل رکھا ہے — رمل مثمن سالم ؛ فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن
فاعلاتن دوبار اس بحر مین عروض اور ضرب کو اشعار اردو مین سالم کم استعمال کرتے ہین
بلکہ اکثر مزاحف استعمال کرتے ہین اسواسطے کہ اونکے سالم ہونے سے شعر کا لطف نہین جاتا

رمل مثمن مقصور - فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلات مثال شعر غیر جب کہتی ہین مجکو چھوڑو ہی توکوے یار ؎ دیکھکر اونکی طرف تکنے لگون ہون سوی یار ؎ رمل مثمن محذوف فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن سے دل نکرمنت زراہ بیقراری شمشیر ناز کو کرتی ہے بان الحلاح وزاری بشتر ؎ رمل مثمن مشکول - فعلات فاعلاتن فعلات فاعلاتن مثال سے نہ خدا ہی تمسے راضی نہ یہ بت ہی ہمسے مائل ہارہی یون ایکا بازماندہ نہ ادھر کے نہ ادھر کے ؎ فعلات مشکول ہی کسواسطے کہ فاعلاتن مین سے الف بسبب خبن کے گر پڑا اور نون بسبب کف کے اور شکل اونمین دونون زحافات کی جمع ہونیکا نام ہے جیسے کہ زحافون کی بحث مین مفصل معلوم ہوچکا رمل مثمن مخبون مشعث مقصور - فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلان مثال شعر شمع کو منہ کو تری سامنے ہی آب وتاب ؎ کہ ہی خورشید ترا چہرہ وہ کرم شب تاب ؎ صدر سالم ہی اور ابتدا اور حشو دونون مصرع کے مخبون اور عروض اور ضرب مشعث مقصور یعنی فاعلاتن مین سی حرف متحرک وتد کا بسبب تشعیث کے گرا اور دونون بسبب قصر کے گر کر ما قبل اوسکا ساکن ہوکر فاعات یا فالات باقی رہا اوسکو فعلان سے بدل کرلیا اور عروض اور ضرب مین فعلن سکون مین یا کسر مین سی یا فعلات کسر عین سی بھی درست ہی - رمل مثمن مخبون فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلاتن مثال شعر یار کا چہرۂ رخشان ہے ولا رشک وہ گل ؎ اور وہ کاکل مشکین ہی عجب غیرت سنبل ؎ اور بعضون نے رمل مثمن مخبون کو دو چند بھی استعمال کیا ہی یعنی سولہ فعلاتن دونون مصرع مین اور چونکہ ہر مصرع بسبب آٹھ رکن کے بہت طویل ہو جاتا ہی اسواسطے عوام اوسکو بحر طویل کہتے ہین یہ مصرع اسیر کے ہے

ع آہ وہ یار ستمگار جفا جو ہی کہ جون باد بہار آنکو اک آن نہین لیتا ہی چیپارو تقطیع ؛ آہ وہ
یا فاعلاتن رستمگا فاعلاتن ر جفای جو فعلاتن کہ جون با فعلاتن د بہار آ فعلاتن نکو اک آن فعلاتن
ن مین لیتا فعلاتن ہے چیپارو فعلاتن - رمل مسدس مخبون مشعث وتقصور فاعلاتن
فعلاتن فعلان - مثال شعر داغ دل سینہ مین آتش ہے آہ ؛ آہ اک شعلہ سرکش ہے
آہ ؛ عروض اور ضرب مشعث اور مقصور ہی یعنی فعلان عین ساکن کے ساتھ کسواسطے
کہ فاعاتن جو ہو بسبب تشعیث کے اور نون گر کرتے ساکن ہوئی بسبب قصر کے پس فاعات
کو فعلان سے بدل لیا - بحر سریع - اس بحر کو سریع اسواسطے کہتے ہین کہ سرعت لغت
مین معنی جلدی اور شتابی کے ہے اور چونکہ اس بحر مین سبب نسبت وتد کے زیادہ ہین
جلد تر پڑھا جاتا ہے بہرکیف اس بحر کو اکثر مزاحف استعمال کرتے ہین سریع مطوی موقوف
مفتعلن مفتعلن فاعلان مثال شعر کیا کرون تشخیص کا اوسکی بیان ؛ منہ مین
ہوئی جاتی ہو ساکت زبان ؛ اور بجای مطوی موقوف کے مطوی مکسوف یعنی فاعلن
بھی آسکتا ہی یعنی مفعولات مین بسبب طی کے واو گر کر مفعلات ہوا اور تا اوسکی
بسبب وقف کے ساکن ہو کر بسبب کشف کے گر پڑی مفعلا باقی رہا اور وقف اور
کشف کے جمع ہونیکا نام کشف ہی پس مفعلا کو فاعلن سے بدل لیا مثال شعر زلہ ہی
ایک شخص کو تھا درد سر ؛ لائی قضا اوسکے تئین اوسکے گھر ؛ اور عروض مین فاعلان
اور ضرب مین فاعلن جمع کرنا بھی درست ہی آئین کچھ مثال کی حاجت نہین ہے
اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہی کہ ایک مصرع مفتعلن مفتعلن فاعلن کے وزن پر اور دوسرا
مصرع مفتعلن مفعولن فاعلن یا فاعلان کے وزن پر ہو جیسے مثال شعر چہرہ
روشن نہین کچھ حور سے کم ؛ لب نہین کچھ اسکے گوہر سے کم ؛ اوسکے کو مفعولن کے

وزن پر ہو اور یہ بھی ہو سکتا ہو کہ ایک مصرع اس وزن پر ہو مفعولن فعولن فاعلان
یا فاعلن اور دوسرا وزن سابق پر یعنی مفتعلن مفتعلن فاعلان یا فاعلن مثال شعر
اوسکے چہرہ پہ کب ہی عرق ٭ ہی وہ مہ نو کے قریب اب شفق ٭ تقطیع ٭ اوسکی یعنی مفعولن
رہ بر کب مفعولن سہے عرق فاعلن ٭ ہی وہ مہ مفتعلن نو کے قری مفتعلن ب شفق
فاعلن سریع مطوی مقطوع مجذوع مفتعلن مفعولن فاع شعر نالہ ہمارا ہی موزون
سنگ کو بھی کرتا ہی خون ٭ مستفعلن سی سبب طی کے گر کر مفتعلن حاصل ہوا
اور اوسی سی بسبب قطع کے ساکن وتد مجموع کا یعنی نون گر کر اور لام ساکن ہو کر
مستفعل رہا اور مفعولن حاصل ہوا اور مفعولات میں سی بسبب جدع کے دو سبب
خفیف گر کر اور لات کی تے ساکن ہو کر اوسکی جگہ فاع رکھا گیا اور اوس وزن میں
مجدوع کی جای منحور بھی آتا ہے مثال عشق کا دیوانہ ہی دل ابروسے اوسکے جان
بسمل - اوسکا وزن یہ ہے مفتعلن مفعولن فع رکن فع کا منحور ہی کسواسطے کہ نحر مفعولات
کے دونوں سبب اور تی کے گرا دینے کا نام ہی پس جب لا باقی رہا اوسکو فع سی بدل لیا
سریع مخبون مکسوف مفتعلن مستفعلن فعولن مثال شعر اے دل بتجاز لفون میں
اوس صنم کی ٭ ہی حین اوسکی قید ہی ستم کی ٭ فعولن مخبون مکسوف ہی کسواسطے
کہ بسبب خبن کے مفعولات کی ف گر پڑی اور بسبب کسف کے تے ساکن ہو کر ساقط
ہوئی فعولا باقی رہا فعولن سے بدل گیا - بحر منسرح - اس بحر کو منسرح اسواسطے
کہتے ہیں کہ انسراح بدن سی کپڑے اتارنے کو کہتے ہیں اور اس بحر میں کبھی اختصار
ایسا ہوتا ہی کہ دو رکن مستفعلن مفعولات کو شعراے عرب سارے بیت اعتبار کر لیتے تھے
پس اس نقصان اور اختصار کو کپڑے اتارنے سے تشبیہ دیکر اس بحر کا منسرح نام رکھ دیا

اس بحر کو شعرائے عرب اور شعرائے عجم سوا مزاحفت کے سالم استعمال نہین کرتے اور
عرب مثمن اور عجم مسدس نہین استعمال کرتے اور اردو مین بھی شعرائے فارس کے
اتباع سے مثمن ہی استعمال کیا ہے اس بحر مین عروض اور ضرب یا موقوف یا
مکسوف یا مجدوع یا مخنور الی ہین منسرح مطوی مکسوف مفتعلن فاعلن مفتعلن
فاعلن شعر یار دکھاتا ہے رخ تاب کسو دیکی ؛ حضرت موسیٰ بھی یہان دعوی سے
خاموش ہین ؛ منسرح مطوی مکسوف مفتعلن فاعلن مفتعلن فاعلات ؛ شعر
حضرت دل ہم تمہین کہتے نہ تھے بار بار ؛ طرۂ خوبان کی قید ہے سخت دشوار ؛ مصرع
اول مین عروض اور مصرع ثانی مین حشو مطوی مکسوف ہے یعنی فاعلات کسواسطے
کہ مفعولات مین سے واو گر پڑی بسبب طی کے اور تے ساکن ہوئی بسبب وقف کے
پس مفعلات رہگیا اوسکو فاعلات سے بدل کیا ؛ تقطیع ؛ حضرت دل مفتعلن ہم تمہین
فاعلن کہتے نہ تھے بار بار فاعلات ؛ طرۂ خو مفتعلن بان کی قید فاعلات سخت ہے
دش مفتعلن وار ہے فاعلن ؛ اس بحر مین اختلاف زحافات کا دونون مصرعون مین
جائز ہے اور جیسے اس شعر مین شعر حال دل خستہ آہ مین نے جو اونسے کہا ؛ تو تو بو
یہ چپ ہی رہ سننے کی طاقت کہان ؛ پہلا مصرع اس وزن پر ہے مفتعلن فاعلان
مفتعلن فاعلن اور دوسرا مفاعلن فاعلن مفتعلن فاعلان ؛ تقطیع ؛ حال دلی
مفتعلن خستہ آہ فاعلان مین نے جو ان مفتعلن سے کہا ؛ فاعلن تو بولے یہ
مفاعلن چپ ہی رہ فاعلن سننے کی طا مفتعلن قت کہان فاعلان ؛ مصرع
اول مین مفتعلن مطوی اور فاعلان حشو مطوی موقوف کسواسطے کہ بسبب
طی کے مفعولات کی واو گر گئی اور بسبب وقف کے اوسکی تے ساکن ہو گئی اوسکو

فاعلات

فاعلان کر کیا اور فاعلن عروض مین مطوی مکسوف واو مفعولات کی بدستور طی
کی سبب سے گری اور ت ساکن ہو کر گر پڑی بسبب کسف کی پھر اوسکو فاعلن سے بدل لیا
اور مفاعلن مخبون یعنی سین مستفعلن کا بسبب خبن کے گر کر مفاعلن بجای اسکے
رکھا اور حشو اور ضرب مثل سابق کے ہی منسرح مطوی مکسوف منحور مجدوع مفتعلن
فاعلن مفتعلن فع مفتعلن فاعلن مفتعلن فاع ؛ مثال شعر کان ہین اوسکے زبس
نالون سے مملو ؛ حال دل زار کب کرتا ہے مسموع ؛ مصرع اول مین مفتعلن مطوی اور
فاعلن مکسوف اور فع منحور ہے کسواسطی کہ فاعلن مجدوع سے الف گر پڑا ہی اور فاع
مین سی الف کو گر گرنی سے منحور ہوتا ہی اور مصرع ثانی مین ضرب مجدوع ہے یعنی فاع
الف کی ساتھ باقی بدستور منسرح مسدس مطوی مفتعلن فاعلات مفتعلن مثال شعر
نالۂ دل نارسا ہی یار تلک ؛ اپنی پہونچ کب ہی گلعذار تلک ؛ منسرح مسدس مطوی مقطوع
مفتعلن فاعلات مفعولن مثال شعر حالت دل کیا کہون مین مہر و کو ؛ لوگون نے
بکار رکھا ہی بدخو کو ؛ عروض اور ضرب مقطوع ہے اور باقی مطوی بحر مضارع مضارع
لغت مین معنی مانند کے ہے اور یہ بحر مانند بحر منسرح کے ہی کسواسطی کہ منسرح مین مفعولات مین
وتد مفروق ہی اور بحر مضارع مین بھی فاع لاتن منفصل مشتمل وتد مفروق پر اور
خلیل ابن احمد نی کہ اس فن کا واضع ہے کہا ہی کہ بحر ہزج کی مشابہت سے مین نے
اس بحر کا نام مضارع رکھا ہی کسواسطی کہ اس بحر کے دو رکن یعنی فاع لاتن منفصل
مین وتد دو سبب خفیف پر مقدم ہی معلوم کیا چاہیے کہ اس بحر کو سالم استعمال نہین کرتے
بلکہ مزاحف اور زحافات مین سی خبن اور شکل اس بحر مین نہین واقع ہو سکتا کسواسطے
کہ خبن حرف ساکن کے گرانی کو کہتے ہین اوس سبب سی کہ رکن کے اول مین ہو اور

فاع لاتن منفصل کے اول مین وتد مفروق ہے اور شکل ضمن اور کف کو جمع کرینگے تو کہتے ہین جب ضمن کا اس بحر مین آنا ممکن ہوا شکل کے نہ آنے کی وجہ بھی ظاہر ہے پوشیدہ نرہے کہ اس بحر مین رکن مفاعیلن کی یا اور نون دونون کا گرانا اور دونون کا ثابت رکھنا جائز نہین ہے اس امر کو مراقبہ کہتے ہین چنانچہ پہلے معلوم ہو چکا —

بحر مضارع مثمن اخرب مفعول فاع لاتن مفعول فاع لاتن شعر شور جنون ہمارا آخر کو رنگ لایا ٭ جو دیکھنے کو آیا ہاتھون مین سنگ لایا ٭ مضارع مثمن اخرب مکفوف مقصور مفعول فاع لات مفاعیل فاع لاتن مثال شعر تیرے ہی دیکھنے کو نہ آوے جو کام چشم ٭ تو زخم چہرہ پہ ہو کہ اوسکا ہو نام چشم ٭ اور بجاے فاعلان کے فاعلن بھی آسکتا ہے خواہ عروض اور ضرب دونون مین اور خواہ ایک مین فاعلان اور دوسرے مین فاعلن اور ایک مصرع مین بجاے رکن فاعلات کے فاع لاتن سالم اور بجاے مفاعیل کے مفعول کے ہونے سے شعر ناموزون نہین ہوتا مثال شعر ظاہر ہے اپنی سوزش دل سے کہ آفتاب محشر کے روز اپنے ہی چہرے پہ ہے داغ کا ٭ مضارع مثمن مکفوف مقصور مفاعیل فاع لاتن مفاعیل فاع لاتن مثال شعر جو آ مین ہے کب ہے زہر دلا دیکھ مار مین ٭ نجا زلف یار مین ٭ تقطیع ٭ جو آ مین ہے مفاعیلن کب ہے زہر فاعلان دلا دیکھ مفاعیل یار مین فاع لان ٭ نجا زلف مفاعیل یار مین فاعلان نجا زلف مفاعیل یار مین فاع لان ٭ مفاعیلن مکفوف اور فاع لاتن مقصور ہے ٭ مضارع مسدس اخرب مکفوف مفعول مفاعیل فاع لاتن شعر شکوہ ہے کسیکا ہمین نہ ایدل ٭ دی مجھے جان اب تو اوسکو دے دل ٭ مضارع مسدس اخرب مقصور مفعول فاع لات مفاعیلن ع دیتی ہے زلف یار ہمین دھوکا ٭ اور معلوم کیا چاہیے کہ مضارع کو جب مجرد یعنی

اوسمین سی کوئی جزو کم کرتے ہین رکن فاع لاتن کا گراتے ہین نہ رکن مستفعلن +

بحر مجتث اجتثاث دونون ثا ی مثلث کی ساتھ افتعال کے وزن پر لغت مین بمعنی جڑ سے اکھاڑنے کی ہے اور چونکہ اس بحر کو مسدس کو بحر خفیف سی نکالا ہے گویا بحر مجتث بحر خفیف سی اپنی اصل سے دور کیا ہوا اور تفصیل اسکی یہ ہے کہ بحر مجتث کی اصل مستفع لن فاعلاتن مستفع لن فاعلاتن مثمن ہے اور جب اوسکو مسدس کیا مستفع لن فاعلاتن فاعلاتن اور بحر خفیف کی اصل فاعلاتن مستفع لن فاعلاتن ہے پس مجتث مسدس مین مستفع لن مقدم ہے دو فاعلاتن پر اور بحر خفیف مین مستفع لن دو فاعلاتن کے بیچ مین ہے گویا بحر خفیف کی مستفعلن کو بیچ مین سے اول مین رکھا مجتث مسدس حاصل ہین مسدس کا نام لیکن مثمن کو مجازاً کہتے ہین چنانچہ تامل کرنیوالون پر ظاہر ہے اور معلوم کیا چاہیے کہ شعراے عرب اس بحر کو اکثر مسدس اور مربع استعمال کرتے ہین لیکن شعرای عجم سوای مسدس کے استعمال نہین کرتے اور اس بحر کے اندر زحافات مین سے طی نہین آسکتا اسواسطے کہ طی دو سبب سی کہ رکن کے اول مین بے فاصلہ واقع ہوئی ہون چوتھی ساکن کے گرانیکو کہتے ہین اور چوتھا ساکن مستفع لن منفصل مین سبب کا نہین ہے بلکہ وتد مفروق کا ہے اور مستفع لن کی نہین اور نون مین معاقبت ہے یعنی یہ دونون اکٹھے ساقط نہین ہوتی

مجتث مثمن مخبون مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلاتن مثال شعر ہے زخم دل سے

گل تر کو آرزوی تراوت ؛ اور اپنے اشک سی ہے ابر ایک جو سے طراوت ؛

مجتث مثمن مخبون مقصور مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلان ؛ شعر میری نظر مین تو کم حور خلد سے تو نہین ؛ سنجاؤنگا تیرے کوچہ کو چھوڑ سوی جنان ؛ اور فعلان عین

مکسور کہ عروض مین فعلان عین کے سکون سے اور فعلن عین کے کسرہ اور سکون سے بھی درست ہے شعر چمن مین صبح حبیب وس جنگ جو کا نام لیا ؛ صبا نے تیغ کا آب وان سے کام لیا ؛ کبھو تہ انکھو مین دیکھا تلاش دنیا مین ؛ کبھو نہ فکر وتردد سے کوئی کام لیا ؛ پہلے شعر مین عروض اور ضرب فعلن عین کے کسرہ سے اور دوسرے شعر مین عروض فعلان عین ساکن سے اور حشو مین بجاے فعلاتن کے فعولن بھی درست ہے شعر حضور داغ سوزان ہے آفتاب خجل ؛ اور اشک سے بھی ہے رنگ شراب ناب خجل ؛ غنی سوزان مفعولن کے وزن پر ہے۔ بحر خفیف۔ اس بحر کو خفیف اسواسطے کہتے ہین کہ ہر رکن مین سبب نے وتد مجموع کو احاطہ کرلیا ہے اسیواسطے سب ارکان ہلکے ہوگئے ہین اور خفیف بھی لغت مین بمعنی ہلکے کے ہے اور شاید یہ وجہ ہو کہ چونکہ دو سبب خفیف وتد مجموع کو محیط ہین گویا سارے اجزا ارکان کے سبب خفیف ہی ہین پس بسبب اسباب خفیفہ کے بحر خفیف نام رکھا ہے پوشیدہ نرہے کہ اس بحر کو شعراے عجم نے مسدس مزاحف استعمال کیا ہے اور تمام اجزا سالم مستعمل نہین مگر صدر اور ابتدا کبھی سالم مستعمل ہے اور مزاحف مین سے مخبون یا مقصور اور مسبغ یا عروض اور ضرب مقصور یا محذوف یا مشعث یا مقطوع یا مخبون ہوتا ہے اور اس بحر مین بھی طی نہین آتا اسیوجہ سے کہ مجتث مین گذری۔ بحر خفیف مسدس مخبون فاعلاتن مفاعلن فعلاتن مثال شعر یار مہرو کو دیکھکر نہ رہا دل ؛ ہاتھ سے اوسکے ادا اب نبچا دل ؛ بحر خفیف مسدس مشعث مقصور فاعلاتن مفاعلن فعلات مثال شعر ہاے بوہ شوخ بے وفا بمیر ؛ نرگسین چشم وگل رخ ومہ چہرہ ؛ صدر اور ابتدا سالم ہے اور حشو مخبون اور عروض اور ضرب مشعث مقصور ہے اور اس وزن مین عروض کا مخبون

مقصور اور ضرب کا شعث مقصور بھی آنا ہوسکتا ہے مثال شعر رکھے خالق سلامت آپ کی ذات ؛ نہ کھلیگا تو مین رہونگا رات ؛ اور عروض یا ضرب مین مقطوع اور مخبون محذوف بھی لانا درست ہو مقطوع فعلن مین ساکن کے ساتھ بدل لیا اور محذوف مقصور فعلن عین کے کسرہ سے ہے کیونکہ فاع لاتن کو جب مخبون کیا فعلاتن ہوا اور جب محذوف کیا تن کو اوسکے آخر سے گرا دیا فعلا باقی رہا اوسکی جگہہ فعلن عین کے کسرہ سے رکھدیا۔ بحر مقتضب۔ اقتضاب لغت مین ایک چیز سے دوسری چیز کے نکالنے کو کہتے ہین اس بحر کو بحر منسرح سے نکالا ہے اسواسطے کہ بحر منسرح مستفعلن مفعولات مستفعلن مفعولات ہو اور بحر مقتضب مفعولات مستفعلن مفعولات مستفعلن ہو پس دونون مین وہی ارکان ہین لیکن ترتیب کا فرق ہو اور بعضے کہتے ہین کہ اوسکا نام مقتضب اسواسطے رکھا ہے کہ یہ بحر کلام عرب مین مجزو مستعمل ہوتا ہے یعنی دو جزو خیر کا اوس سے گرا کر استعمال کرتے ہین اور مجزو مشتق ہے جزو سے اور جزو کے معنی کاٹنے کے ہین اور یہی معنی ہین اقتضاب کے پس دو جزو کے اخیر سے گرنے کے سبب سے اسکو مقتضب کہا ہو مقتضب مثمن مطوی فاعلات مفتعلن فاعلات مفتعلن شعر یار بیوفا سے ہین شوخ دلربا سے ؛ کب امید وصل ہوئی کب امید وصل ہوئی ؛ مقتضب مثمن مطوی مقطوع فاعلات مفعولن فاعلات مفعولن مثال شعر ہائے یہ نصیب اپنا جسکی وہ تمنا ہو ؛ بعد مرگ بھی گا ہے خاک پر نہ آنکلا ؛ جب وتد مجموع مستفعلن کا بسبب قطع کے گرا کر لام کو ساکن کیا مستفعلن ہوگیا اوسکی جگہہ مفعولن رکھدیا۔ بحر کامل۔ اسکو کامل اسواسطے کہتے ہین کہ یہ بحر جیسی دائرہ مین وضع کی گئی ہے تمام ویسی ہی مستعمل ہوئی ہے [illegible]

مستفعلن مستفعلن ؛ شعر ؎ نہ دیو وفا ہی مجھے عشق جور و جفا ہی ؛ کہون کیا
کہ تیرے ستم سے اب مری مری جان پہ بلا ہی ؛ بحر متقارب اسکو متقارب اسواسطے
کہتے ہین کہ متقارب بمعنی نزدیک کے ہے اور اس بحر مین وتد اور سبب قریب قریب
ہین کس واسطے کہ یہ بحر فعولن فعولن فعولن فعولن دوبارہ ہے پس فعولن مین فعو اور لن
قریب ہی اسیطرح سب مین اس بحر کو شعرائے عجم نے بہت استعمال کیا ہے اگر مثمن
مستعمل ہے اور اوسکے عروض اور ضرب سالم یا مقصور یا محذوف مستعمل ہوئی ہے
متقارب مثمن سالم فعولن فعولن فعولن فعولن شعر مجھے گل کی ہنسی پہ آتا ہے رونا ؛
کہ اسطرح ہنسنے کی تمہی کسو کی ؛ متقارب مثمن مقصور فعولن فعولن فعولن فعول ؛
